امام اہلسنت مجدد دین و ملت اعلیٰ حضرت مولانا الشاہ احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ
کے شہرہ آفاق ترجمہ قرآن کا آسان اور عام فہم
لفظی ترجمہ
کنز الایمان
المسمّٰی
ریاض الایمان
ابو حمزہ مفتی ظفر جبار چشتی

بسم الله الرحمن الرحيم
الله الرحمن الرحيم الملك القدوس السلام المومن
المهيمن العزيز الجبار المتكبر الخالق البارى المصور
الغفار القهار الوهاب الرزاق الفتاح العليم
القابض الباسط الخافض الرافع
الله جل جلاله
المعز المذل السميع البصير
الحكم العدل اللطيف الخبير الحليم العظيم
الغفور الشكور العلى الكبير الحفيظ المقيت الحسيب
الجليل الكريم الرقيب المجيب الواسع الحكيم الودود

المجيد
الباعث
الشهيد
الحق
الوكيل
القوي
المتين
الولي
الحميد
المحصي
المبدئ
المعيد
المحيي
المميت
الحي
القيوم
الواجد
الماجد
الواحد
الصمد
القادر
المقتدر
المقدم
المؤخر
الأول
الآخر
الظاهر
الباطن
الوالي
الله جل جلاله
المتعالي
البر
التواب
المنتقم
العفو
الرؤوف
مالك الملك
ذو الجلال والإكرام
المقسط
الجامع
الغني
المغني
المانع
الضار
النافع
النور
الهادي
البديع
الباقي
الوارث
الرشيد
الصبور

# ضروری اطلاع



---

| | | |
|---|---|---|
| نام ترجمہ | : | کنزالایمان |
| مترجم | : | امام اہل سنت احمد رضا قادری بریلوی رحمۃ اللہ علیہ |
| نام ترجمہ | : | ریاض الایمان |
| مترجم | : | ابوحمزہ مفتی ظفر جبار چشتی |
| سن اشاعت | : | ۲۷ رمضان ۱۴۳۲ھ/۲۰۱۲ عیسوی |
| ایڈیشن | : | اوّل |
| ناشر | : | مشتاق احمد |
| مطبع | : | آر۔آر پرنٹنگ پریس، بندروڈ لاہور |

**استدعا**

انسانی طاقت اور بساط میں جو کچھ ہے اس کے مطابق اور اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے ادارہ نے ہر ممکن کوشش کی ہے کہ نسخہ ہذا میں کسی قسم کی کوئی غلطی نہ رہ جائے پھر بھی انسان خطا کا پتلا ہے اگر دوران طباعت کوئی زیر۔زبر۔نقطہ۔شد یا مد ٹوٹ جائے تو اسے غلطی نہیں کہتے۔کثیر تعداد میں چھپنے والی مطبوعات میں باوجود بہ امکانی کوشش کے ایسی خفیف نادانستہ لغزش قابل گرفت نہیں ہوتی بلکہ قابل معافی ہوتی ہے۔کوئی مسلمان جان بوجھ کر دیدہ ودانستہ تو طباعت میں ذرا سی غفلت بھی نہیں کر سکتا۔پھر بھی آپ سے استدعا ہے کہ اگر قرآن پاک پڑھنے کے دوران اس قسم کی کسی غلطی کا شبہ ہو تو ہمیں مطلع فرما کر مشکور فرمایئے۔ان شاء اللہ آئندہ طباعت میں درست کر دی جائے گی۔ادارہ

امام اہلسنت مجدد دین و ملت اعلیٰ حضرت مولانا الشاہ احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

کے شہرہ آفاق ترجمہ قرآن کا آسان اور عام فہم

## لفظی ترجمہ

# کنز الایمان

المسمّٰی

# ریاض الایمان



ابوحمزہ مفتی ظفر جبّار چشتی

مشتاق بک کارنر
الکریم مارکیٹ۔ اردو بازار، لاہور

# عرضِ مترجم

قرآن انوار و تجلیات الٰہی کا بیکراں سمندر جو حضور رحمت عالم معلم انسانیت کے سینۂ اطہر میں سما کر ان کے نوری ہونٹوں سے موجزن ہوا...... قرآن! کلام الٰہی' قرآن منزل من اللہ' قرآن ذکریٰ للعالمین' قرآن ھدی للمتقین' قرآن شفاء رحمۃ للمومنین اور قرآن جس ذاتِ اقدس پر نازل ہوا وہ رحمۃ للعالمین ہے۔

قرآن کریم ربِ رحمٰن ورحیم کی طرف سے دُکھوں میں گری انسانیت کے لیے پیغامِ رحمت ورأفت ہے' قرآن مجید کائنات کے الٰہ ومعبود مطلق کی طرف سے گم کردہ راہ رووں کے لیے پیغام امن وسعادت ہے۔ قرآن حکیم طبیب ازلی کی طرف سے بیمار انسانوں کے لیے نسخۂ شفا ہے' قرآن جلیل ربِ ذوالجلال کی طرف سے سرکش مخلوق کے لیے آوازہ ہیبت وجلالت ہے۔ قرآن شریف ربِ ذوالمنن کی طرف سے فرمانبرداروں کے لیے نوید عنایت ہے' قرآن کریم معبودِ جلیل وجمیل کی طرف سے شکستہ دلوں' بے چین روحوں اور مضطرب کانوں کے لیے نغمہ پیار ومحبت ہے۔

جہاں تک قرآن حکیم کے ترجمہ کا تعلق ہے تو یہ بات روزِ روشن کی طرح عیاں ہے کہ دورِ حاضر میں جتنے ہی اُردو میں تراجم ہوتے ہیں' ان سب کا ماخذ کنزالایمان ہے' پوری دنیا میں جو پذیرائی کنزالایمان کو حاصل ہوئی ہے کسی اور ترجمہ کو نہیں مل سکی' یہ ایک حقیقت ہے کہ امام اہل سنت مجدد دین وملت الشاہ احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کا ترجمہ ایک عظیم شاہکار ہے اور اپنے نہج میں وہ ایک ہی ترجمہ ہے لیکن اس میں ایسے مشکل الفاظ موجود ہیں اور کچھ الفاظ فارسی وعربی اور پرانی اُردو ترکیبوں پر مشتمل ہیں جو عام قاری قرآن کی سمجھ میں نہیں آتے تھے' اس لیے ہم نے اس ترجمہ کے الفاظ کو آسان اُردو میں تبدیل کیا اور ساتھ ہی لفظی ترجمہ میں بھی تبدیل کر دیا۔

لہٰذا یہ اعلیٰ حضرت کے بامحاورہ ترجمہ کنزالایمان کا لفظ بہ لفظ پہلا ترجمہ ہے' کوشش کے باوجود قرآنی بلاغت کی عظمتوں کو چھونا بہت مشکل معاملہ ہے' فہم میں غلطی کھانا اور آرائے فہم میں کمزوری کا رہ جانا بشر کی بشریت کا تقاضا ہے اور قرآن کے اعجاز کی دلیل ہے' قرآن کے الفاظ ومعانی کے بحرِ بیکراں کی حقیقت تک رسائی ممکن نہیں۔

اس ترجمہ میں ہم نے الفاظِ قرآن کی ترتیب کو حتی الامکان ملاحظہ رکھا ہے اور مفہوم قرآن کو عام کرنے کے لیے سلیس اور سادہ زبان اختیار کی ہے۔

جہاں جملہ مکمل کرنے کے لیے کوئی لفظ شامل کرنے کی ناگزیر ضرورت تھی' ایسے مقامات کو بریکٹ کے استعمال سے واضح کر دیا گیا ہے تاکہ قرآن کی زندہ عبارت کی تاثیر متاثر نہ ہو اور پڑھنے والا اس کا لفظ لفظ اس اعتماد سے پڑھے کہ میرے رب کا کلام ہے۔

اپنی کمیوں اور کوتاہیوں کے اعتراف کے ساتھ اربابِ علم ودانش سے بڑے ادب سے درخواست کرتا ہوں کہ اگر ترجمہ میں کہیں کوئی ایسی جگہ پائیں جہاں اصلاح کی ضرورت محسوس کریں تو نشاندہی فرماتے ہوئے راقم کو مطلع فرمائیں، اسے شکریہ کے ساتھ قبول کیا جائے گا اور ان شاءاللہ آئندہ ایڈیشن میں اصلاح کردی جائے گی۔

خصوصاً ادارہ مشتاق بک کارنر کے ایم ڈی جناب محمد مشتاق بٹ صاحب اور محمد خالد منیر بٹ صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے اس عظیم ترین کام کی اشاعت کا ذمہ لیا اور پورے طباعتی حسن کے ساتھ اس کو شائع کیا، اللہ تعالیٰ ادارہ کے تمام افراد و معاونین کو اجرِ عظیم عطا فرمائے اور ہم سب کی غلطیوں کو قرآن اور صاحبِ قرآن کے صدقے معاف فرمائے۔ اور اس ترجمہ قرآن کو عوام الناس کے لیے نفع بخش فرمائے۔ آمین!

غلطیوں پر معافی کا طلب گار
کوتاہیوں پر شرمسار
ابوحمزہ (مفتی) ظفر جبار چشتی

# قرآن مجید کی تلاوت کے احکام، آداب

کسی پاک اور صاف جگہ پر بیٹھ کر قرآن مجید کی تلاوت کرنی چاہیے۔ مسجد میں تلاوت کرنا بہت عمدہ ہے سر ڈھانک کر سکون، خضوع خشوع، وقار اور ادب کے ساتھ بیٹھ کر تلاوت کرے اور قبلہ کی طرف منہ کر کے بیٹھے جو شخص قرآن مجید کی تلاوت کا ارادہ کرے اسے چاہیے کہ وہ اپنے منہ کو ہر قسم کی بد بو سے اچھی طرح صاف کر لے، یعنی وضو کرتے وقت مسواک اچھی طرح سے کرے، کیونکہ تلاوت قرآن مجید کے وقت فرشتے حاضر ہوتے ہیں بد بو سے اُن کو تکلیف ہوتی ہے اور خوشبو سے راحت ہوتی ہے۔

قرآن مجید کی تلاوت شروع کرنے سے پہلے اعوذ باللّٰہ من الشیطن الرجیم اور بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھے، اور قرآن مجید کی آیات کے معانی میں غور و فکر اور تدبر تفکر کرے۔

قرآن مجید کو ترتیل کے ساتھ آہستہ آہستہ اور ٹھہر ٹھہر کر پڑھنا چاہیے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا جلدی جلدی پورا قرآن پڑھنے کی نسبت میرے نزدیک یہ بہتر ہے کہ صرف ایک سورۃ ترتیل کے ساتھ پڑھ لی جائے۔

جب قرآن مجید کی کوئی ایسی آیت پڑھے جس میں اللہ تعالیٰ کی رحمت اور مغفرت کا ذکر ہو تو اللہ تعالیٰ سے اس کی رحمت اور مغفرت کا سوال کرے اور جب عذاب کی آیت پڑھے تو اللہ تعالیٰ کے عذاب سے پناہ طلب کرے۔ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ جب قرآن مجید ختم کرتے تو اپنے گھر والوں کو جمع کرتے اور دُعا مانگتے احادیث صحیحہ میں ہے کہ ختم قرآن کے وقت اللہ کی رحمت نازل ہوتی ہے اور دُعا قبول ہوتی ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شیخ القرآن والحدیث وتفسیر

## حضرت ڈاکٹر مفتی غلام سرور قادری بخاری دامت برکاتہم العالیہ

جامعہ رضویہ وخانقاہ قادریہ نوریہ ماڈل ٹاؤن لاہور

حمد ہے اس اللہ جل شانہ کو جس نے حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پیدا فرمایا۔ پھر ان کو عظیم کتاب عطا فرمائی۔ جس کا نام ہے قرآن کریم۔

اتر کر حرا سے سوئے قوم آیا      اور ایک نسخہ کیمیا ساتھ لایا

نسخہ کیا ہے کیمیا ہے' بیماروں کی شفاء' تندرستوں کا ذریعہ بقا' گمراہوں کا رہنما' مسجدوں میں اس کی تلاوت ہوتی ہے' میدانوں میں اس سے جہاد' عدالتوں میں اس سے فیصلے' بیماروں کے گلوں میں تعویذ بن کر پڑے' جان کنی میں مشکل حل کرے۔ بعد موت قبر اور حشر میں کام آئے۔ غرض کہ انسان کی دینی اور دنیوی زندگی کا دستور العمل ہے۔ ہر مسلمان کے دل میں جذبہ ہے کہ اسے سمجھے ہر مومن کے قلب میں تڑپ ہے کہ اس فرمان تک اس کی رسائی ہو۔ علماء تو محنت کر کے اس کے مضامین تک پہنچتے ہیں مگر عوام چاہتے ہیں کہ اس کے مضامین ہماری زبان میں ہم تک پہنچیں۔ اس لئے تقریباً ہر زبان میں بے شمار ترجمے تفسیریں لکھی گئیں۔ اُردو زبان میں بھی بہت کام ہوا۔ ترجمہ قرآن کے حوالے سے جو کام امام اہلسنت مجدد دین وملت اعلیٰ حضرت الشاہ احمد رضا خاں قادری بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے کیا ہے وہ اپنی مثال آپ ہے۔ اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے بامحاورہ ترجمے کو لفظ بہ لفظ لباس پہنایا ہے۔ عزیزم مولانا مفتی ظفر جبار چشتی زیدہ مجدہٗ نے اور ساتھ ہی ساتھ مشکل الفاظ کو بھی آسان کر دیا گیا ہے یہ کام خاصا مشکل تھا لیکن عزیزم مفتی ظفر جبار چشتی کو اللہ کریم نے ہمت عطا فرمائی۔ یہ سعادت ان کے حصے میں رکھی۔

مولانا موصوف میرے خاص تلامذہ میں سے ہیں میں نے ان کی شخصیت میں مستقل مزاجی' عظیم ہمت اور گہرا اخلاص پایا جس کا ثبوت ان کی اس کاوش کے بارے میں لگاتار شب بیداری اور اَن تھک محنت سے ملتا ہے۔

اس عظیم کام کے درمیان جب بھی میرے پاس تشریف لائے میں نے ان کی ہر جگہ رہنمائی کی۔ اب یقیناً مولانا صاحب کی اس عظیم کاوش سے اہلِ علم' اہلِ محبت' علماء' طلباء' وکلاء' دانشور اور عامۃ الناس اس سے بھرپور استفادہ کر سکیں گے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ خالق کائنات علامہ مفتی ظفر جبار چشتی زید مجدہٗ کی اس عظیم اور جذبہ ایمانی سے بھرپور کاوش کو شرفِ قبولیت عطا فرمائے۔ آمین بجاہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم

۲ر فروری ۲۰۱۰ء

۱۷ صفر المظفر ۱۴۳۱ھ بروز منگل

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

محقق عصر شیخ القرآن والحدیث

## حضرت علامہ مفتی محمد خان قادری دامت برکاتہم العالیہ

پرنسپل جامعہ اسلامیہ لاہور

بندہ ان دنوں تفسیر کبیر کے ترجمہ (فضل قدیر) میں اس قدر مصروف ہے کہ کسی اور کام کی فرصت ہی نہیں' ممتاز مذہبی سکالر علامہ مفتی ظفر جبار چشتی ترجمہ قرآن کا مسودہ لے کر آئے کہ وہ امام احمد رضا قادری رحمۃ اللہ علیہ کے ترجمہ ''کنزالایمان'' کی زبان کو آسان کر رہے ہیں' دیکھ کر دلی خوشی ہوئی کہ وہ یہ کام کر کے اُردو خواں حضرات پر احسان کر رہے ہیں کیونکہ اس میں بہت سے ایسے اُردو کے الفاظ و اصطلاحات ہیں کہ عام آدمی اسے سمجھ ہی نہیں پاتا' بندہ کو اس کا تجربہ یوں ہوا کہ دوران ترجمہ تفسیر کبیر' کنزالایمان فی ترجمۃ القرآن' کے مطالعہ کا موقعہ ملا تو محسوس ہوا کہ اس کی زبان کو آسان کرنا نہایت ضروری ہے تاکہ ہر کوئی فہم قرآن سے مالا مال ہو سکے۔

عربی تفاسیر میں سب سے بڑا کام امام فخر الدین رازی (متوفی ۶۰۶ھ) نے تفسیر کبیر کی صورت میں کیا' اُردو میں بھی قرآن مجید کے متعدد تراجم ہیں مگر ان میں امام احمد رضا قادری رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۳۴۰ھ) کا ترجمہ کنزالایمان وہی درجہ رکھتا ہے جو دیگر تفاسیر میں امام رازی کی تفسیر کا ہے' کیونکہ امام احمد رضا قادری رحمۃ اللہ علیہ متکلم' محدث' مفسر' متصوف اور فقیہ ہیں' انہوں نے اپنی رائے کی بجائے تفسیر نبوی' تفسیر صحابہ' متقدمین' ائمہ مجتہدین' اولیاء' صوفیاء کی محنتوں اور کاوشوں سے خوب فائدہ اٹھایا کہ اس ترجمہ کے ذریعے اُمت مسلمہ کا رشتہ ان کے ساتھ جوڑنے کی بھرپور کامیاب کوشش کی' یہی وجہ ہے کہ جب کوئی تفاسیر اور شمائل کے موضوع پر مواد کا مطالعہ کرنے کے بعد ترجمہ کنزالایمان کا مطالعہ کرے گا تو وہ محسوس کرے گا کہ امام احمد رضا قادری نے ان تمام کا خلاصہ اس مبارک ترجمہ میں سمو دیا ہے۔

میرے مطالعہ کے مطابق اس مذکورہ ترجمہ کی خصوصیات پر پہلے کام ہوا ہے' اس پر انوار کنزالایمان کی فہرست عنوانات شاہد ہیں جو تقریباً ہزار صفحات پر پھیلا ہوا ہے' مگر اس ترجمہ کو آسان کرنے کی طرف توجہ کسی کی نہیں گئی' خوش قسمت ہیں علامہ مفتی ظفر جبار چشتی حفظہ اللہ تعالیٰ کہ ان کے حصے میں اللہ تعالیٰ نے یہ سعادت رکھی کہ انہوں نے یہ نہایت اہم کام کر دیا جس پر وہ شکریہ کے مستحق ہیں۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ان کی خدمت جلیلہ کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے اور اسے ہم سب کے لیے مفید اور نافع بنائے۔

(آمین!)

۱۴ ستمبر ۲۰۱۰ء بروز بدھ — جامعہ اسلامیہ لاہور

کنز العلماء جانشینِ محدث قصوری شیخ الحدیث

## حضرت علامہ مفتی محمد سعادت علی قادری دامت برکاتہم العالیہ

مہتمم مرکزی دار العلوم جامعہ حنفیہ، قصور

قرآنِ مجید برہانِ رشید رب کائنات کی لاریب کتاب ہے، جو منبع رشد و ہدایت ہے۔ نزولِ قرآن سے لے کر آج تک اس کے تراجم علماء نے اپنی اپنی استعداد کے مطابق کیے۔ لیکن اُن تراجم میں جو مقام و مرتبہ اور شہرتِ دوام کنز الایمان کو حاصل ہوئی وہ کسی اور کا خاصہ نہیں بنی۔

ترجمہ کنز الایمان، حامیٔ سنت، ماحیٔ بدعت، واقفِ اسرارِ علومِ عقلیہ و نقلیہ، وارثِ علومِ اسلاف، امامِ عاشقاں، فنافی الرسول، مجدد دین و ملت علامہ مفتی الحافظ القاری الشاہ امام احمد رضا خان علیہ الرحمۃ کا وہ عظیم شاہ کار ہے، جس کے لفظ لفظ سے خوفِ خدا و عشقِ مصطفیٰ کی جھلک نظر آتی ہے۔

جس حُسنِ تحریر سے یہ ترجمہ متصف ہے، وہ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان علیہ الرحمۃ کے علم و فضل کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ تمام علمی و ادبی جہات کے ساتھ ساتھ کہیں بھی ذرہ بھر لغزش نظر نہیں آتی۔

یوں سمجھیے جو فوقیت چاند کو تاروں پر اور سورج کو چاند پر حاصل ہے وہی فوقیت بلاشبہ کنز الایمان کو تمام تراجم پر حاصل ہے۔ کنز الایمان تمام تراجم پر فائق ہے۔

عزیزم مولانا مفتی ظفر جبار چشتی صاحب نے جس طرح ترجمہ قرآن کنز الایمان کے ساتھ لفظی ترجمہ کو شامل کیا ہے، ان کے اس کام نے جہانِ علم میں ایک نیا باب کھولا ہے۔ اس لفظی ترجمہ سے جہاں علماء بالخصوص درسِ نظامی کے طلباء مستفید ہوں گے، وہاں عوام بھی اس سے اپنی علمی تشنگی بجھا سکتے ہیں۔

یوں مولانا کا یہ کام کئی پہلوؤں سے ہر خاص و عام کے لیے ایک انمول علمی گلدستہ ہے۔ ربِ قدیر مولانا موصوف کے قلم کو مزید برکتیں عطا فرمائے۔ ان کی کاوش کو قبول فرما کر ذریعۂ نجات بنائے۔

ربِ ذوالجلال ان کے علم اور عمل میں اپنی رحمتِ خاصہ داخل فرمائے۔ آمین!

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

رَبِّ یَسِّرۡ وَلَا تُعَسِّرۡ وَتَمِّمۡ بِالۡخَیۡرِ

ادیب اہلسنت استاذ العلماء حضرت علامہ الحاج **محمد منشا تابش قصوری** دامت برکاتہم العالیہ

مدرس جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور

## تراجم کا سلطان ترجمہ کنز الایمان

رب العزت جل وعلاء نے اپنے حبیب کریم علیہ التحیۃ والتسلیم کو ختم نبوت کا تاج پہنا کر خاتم الکتب قرآن کریم فرقانِ حمید کی نعمت عظمیٰ سے عطا فرما کر معلم کتاب وحکمت کے وصف سے بھی سرفراز کیا' پھر آپ کی ذات والا برکات نے قرآن کریم کی تعلیم سے اس طرح نوازا کہ ہر زمانہ آپ کی تعلیم وحکمت اور اس کتابِ مبین پر ناز کرتا آ رہا ہے' آج روئے زمین پر کوئی ایسا ملک نہیں جو قرآنِ مجید فرقانِ حمید کے انوار وتجلیات سے مستنیر نہ ہو' ہر زبان قرآن کریم سے تر ہے' چہار دانگ عالم میں ایسا کوئی علاقہ' خطہ نہیں جس کی زبان میں قرآن کریم کا ترجمہ نہ ہوا ہو اور پھر تراجم کے انداز مختلف ہیں' کوئی ادبی انداز لیے ہوئے ہے تو کوئی فصاحت و بلاغت کا مرقع ہے۔ ہر خوش نصیب مترجم نے اپنی علمی استعداد کے مطابق آسان اور سہل طریقہ کو اپنانے کی کوشش کی۔

برصغیر پاک وہند میں بھی بکثرت زبانیں بولی جاتی ہیں' علاقائی سطح پر قرآن کریم کے ان زبانوں میں ترجمے پائے جاتے ہیں' مگر برصغیر پاک وہند میں سب سے زیادہ بولی اور سمجھی جانے والی زبان اُردو ہے۔ اس لیے علمائے پاک وہند نے اُردو زبان کو قرآن مجید کے تراجم سے خوب مستفیض فرمایا۔ اُردو میں بیشتر تراجم وتفاسیر بھی معرضِ وجود میں آئیں۔ نظم ونثر میں ترجمے اور تفسیر پائی جاتی ہیں' وقت کے تقاضے کے مطابق کئی اہلِ محبت نے مسلمان بچے' بچیوں اور عام کم علم لوگوں کی آسانی کے لیے لفظی ترجمے کی طرف رجوع کیا اور اس مقصد میں وہ کامیاب بھی رہے' جیسے جیسے اُردو زبان میں نکھار آتا گیا' تراجم کی طرف بھی اتنی کیفیت و جاذبیت ترقی کرتی گئی۔ اعلیٰ حضرت امام اہل سنت' مجدد دین وملت' مولانا شاہ احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کا ترجمہ کنز الایمان کو رائج الوقت تراجم کا سلطان تسلیم کیا گیا ہے' اور اس کثرت سے ناشرین قرآن ادارے اسے شائع کر رہے ہیں کہ طلب میں اضافہ ہی ہوتا جا رہا ہے۔ اسی عظیم الشان' عدیم المثال ترجمہ کنز الایمان کو لفظاً لفظاً لباس پہنانے کی طرح ڈالی ہے۔ محترم المقام حضرت علامہ مولانا مفتی ظفر جبار چشتی' صاحب نے۔

مفتی ظفر جبار چشتی ایک سلجھے ہوئے اہل علم ہیں۔ مذکور قبل ازیں ریاض الایمان کے نام سے قرآن کریم کا ترجمہ کر چکے ہیں جو بحمدہٖ تعالیٰ شائع ہو چکا ہے' نیز متعدد کتب کے مصنف ہیں جنہیں لاہور کے کئی ادارے زیور طبع سے آراستہ کر رہے ہیں۔

اب کنز الایمان کو بعینہٖ الفاظ کا جامہ پہنا رہے ہیں تاکہ سکول' کالج' دینی مدارس اور دیگر اداروں کے طلباء آسانی سے استفادہ کرسکیں۔ امید ہے مولانا مذکور کی یہ دینی وملی کاوش قبولیت کا شرف پائے گی۔ انشاء اللہ العزیز الحمید!

استاذ العلماء حضرت علامہ

## صاحبزادہ مفتی محمد لطف اللہ نوری

صدر شعبہ افتاء، مدرس جامعہ حنفیہ فریدیہ بصیر پور شریف اوکاڑہ

قرآن کے معانی اور مفاہیم سمجھنا اور بساط بھر عوام الناس کو سمجھانا علماء امتِ مسلمہ کی ذمہ داری ہے اور علاقائی زبان میں ترجمہ کرنا اور ایک ایک کلمۂ قرآن کا ترجمہ اور مفہوم واضح کرنا قرآن سکھانے کی بہترین صورت ہے۔ حدیث مبارکہ ہے کہ نبی رحمت ﷺ نے فرمایا ہے: خَیْرُکُمْ مَّنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَہٗ۔ تم میں بہتر وہ ہے جو قرآن سیکھے اور سکھائے

برادر محترم گرامی قدر حضرت العلامہ ابو حمزہ مفتی ظفر جبار صاحب سلمہ ربہ الکریم نے جو کاوش کی ہے، ہمارے حلقوں میں اس طرح کے ترجمہ کی اشد ضرورت تھی، اللہ کریم ان کے علم، عمل، عمر اور وقار میں اضافہ فرمائے اور اس ترجمہ کو قبولیتِ عامہ تامہ سے ہمکنار کرے۔

میں نے اس ترجمہ پر نظر ثانی کی ہے، چیدہ چیدہ مقامات پر نشان دہی کر دی ہے، مولا کریم اس کو بہتر سے بہترین بنانے میں توفیق خیر عطاء فرمائے! آمین۔

دوسرے لفظوں میں امام اہل السنّت کے انوار سے مستنیر ہو کر یہ ترجمہ اب ضیاپاشیاں کرنے کے لائق ہے۔ علماء، طلباء، خطباء اور وکلاء اور ججز حضرات کے لیے یہ تحفۂ گراں بہا ہے، قبولیت کے لیے دعا گو ہوں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

استاذ العلماء شیخ الحدیث

## حضرت علامہ محمد صدیق ہزاروی سعیدی دامت برکاتہم العالیہ

شیخ الحدیث جامعہ ہجویریہ دربار حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ

ممبر اسلامی نظریاتی کونسل پاکستان

قرآن پاک کتابِ ہدایت ہے نہ صرف مسلمان بلکہ غیر مسلم بھی اس کتاب کے احکام وہدایات سے بہرہ ور ہو کر اپنی دنیوی اور (اگر وہ مؤمن بھی ہے تو) اُخروی زندگی کو ایک کامیاب زندگی بنا سکتا ہے۔

اس کتاب لاریب کو پڑھنا بھی ثواب اور دیکھنا بھی ثواب ہے' لیکن اس کی تعلیمات سے آگاہی کے لیے عربی زبان سے واقف ہونا یا قاری کی زبان میں اس کا ترجمہ لازمی ہے۔

اُردو خواں طبقہ کے لیے اُردو زبان میں متعدد تراجم معرضِ وجود میں آئے ہیں۔

ان تراجم میں حضرت امام احمد رضا خان فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کا ترجمۂ قرآن ''کنزالایمان'' متعدد حوالوں بالخصوص تقدیس خداوندی اور ناموسِ رسالت کے تحفظ کے اعتبار سے نہایت وقیع ترجمہ ہے' جس سے ایک دنیا استفادہ کر رہی ہے۔

قرآن مجید کی آیاتِ بینات کا بامحاورہ ترجمہ مضمونِ آیت کو واضح کرتا ہے' اس لیے قرآن مجید سے استفادہ کے لیے یہ کافی ہوتا ہے لیکن جب قاری بالخصوص طلباء کو عربی زبان کے مختلف الفاظ کا ترجمہ الگ الگ سمجھنے کا ذوق بلکہ کسی حد تک ضرورت بھی ہو تو لفظی ترجمہ بہت اہم ہوتا ہے۔

فاضل نوجوان حضرت علامہ مفتی ظفر جبار چشتی مدظلہ متحرک' فعال اور مستند عالمِ دین ہیں۔ انہوں نے اس ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے بڑی کاوش سے اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کے ترجمۂ قرآن ''کنزالایمان'' کو بامحاورہ انداز میں برقرار رکھنے کے ساتھ ساتھ لفظی ترجمہ ہدیۂ قارئین کیا ہے۔

ایک ہی نسخہ میں دونوں تراجم کی موجودگی یقیناً متعدد وجوہ سے قاری کے لیے بے حد مفید ہے۔

اللہ تعالیٰ حضرت علامہ کی اس کاوش کو شرفِ قبولیت عطاء فرما کر انہیں اس کا اجرِ عظیم عطاء فرمائے۔ آمین بجاہ سید المرسلین علیہ التحیۃ والتسلیم!

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

استاذ العلماء فخر السادات شیخ الحدیث

## صاحبزادہ سیّد ہدایت رسول قادری دامت برکاتہم العالیہ

مہتمم دار العلوم نوریہ رضویہ گلبرگ اے فیصل آباد

قرآن مجید کسی مخصوص تعلیم یافتہ طبقے کے لئے نازل نہیں کیا گیا بلکہ یہ ہر شخص کے لئے پیغامِ ہدایت ہے۔ اسی لئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ وَلَقَدْ یَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّکْرِ کہ ہم نے نصیحت حاصل کرنے کے لئے قرآن مجید کو آسان کر دیا ہے۔ اسی طرح صاحبِ قرآن صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشادِ گرامی ہے کہ یَسِّرُوْا وَلَا تُعَسِّرُوْا کہ دین کے معاملات میں آسانی کو ملحوظ رکھو مشکلات کا باعث نہ بنو۔ ان فرامین کی روشنی میں اہل دین پر ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ قرآن مجید کی تعلیمات کو ایسے انداز میں پیش کریں کہ معمولی پڑھا لکھا انسان بھی قرآن مجید کی تعلیمات سے مستفیض ہو سکے۔

قرآن مجید محض کتابِ ثواب نہیں بلکہ کتابِ انقلاب ہے۔ آج کا مسلمان حصولِ ثواب کے لئے اس کی تلاوت تو کرتا ہے مگر اپنی زندگی اور معاشرے کو مصطفوی انقلاب سے ہمکنار کرنے کے لئے اس کی تعلیمات سے آشنا نہیں ہوتا۔ آج ضروری ہے کہ مسلمانوں کو قرآنِ مجید کی تلاوت کے ساتھ ساتھ اس کا ترجمہ پڑھنے کی ترغیب دی جائے۔ تا کہ وہ اپنے خالق و مالک کے پیغام کو سمجھ سکیں۔ آج فرقہ واریت کے فروغ کا سبب بھی تعلیماتِ قرآن سے عدم آگہی ہے۔

حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ فرماتے ہیں کہ جب میرا جی چاہے کہ میں رب سے باتیں کروں تو میں نماز پڑھتا ہوں اور جب میرا جی چاہتا ہے کہ رب مجھ سے باتیں کرے تو میں قرآن پڑھتا ہوں۔ چنانچہ عوام میں ترجمہ قرآن پڑھنے کا شوق بڑھانے کے لئے ضروری ہے کہ ترجمہ بھی سلیس اور عام فہم ہو آج کے اسلوب بیان اور محاورات پر مشتمل ہو۔

ممتاز مذہبی سکالر حضرت علامہ مفتی ظفر جبار چشتی صاحب نے اسی ذمہ داری کو نبھانے کی بڑی خوبصورت کوشش کی ہے۔

برصغیر میں اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں رحمۃ اللہ علیہ کا ترجمہ قرآن پاک جہاں دیگر علمی تحقیقی اور فنی کمالات کا حامل ہے وہاں اس کا سب سے بڑا کمال یہ ہے کہ اس کا ایک ایک لفظ عشقِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم میں ڈوبا ہوا ہے۔ یہ ترجمہ جہاں ربّ قدوس کی بندگی کا جذبہ عطا کرتا ہے وہاں تعظیم رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے جذبے کو مسلمان کے رگ و ریشے میں اتارتا ہے۔ اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ وہ واحد ہستی ہیں کہ جنہوں نے برصغیر میں مسلمانوں کے ایمان و عقائد کے خلاف اُٹھنے والے ہر طوفان کا مقابلہ کیا۔ جسٹس (ر) جاوید اقبال نے کہا کہ اگر ہندوستان میں نجدی تحریک کامیاب ہو جاتی تو پاکستان کبھی وجود میں نہ آتا۔ اس نجدی تحریک کا مقابلہ برصغیر میں صرف امام احمد رضا خاں رحمۃ اللہ علیہ نے کیا۔ آج ارضِ ہندوپاک میں درود و سلام کو جو ترانے اور نعتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے جو نغمے سنائی دے رہے ہیں یہ اسی ہستی کا فیض ہے۔

وقت کے ساتھ ساتھ ہر زبان میں تبدیلی آتی ہے۔ کچھ الفاظ متروک ہو جاتے ہیں کچھ نئے شامل ہو جاتے ہیں۔ اسلوب بھی بدل جاتا ہے۔ چنانچہ ضرورت تھی کہ اعلیٰ حضرت کے ترجمے کو آج کی زبان میں ڈھال کر پیش کیا جائے۔ حقیقی عالم دین وہی ہوتا ہے جو وقت کے تقاضوں کے مطابق دین کی تعلیمات کو پیش کرے اسی کا نام حکمت ہے۔ وَمَنْ یُّؤْتَ الْحِکْمَۃَ فَقَدْ اُوْتِیَ خَیْرًا کَثِیْرًا۔ صوفیائے کرام نے ہر دور میں حکمت کو اپنا کر ہی دین کو زندہ کیا ہے۔ محترم مفتی صاحب کی یہ کاوش خالصتاً اعلیٰ حکمت پر مبنی ہے۔ اللہ کی مخلوق کو علم و آگہی کے ایک عظیم خزانے تک رسائی دے دی جائے تو اس سے بڑھ کر اور کارنامہ کیا ہوگا۔ بلاشبہ یہ بہت بڑا کام ہے اللہ تعالیٰ حضرت مفتی صاحب کی علمی تحقیقی اور تبلیغی مساعی میں مزید برکتیں عطا فرمائے اور ہمیں دیگر دینی مواد کو بھی آج کی زبان اور محاورے میں لوگوں کی سماعت و مطالعہ کی نذر کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین بجاہ سیّد المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

استاذ العلماء جانشینِ شہیدِ پاکستان حضرت علامہ

# صاحبزادہ ڈاکٹر راغب حسین نعیمی

پرنسپل جامعہ نعیمیہ گڑھی شاہو لاہور (پاکستان)

قرآن کریم اللہ تعالیٰ وحدہ لاشریک کا کلام ہے۔

کسی بھی علم یا کسی بھی فن پر کوئی کتاب حرف آخر نہیں ہوتی۔ اس لئے کہ علم و تحقیق کا سفر جاری رہتا ہے اور ہر مصنف کے بعد کوئی بڑا مصنف اس سے مختلف اور نئی بات کہہ دیتا ہے۔ (ولا تنقضی عجائبہ)

یقیناً قرآن ہی وہ کتاب ہے کہ جس سے زیادہ جامع، کامل، اکمل اور مستند کوئی کتاب نہیں اس لئے کہ یہ جس کا کلام ہے اس سے بڑا کوئی عالم و حکیم نہیں۔

یہی وجہ ہے کہ قرآن حکیم اپنے آغاز ہی میں واضح کر دیتا ہے "ذٰلک الکتٰب لاریب فیہ" یہ بلند رتبہ کتاب جس میں شک کی کوئی جگہ نہیں۔ صاحب کلام کے علم میں کوئی شک ہو تو کتاب میں شک ہو وہ ذات تو علیم بذات الصدور ہے۔ قرآن نے لاریب ہونے کا اعلان کر کے دراصل ہر قاریٔ قرآن کو خبردار کر دیا کہ اس کے ضابطے اس کے اصول اور اس کے قانون اب تا قیامت نافذ العمل رہیں گے ہر دور کے انسان اسی سے رشد و ہدایت پائیں گے۔ قوموں کو اسی پر عمل کے نتیجے میں عروج ملے گا اور اس کو چھوڑ کر وہ شکار زوال بنادی جائیں گی۔ یہی وجہ ہے کہ نزولِ قرآن کے بعد سے آج تک پوری دنیا میں علماء حق قرآن مجید کے فہم و تفہیم کے لیے ترجمہ اور تفسیر پر کام کرتے رہے ہیں۔

دنیا میں کوئی ایسی زبان نہیں جس میں کتاب اللہ کا ترجمہ نہ ہوا ہو۔ بالخصوص اُردو میں قرآن مجید کے بہت ترجمے ہوئے۔ حقیقت یہ ہے کہ جس طرح انسان اللہ تعالیٰ کے حضور خود کو عاجز و درماندہ پاتا ہے اسی طرح اسے کلام الٰہی کے سامنے اپنی کم علمی کا شدید احساس ہوتا ہے۔

قرآن کے الفاظ و آیات اتنے جامع وسیع المعنی اور زور بیان سے اس قدر بھرپور ہیں کہ ان کے ترجمہ یا ترجمانی کا حق ادا نہیں کیا جاسکتا۔

یہی وجہ ہے کہ مختصر الفاظ میں قرآنی آیات کا جامع، تمام پہلوؤں پر حاوی اور قرآن ہی کے انداز سے ایسا مؤثر اور مکمل

ترجمہ کرنا کہ اس میں قرآن کا زورِ بیان بھی مستقل ہو یہ بہت مشکل سا معاملہ ہے اس کے باوجود صاحبانِ عزم وہمت اور وارثانِ انبیاء نے عظیم فریضہ سرانجام دینے کی عظیم کوشش کی ہے لیکن ان تراجم میں جو مقام ومرتبہ کنزالایمان کو حاصل ہوا ہے وہ کسی اور کے حصہ میں نہیں آیا یہ بھی حقیقت ہے کہ اعلیٰ حضرت امام اہلسنّت مولانا الشاہ احمد رضا خاں قادری بریلوی علیہ الرحمہ کا ترجمہ قرآن کنزالایمان رائج الوقت تراجم کا ماخذ ہے۔ برادرِ مکرم علامہ مفتی ظفر جبار چشتی صاحب نے جس طرح کنزالایمان کے الفاظ کو نئے پیرائے میں بیان کیا ہے اور الفاظ کی گنجلک کو ختم کیا ہے مبارکباد کے مستحق ہیں۔

مفتی صاحب ایک مستند اور سلجھے ہوئے محنتی عالمِ دین ہیں۔ فاضل موصوف اِس سے پہلے کافی کتابیں تحریر کر چکے ہیں۔ مولانا موصوف نے یہ بہت بڑا کام سرانجام دیا ہے۔ اس کی اشد ضرورت محسوس کی جارہی تھی۔ ان کی اس کاوش سے یقیناً علماء وطلباء عامۃ الناس آسانی سے استفادہ کر سکیں گے۔

اللہ تعالیٰ مولانا مذکور کی اس کاوش کو شرفِ قبولیت عطا فرمائے اور اس دینی خدمت کو عوام الناس کے لیے نفع بخش بنائے۔ آمین۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## فخر العلماء حضرت علامہ احمد علی قصوری دامت برکاتہم العالیہ

### چیئرمین قرآن بورڈ' حکومت پنجاب' صدر مرکزِ اہلسنت پاکستان

اللہ جل مجدہ العظیم کی صفات بے شمار و لامحدود ہیں' تاہم اس کی اوّلین اور اعلیٰ ترین صفت یہ ہے کہ وہ خالق محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔ اس قادر و قدیر اور علیم و حکیم ذات نے اپنے اختیار و قدرت' اپنے علم و حکمت اور اپنی رضا و مشیت سے اپنے حبیب پاک صاحب لولاک احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ واصحابہ وسلم کو اپنی قدرتِ کاملہ اور حکمتِ بالغہ کا ایسا عظیم ترین شاہکار بنایا کہ ان جیسا نہ کوئی تھا' نہ ہے' نہ ہوگا اور نہ ہو سکتا ہے۔ ربّ کریم نے اپنے حبیب کریم کو جو اَن گنت معجزات اور لاجواب کمالات عطا فرمائے' ان میں سب سے بڑا معجزہ قرآن کریم ہے' جو کہ قیامت تک آنے والے تمام انسانوں کے لئے مکمل ضابطۂ حیات ہے۔ یہ صحیفۂ انقلاب اپنے پڑھنے سمجھنے اور عمل پیرا ہونے والے تمام انسانوں کے لئے دنیوی فلاح اور اُخروی نجات کا ضامن ہے۔

قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّ كِتٰبٌ مُّبِيْنٌ ۝ يَّهْدِيْ بِهِ اللّٰهُ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهٗ سُبُلَ السَّلٰمِ وَ يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ بِاِذْنِهٖ وَ يَهْدِيْهِمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ (پ۶ المائدہ ۱۶'۱۵)

ترجمہ: بے شک تمہارے پاس (اے انسانو!) اللہ کی طرف سے ایک نور آیا اور روشن کتاب' جو اللہ کی مرضی پر چلا اللہ اسے سلامتی کے ساتھ ہدایت عطا فرماتا ہے' اور انہیں تاریکیوں سے روشنی کی طرف لے جاتا ہے اور انہیں اپنے حکم سے سیدھا راستہ دکھا دیتا ہے۔

اللہ کریم کے سب سے اعلیٰ و اکمل کلام قرآن مجید کے حوالے سے ہر مومن اور مومنہ پر لازم ہے کہ وہ اس بابرکت اور پاک کلام کے الفاظ کی صحت کے ساتھ تلاوت کو اپنا مستقل معمول بنائے' اس کے معنی کو سمجھے' اس کے احکام اور حکمتوں کے مطابق اپنی فکری' اعتقادی اور عملی زندگی گزارے۔ نبی اکرم نورِ مجسم فخرِ آدم و بنی آدم صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک ارشاد مبارک ہے "خَيْرُكُمْ مَّنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهٗ" "تم میں سے بہترین شخص وہ ہے' جس نے خود قرآن سیکھا اور دوسروں کو سکھایا۔ لہٰذا بڑے ہی خوش نصیب ہیں وہ افراد جنہیں قرآن حکیم کی کسی نہ کسی رنگ میں کوئی نہ کوئی خدمت سرانجام دینے کی سعادت مل جاتی ہے۔ یقیناً ایسے ہی خوش نصیبوں میں ہمارے مخدوم فاضل جلیل جناب مفتی ظفر جبار چشتی (اطال اللہ عمرہٗ و اعلی اللہ عملہٗ) بھی شامل ہیں کہ جنہوں نے معلمانہ اور مبلغانہ کردار ادا کرتے ہوئے عوام الناس بلکہ علماء اور محققین کے لئے اعلیٰ حضرت عظیم المرتبت الشاہ احمد رضا خان قادری رحمۃ اللہ علیہ کے بامحاورہ ترجمۂ قرآن کے ساتھ بڑی محنت و خوبی سے لفظی ترجمۂ قرآن کی سہولت مہیا کر دی ہے۔ بندۂ عاجز نے متعدد مقامات سے یہ ترجمہ دیکھا ہے جو خاصہ خوب ہے' دعا ہے کہ اللہ کریم مترجم عزیز کی محنت کو اپنی بارگاہ میں شرف قبولیت اور عوام و خواص میں مقبولیت عطا فرمائے۔

امام اہلسنت مجدد دین و ملت اعلیٰ حضرت مولانا الشاہ احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

کے شہرہ آفاق ترجمہ قرآن کا آسان اور عام فہم

لفظی ترجمہ

# کنز الایمان

المسمّٰی

# ریاض الایمان

## جلد اوّل

پارہ ۱ تا پارہ ۱۰

ابو حمزہ مفتی ظفر جبار چشتی

مشتاق بک کارنر
الکریم مارکیٹ۔ اردو بازار، لاہور

ایاتها ۷ — ۱ سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ مَكِّيَّةٌ ۵ — رکوعها ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

| اَلْحَمْدُ | لِلّٰهِ | رَبِّ | الْعٰلَمِيْنَ | الرَّحْمٰنِ | الرَّحِيْمِ |
|---|---|---|---|---|---|
| سب خوبیاں | اللہ کو | مالک (پرورش فرمانے والا) | سارے جہان والوں کا | بہت مہربان | رحمت والا |

سب تعریف اللہ تعالیٰ کیلئے ہے جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے۔ بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ○ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ○

| مٰلِكِ | يَوْمِ | الدِّيْنِ | اِيَّاكَ | نَعْبُدُ | وَ | اِيَّاكَ | نَسْتَعِيْنُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مالک | روز | جزا کا | صرف تیری | ہم عبادت کرتے ہیں | اور | تجھی سے | ہم مدد چاہیں |

بدلے کے دن (یعنی قیامت) کا مالک ہے۔ ہم صرف تیری عبادت کرتے ہیں اور صرف تجھ سے مدد چاہتے ہیں۔

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ○ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ

| اِهْدِنَا | الصِّرَاطَ | الْمُسْتَقِيْمَ | صِرَاطَ | الَّذِيْنَ | اَنْعَمْتَ |
|---|---|---|---|---|---|
| چلا ہم کو | راستہ | سیدھا | راستہ | ان لوگوں کا (کہ) | تو نے احسان کیا |

ہم کو سیدھا راستہ چلا۔ ان لوگوں کا راستہ جن پر تو نے انعام کیا۔

عَلَيْهِمْ ۙ۬ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَ لَا الضَّآلِّيْنَ ○ ع

| عَلَيْهِمْ | غَيْرِ | الْمَغْضُوْبِ | عَلَيْهِمْ | وَ | لَا | الضَّآلِّيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| جن پر | نہ ان کا (کہ) | غضب ہوا | جن پر | اور | نہ | بہکے ہوؤں کا |

ان کا نہیں جن پر غضب کیا گیا اور نہ گمراہوں کا۔

ایاتها ۲۸۶ ۲ سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ مَدَنِيَّةٌ ۸۷ رکوعاتها ۴۰

# بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

## الٓمّٓ ۚ ﴿۱﴾ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۚۛ فِيْهِ ۚۛ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۲﴾

| الٓمّٓ | ذٰلِكَ | الْكِتٰبُ | لَا | رَيْبَ | فِيْهِ | هُدًى | لِّلْمُتَّقِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ال م | وہ بلند رتبہ | کتاب | نہیں ہے | شک | اس میں | ہدایت ہے | ڈر والوں کو |

ا ل م وہ بلند رتبہ کتاب (قرآن) کوئی شک کی جگہ نہیں اس میں ہدایت ہے ڈر والوں کو۔

## الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ

| الَّذِيْنَ | يُؤْمِنُوْنَ | بِالْغَيْبِ | وَ | يُقِيْمُوْنَ | الصَّلٰوةَ | وَ | مِمَّا | رَزَقْنٰهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ جو | ایمان لائیں | بے دیکھے | اور | قائم رکھیں | نماز | اور | ہماری دی ہوئی | روزی میں سے |

جو غیب پر ایمان لاتے اور نماز کو (تمام حقوق کے ساتھ) قائم کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے انہیں عطا کیا ہے اس میں سے (ہماری

## يُنْفِقُوْنَ ﴿۳﴾ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ

| يُنْفِقُوْنَ | وَ | الَّذِيْنَ | يُؤْمِنُوْنَ | بِمَآ | اُنْزِلَ | اِلَيْكَ | وَ | مَآ | اُنْزِلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خرچ کریں | اور | وہ جو | ایمان لائیں | اس پر جو | اترا | آپ کی طرف | اور | جو | اترا |

راہ میں) خرچ کرتے ہیں۔ اور وہ لوگ جو آپ کی طرف نازل کیا گیا اور جو آپ سے پہلے نازل کیا گیا (سب) پر ایمان لاتے ہیں

## مِنْ قَبْلِكَ ۚ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ﴿۴﴾

| مِنْ قَبْلِكَ | وَ | بِالْاٰخِرَةِ | هُمْ | يُوْقِنُوْنَ |
|---|---|---|---|---|
| آپ سے پہلے | اور | آخرت پر | وہ | یقین رکھیں |

اور وہ آخرت پر بھی (کامل) یقین رکھتے ہیں۔

أُولَٰٓئِكَ عَلَىٰ هُدًى مِّن رَّبِّهِمْ ۖ وَأُولَٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ﴿٥﴾ إِنَّ

| أُولَٰٓئِكَ | عَلَىٰ هُدًى | مِّن رَّبِّهِمْ | وَ | أُولَٰٓئِكَ | هُمُ | الْمُفْلِحُونَ | إِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہی لوگ | ہدایت پر ہیں | اپنے رب کی طرف سے | اور | وہی لوگ | وہ | مراد کو پہنچنے والے | بیشک |

وہی لوگ اپنے رب کی طرف سے ہدایت پر ہیں اور وہی فلاح پانے والے ہیں۔ بے شک

الَّذِينَ كَفَرُوا سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَأَنذَرْتَهُمْ أَمْ لَمْ تُنذِرْهُمْ

| الَّذِينَ | كَفَرُوا | سَوَآءٌ | عَلَيْهِمْ | ءَأَنذَرْتَهُمْ | أَمْ | لَمْ تُنذِرْهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ (جن کی قسمت میں) | کفر ہے | برابر ہے | ان پر | چاہے تم انہیں ڈراؤ | یا | نہ ڈراؤ |

وہ جن کی قسمت میں کفر ہے انہیں برابر ہے کہ آپ انہیں ڈرائیں یا نہ ڈرائیں

لَا يُؤْمِنُونَ ﴿٦﴾ خَتَمَ اللَّهُ عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ وَعَلَىٰ سَمْعِهِمْ ۖ وَ

| لَا | يُؤْمِنُونَ | خَتَمَ | اللَّهُ | عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ | وَعَلَىٰ سَمْعِهِمْ | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | وہ ایمان لائیں گے | مہر لگادی | اللہ نے | ان کے دلوں پر | اور ان کے کانوں پر | اور |

وہ ایمان نہیں لائیں گے۔ اللہ نے ان کے دلوں اور کانوں پر مہر لگا دی اور

عَلَىٰ أَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴿٧﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَن

| عَلَىٰ أَبْصَارِهِمْ | غِشَاوَةٌ | وَ | لَهُمْ | عَذَابٌ | عَظِيمٌ | وَمِنَ | النَّاسِ | مَن |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کی آنکھوں پر | گھٹاٹوپ ہے | اور | ان کے لئے | عذاب ہے | بڑا | اور کچھ | لوگ | جو |

ان کی آنکھوں پر پردہ ہے اور ان کیلئے بڑا عذاب ہے ۔ اور لوگوں میں سے

ع ۱ — وقف لازم

يَقُولُ آمَنَّا بِاللَّهِ وَبِالْيَوْمِ الْآخِرِ وَمَا هُم بِمُؤْمِنِينَ ﴿٨﴾ يُخَادِعُونَ

| يَقُولُ | آمَنَّا | بِاللَّهِ | وَ | بِالْيَوْمِ الْآخِرِ | وَ | مَا | هُم | بِمُؤْمِنِينَ | يُخَادِعُونَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہتے ہیں | کہ ہم ایمان لائے | اللہ پر | اور | پچھلے دن پر | اور | نہیں | وہ | ایمان والے | فریب دیا چاہتے ہیں |

کچھ کہتے ہیں کہ ہم اللہ اور روز آخرت پر ایمان لائے اور وہ ایمان والے نہیں ۔ وہ

اللّٰهَ وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۚ وَ مَا يَخْدَعُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَ

| اللّٰهَ | وَ | الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا | وَ | مَا يَخْدَعُوْنَ | اِلَّآ | اَنْفُسَهُمْ | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ | اور | ایمان والوں کو | اور | فریب نہیں دیتے | مگر | اپنی جانوں کو | اور |

اللہ اور ایمان والوں کو دھوکہ دیا چاہتے ہیں مگر وہ اپنے آپ کو ہی دھوکہ دے رہے ہیں اور انہیں اسکا

مَا يَشْعُرُوْنَ ۹ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ ۙ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا ۚ وَلَهُمْ

| مَا يَشْعُرُوْنَ | فِيْ قُلُوْبِهِمْ | مَّرَضٌ | فَزَادَهُمُ | اللّٰهُ | مَرَضًا | وَ | لَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| انہیں شعور نہیں | ان کے دلوں میں | بیماری ہے | تو اور بڑھائی ان کی | اللہ نے | بیماری | اور | ان کیلئے |

شعور نہیں ہے۔ ان کے دلوں میں بیماری ہے پس اللہ نے ان کی بیماری کو اور بڑھا دیا اور ان کیلئے

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۢ ۙ بِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ ۱۰ وَ اِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوْا

| عَذَابٌ | اَلِيْمٌ | بِمَا | كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ | وَ | اِذَا | قِيْلَ | لَهُمْ | لَا تُفْسِدُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عذاب ہے | دردناک | بدلہ اس کا کہ | جھوٹ بولتے تھے | اور | جب | کہا جائے | ان سے | فساد نہ کرو |

درد ناک عذاب ہے اس وجہ سے کہ وہ جھوٹ بولتے تھے۔ اور جب انہیں کہا جائے

فِي الْاَرْضِ ۙ قَالُوْٓا اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ ۱۱ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ

| فِي الْاَرْضِ | قَالُوْٓا | اِنَّمَا نَحْنُ | مُصْلِحُوْنَ | اَلَآ | اِنَّهُمْ | هُمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| زمین میں | تو کہتے ہیں | ہم تو | سنوارنے والے ہیں | سنتا ہے! | بے شک وہ | وہی |

کہ زمین میں فساد نہ کرو تو وہ کہتے ہیں ہم تو صرف اصلاح کر رہے ہیں۔ سن لو یقیناً وہی

الْمُفْسِدُوْنَ وَلٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ۱۲ وَ اِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا كَمَآ اٰمَنَ

| الْمُفْسِدُوْنَ | وَلٰكِنْ | لَا يَشْعُرُوْنَ | وَ | اِذَا | قِيْلَ | لَهُمْ | اٰمِنُوْا | كَمَآ | اٰمَنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فسادی ہیں | مگر | انہیں شعور نہیں | اور | جب | کہا جائے | ان سے | ایمان لاؤ | جیسے | ایمان لائے |

فساد کرنے والے ہیں مگر وہ سمجھتے نہیں۔ اور جب ان سے کہا جائے ایمان لے آؤ

النَّاسُ قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ كَمَآ اٰمَنَ السُّفَهَآءُ ؕ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَآءُ

| السُّفَهَآءُ | اِنَّهُمْ هُمُ | اَلَآ | السُّفَهَآءُ | اٰمَنَ | كَمَآ | اَنُؤْمِنُ | قَالُوْٓا | النَّاسُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| احمق | وہی ہیں | سنتا ہے! | احمق | ایمان لائے | جیسے | کیا ہم ایمان لائیں | تو کہیں | اور لوگ |

کہ جس طرح دوسرے لوگ ایمان لائے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم احمقوں کی طرح ایمان لے

وَلٰكِنْ لَّا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳﴾ وَ اِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚۖ وَ اِذَا

| اِذَا | وَ | اٰمَنَّا | قَالُوْٓا | الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا | لَقُوا | اِذَا | وَ | يَعْلَمُوْنَ | لَّا | وَلٰكِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جب | اور | ہم ایمان لائے | تو کہیں | ایمان والوں سے | ملیں | جب | اور | جانتے | نہیں | مگر |

آئیں سن لو وہی احمق ہیں مگر وہ جانتے نہیں۔ اور جب (وہ منافق) اہلِ ایمان سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں ہم (بھی)

خَلَوْا اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ ۙ قَالُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ ۙ اِنَّمَا نَحْنُ

| نَحْنُ | اِنَّمَا | مَعَكُمْ | اِنَّا | قَالُوْٓا | اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ | خَلَوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ہم تو | حقیقت میں | تمہارے ساتھ ہیں | ہم | تو کہیں | اپنے شیطانوں کے پاس | اکیلے ہوں |

ایمان لے آئے ہیں اور جب اپنے شیطانوں سے تنہائی میں ملتے ہیں تو کہتے ہیں ہم یقیناً تمہارے ساتھ ہیں ہم (مسلمانوں کا تو)

مُسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۱۴﴾ اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَ يَمُدُّهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ

| فِيْ طُغْيَانِهِمْ | يَمُدُّهُمْ | وَ | بِهِمْ | يَسْتَهْزِئُ | اَللّٰهُ | مُسْتَهْزِءُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| کہ اپنی سرکشی میں | انہیں ڈھیل دیتا ہے | اور | ان سے | استہزا فرماتا ہے | اللہ | یونہی ہنسی کرتے ہیں |

محض مذاق اڑاتے ہیں۔ اللہ انہیں ان کے مذاق کی سزا دیتا ہے اور انہیں ڈھیل دیتا ہے سو وہ اپنی سرکشی میں

يَعْمَهُوْنَ ﴿۱۵﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى ۪ ص

| بِالْهُدٰى | الضَّلٰلَةَ | اشْتَرَوُا | اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ | يَعْمَهُوْنَ |
|---|---|---|---|---|
| ہدایت کے بدلے | گمراہی | خریدی | یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے | بھٹکتے رہیں |

بھٹک رہے ہیں۔ یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے ہدایت کے بدلے گمراہی خریدی

فَمَا رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ﴿۱۶﴾ مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِي

| فَمَا رَبِحَتْ | تِّجَارَتُهُمْ | وَ | مَا | كَانُوْا | مُهْتَدِيْنَ | مَثَلُهُمْ | كَمَثَلِ | الَّذِي |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو کچھ نفع نہ لایا | ان کا سودا | اور | نہ | تھے | راہ جانتے | ان کی کہاوت | اُس کی طرح ہے کہ | جس نے |

لیکن ان کی تجارت فائدہ مند نہ ہوئی اور وہ (فائدہ منداور نفع بخش تجارت کی) راہ جانتے ہی نہ تھے۔ ان کی مثال اس شخص کی طرح ہے

اسْتَوْقَدَ نَارًا ۚ فَلَمَّآ اَضَآءَتْ مَا حَوْلَهٗ ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُوْرِهِمْ

| اسْتَوْقَدَ | نَارًا | فَلَمَّآ | اَضَآءَتْ | مَاحَوْلَهٗ | ذَهَبَ | اللّٰهُ | بِنُوْرِهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| روشن کی | آگ | تو جب | جگمگا اٹھا | آس پاس | لے گیا | اللہ | ان کا نور |

جس نے آگ روشن کی پھر جب اس آگ نے اس کا آس پاس روشن کر دیا تو اللہ ان کے نور کو لے گیا

وَ تَرَكَهُمْ فِيْ ظُلُمٰتٍ لَّا يُبْصِرُوْنَ ﴿۱۷﴾ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ

| وَ | تَرَكَهُمْ | فِيْ | ظُلُمٰتٍ | لَا يُبْصِرُوْنَ | صُمٌّۢ | بُكْمٌ | عُمْيٌ | فَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | چھوڑ دیا انہیں | میں | اندھیریوں | کہ کچھ نہیں سوجھتا | بہرے | گونگے | اندھے | تو وہ |

اور انہیں تاریکیوں میں چھوڑ دیا کہ وہ (کچھ) نہیں دیکھتے۔ بہرے گونگے اور اندھے ہیں پس وہ (ہدایت کی طرف)

لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿۱۸﴾ لا اَوْ كَصَيِّبٍ مِّنَ السَّمَآءِ فِيْهِ ظُلُمٰتٌ وَّ رَعْدٌ

| لَا يَرْجِعُوْنَ | اَوْ | كَصَيِّبٍ | مِّنَ السَّمَآءِ | فِيْهِ | ظُلُمٰتٌ | وَّ | رَعْدٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پھر آنے والے نہیں | یا | جیسے اترتا پانی | آسمان سے | کہ اس میں | اندھیریاں ہیں | اور | گرج |

نہیں لوٹیں گے۔ یا جیسے آسمان سے اترتا پانی کہ اس میں اندھیریاں ہیں اور گرج

وَّ بَرْقٌ ۚ يَجْعَلُوْنَ اَصَابِعَهُمْ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ مِّنَ الصَّوَاعِقِ

| وَّ | بَرْقٌ | يَجْعَلُوْنَ | اَصَابِعَهُمْ | فِيْٓ اٰذَانِهِمْ | مِّنَ الصَّوَاعِقِ |
|---|---|---|---|---|---|
| اور | چمک | ٹھونس رہے ہیں | اپنی انگلیاں | اپنے کانوں میں | کڑک کے سبب |

اور چمک اپنے کانوں میں انگلیاں ٹھونس رہے ہیں کڑک کے سبب موت کے ڈر سے

حَذَرَ الْمَوْتِ ؕ وَاللّٰهُ مُحِيْطٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ⑲ يَكَادُ الْبَرْقُ يَخْطَفُ

| حَذَرَ الْمَوْتِ | وَ | اللّٰهُ | مُحِيْطٌۢ | بِالْكٰفِرِيْنَ | يَكَادُ | الْبَرْقُ | يَخْطَفُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| موت کے ڈر سے | اور | اللہ | گھیرے ہوئے ہے | کافروں کو | یوں معلوم ہوتی ہے | بجلی | کہ اچک لے جائیگی |

اور اللہ کافروں کو گھیرے ہوئے ہے۔ قریب ہے کہ بجلی

اَبْصَارَهُمْ ؕ كُلَّمَآ اَضَآءَ لَهُمْ مَّشَوْا فِيْهِ ۙ وَاِذَآ اَظْلَمَ عَلَيْهِمْ

| اَبْصَارَهُمْ | كُلَّمَآ | اَضَآءَ | لَهُمْ | مَّشَوْا | فِيْهِ | وَ | اِذَآ | اَظْلَمَ | عَلَيْهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کی نگاہیں | جب کچھ | چمک ہوئی | ان کے لئے | چلنے لگے | اس میں | اور | جب | اندھیرا ہوا | ان پر |

ان کی نگاہوں کو چھین کر لے جائے جب کچھ ان پر روشنی ہوتی ہے اس میں وہ چل پڑتے ہیں اور جب ان پر اندھیرا چھا جاتا ہے

قَامُوْا ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَذَهَبَ بِسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

| قَامُوْا | وَ | لَوْ | شَآءَ | اللّٰهُ | لَذَهَبَ | بِسَمْعِهِمْ | وَ | اَبْصَارِهِمْ | اِنَّ | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کھڑے رہ گئے | اور | اگر | چاہتا | اللہ | تو لے جاتا | ان کے کان | اور | آنکھیں | بیشک | اللہ |

تو وہ کھڑے ہو جاتے ہیں اور اللہ چاہتا تو ان کی سماعت اور بصارت کو زائل کر دیتا بیشک اللہ

عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ ⑳ ع يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ الَّذِیْ

| عَلٰى | كُلِّ | شَیْءٍ | قَدِيْرٌ | يٰٓاَيُّهَا | النَّاسُ | اعْبُدُوْا | رَبَّكُمُ | الَّذِیْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر | ہر ایک | چیز کے | قادر ہے | اے | لوگو | عبادت کرو | اپنے رب | جس نے |

ہر اپنی چاہت پر قادر ہے۔ اے لوگو! اپنے رب کی عبادت کرو جس نے

خَلَقَكُمْ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ㉑ لا الَّذِیْ جَعَلَ

| خَلَقَكُمْ | وَ | الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ | لَعَلَّكُمْ | تَتَّقُوْنَ | الَّذِیْ | جَعَلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تمہیں پیدا کیا | اور | تم سے پہلوں کو | یہ امید کرتے ہوئے کہ تمہیں | پرہیزگاری ملے | جس نے | بنایا |

تمہیں پیدا کیا اور ان لوگوں کو (بھی) جو تم سے پہلے تھے تاکہ تم پرہیزگار بن جاؤ۔ جس نے

لَكُمُ الْاَرْضَ فِرَاشًا وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً ۖ وَّاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً

| لَكُمُ | الْاَرْضَ | فِرَاشًا | وَّ | السَّمَآءَ | بِنَآءً | وَّ | اَنْزَلَ | مِنَ السَّمَآءِ | مَآءً |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تمہارے لئے | زمین کو | بچھونا | اور | آسمان کو | عمارت | اور | اتارا | آسمان سے | پانی |

تمہارے فائدے کے لئے زمین کو فرش اور آسمان کو چھت بنایا اور آسمان سے پانی برسایا

فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ ۚ فَلَا تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا وَّ

| فَاَخْرَجَ | بِهٖ | مِنَ الثَّمَرٰتِ | رِزْقًا لَّكُمْ | فَلَا | تَجْعَلُوْا | لِلّٰهِ | اَنْدَادًا | وَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو نکالے | اس سے | کچھ پھل | تمہارے کھانے کو | تو نہ | ٹھہراؤ | اللہ کے لئے | برابر والے | اور |

پھر اس کے ذریعے تمہارے رزق کیلئے پھل پیدا کئے پس تم اللہ کیلئے شریک نہ ٹھہراؤ حالانکہ تم

اَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَاِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا فَاْتُوْا

| اَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ | وَ | اِنْ | كُنْتُمْ | فِيْ رَيْبٍ | مِّمَّا | نَزَّلْنَا | عَلٰى | عَبْدِنَا | فَاْتُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم جان بوجھ کر | اور | اگر | ہو تم | شک میں | اس سے | جو ہم نے اتارا | اوپر | اپنے بندے | تو لاؤ |

جانتے ہو۔ اور اگر تم شک میں ہو اس کے بارے میں جسکو ہم نے اپنے خاص بندے (حضرت محمد ﷺ) پر نازل کیا تو لے آؤ

بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ ۖ وَادْعُوْا شُهَدَآءَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ

| بِسُوْرَةٍ | مِّنْ مِّثْلِهٖ | وَ | ادْعُوْا | شُهَدَآءَكُمْ | مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ | اِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ایک سورت | اس جیسی | اور | بلاؤ | اپنے حمائتیوں کو | اللہ کے سوا | اگر |

اس جیسی کوئی سورت اور اللہ کے سوا اپنے حمائتیوں کو بھی بلاؤ اگر تم (اپنے دعوے میں)

كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۲۳﴾ فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا وَلَنْ تَفْعَلُوْا فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِيْ وَقُوْدُهَا

| كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ | فَاِنْ | لَّمْ تَفْعَلُوْا | وَ | لَنْ تَفْعَلُوْا | فَاتَّقُوْا | النَّارَ الَّتِيْ | وَقُوْدُهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم سچے ہو | پھر اگر | نہ لا سکو | اور | ہرگز نہ لا سکو گے | تو ڈرو | اس آگ جس کا | ایندھن |

سچے ہو۔ پھر اگر تم نہ کر سکے اور ہرگز نہ کر سکو گے تو بچو اس آگ سے جس کا ایندھن

النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ ۖ أُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۴﴾ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

| اٰمَنُوْا | الَّذِيْنَ | بَشِّرِ | وَ | لِلْكٰفِرِيْنَ | أُعِدَّتْ | الْحِجَارَةُ | وَ | النَّاسُ |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| ایمان لائے | انہیں جو | خوشخبری دیجئے | اور | کافروں کے لئے | تیار رکھی ہے | پتھر ہیں | اور | آدمی |

آدمی اور پتھر ہیں جو کافروں کیلئے تیار کی گئی ہے۔ اور اے محبوب ﷺ! بشارت دے دیجئے انہیں

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ أَنَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهٰرُ ۖ

| الْأَنْهٰرُ | مِنْ تَحْتِهَا | تَجْرِيْ | جَنّٰتٍ | لَهُمْ | أَنَّ | الصّٰلِحٰتِ | عَمِلُوا | وَ |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| نہریں | ان کے نیچے | رواں | باغ ہیں | ان کے لئے | کہ | اچھے | کام کیے | اور |

جو ایمان لائے اور اچھے کام کیے کہ ان کیلئے باغات ہیں جن کے نیچے نہریں رواں ہیں

كُلَّمَا رُزِقُوْا مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ رِّزْقًا ۙ قَالُوْا هٰذَا الَّذِيْ رُزِقْنَا

| رُزِقْنَا | الَّذِيْ | هٰذَا | قَالُوْا | رِّزْقًا | مِنْ ثَمَرَةٍ | مِنْهَا | رُزِقُوْا | كُلَّمَا |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| ہمیں ملا تھا | وہی رزق ہے جو | یہ تو | تو کہیں گے | کھانے کو | کوئی پھل | ان باغوں سے | انہیں کھانے کو دیا جائیگا | جب |

جب انہیں ان باغوں میں سے کوئی پھل کھانے کو دیا جائے گا صورت دیکھ کر کہیں گے یہ تو وہی رزق ہے

مِنْ قَبْلُ ۙ وَأُتُوْا بِهٖ مُتَشَابِهًا ۖ وَلَهُمْ فِيْهَا أَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ۙ وَّهُمْ

| هُمْ | وَ | مُّطَهَّرَةٌ | أَزْوَاجٌ | فِيْهَا | لَهُمْ | وَ | مُتَشَابِهًا | أُتُوْا بِهٖ | وَ | مِنْ قَبْلُ |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| وہ | اور | پاکیزہ | بیبیاں ہیں | اس میں | ان کیلئے | اور | وہ ملتا جلتا | دیا گیا انہیں | اور | پہلے |

جو ہمیں پہلے ملا تھا اور وہ صورت میں ملتا جلتا انہیں دیا گیا اور ان کیلئے ان باغوں میں پاکیزہ بیویاں ہیں

فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۵﴾ إِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيٖٓ أَنْ يَّضْرِبَ مَثَلًا مَّا

| مَّا | مَثَلًا | يَّضْرِبَ | أَنْ | يَسْتَحْيٖٓ | لَا | اللّٰهَ | إِنَّ | خٰلِدُوْنَ | فِيْهَا |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| کیسی ہی چیز کا | کوئی مثال | ذکر کرے | اس سے کہ | حیا کرتا | نہیں | اللہ | بیشک | ہمیشہ رہیں گے | ان میں |

اور وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے۔ بیشک اللہ اس سے حیا نہیں فرماتا کہ مثال سمجھانے کو کیسی ہی چیز کا ذکر فرمائے

بَعُوْضَةً فَمَا فَوْقَهَا ۭ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ

| بَعُوْضَةً | فَمَا | فَوْقَهَا | فَاَمَّا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | فَيَعْلَمُوْنَ | اَنَّهُ | الْحَقُّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مچھر ہو | یا اس سے | بڑھ کر | تو وہ | جو | ایمان لائے | وہ تو جانتے ہیں | کہ بیشک یہ | حق ہے |

مچھر ہو یا اس سے بڑھ کر تو وہ جو ایمان لائے وہ تو جانتے ہیں کہ یہ

رَّبِّهِمْ ۚ وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَيَقُوْلُوْنَ مَاذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا

| مِنْ رَّبِّهِمْ | وَ | اَمَّا الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | فَيَقُوْلُوْنَ | مَاذَآ | اَرَادَ | اللّٰهُ | بِهٰذَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کے رب کی طرف سے | اور | وہ جو | رہے کافر | وہ کہتے ہیں | کیا ہے | مقصود | اللہ کا | ایسی |

ان کے رب کی طرف سے حق ہے رہے کافر تو کہتے ہیں ایسی مثال میں خدا کا کیا مقصود ہے (اللہ) بہت سے

مَثَلًا ۘ يُضِلُّ بِهٖ كَثِيْرًا ۙ وَّيَهْدِيْ بِهٖ كَثِيْرًا ۭ وَمَا يُضِلُّ بِهٖٓ

| مَثَلًا | يُضِلُّ | بِهٖ | كَثِيْرًا | وَّيَهْدِيْ | بِهٖ | كَثِيْرًا | وَ | مَا | يُضِلُّ | بِهٖٓ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہاوت میں | گمراہ کرتا ہے | اس سے | بہتیروں کو | اور ہدایت فرماتا ہے | اس سے | بہتیروں کو | اور | نہیں | گمراہ کرتا | اس سے |

لوگوں کو اس سے گمراہ کرتا ہے اور بہت سے لوگوں کو ہدایت فرماتا ہے اور اس سے انہیں گمراہ کرتا ہے

اِلَّا الْفٰسِقِيْنَ ۙ ﴿٢٦﴾ الَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ ۠ ص

| اِلَّا | الْفٰسِقِيْنَ | الَّذِيْنَ | يَنْقُضُوْنَ | عَهْدَ اللّٰهِ | مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|
| مگر | جو بے حکم ہیں | وہ جو | توڑ دیتے ہیں | اللہ کے عہد کو | اسکے پکا ہونے کے بعد |

جو نافرمان ہیں۔ (یہ نافرمان وہ لوگ ہیں) جو اللہ کے عہد کو اس سے پختہ کرنے کے بعد توڑتے ہیں

وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ

| وَ | يَقْطَعُوْنَ | مَآ | اَمَرَ | اللّٰهُ | بِهٖٓ | اَنْ | يُّوْصَلَ | وَ | يُفْسِدُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | کاٹتے ہیں | اس چیز کو | کہ حکم دیا | اللہ نے | جس کے | یہ کہ | جوڑنے کا | اور | فساد پھیلاتے ہیں |

اور اس (تعلق) کو کاٹتے ہیں جس کو اللہ نے جوڑنے کا حکم دیا ہے اور زمین میں فساد بپا کرتے ہیں

وقف لازم

فِي الْاَرْضِ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۲۷﴾ كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ

| فِي الْاَرْضِ | اُولٰٓئِكَ | هُمُ | الْخٰسِرُوْنَ | كَيْفَ | تَكْفُرُوْنَ | بِاللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| زمین میں | وہی ہیں | وہ | نقصان میں ہیں | کیونکر | تم منکر ہوگے | خدا کے |

یہی لوگ نقصان اٹھانے والے ہیں۔ تم کس طرح اللہ کا

وَكُنْتُمْ اَمْوَاتًا فَاَحْيَاكُمْ ۚ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ اِلَيْهِ

| وَ | كُنْتُمْ اَمْوَاتًا | فَاَحْيَاكُمْ | ثُمَّ | يُمِيْتُكُمْ | ثُمَّ | يُحْيِيْكُمْ | ثُمَّ | اِلَيْهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حالانکہ | تم مردہ تھے | اس نے تمہیں جلایا | پھر | تمہیں مارے گا | پھر | تمہیں جلائے گا | پھر | اسی کی طرف |

انکار کرتے ہو حالانکہ تم بے جان تھے اس نے تمہیں زندگی بخشی پھر تمہیں موت دے گا اور پھر تمہیں زندہ کرے گا پھر تم اسی کی طرف

تُرْجَعُوْنَ ﴿۲۸﴾ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَ لَكُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۖ ثُمَّ

| تُرْجَعُوْنَ | هُوَ | الَّذِيْ | خَلَقَ | لَكُمْ | مَّا | فِي الْاَرْضِ | جَمِيْعًا | ثُمَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پلٹ کر جاؤ گے | وہی ہے | جس نے | بنایا | تمہارے لئے | جو کچھ | زمین میں ہے | سب | پھر |

لوٹائے جاؤ گے۔ (اللہ) وہی ہے جس نے پیدا کیا تمہارے لئے زمین کی سب چیزوں کو پھر

اسْتَوٰٓى اِلَى السَّمَآءِ فَسَوّٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ ؕ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ

| اسْتَوٰٓى | اِلَى السَّمَآءِ | فَسَوّٰىهُنَّ | سَبْعَ | سَمٰوٰتٍ | وَ | هُوَ | بِكُلِّ | شَيْءٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| استوا فرمایا | آسمان کی طرف | تو ٹھیک بنائے | سات | آسمان | اور | وہ | سب | کچھ |

متوجہ ہوا آسمان کی طرف تو ٹھیک سات آسمان بنائے اور وہ ہر چیز کو

عَلِيْمٌ ﴿۲۹﴾ ع وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّيْ جَاعِلٌ فِي الْاَرْضِ

| عَلِيْمٌ | وَ | اِذْ | قَالَ | رَبُّكَ | لِلْمَلٰٓئِكَةِ | اِنِّيْ | جَاعِلٌ | فِي الْاَرْضِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جانتا ہے | اور | جب | فرمایا | آپ کے رب نے | فرشتوں سے | میں | بنانے والا ہوں | زمین میں |

خوب جانتا ہے۔ اور (اے حبیب ﷺ) یاد کرو جب آپکے رب نے فرشتوں سے فرمایا بیشک میں بنانے والا ہوں زمین میں

خَلِيۡفَةً ؕ قَالُوۡۤا اَتَجۡعَلُ فِيۡهَا مَنۡ يُّفۡسِدُ فِيۡهَا وَ

| خَلِيۡفَةً ؕ | قَالُوۡۤا | اَتَجۡعَلُ | فِيۡهَا | مَنۡ | يُّفۡسِدُ | فِيۡهَا | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نائب | بولے | کیا بنائے گا | اس میں | جو | فساد پھیلائے گا | اس میں | اور |

اپنا نائب انہوں نے عرض کیا کیا تو اس میں اسے نائب بنائے گا جو وہاں فساد کرے اور خون بہائے؟

يَسۡفِكُ الدِّمَآءَ ۚ وَنَحۡنُ نُسَبِّحُ بِحَمۡدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ ؕ قَالَ اِنِّىۡۤ

| يَسۡفِكُ الدِّمَآءَ | وَ | نَحۡنُ | نُسَبِّحُ | بِحَمۡدِكَ | وَ | نُقَدِّسُ لَكَ | قَالَ | اِنِّىۡۤ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خون بہائے گا | اور | ہم | تجھے سراہتے ہوئے | تیری تسبیح کرتے ہیں | اور | تیری پاکی بولتے ہیں | فرمایا | میں |

اور ہم تیری حمد کے ساتھ تیری تسبیح کرتے ہیں اور (ہر عیب ونقص سے) تیرا پاک ہونا بیان کرتے ہیں اللہ تعالی نے فرمایا بیشک میں

اَعۡلَمُ مَا لَا تَعۡلَمُوۡنَ ﴿۳۰﴾ وَعَلَّمَ اٰدَمَ الۡاَسۡمَآءَ كُلَّهَا ثُمَّ عَرَضَهُمۡ

| اَعۡلَمُ | مَا | لَا تَعۡلَمُوۡنَ | وَ | عَلَّمَ | اٰدَمَ | الۡاَسۡمَآءَ | كُلَّهَا | ثُمَّ | عَرَضَهُمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جانتا ہوں | وہ جو | تم نہیں جانتے | اور | سکھائے اللہ نے | آدم کو | نام | تمام | پھر | پیش کیا سب کو |

وہ سب جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے۔ اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو تمام اشیاء کے نام

عَلَى الۡمَلٰٓـئِكَةِ ۙ فَقَالَ اَنۡۢبِـُٔوۡنِىۡ بِاَسۡمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ اِنۡ كُنۡتُمۡ

| عَلَى | الۡمَلٰٓـئِكَةِ | فَقَالَ | اَنۡۢبِـُٔوۡنِىۡ | بِاَسۡمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ | اِنۡ | كُنۡتُمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر | ملائکہ کے | فرمایا | بتاؤ مجھے | نام ان چیزوں کے | اگر | ہو تم |

سکھائے پھر سب اشیاء ملائکہ پر پیش کر کے فرمایا اگر تم سچے ہو تو

صٰدِقِيۡنَ ﴿۳۱﴾ قَالُوۡا سُبۡحٰنَكَ لَا عِلۡمَ لَنَاۤ اِلَّا مَا عَلَّمۡتَنَا ؕ اِنَّكَ

| صٰدِقِيۡنَ | قَالُوۡا | سُبۡحٰنَكَ | لَا عِلۡمَ لَنَاۤ | اِلَّا | مَا | عَلَّمۡتَنَا | اِنَّكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سچے | بولے | پاکی ہے تجھے | ہمیں کچھ علم نہیں | مگر | جتنا | تو نے ہمیں سکھایا | بیشک تو |

ان کے نام تو بتاؤ۔ فرشتوں نے عرض کیا (باری تعالی) تو پاک ہے ہمیں کچھ علم نہیں مگر جتنا تو نے ہمیں سکھایا بے شک تو

## اَنۡتَ الۡعَلِيۡمُ الۡحَكِيۡمُ ﴿۳۲﴾ قَالَ يٰۤاٰدَمُ اَنۡۢبِئۡهُمۡ بِاَسۡمَآئِهِمۡ‌ۚ فَلَمَّآ

| فَلَمَّآ | بِاَسۡمَآئِهِمۡ | اَنۡۢبِئۡهُمۡ | يٰۤاٰدَمُ | قَالَ | الۡحَكِيۡمُ | الۡعَلِيۡمُ | اَنۡتَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جب آدم نے | سب نام | بتادے انہیں | اے آدم | فرمایا | حکمت والا ہے | علم والا | تو ہی |

ہی علم و حکمت والا ہے۔ اللہ سبحانہ نے فرمایا اے آدم علیہ السلام! انہیں ان اشیاء کے ناموں سے آگاہ کرو پس جب آدم علیہ السلام

## اَنۡۢبَاَهُمۡ بِاَسۡمَآئِهِمۡ ۙ قَالَ اَلَمۡ اَقُلۡ لَّكُمۡ اِنِّىۡۤ اَعۡلَمُ غَيۡبَ السَّمٰوٰتِ

| السَّمٰوٰتِ | غَيۡبَ | اَعۡلَمُ | اِنِّىۡۤ | لَّكُمۡ | اَلَمۡ اَقُلۡ | قَالَ | بِاَسۡمَآئِهِمۡ | اَنۡۢبَاَهُمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آسمانوں کی | چھپی ہوئی | جانتا ہوں | کہ میں | تم کو | کیا میں نہ کہتا تھا | فرمایا | سب کے نام | بتادیے |

نے انہیں ان اشیاء کے ناموں سے آگاہ کیا تو اللہ سبحانہ نے فرمایا کیا میں نے تم سے نہیں فرمایا تھا کہ میں آسمانوں کی

## وَالۡاَرۡضِ ۙ وَاَعۡلَمُ مَا تُبۡدُوۡنَ وَمَا كُنۡتُمۡ تَكۡتُمُوۡنَ ﴿۳۳﴾ وَاِذۡ قُلۡنَا

| قُلۡنَا | وَاِذۡ | كُنۡتُمۡ تَكۡتُمُوۡنَ | مَا | وَ | تُبۡدُوۡنَ | مَا | وَاَعۡلَمُ | وَالۡاَرۡضِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہم نے حکم دیا | اور جب | تم چھپاتے ہو | وہ کچھ | اور | تم ظاہر کرتے ہو | جو کچھ | اور میں جانتا ہوں | اور زمین کی |

اور زمین کی مخفی حقیقتوں کو جانتا ہوں اور وہ بھی جانتا ہوں جو تم ظاہر کرتے ہو اور جو تم چھپاتے ہو۔ اور (وہ وقت بھی یاد کریں)

## لِلۡمَلٰٓئِكَةِ اسۡجُدُوۡا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوۡۤا اِلَّاۤ اِبۡلِيۡسَؕ اَبٰى وَاسۡتَكۡبَرَ

| وَاسۡتَكۡبَرَ | اَبٰى | اِبۡلِيۡسَ | اِلَّاۤ | فَسَجَدُوۡۤا | لِاٰدَمَ | اسۡجُدُوۡا | لِلۡمَلٰٓئِكَةِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور غرور کیا | منکر ہوا | ابلیس کے | سوائے | تو سب نے سجدہ کیا | آدم کو | سجدہ کرو | فرشتوں کو |

جب ہم نے فرشتوں سے فرمایا کہ آدم کو سجدہ کرو تو سب نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے اس نے انکار اور تکبر کیا

## وَكَانَ مِنَ الۡكٰفِرِيۡنَ ﴿۳۴﴾ وَقُلۡنَا يٰۤاٰدَمُ اسۡكُنۡ اَنۡتَ وَزَوۡجُكَ

| وَزَوۡجُكَ | اَنۡتَ | اسۡكُنۡ | يٰۤاٰدَمُ | قُلۡنَا | وَ | مِنَ الۡكٰفِرِيۡنَ | وَكَانَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور تیری بیوی | تو | رہ | اے آدم | ہم نے فرمایا | اور | کافروں سے | اور ہو گیا |

اور (نتیجتاً) کافروں میں سے ہو گیا۔ اور ہم نے فرمایا اے آدم! تم اور تمہاری بیوی

الْجَنَّةَ وَكُلَا مِنْهَا رَغَدًا حَيْثُ شِئْتُمَا ۖ وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ

| الْجَنَّةَ | وَكُلَا | مِنْهَا | رَغَدًا | حَيْثُ | شِئْتُمَا | وَلَا تَقْرَبَا | هٰذِهِ | الشَّجَرَةَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس جنت میں | اور کھاؤ | اس میں سے | بہت سا | جہاں سے | تمہارا جی چاہے | اور پاس نہ جانا | اس | پیڑ کے |

جنت میں رہو اور اس میں جہاں سے چاہو خوب کھاؤ اور اس درخت کے قریب نہ جانا کہ

فَتَكُونَا مِنَ الظّٰلِمِينَ ﴿۳۵﴾ فَاَزَلَّهُمَا الشَّيْطٰنُ عَنْهَا فَاَخْرَجَهُمَا

| فَتَكُونَا | مِنَ الظّٰلِمِينَ | فَاَزَلَّهُمَا | الشَّيْطٰنُ | عَنْهَا | فَاَخْرَجَهُمَا |
|---|---|---|---|---|---|
| کہ ہو جاؤ گے | حد سے بڑھنے والوں میں | تو لغزش دی دونوں کو | شیطان نے | اس سے | تو الگ کر دیا |

حد سے بڑھنے والوں میں سے ہو جاؤ گے۔ تو شیطان نے ان دونوں کو اس درخت کے ذریعے لغزش میں مبتلا کر دیا اور جہاں

مِمَّا كَانَا فِيهِ ۖ وَقُلْنَا اهْبِطُوا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ وَلَكُمْ

| مِمَّا | كَانَا فِيهِ | وَقُلْنَا | اهْبِطُوا | بَعْضُكُمْ | لِبَعْضٍ | عَدُوٌّ | وَلَكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہاں سے | جہاں رہتے تھے | اور ہم نے فرمایا | نیچے اترو | آپس میں ایک تمہارا | دوسرے کا | دشمن ہے | اور تمہارے لیے |

وہ رہتے تھے وہاں سے ان دونوں کو الگ کر دیا اور ہم نے فرمایا تم نیچے اُترو بعض تمہارے بعض کے دشمن ہوں گے اور تمہارے لئے

فِي الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ اِلٰى حِينٍ ﴿۳۶﴾ فَتَلَقّٰٓى اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ

| فِي الْاَرْضِ | مُسْتَقَرٌّ | وَّمَتَاعٌ | اِلٰى حِينٍ | فَتَلَقّٰٓى | اٰدَمُ | مِنْ رَّبِّهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| زمین میں | ٹھہرنا ہے | اور برتنا ہے | ایک وقت تک | پھر سیکھ لئے | آدم نے | اپنے رب سے |

ایک خاص وقت تک زمین میں ٹھکانا اور فائدہ اٹھانا ہے۔ پھر سیکھ لئے آدم علیہ السلام نے اپنے رب سے

كَلِمٰتٍ فَتَابَ عَلَيْهِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ﴿۳۷﴾ قُلْنَا اهْبِطُوا

| كَلِمٰتٍ | فَتَابَ | عَلَيْهِ | اِنَّهٗ | هُوَ | التَّوَّابُ | الرَّحِيمُ | قُلْنَا | اهْبِطُوا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کچھ کلمے | تو توبہ قبول کی اس نے | اس کی | بیشک | وہی ہے | توبہ قبول کرنے والا | مہربان | ہم نے فرمایا | اتر جاؤ |

کچھ کلمات تو اللہ نے ان کی توبہ قبول کی بیشک وہی بہت توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔ ہم نے فرمایا تم سب

مِنْهَا جَمِيعًا ۚ فَإِمَّا يَأْتِيَنَّكُمْ مِّنِّي هُدًى فَمَنْ تَبِعَ هُدَايَ

| مِنْهَا | جَمِيعًا | فَإِمَّا | يَأْتِيَنَّكُمْ | مِّنِّي | هُدًى | فَمَنْ | تَبِعَ | هُدَايَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جنت سے | سب | پھر اگر | تمہارے پاس آئے | میری طرف سے | کوئی ہدایت | تو جو | پیروہوا | میری ہدایت کا |

جنت سے اُتر جاؤ پھر اگر تمہارے پاس میری طرف سے کوئی ہدایت آئے پس جس نے میری ہدایت کی

فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ﴿۳۸﴾ وَالَّذِينَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا

| فَلَا خَوْفٌ | عَلَيْهِمْ | وَلَا | هُمْ | يَحْزَنُونَ | وَ | الَّذِينَ | كَفَرُوا | وَكَذَّبُوا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو نہیں ہے کوئی اندیشہ | اس کو | اور نہیں ہے | وہ | غم میں آنے والا | اور | وہ جو | کفر کریں گے | اور جھٹلائیں گے |

پیروی کی ان پر نہ تو کوئی خوف ہوگا اور نہ ہی وہ غمگین ہوں گے ۔ اور جن لوگوں نے کفر کیا

بِآيَاتِنَا أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿۳۹﴾ ع

| بِآيَاتِنَا | أُولَٰئِكَ | أَصْحَابُ النَّارِ | هُمْ | فِيهَا | خَالِدُونَ |
|---|---|---|---|---|---|
| ہماری آیتیں | وہ | دوزخ والے ہیں | وہ | اس دوزخ میں | ہمیشہ رہنے والے ہیں |

اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا تو وہی دوزخی ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔

يَا بَنِي إِسْرَائِيلَ اذْكُرُوا نِعْمَتِيَ الَّتِي أَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَأَوْفُوا بِعَهْدِي

| يَا بَنِي إِسْرَائِيلَ | اذْكُرُوا | نِعْمَتِيَ | الَّتِي | أَنْعَمْتُ | عَلَيْكُمْ | وَأَوْفُوا | بِعَهْدِي |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے یعقوب کی اولا | یاد کرو | میرا وہ احسان | جو | میں نے کیا | تم پر | اور پورا کرو | میرا عہد |

اے اولادِ یعقوب! میرے وہ انعام یاد کرو جو میں نے تم پر کیے اور تم میرے ساتھ کیا ہوا وعدہ پورا کرو میں تمہارے ساتھ کیا ہوا وعدہ

أُوفِ بِعَهْدِكُمْ ۚ وَإِيَّايَ فَارْهَبُونِ ﴿۴۰﴾ وَآمِنُوا بِمَا أَنْزَلْتُ مُصَدِّقًا

| أُوفِ | بِعَهْدِكُمْ | وَإِيَّايَ | فَارْهَبُونِ | وَ | آمِنُوا | بِمَا | أَنْزَلْتُ | مُصَدِّقًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میں پورا کروں گا | تمہارا عہد | اور خاص میرا ہی | ڈر رکھو | اور | ایمان لاؤ | اس پر جو | میں نے اتارا | اسکی تصدیق کرتا ہوا |

پورا کروں گا اور تم مجھ ہی سے ڈرو۔ اور ایمان لاؤ اس (قرآن) پر جو میں نے اُتارا تصدیق کرتا ہوا ہے

لِّمَا مَعَكُمْ وَلَا تَكُوْنُوْٓا اَوَّلَ كَافِرٍۭ بِهٖ ۠ وَلَا تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِيْ ثَمَنًا قَلِيْلًا

| لِمَا | مَعَكُمْ | وَلَا تَكُوْنُوْٓا | اَوَّلَ | كَافِرٍ | بِهٖ | وَلَا تَشْتَرُوْا | بِاٰيٰتِيْ | ثَمَنًا | قَلِيْلًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جو | تمہارے ساتھ ہے | اور نہ بنو | سب سے پہلے | منکر | اس کے | اور نہ خریدو | میری آیتوں کے بدلے | دام | تھوڑے |

اس (کتاب تورات) کی جو تمہارے پاس ہے اور تم سب سے پہلے اس کے انکار کرنے والے نہ بنو اور میری (کتاب تورات کی) آیتوں

وَاِيَّايَ فَاتَّقُوْنِ ﴿۴۱﴾ وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَ تَكْتُمُوا الْحَقَّ

| وَ | اِيَّايَ فَاتَّقُوْنِ | وَلَا | تَلْبِسُوا | الْحَقَّ | بِالْبَاطِلِ | وَ | تَكْتُمُوا | الْحَقَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | مجھی سے ڈرو | اور نہ | ملاؤ | حق کو | باطل سے | اور | چھپاتے ہو | حق کو |

کے بدلے تھوڑی قیمت نہ لو اور مجھ ہی سے ڈرو۔ اور حق کو باطل سے نہ ملاؤ اور (دانستہ) اور حق کو نہ چھپاؤ

وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۴۲﴾ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَارْكَعُوْا مَعَ

| وَاَنْتُمْ | تَعْلَمُوْنَ | وَ | اَقِيْمُوا | الصَّلٰوةَ | وَاٰتُوا | الزَّكٰوةَ | وَارْكَعُوْا | مَعَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور حالانکہ تم | جانتے ہو | اور | قائم رکھو | نماز | اور دو | زکوٰۃ | اور رکوع کرو | ساتھ |

حالانکہ تم جانتے ہو۔ اور تم نماز قائم کرو اور زکوٰۃ دو اور رکوع کرنے والوں کے ساتھ

الرّٰكِعِيْنَ ﴿۴۳﴾ اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَ تَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَ اَنْتُمْ

| الرّٰكِعِيْنَ | اَتَاْمُرُوْنَ | النَّاسَ | بِالْبِرِّ | وَ | تَنْسَوْنَ | اَنْفُسَكُمْ | وَ | اَنْتُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رکوع کرنے والوں کے | کیا تم حکم دیتے ہو | لوگوں کو | بھلائی کا | اور | بھولتے ہو | اپنی جانوں کو | حالانکہ | تم |

رکوع کرو۔ کیا تم لوگوں کو بھلائی کا حکم دیتے ہو اور خود کو بھول جاتے ہو

تَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۴۴﴾ وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ۭ

| تَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ | اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ | وَاسْتَعِيْنُوْا | بِالصَّبْرِ | وَالصَّلٰوةِ |
|---|---|---|---|---|
| کتاب پڑھتے ہو | کیا تمہیں عقل نہیں ہے | اور مدد چاہو | صبر سے | اور نماز سے |

حالانکہ تم کتاب پڑھتے ہو کیا تمہیں عقل نہیں۔ اور صبر اور نماز کے ذریعے اللہ سے مدد چاہو

وَ اِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ اِلَّا عَلَى الْخٰشِعِيْنَ ﴿۴۵﴾ الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوْا

| وَ | اِنَّهَا | لَكَبِيْرَةٌ | اِلَّا | عَلَى | الْخٰشِعِيْنَ | الَّذِيْنَ | يَظُنُّوْنَ | اَنَّهُمْ | مُّلٰقُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | بیشک نماز | ضرور بھاری ہے | مگر | ان پرنہیں | جو دل سے جھکتے ہیں | جنہیں | یقین ہے کہ | کہ انہیں | ملنا ہے |

اور بے شک نماز بھاری ہے مگر ان پر نہیں جو اللہ سے ڈرنے والے ہیں۔ جو یقین رکھتے ہیں کہ وہ اپنے رب سے ملاقات

رَبِّهِمْ وَاَنَّهُمْ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ﴿۴۶﴾ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ

| رَبِّهِمْ | وَاَنَّهُمْ | اِلَيْهِ | رٰجِعُوْنَ | يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ | اذْكُرُوْا | نِعْمَتِيَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنے رب سے | اور انہیں | اس کی طرف | پھر لوٹ کر جانا ہے | اے اولادِ یعقوب | یاد کرو | میرا احسان |

کرنے والے ہیں اور وہ اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔ اے اولاد یعقوب! یاد کرو میرا وہ انعام

الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَنِّيْ فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۷﴾ وَ اتَّقُوْا

| الَّتِيْٓ | اَنْعَمْتُ | عَلَيْكُمْ | وَ | اَنِّيْ | فَضَّلْتُكُمْ | عَلَى الْعٰلَمِيْنَ | وَ | اتَّقُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ جو | میں نے انعام کیا | تم پر | اور | بیشک میں | بڑائی دی تمہیں | اس سارے زمانے پر | اور | ڈرو |

جو میں نے تم پر کیا اور یہ کہ اپنے زمانہ کے لوگوں پر تمہیں فضیلت دی۔ اور ڈرو

يَوْمًا لَّا تَجْزِيْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَيْـًٔا وَّلَا يُقْبَلُ مِنْهَا شَفَاعَةٌ

| يَوْمًا | لَّا | تَجْزِيْ | نَفْسٌ | عَنْ | نَّفْسٍ | شَيْـًٔا | وَّ | لَا | يُقْبَلُ مِنْهَا | شَفَاعَةٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دن | نہ | بدلہ ہوگی | کوئی جان | کسی | جان کی | کچھ | اور | نہ | قبول ہوگی اس سے | کوئی سفارش |

اس دن سے جب کوئی کسی کی طرف سے کچھ بدلہ نہ دے گا اور کسی کی طرف سے (اذن الٰہی کے بغیر) کوئی شفاعت قبول نہ کی جائے گی

وَّلَا يُؤْخَذُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَ اِذْ نَجَّيْنٰكُمْ

| وَّلَا | يُؤْخَذُ | مِنْهَا | عَدْلٌ | وَّ | لَا | هُمْ | يُنْصَرُوْنَ | وَ | اِذْ | نَجَّيْنٰكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور نہ | لیا جائے گا | اس سے کچھ | بدلہ | اور | نہ | وہ | مدد کئے جائیں | اور یاد کرو | جب | ہم نے نجات بخشی تم کو |

اور نہ اس سے کوئی فدیہ لیا جائے گا اور نہ ان کی مدد کی جائے گی۔ اور (یاد کرو) جب ہم نے تم کو

مِنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ يُذَبِّحُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ

| مِنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ | يَسُوْمُوْنَكُمْ | سُوْٓءَ | الْعَذَابِ | يُذَبِّحُوْنَ | اَبْنَآءَكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|
| فرعون والوں سے | کہ کرتے تھے تم پر | برا | عذاب | ذبح کرتے | تمہارے بیٹوں کو |

آل فرعون سے نجات بخشی کہ تم پر بُرا عذاب کرتے تھے تمہارے بیٹوں کو ذبح کرتے

وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ ۭ وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ ﴿٤٩﴾

| وَ | يَسْتَحْيُوْنَ | نِسَآءَكُمْ | وَ | فِيْ ذٰلِكُمْ | بَلَآءٌ | مِّنْ رَّبِّكُمْ | عَظِيْمٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | زندہ رکھتے | تمہاری بیٹیوں کو | اور | اس میں تمہارے لیے | امتحان تھا | تمہارے رب کی طرف سے | بہت بڑا |

اور تمہاری بیٹیوں کو زندہ رکھتے اور اس میں تمہارے رب کی طرف سے بڑی آزمائش تھی۔

وَاِذْ فَرَقْنَا بِكُمُ الْبَحْرَ فَاَنْجَيْنٰكُمْ وَاَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ وَاَنْتُمْ

| وَ | اِذْ | فَرَقْنَا | بِكُمُ | الْبَحْرَ | فَاَنْجَيْنٰكُمْ | وَ | اَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ | وَ | اَنْتُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جب | ہم نے پھاڑ دیا | تمہارے لئے | دریا | تو تمہیں بچا لیا | اور | فرعون والوں کو | اور | تم |

اور (یاد کرو) جب ہم نے تمہارے لئے دریا پھاڑ دیا تو ہم نے تمہیں بچا لیا اور آل فرعون کو تمہاری

تَنْظُرُوْنَ ﴿٥٠﴾ وَاِذْ وٰعَدْنَا مُوْسٰٓى اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ

| تَنْظُرُوْنَ | وَاِذْ | وٰعَدْنَا | مُوْسٰٓى | اَرْبَعِيْنَ | لَيْلَةً | ثُمَّ | اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دیکھ رہے تھے | اور جب | ہم نے وعدہ فرمایا | موسیٰ سے | چالیس | رات | پھر | تم نے بچھڑے کی پوجا شروع کردی |

آنکھوں کے سامنے ڈبو دیا۔ اور (یاد کرو) جب ہم نے موسیٰ ﷺ سے چالیس راتوں کا وعدہ فرمایا تھا پھر تم نے موسیٰ علیہ السلام

مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿٥١﴾ ثُمَّ عَفَوْنَا عَنْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ

| مِنْۢ بَعْدِهٖ | وَ | اَنْتُمْ | ظٰلِمُوْنَ | ثُمَّ | عَفَوْنَا عَنْكُمْ | مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اس کے پیچھے | اور | تم | ظالم تھے | پھر | ہم نے تمہیں معافی دی | اس کے بعد |

کے بعد بچھڑے کو معبود بنا لیا اور تم واقعی ظالم تھے۔ پھر ہم نے اس کے بعد (بھی)

لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَ اِذْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَالْفُرْقَانَ

| لَعَلَّكُمْ | تَشْكُرُوْنَ | وَاِذْ | اٰتَيْنَا | مُوْسَى | الْكِتٰبَ | وَالْفُرْقَانَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| کہ کہیں تم | احسان مانو | اور جب | ہم نے عطا کی | موسیٰ کو | کتاب | حق و باطل میں تمیز کردینے |

تمہیں معاف کر دیا تاکہ تم شکر گزار ہو جاؤ۔ اور (یاد کرو) جب ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو کتاب دی اور حق و باطل میں فرق کرنے والا

لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۵۳﴾ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ

| لَعَلَّكُمْ | تَهْتَدُوْنَ | وَ | اِذْ | قَالَ | مُوْسٰى | لِقَوْمِهٖ | يٰقَوْمِ | اِنَّكُمْ | ظَلَمْتُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہیں تم | راہ پر آؤ | اور | جب | کہا | موسیٰ نے | اپنی قوم سے | اے میری قوم | بیشک تم نے | ظلم کیا |

(معجزہ عطا فرمایا) تاکہ تم ہدایت پاؤ۔ اور (یاد کرو) جب موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم سے فرمایا اے میری امت!

اَنْفُسَكُمْ بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ فَتُوْبُوْٓا اِلٰى بَارِئِكُمْ فَاقْتُلُوْٓا

| اَنْفُسَكُمْ | بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ | فَتُوْبُوْٓا | اِلٰى بَارِئِكُمْ | فَاقْتُلُوْٓا |
|---|---|---|---|---|
| اپنی جانوں پر | بچھڑا بنا کر | تو رجوع لاؤ | اپنے پیدا کرنے والے کی طرف | تو قتل کرو |

بے شک تم نے بچھڑے کو (معبود) بنا کر اپنی جانوں پر ظلم کیا پس توبہ کرو اپنے پیدا کرنے والے کی طرف تو (آپس میں)

اَنْفُسَكُمْ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ عِنْدَ بَارِئِكُمْ ؕ فَتَابَ عَلَيْكُمْ ؕ اِنَّهٗ هُوَ

| اَنْفُسَكُمْ | ذٰلِكُمْ | خَيْرٌ | لَّكُمْ | عِنْدَ بَارِئِكُمْ | فَتَابَ | عَلَيْكُمْ | اِنَّهٗ هُوَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آپس میں ایک دوسرے کو | یہ | بہتر ہے | تمہارے لئے | تمہارے پیدا کرنیوالے کے نزدیک | توبہ قبول کی | تمہاری توبہ | بیشک وہی ہے |

اپنی جانوں کو قتل کرو یہ تمہارے پیدا کرنے والے کے نزدیک تمہارے لئے بہتر ہے تو وہ تم پر رجوع برحمت ہوا بے شک وہی ہے بہت

التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۵۴﴾ وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى نَرَى

| التَّوَّابُ | الرَّحِيْمُ | وَاِذْ | قُلْتُمْ | يٰمُوْسٰى | لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ | حَتّٰى | نَرَى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بہت توبہ قبول کرنیوالا | مہربان | اور جب | تم نے کہا | اے موسیٰ | ہم ہرگز تمہارا یقین نہیں لائینگے | جب تک | نہ دیکھ لیں |

توبہ قبول کرنے والا بے حد رحم فرمانے والا۔ اور (یاد کرو) جب تم نے کہا اے موسیٰ ہم ہرگز تم پر ایمان نہ لائیں گے

اللّٰهَ جَهْرَةً فَاَخَذَتْكُمُ الصّٰعِقَةُ وَ اَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ﴿۵۵﴾ ثُمَّ بَعَثْنٰكُمْ

| بَعَثْنٰكُمْ | ثُمَّ | تَنْظُرُوْنَ | اَنْتُمْ | وَ | الصّٰعِقَةُ | فَاَخَذَتْكُمُ | جَهْرَةً | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہم نے تم کو زندہ کیا | پھر | دیکھ رہے تھے | تم | اور | کڑک نے | تو آلیا تم کو | علانیہ | اللہ کو |

جب تک علانیہ خدا کو نہ دیکھ لیں تو تمہیں کڑک نے آ لیا اور تم دیکھ رہے تھے۔ پھر ہم نے تمہاری

مِّنْۢ بَعْدِ مَوْتِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۵۶﴾ وَ ظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ

| الْغَمَامَ | عَلَيْكُمُ | ظَلَّلْنَا | وَ | تَشْكُرُوْنَ | لَعَلَّكُمْ | مِّنْۢ بَعْدِ مَوْتِكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ابر کو | اوپر تمہارے | ہم نے سائبان کیا | اور | احسان مانو | کہیں تم | مدے کے بعد |

موت کے بعد تمہیں زندہ کیا کہ کہیں تم احسان مانو۔ اور یاد کرو جب ہم نے تم پر بادل کا سایہ کئے رکھا

وَ اَنْزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَ السَّلْوٰى ؕ كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ؕ

| مَا رَزَقْنٰكُمْ | مِنْ طَيِّبٰتِ | كُلُوْا | وَ السَّلْوٰى | الْمَنَّ | عَلَيْكُمُ | وَ اَنْزَلْنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ہماری دی ہوئی | ستھری چیزیں | کھاؤ | اور سلوا | من | تم پر | اور اتارا ہم نے |

اور ہم نے تم پر من و سلویٰ اتارا کہ تم ہماری عطا کی ہوئی پاکیزہ چیزوں میں سے کھاؤ

وَ مَا ظَلَمُوْنَا وَ لٰكِنْ كَانُوْۤا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَ اِذْ

| اِذْ | وَ | يَظْلِمُوْنَ | اَنْفُسَهُمْ | كَانُوْۤا | لٰكِنْ | وَ | ظَلَمُوْنَا | مَا | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جب | اور | بگاڑ کرتے | اپنی ہی جانوں کا | تھے وہ | لیکن | اور | بگاڑا کچھ انہوں نے ہمارا | نہیں | اور |

سو انہوں نے (نافرمانی اور ناشکری کر کے) ہمارا کچھ نہیں بگاڑا مگر اپنی ہی جانوں پر ظلم کرتے رہے۔ اور (یاد کرو) جب

قُلْنَا ادْخُلُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ فَكُلُوْا مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ رَغَدًا

| رَغَدًا | شِئْتُمْ | حَيْثُ | مِنْهَا | فَكُلُوْا | هٰذِهِ الْقَرْيَةَ | ادْخُلُوْا | قُلْنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم بے روک ٹوک | چاہو | جہاں | اس سے | تو کھاؤ | اس بستی (میں) | جاؤ | ہم نے فرمایا |

ہم نے فرمایا اس شہر میں داخل ہو جاؤ اور اس میں جہاں سے چاہو خوب جی بھر کے کھاؤ اور (یہ کہ شہر کے) دروازے میں سجدہ کرتے ہوئے

وَّادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا وَّ قُوْلُوْا حِطَّةٌ نَّغْفِرْ لَكُمْ خَطٰيٰكُمْ ؕ

| خَطٰيٰكُمْ ؕ | لَكُمْ | نَّغْفِرْ | حِطَّةٌ | وَّقُوْلُوْا | سُجَّدًا | الْبَابَ | وَّادْخُلُوا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خطائیں | تمہاری | ہم بخش دیں گے | بخش دے | اور کہو | سجدہ کرتے ہوئے | دروازے میں | اور داخل ہو تم |

داخل ہونا اور کہتے جانا (اے ہمارے رب! ہم سب خطاؤں کی) بخشش چاہتے ہیں (تو) ہم تمہاری (گزشتہ) خطائیں معاف فرما دیں گے

وَسَنَزِيْدُ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۸﴾ فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا قَوْلًا غَيْرَ الَّذِيْ

| الَّذِيْ | غَيْرَ | قَوْلًا | ظَلَمُوْا | الَّذِيْنَ | فَبَدَّلَ | الْمُحْسِنِيْنَ | سَنَزِيْدُ | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس کے | سوا | وہ بات | ظالموں نے | ان | تو بدل دی | نیکی کرنے والوں کو | زیادہ کریں گے | اور |

اور (علاوہ اس کے) نیکی کرنے والوں کو مزید نوازیں گے۔ تو بدل دیا ظالموں نے اس بات کو جو ان سے کہی گئی تھی

قِيْلَ لَهُمْ فَاَنْزَلْنَا عَلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوْا

| كَانُوْا | بِمَا | مِّنَ السَّمَآءِ | رِجْزًا | الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا | عَلَى | فَاَنْزَلْنَا | لَهُمْ | قِيْلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہ تھے | بدلہ اس کا | آسمان سے | عذاب | ان کے جنہوں نے ظلم کیا تھا | اوپر | تو اتارا ہم نے | ان کو | جو کہی گئی تھی |

دوسری بات سے تو ہم نے ظالموں پر آسمان سے عذاب اتارا اس وجہ سے کہ

يَفْسُقُوْنَ ﴿۵۹﴾ع وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ

| اضْرِبْ | فَقُلْنَا | لِقَوْمِهٖ | مُوْسٰى | اسْتَسْقٰى | وَاِذِ | يَفْسُقُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مارو | تو ہم نے فرمایا | اپنی قوم کے لئے | موسیٰ نے | پانی مانگا | اور جب | وہ بے حکمی کرتے تھے |

جو وہ نافرمانی کرتے تھے۔ اور (یاد کرو) جب پانی طلب کیا موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم کیلئے

بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ؕ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ؕ قَدْ عَلِمَ

| قَدْ عَلِمَ | عَيْنًا | اثْنَتَا عَشْرَةَ | مِنْهُ | فَانْفَجَرَتْ | الْحَجَرَ | بِّعَصَاكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک پہچان لیا | چشمے | بارہ | اس میں سے | تو فوراً بہہ نکلے | (اس) پتھر (پر) | اپنا عصا |

تو ہم نے فرمایا اپنا عصا اس پتھر پر مارو تو فوراً اس سے بارہ چشمے جاری ہو گئے بے شک ہر گروہ نے

كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ۭ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا

| كُلُّ | اُنَاسٍ | مَّشْرَبَهُمْ | كُلُوْا | وَاشْرَبُوْا | مِنْ رِّزْقِ | اللّٰهِ | وَ | لَا | تَعْثَوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہر | گروہ نے | اپنا گھاٹ | کھاؤ | اور پیو | رزق دیا | اللہ کا | اور | نہ | پھرو |

پانی پینے کی اپنی جگہ کو پہچان لیا کھاؤ اور پیو اللہ کے رزق سے اور نہ پھرو

فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿۶۰﴾ وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نَّصْبِرَ عَلٰى

| فِي الْاَرْضِ | مُفْسِدِيْنَ | وَ | اِذْ | قُلْتُمْ | يٰمُوْسٰى | لَنْ نَّصْبِرَ | عَلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زمین میں | فساد اٹھاتے | اور | جب | تم نے کہا | اے موسیٰ | ہم ہرگز صبر نہیں کریں گے | اوپر |

زمین میں فساد کرتے ہوئے۔ اور (یاد کرو) جب تم نے کہا اے موسیٰ علیہ السلام ہم سے تو

طَعَامٍ وَّاحِدٍ فَادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُخْرِجْ لَنَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ مِنْۢ بَقْلِهَا

| طَعَامٍ وَّاحِدٍ | فَادْعُ | لَنَا | رَبَّكَ يُخْرِجْ لَنَا | مِمَّا | تُنْۢبِتُ | الْاَرْضُ | مِنْۢ بَقْلِهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایک کھانے کے | تو دعا کیجئے | ہمارے لئے | آپ کا رب نکالے ہمارے لئے | اس سے جو | اگائی گئی ہو | زمین سے | ساگ |

ایک کھانے پر ہرگز صبر نہ ہو گا تو آپ اپنے رب سے دُعا کیجئے کہ زمین کی اُگائی ہوئی

وَقِثَّآئِهَا وَفُوْمِهَا وَعَدَسِهَا وَبَصَلِهَا ۭ قَالَ اَتَسْتَبْدِلُوْنَ الَّذِيْ

| وَقِثَّآئِهَا | وَ | فُوْمِهَا | وَ | عَدَسِهَا | وَبَصَلِهَا | قَالَ | اَتَسْتَبْدِلُوْنَ | الَّذِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور ککڑی | اور | گیہوں | اور | مسور | اور پیاز | فرمایا | کیا بدلے میں مانگتے ہو | وہ |

چیزیں ہمارے لئے نکالے کچھ ساگ اور ککڑی اور گیہوں اور مسور اور پیاز فرمایا کیا ادنیٰ

هُوَ اَدْنٰى بِالَّذِيْ هُوَ خَيْرٌ ۭ اِهْبِطُوْا مِصْرًا فَاِنَّ لَكُمْ مَّا سَاَلْتُمْ ۭ

| هُوَ | اَدْنٰى | بِالَّذِيْ | هُوَ | خَيْرٌ | اِهْبِطُوْا | مِصْرًا | فَاِنَّ | لَكُمْ | مَّا | سَاَلْتُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جو | ادنیٰ ہے | اس سے | جو | بہتر ہے | تم اترو | شہر (میں) | تو بیشک | تمہارے لئے | وہ ہے جو | تم مانگتے ہو |

چیز کو بہتر کے بدلے مانگتے ہو اچھا کسی شہر میں اترو تمہیں وہی ملے گا جو تم نے مانگا ہے

وَ ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ وَالْمَسْكَنَةُ ۗ وَ بَآءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ ؕ

| وَ | ضُرِبَتْ | عَلَيْهِمُ | الذِّلَّةُ | وَالْمَسْكَنَةُ | وَ | بَآءُوْ بِغَضَبٍ | مِّنَ اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | مقرر کردی گئی | ان پر | خواری | اور ناداری | اور | غضب میں لوٹے | اللہ کے |

اور ان پر مسلط کر دی گئی خواری اور ناداری اور لوٹے خدا کے غضب کے ساتھ یہ بدلا تھا

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَ يَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ

| ذٰلِكَ | بِاَنَّهُمْ | كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ | بِاٰيٰتِ | اللّٰهِ | وَ | يَقْتُلُوْنَ | النَّبِيّٖنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ | اس لئے کہ | وہ انکار کرتے تھے | آیات | اللہ کا | اور | شہید کرتے تھے | انبیاء کو |

اس کا کہ وہ اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے اور انبیاء کو ناحق شہید کرتے تھے

بِغَيْرِ الْحَقِّ ؕ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّ كَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ﴿۶۱﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

| بِغَيْرِ الْحَقِّ | ذٰلِكَ | بِمَا | عَصَوْا | وَّ كَانُوْا | يَعْتَدُوْنَ | اِنَّ | الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ناحق | یہ | بدلہ تھا | نافرمانی کا | اور تھے وہ | حد سے بڑھنے والے | بیشک | ایمان والے |

یہ بدلا تھا ان کی نافرمانیوں اور حد سے بڑھنے کا۔ بے شک ایمان والے

وَ الَّذِيْنَ هَادُوْا وَالنَّصٰرٰى وَ الصّٰبِـِٕيْنَ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَ

| وَ | الَّذِيْنَ هَادُوْا | وَالنَّصٰرٰى | وَ | الصّٰبِـِٕيْنَ | مَنْ | اٰمَنَ | بِاللّٰهِ | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | یہودی | اور نصرانی | اور | ستارہ پرست | جو بھی | ایمان لائے | اللہ پر | اور |

نیز یہودیوں اور نصرانیوں اور ستارہ پرستوں میں سے وہ کہ سچے دل سے اللہ اور یوم

الْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ

| الْيَوْمِ الْاٰخِرِ | وَعَمِلَ | صَالِحًا | فَلَهُمْ | اَجْرُهُمْ | عِنْدَ رَبِّهِمْ | وَلَا | خَوْفٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پچھلے دن پر | اور عمل کرے | نیک | تو ان کیلئے | ثواب ہے ان کا | ان کے رب کے پاس | اور نہیں ہے | کچھ اندیشہ |

آخرت پر ایمان لائیں اور نیک کام کریں ان کا ثواب ان کے رب کے پاس ہے ان پر نہ تو کوئی

عَلَيۡهِمۡ وَلَا هُمۡ يَحۡزَنُوۡنَ ﴿٦٢﴾ وَاِذۡ اَخَذۡنَا مِيۡثَاقَكُمۡ وَرَفَعۡنَا

| عَلَيۡهِمۡ | وَلَا | هُمۡ | يَحۡزَنُوۡنَ | وَاِذۡ | اَخَذۡنَا | مِيۡثَاقَكُمۡ | وَ | رَفَعۡنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان پر | اور نہیں ہے | انہیں | کچھ غم | اور جب | لیا ہم نے | تم سے عہد | اور | اونچا کیا |

خوف ہوگا اور نہ ہی وہ غمگین ہوں گے۔ اور (یاد کرو) جب ہم نے تمہارے اوپر (کوہ) طور کو بلند کر کے

فَوۡقَكُمُ الطُّوۡرَ ؕ خُذُوۡا مَاۤ اٰتَيۡنٰكُمۡ بِقُوَّةٍ وَّاذۡكُرُوۡا مَا فِيۡهِ لَعَلَّكُمۡ

| فَوۡقَكُمُ | الطُّوۡرَ | خُذُوۡا | مَاۤ | اٰتَيۡنٰكُمۡ | بِقُوَّةٍ | وَّ | اذۡكُرُوۡا | مَا | فِيۡهِ | لَعَلَّكُمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم پر | طور کو | پکڑ لو | جو کچھ | ہم تم کو دیتے ہیں | زور سے | اور | یاد کرو | جو | اس میں ہے | تاکہ تمہیں |

تم سے پختہ عہد لیا تھا کہ جو کچھ ہم نے تمہیں دیا ہے اسے مضبوطی کے ساتھ پکڑو اور جو کچھ اس کتاب میں ہے اسے یاد رکھو تاکہ تم

تَتَّقُوۡنَ ﴿٦٣﴾ ثُمَّ تَوَلَّيۡتُمۡ مِّنۡۢ بَعۡدِ ذٰلِكَ ۚ فَلَوۡلَا فَضۡلُ اللّٰهِ عَلَيۡكُمۡ

| تَتَّقُوۡنَ | ثُمَّ | تَوَلَّيۡتُمۡ | مِّنۡۢ بَعۡدِ ذٰلِكَ | فَلَوۡلَا | فَضۡلُ | اللّٰهِ | عَلَيۡكُمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پرہیزگاری ملے | پھر | پھر گئے تم | اس کے بعد | تو اگر نہ ہوتا | فضل | اللہ کا | تم پر |

پرہیزگار بن جاؤ۔ پھر اس (عہد اور تنبیہ) کے بعد بھی تم نے روگردانی کی پس اگر تم پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت

وَرَحۡمَتُهٗ لَكُنۡتُمۡ مِّنَ الۡخٰسِرِيۡنَ ﴿٦٤﴾ وَلَقَدۡ عَلِمۡتُمُ الَّذِيۡنَ اعۡتَدَوۡا

| وَرَحۡمَتُهٗ | لَكُنۡتُمۡ | مِّنَ الۡخٰسِرِيۡنَ | وَلَقَدۡ | عَلِمۡتُمُ | الَّذِيۡنَ | اعۡتَدَوۡا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اور اس کی رحمت | تو ہو جاتے تم | نقصان اٹھانے والے | اور بیشک | ضرور تمہیں معلوم ہے | وہ لوگ | سرکشی کرنے والے |

نہ ہوتی تو تم یقیناً نقصان اٹھانے والوں میں سے ہو جاتے۔ اور بے شک ان لوگوں (کے انجام) کو تم (خوب) جانتے ہو

مِنۡكُمۡ فِى السَّبۡتِ فَقُلۡنَا لَهُمۡ كُوۡنُوۡا قِرَدَةً خٰسِـِٕيۡنَ ﴿٦٥﴾ ۚ فَجَعَلۡنٰهَا

| مِنۡكُمۡ | فِى السَّبۡتِ | فَقُلۡنَا | لَهُمۡ | كُوۡنُوۡا | قِرَدَةً | خٰسِـِٕيۡنَ | فَجَعَلۡنٰهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم میں سے | ہفتہ میں | تو ہم نے فرمایا | ان سے | ہو جاؤ تم | بندر | دھتکارے ہوئے | تو کردیا ہم نے اس کو |

جنہوں نے تم میں سے ہفتے کے دن میں حد سے تجاوز کیا تو ہم نے ان سے فرمایا دھتکارے ہوئے بندر ہو جاؤ۔ تو ہم نے (ان کی سزا کے)

نَكَالًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهَا وَمَا خَلْفَهَا وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۶۶﴾ وَاِذْ قَالَ

| نَكَالًا | لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهَا | وَمَا | خَلْفَهَا | وَمَوْعِظَةً | لِّلْمُتَّقِيْنَ | وَ | اِذْ | قَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عبرت | جو ان کے آگے تھا | اور جو | ان کے پیچھے تھے | اور نصیحت | پرہیزگاروں کے لئے | اور | جب | فرمایا |

اس (واقعہ) کو ان لوگوں کیلئے جو اس وقت موجود تھے اور جو اس کے بعد آنے والے تھے عبرت اور پرہیزگاروں کیلئے نصیحت بنادیا۔ اور (یاد کرو) جب

مُوْسٰى لِقَوْمِهٖٓ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تَذْبَحُوْا بَقَرَةً ؕ قَالُوْٓا

| مُوْسٰى | لِقَوْمِهٖٓ | اِنَّ | اللّٰهَ | يَاْمُرُكُمْ | اَنْ | تَذْبَحُوْا | بَقَرَةً | قَالُوْٓا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| موسیٰ نے | اپنی قوم سے | بے شک | اللہ | تمہیں حکم دیتا ہے | یہ کہ | ذبح کرو | ایک گائے | بولے |

موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم سے فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ تمہیں حکم دیتا ہے کہ ایک گائے ذبح کرو وہ بولے

اَتَتَّخِذُنَا هُزُوًا ؕ قَالَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿۶۷﴾

| اَتَتَّخِذُنَا | هُزُوًا | قَالَ | اَعُوْذُ | بِاللّٰهِ | اَنْ | اَكُوْنَ | مِنَ الْجٰهِلِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیا آپ ہمیں بناتے ہیں | مسخرہ | فرمایا | میں پناہ مانگتا ہوں | اللہ سے | کہ | ہوں میں | جاہلوں میں سے |

آپ ہم سے مذاق کرتے ہیں موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا اللہ کی پناہ کہ میں جاہلوں سے ہوں۔

قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا هِيَ ؕ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ

| قَالُوا | ادْعُ | لَنَا | رَبَّكَ | يُبَيِّنْ | لَّنَا | مَا هِيَ | قَالَ | اِنَّهٗ | يَقُوْلُ | اِنَّهَا | بَقَرَةٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بولے | دعا کیجئے | ہمارے لئے | اپنے رب سے | کہ بتادے | ہمیں | کہ وہ (گائے) کیسی ہو | فرمایا | بیشک اللہ | فرماتا ہے | کہ وہ | گائے |

بولے اپنے رب سے دُعا کیجئے وہ ہمیں بتائے گائے کیسی ہو فرمایا اللہ فرماتا ہے کہ وہ ایک گائے ہے

لَّا فَارِضٌ وَّلَا بِكْرٌ ؕ عَوَانٌۢ بَيْنَ ذٰلِكَ ؕ فَافْعَلُوْا مَا تُؤْمَرُوْنَ ﴿۶۸﴾

| لَّا | فَارِضٌ | وَّلَا | بِكْرٌ | عَوَانٌۢ بَيْنَ ذٰلِكَ | فَافْعَلُوْا | مَا | تُؤْمَرُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہ | بوڑھی | اور نہ | چھوٹی عمر | بلکہ ان دونوں کی بیچ کی | تو کرو | جس کا | تمہیں حکم ہوتا ہے |

نہ بوڑھی اور نہ کم عمر بلکہ ان دونوں کے درمیان میں ہو تو تم وہی کرو جس کا تمہیں حکم دیا جاتا ہے۔

قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا لَوْنُهَا ۭ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا

| قَالُوا | ادْعُ | لَنَا | رَبَّكَ | يُبَيِّنْ | لَّنَا | مَا | لَوْنُهَا | قَالَ | اِنَّهٗ يَقُوْلُ | اِنَّهَا |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| بولے | دعا کیجئے | ہمارے لئے | اپنے رب سے | کہ بتادے | ہمیں | کیسا ہے | رنگ اس کا | فرمایا | بیشک وہ فرماتا ہے | کہ وہ |

وہ (پھر) بولے اپنے رب سے ہمارے حق میں دعا کریں وہ ہمارے لئے واضح کر دے کہ اس کا رنگ کیسا ہو؟ (موسیٰ علیہ السلام نے) کہا

بَقَرَةٌ صَفْرَآءُ ۙ فَاقِعٌ لَّوْنُهَا تَسُرُّ النّٰظِرِيْنَ ﴿۶۹﴾ قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ

| بَقَرَةٌ صَفْرَآءُ | فَاقِعٌ لَّوْنُهَا | تَسُرُّ | النّٰظِرِيْنَ | قَالُوا | ادْعُ | لَنَا | رَبَّكَ |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| وہ ایک زرد گائے ہے | جسکی رنگت خوب گہری ہے | کہ بھلے خوش ہیں | دیکھنے والے | بولے | دعا کیجئے | ہمارے واسطے | اپنے رب سے |

اللہ فرماتا ہے کہ وہ گائے زرد رنگ کی ہو، اس کی رنگت خوب گہری ہو جو دیکھنے والوں کو بہت بھلی لگے۔ (اب) انہوں نے کہا آپ ہمارے لئے اپنے

يُبَيِّنْ لَّنَا مَا هِيَ ۙ اِنَّ الْبَقَرَ تَشٰبَهَ عَلَيْنَا ۭ وَاِنَّآ اِنْ شَآءَ

| يُبَيِّنْ | لَّنَا | مَا | هِيَ | اِنَّ | الْبَقَرَ | تَشٰبَهَ عَلَيْنَا | وَاِنَّآ | اِنْ | شَآءَ |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| صاف بیان کردے | ہمارے لئے | کیسی ہے | وہ | بیشک | گائے میں | ہم کو مشتبہ پڑ گیا ہے | اور ہم | اگر | چاہا |

رب سے دعا کیجئے کہ وہ ہم پر واضح فرما دے کہ وہ کون سی گائے ہے؟ (کیونکہ) ہم پر گائے مشتبہ ہو گئی ہے اور یقیناً اگر اللہ نے چاہا

اللّٰهُ لَمُهْتَدُوْنَ ﴿۷۰﴾ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا ذَلُوْلٌ

| اللّٰهُ | لَمُهْتَدُوْنَ | قَالَ | اِنَّهٗ | يَقُوْلُ | اِنَّهَا | بَقَرَةٌ | لَا ذَلُوْلٌ |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| اللہ نے | یقیناً راہ پائینگے | فرمایا | تحقیق وہ | فرماتا ہے | کہ وہ | ایک گائے ہے کہ | اس سے خدمت نہیں لی جاتی کہ |

تو ہم ضرور ہدایت یافتہ ہو جائیں گے۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا بے شک اللہ فرماتا ہے یقیناً وہ گائے ہے جس سے کوئی خدمت نہیں لی

تُثِيْرُ الْاَرْضَ وَلَا تَسْقِي الْحَرْثَ ۚ مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيْهَا ۭ قَالُوا الْـٰٔنَ

| تُثِيْرُ الْاَرْضَ | وَ | لَا | تَسْقِي | الْحَرْثَ | مُسَلَّمَةٌ | لَا | شِيَةَ | فِيْهَا | قَالُوا | الْـٰٔنَ |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| زمین جوتے | اور | نہ | پانی دیتی ہے | کھیتی کو | بے عیب | نہیں | کوئی داغ | اس میں | بولے | اب |

جاتی کہ وہ زمین میں ہل چلائے اور نہ وہ کھیت کو پانی دیتی ہے۔ صحیح سالم ہے جس میں کوئی (داغ) دھبہ نہیں (یک رنگ) وہ بولے اب آپ نے

ع ۸

جِئْتَ بِالْحَقِّ ؕ فَذَبَحُوْهَا وَمَا كَادُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿۷۱﴾ ع وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا

| جِئْتَ | بِالْحَقِّ | فَذَبَحُوْهَا | وَ | مَا | كَادُوْا | يَفْعَلُوْنَ | وَاِذْ | قَتَلْتُمْ | نَفْسًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لائے آپ | ٹھیک بات | تو ذبح کیا | اور | نہیں | تھے وہ | کرنے والے | اور جب | قتل کیا تم نے | ایک جان کو |

ٹھیک ٹھیک سمجھادیا پھر انہوں نے اسے ذبح کیا اور وہ (یہ کام) کرنے والے نہ تھے۔ اور جب تم نے ایک شخص کو قتل کیا

فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا ؕ وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ﴿۷۲﴾ ج فَقُلْنَا

| فَادّٰرَءْتُمْ | فِيْهَا | وَ | اللّٰهُ | مُخْرِجٌ | مَّا | كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ | فَقُلْنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو تہمت لگائی تم نے ایک دوسرے پر | اس میں | اور | اللہ | ظاہر کرنے والا ہے | جو | تم چھپاتے تھے | تو ہم نے فرمایا |

پھر اس (کے قتل) کا الزام ایک دوسرے پر رکھنے لگے اور اللہ ظاہر فرمانے والا تھا جسے تم چھپاتے تھے۔ تو ہم نے فرمایا

اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا ؕ كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى ۙ وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ

| اضْرِبُوْهُ | بِبَعْضِهَا | كَذٰلِكَ | يُحْيِ | اللّٰهُ | الْمَوْتٰى | وَيُرِيْكُمْ | اٰيٰتِهٖ | لَعَلَّكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مارو اس کو | اس کا کوئی حصہ | ایسے ہی | زندہ فرماتا ہے | اللہ | مردے کو | اور تمہیں دکھاتا ہے | اپنی نشانیاں | کہ تمہیں |

اس مقتول کو اس گائے کا ایک ٹکڑا مارو اللہ یوں ہی مردوں کو زندہ کرے گا اور اللہ تمہیں اپنی نشانیاں دکھاتا ہے

تَعْقِلُوْنَ ﴿۷۳﴾ ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ

| تَعْقِلُوْنَ | ثُمَّ | قَسَتْ | قُلُوْبُكُمْ | مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ | فَهِيَ | كَالْحِجَارَةِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| عقل ہو | پھر | سخت ہوگئے | تمہارے دل | اس کے بعد | تو وہ | مثل پتھروں کے ہیں |

تاکہ تمہیں عقل ہو۔ پھر اس کے بعد تمہارے دل سخت ہو گئے تو وہ پتھروں کی مثل ہیں

اَوْ اَشَدُّ قَسْوَةً ؕ وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ ؕ

| اَوْ | اَشَدُّ | قَسْوَةً | وَاِنَّ | مِنَ الْحِجَارَةِ | لَمَا | يَتَفَجَّرُ | مِنْهُ | الْاَنْهٰرُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یا | اس سے بھی زیادہ | سخت | اور بیشک | ان پتھروں سے | وہ ہیں جو | بہہ نکلتی ہے | اس سے | ندیاں |

بلکہ اس سے بھی زیادہ سخت اور پتھروں میں تو کچھ وہ ہیں جن سے ندیاں بہہ نکلتی ہیں

وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَآءُ ؕ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ

| وَاِنَّ | مِنْهَا | لَمَا | يَشَّقَّقُ | فَيَخْرُجُ | مِنْهُ | الْمَآءُ | وَ | اِنَّ | مِنْهَا | لَمَا | يَهْبِطُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور بیشک | ان سے وہ ہیں | جو | پھٹ جاتے ہیں | تو نکلتا ہے | اس سے | پانی | اور | بے شک | ان سے | وہ بھی ہیں جو | گر جاتے ہیں |

اور کچھ وہ ہیں جو پھٹ جاتے ہیں تو ان سے پانی جاری ہوجاتا ہے اور کچھ وہ ہیں

مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۷۴﴾ اَفَتَطْمَعُوْنَ

| مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ | وَ | مَا | اللّٰهُ | بِغَافِلٍ | عَمَّا | تَعْمَلُوْنَ | اَفَتَطْمَعُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ کے خوف سے | اور | نہیں ہے | اللہ | بے خبر | تمہارے | اعمال سے | کیا تمہیں یہ امید ہے |

کہ اللہ کے ڈر سے گر پڑتے ہیں اور اللہ تمہارے اعمال سے بے خبر نہیں۔ (اے مسلمانو!)

اَنْ يُّؤْمِنُوْا لَكُمْ وَقَدْ كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ يَسْمَعُوْنَ كَلٰمَ اللّٰهِ ثُمَّ

| اَنْ | يُّؤْمِنُوْا | لَكُمْ | وَ | قَدْ | كَانَ | فَرِيْقٌ | مِّنْهُمْ | يَسْمَعُوْنَ | كَلٰمَ | اللّٰهِ | ثُمَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ کہ | یقین کریں گے | تم پر | اور | بیشک | تھا | ایک گروہ | ان میں سے | سنتا ہے | کلام | اللہ کا | پھر |

کیا تم یہ توقع رکھتے ہو کہ وہ (یہودی) تم پر یقین کریں گے جبکہ ان میں سے ایک گروہ کے لوگ ایسے (بھی) تھے کہ اللہ کا کلام (تورات)

يُحَرِّفُوْنَهٗ مِنْۢ بَعْدِ مَا عَقَلُوْهُ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۷۵﴾ وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

| يُحَرِّفُوْنَهٗ | مِنْۢ بَعْدِ مَا | عَقَلُوْهُ | وَ | هُمْ | يَعْلَمُوْنَ | وَ | اِذَا | لَقُوا | الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بدل دیتے اسے | بعد اس کے جو | سمجھ لیا اس کو | اور | وہ | جانتے ہوتے | اور | جب | ملتے ہیں | مسلمانوں سے |

سنتے پھر اسے سمجھنے کے بعد (خود) بدل دیتے حالانکہ وہ خوب جانتے تھے ہیں۔ اور جب اہلِ ایمان سے ملتے ہیں (تو) کہتے ہیں

قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚۖ وَاِذَا خَلَا بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ قَالُوْٓا اَتُحَدِّثُوْنَهُمْ

| قَالُوْٓا | اٰمَنَّا | وَ | اِذَا | خَلَا | بَعْضُهُمْ | اِلٰى بَعْضٍ | قَالُوْٓا | اَتُحَدِّثُوْنَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو کہتے ہیں | ہم ایمان لائے | اور | جب | علیحدہ ہوتا ہے | بعض ان کے | طرف بعض کی | تو کہتے ہیں | کیا بتاتے ہو تم ان کو |

ہم ایمان لے آئے ہیں اور جب آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ تنہائی میں ہوتے ہیں (تو) کہتے ہیں کیا تم ان (مسلمانوں)

بِمَا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ لِيُحَآجُّوْكُمْ بِهٖ عِنْدَ رَبِّكُمْ ؕ

| بِمَا | فَتَحَ | اللّٰهُ | عَلَيْكُمْ | لِيُحَآجُّوْكُمْ | بِهٖ | عِنْدَ رَبِّكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| جو | کھولا | اللہ نے | تم پر | تاکہ تم پر حجت لائیں | اس سے | تمہارے رب کے نزدیک |

سے وہ باتیں بیان کر دیتے ہو جو اللہ نے تم پر (تورات کے ذریعے) ظاہر کی ہیں تاکہ وہ اس سے تمہارے رب کے حضور تم ہی پر حجت قائم

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝۷۶ اَوَلَا يَعْلَمُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا

| اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ | اَوَلَا يَعْلَمُوْنَ | اَنَّ | اللّٰهَ | يَعْلَمُ | مَا | يُسِرُّوْنَ | وَ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیا تمہیں عقل نہیں | کیا نہیں جانتے | بے شک | اللہ | جانتا ہے | جو کچھ | وہ چھپاتے ہیں | اور | جو کچھ |

کریں کیا تم (اتنی) عقل (بھی) نہیں رکھتے؟۔ کیا وہ نہیں جانتے کہ اللہ جانتا ہے جو کچھ وہ چھپاتے ہیں اور جو

يُعْلِنُوْنَ ۝۷۷ وَمِنْهُمْ اُمِّيُّوْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ الْكِتٰبَ اِلَّآ اَمَانِيَّ وَاِنْ

| يُعْلِنُوْنَ | وَ | مِنْهُمْ اُمِّيُّوْنَ | لَا | يَعْلَمُوْنَ | الْكِتٰبَ | اِلَّآ | اَمَانِيَّ | وَ | اِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ظاہر کرتے ہیں | اور | ان میں سے کچھ ان پڑھ ہیں | نہیں | جانتے | کتاب | مگر | خواہشات | اور | نہیں |

ظاہر کرتے ہیں۔ اور ان میں بعض ان پڑھ ہیں جو زبان سے لفظوں کو پڑھ لینے کے سوا (اللہ کی) کتاب (کے معانی) کا کچھ علم نہیں رکھتے اور

هُمْ اِلَّا يَظُنُّوْنَ ۝۷۸ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ يَكْتُبُوْنَ الْكِتٰبَ بِاَيْدِيْهِمْ ۗ ثُمَّ

| هُمْ | اِلَّا | يَظُنُّوْنَ | فَوَيْلٌ | لِّلَّذِيْنَ | يَكْتُبُوْنَ | الْكِتٰبَ | بِاَيْدِيْهِمْ | ثُمَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ | مگر | گمان کرتے ہیں | تو خرابی ہے | ان کو جو | لکھتے ہیں | کتاب | اپنے ہاتھوں سے | پھر |

وہ صرف (اپنے وہم و) گمان میں پڑے ہوئے ہیں۔ تو خرابی ہے ان کیلئے جو کتاب اپنے ہاتھ سے لکھیں پھر

النصف

يَقُوْلُوْنَ هٰذَا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ لِيَشْتَرُوْا بِهٖ ثَمَنًا قَلِيْلًا ؕ فَوَيْلٌ لَّهُمْ

| يَقُوْلُوْنَ | هٰذَا | مِنْ عِنْدِ | اللّٰهِ | لِيَشْتَرُوْا | بِهٖ | ثَمَنًا | قَلِيْلًا | فَوَيْلٌ | لَّهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہتے ہیں | یہ | پاس سے | اللہ (کے ہے) | کہ خریدیں | اس کے ساتھ | قیمت | تھوڑی | تو خرابی ہے | ان کیلئے |

کہہ دیں یہ اللہ کے پاس سے ہے تاکہ اس کے عوض تھوڑے سے دام حاصل کریں تو خرابی ہے ان کیلئے

مِّمَّا كَتَبَتْ اَيْدِيْهِمْ وَ وَيْلٌ لَّهُمْ مِّمَّا يَكْسِبُوْنَ ﴿۷۹﴾ وَ قَالُوْا لَنْ

| مِّمَّا | كَتَبَتْ | اَيْدِيْهِمْ | وَ | وَيْلٌ | لَّهُمْ | مِّمَّا | يَكْسِبُوْنَ | وَ | قَالُوْا | لَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس سے جو | لکھا | ان کے ہاتھوں نے | اور | خرابی ہے | ان کے لئے | اس سے جو | کماتے ہیں | اور | بولے | ہرگز نہیں |

اس سے جو ان کے ہاتھوں نے لکھا ہے اور خرابی ہے ان کیلئے اس کمائی سے۔ اور بولے ہمیں تو

تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّآ اَيَّامًا مَّعْدُوْدَةً ؕ قُلْ اَتَّخَذْتُمْ عِنْدَ اللّٰهِ عَهْدًا فَلَنْ

| تَمَسَّنَا | النَّارُ | اِلَّآ | اَيَّامًا | مَّعْدُوْدَةً | قُلْ | اَتَّخَذْتُمْ | عِنْدَ | اللّٰهِ | عَهْدًا | فَلَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چھوئے گی ہم کو | آگ | مگر | دن | گنتی (کے) | تم فرمادو | کیا لے رکھا ہے تم نے | پاس | اللہ سے | عہد | تو ہرگز نہیں |

آگ نہیں چھوئے گی مگر گنتی کے (چند) دن فرما دو کیا اللہ سے تم نے کوئی عہد لے رکھا ہے کہ اللہ ہرگز اپنے عہد

يُّخْلِفَ اللّٰهُ عَهْدَهٗٓ اَمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۰﴾ بَلٰى

| يُّخْلِفَ | اللّٰهُ | عَهْدَهٗٓ | اَمْ | تَقُوْلُوْنَ | عَلَى | اللّٰهِ | مَا | لَا تَعْلَمُوْنَ | بَلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خلاف کرے گا | اللہ | اپنے عہد (کے) | یا | کہتے ہو تم | اوپر | اللہ کے | جس کا | تمہیں علم نہیں | ہاں واقعی |

کے خلاف نہیں کرے گا بلکہ ایسا نہیں تم تو اللہ پر وہ بات کہتے ہو جس کا تمہیں علم نہیں۔ ہاں

مَنْ كَسَبَ سَيِّئَةً وَّاَحَاطَتْ بِهٖ خَطِيْٓـَٔتُهٗ فَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ

| مَنْ | كَسَبَ | سَيِّئَةً | وَّاَحَاطَتْ | بِهٖ | خَطِيْٓـَٔتُهٗ | فَاُولٰٓئِكَ | اَصْحٰبُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جو | کمائے | گناہ | اور گھیر لے | اس کو | اس کی خطا | تو یہی ہیں | رہنے والے |

واقعی جس نے برائی اختیار کی اور اس کے گناہوں نے اس کو ہر طرف سے گھیر لیا تو وہی لوگ

النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۸۱﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

| النَّارِ | هُمْ | فِيْهَا | خٰلِدُوْنَ | وَ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَعَمِلُوا | الصّٰلِحٰتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دوزخ کے | وہ | اس میں | ہمیشہ رہنے والے ہیں | اور | وہ جو | ایمان لائے | اور عمل کئے | اچھے |

دوزخی ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور (انہوں نے) نیک عمل کئے

أُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٨٢﴾ وَاِذْ اَخَذْنَا

| اُولٰٓئِكَ | اَصْحٰبُ | الْجَنَّةِ ۚ | هُمْ | فِيْهَا | خٰلِدُوْنَ | وَ اِذْ | اَخَذْنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ لوگ ہیں | رہنے والے | جنت کے | وہ | اس میں | ہمیشہ رہنے والے ہیں | اور جب | ہم نے لیا |

تو وہی لوگ جنتی ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ اور (یاد کرو)

مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ لَا تَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ ۗ وَبِالْوَالِدَيْنِ

| مِيْثَاقَ | بَنِيْٓ | اِسْرَآءِيْلَ | لَا | تَعْبُدُوْنَ | اِلَّا | اللّٰهَ | وَبِالْوَالِدَيْنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پختہ عہد | بنی | اسرائیل سے | نہ | پوجو | مگر | اللہ کو | اور ماں باپ کے ساتھ |

جب اولادِ یعقوب سے ہم نے پختہ عہد لیا کہ اللہ کے سوا کسی کی تم عبادت نہ کرنا اور ماں باپ

اِحْسَانًا وَّ ذِي الْقُرْبٰى وَ الْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَقُوْلُوْا لِلنَّاسِ

| اِحْسَانًا | وَّ | ذِي الْقُرْبٰى | وَ | الْيَتٰمٰى | وَالْمَسٰكِيْنِ | وَقُوْلُوْا | لِلنَّاسِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بھلائی کرو | اور | رشتہ داروں | اور | یتیموں | اور مسکینوں سے | اور کہو | لوگوں سے |

اور رشتہ داروں اور یتیموں اور مسکینوں کے ساتھ حسن سلوک کرتے رہنا اور لوگوں سے

حُسْنًا وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۗ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْكُمْ

| حُسْنًا | وَّ اَقِيْمُوا | الصَّلٰوةَ | وَ اٰتُوا | الزَّكٰوةَ ۗ | ثُمَّ | تَوَلَّيْتُمْ | اِلَّا | قَلِيْلًا | مِّنْكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اچھی بات | اور قائم رکھو | نماز | اور دو | زکوٰۃ | پھر | تم پھر گئے | مگر | تھوڑے | تم میں سے |

اچھی بات کہنا اور نماز قائم کرنا اور زکوٰۃ ادا کرتے رہنا پھر تم (اس اقرار سے) پھر گئے مگر تم میں سے تھوڑے اور تم (حق سے) منہ

وَاَنْتُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿٨٣﴾ وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ لَا تَسْفِكُوْنَ دِمَآءَكُمْ

| وَ | اَنْتُمْ | مُّعْرِضُوْنَ | وَ | اِذْ | اَخَذْنَا | مِيْثَاقَكُمْ | لَا | تَسْفِكُوْنَ | دِمَآءَكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | تم | روگردان ہو گئے | اور | جب | لیا ہم نے | عہد تم سے | نہ | بہاؤ گے | اپنوں کا خون |

پھیرنے والے (لوگ) ہو۔ اور (یاد کرو) جب ہم نے تم سے پختہ عہد لیا کہ آپس میں خون ریزی نہ کرو گے

وَ لَا تُخْرِجُوْنَ اَنْفُسَكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ ثُمَّ اَقْرَرْتُمْ وَ اَنْتُمْ

| وَ | لَا | تُخْرِجُوْنَ | اَنْفُسَكُمْ | مِّنْ دِيَارِكُمْ | ثُمَّ | اَقْرَرْتُمْ | وَ | اَنْتُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نہ | نکالنا | اپنوں کو | اپنی بستیوں سے | پھر | تم نے اقرار کیا | اور | تم |

اور اپنے لوگوں کو اپنی بستیوں سے نہ نکالو گے پھر تم نے (اس کا) اقرار کیا اور (اب اس عہد پر) تم خود بھی

تَشْهَدُوْنَ ﴿۸۴﴾ ثُمَّ اَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ تَقْتُلُوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَتُخْرِجُوْنَ

| تَشْهَدُوْنَ | ثُمَّ | اَنْتُمْ | هٰٓؤُلَآءِ | تَقْتُلُوْنَ | اَنْفُسَكُمْ | وَتُخْرِجُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| گواہ ہو | پھر | تم | وہ ہو کہ | قتل کرتے ہو | اپنوں کو | اور نکالتے ہو |

گواہی دیتے ہو۔ پھر یہ جو تم اپنوں کو قتل کرنے لگے اور اپنے ہی

فَرِيْقًا مِّنْكُمْ مِّنْ دِيَارِهِمْ تَظٰهَرُوْنَ عَلَيْهِمْ بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ؕ

| فَرِيْقًا | مِّنْكُمْ | مِّنْ دِيَارِهِمْ | تَظٰهَرُوْنَ | عَلَيْهِمْ | بِالْاِثْمِ | وَالْعُدْوَانِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ایک گروہ کو | اپنے میں سے | ان کے وطن سے | مدد دیتے ہو | ان پر | گناہ | اور زیادتی |

ایک گروہ کو ان کے وطن سے نکالتے ہو گناہ اور زیادتی کے ساتھ انکے خلاف ایک دوسرے کی مدد کرتے ہو

وَاِنْ يَّاْتُوْكُمْ اُسٰرٰى تُفٰدُوْهُمْ وَهُوَ مُحَرَّمٌ عَلَيْكُمْ

| وَاِنْ | يَّاْتُوْكُمْ | اُسٰرٰى | تُفٰدُوْهُمْ | وَهُوَ | مُحَرَّمٌ | عَلَيْكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اور اگر | آئیں تمہارے پاس | قیدی | بدلا دیتے ہو ان کا | اور وہ | حرام ہے | تم پر |

اور اگر وہ قیدی ہو کر تمہارے پاس آئیں تو بدلا دے کر چھڑا لیتے ہو اور ان کا نکالنا تم پر حرام

اِخْرَاجُهُمْ ؕ اَفَتُؤْمِنُوْنَ بِبَعْضِ الْكِتٰبِ وَ تَكْفُرُوْنَ بِبَعْضٍ ج

| اِخْرَاجُهُمْ | اَفَتُؤْمِنُوْنَ | بِبَعْضِ | الْكِتٰبِ | وَ | تَكْفُرُوْنَ | بِبَعْضٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کا نکالنا | کیا ایمان لاتے ہو | کچھ | حکموں پر | اور | انکار کرتے ہو | کچھ سے |

ہے تو. کیا خدا کے کچھ احکامات پر ایمان لاتے ہو اور کچھ سے انکار کرتے ہو تو

فَمَا جَزَآءُ مَنْ يَّفْعَلُ ذٰلِكَ مِنْكُمْ اِلَّا خِزْيٌ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ

| فَمَا | جَزَآءُ | مَنْ | يَّفْعَلُ | ذٰلِكَ | مِنْكُمْ | اِلَّا | خِزْيٌ | فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو کیا | بدلہ ہے | جو | کرے | ایسا | تم میں سے | مگر یہ کہ | رسوائی | دنیا کی زندگی میں |

جو تم میں ایسا کرے اس کا بدلا کیا ہے مگر یہ کہ دنیا میں رسوا ہو

وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُرَدُّوْنَ اِلٰٓى اَشَدِّ الْعَذَابِ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا

| وَ | يَوْمَ الْقِيٰمَةِ | يُرَدُّوْنَ | اِلٰى | اَشَدِّ | الْعَذَابِ | وَ | مَا | اللّٰهُ | بِغَافِلٍ | عَمَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | قیامت کے دن | پھیرے جائینگے | طرف | سخت | عذاب کی | اور | نہیں | اللہ | بے خبر | تمہارے |

اور قیامت کے دن سخت ترین عذاب کی طرف پھیردیے جائیں گے اور اللہ تمہارے اعمال سے

تَعْمَلُوْنَ ﴿۸۵﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا بِالْاٰخِرَةِ ۫ فَلَا

| تَعْمَلُوْنَ | اُولٰٓئِكَ | الَّذِيْنَ | اشْتَرَوُا | الْحَيٰوةَ | الدُّنْيَا | بِالْاٰخِرَةِ | فَلَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اعمال سے | یہ | وہ ہیں | کہ مول لیے ہیں | زندگی | دنیا (کی) | آخرت کے بدلے | تو نہ |

بے خبر نہیں۔ یہ ہیں وہ لوگ جنہوں نے آخرت کے بدلے دنیا کی زندگی خرید لی تو نہ ان پر

يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۸۶﴾ ع وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى

| يُخَفَّفُ | عَنْهُمُ | الْعَذَابُ | وَ | لَا | هُمْ | يُنْصَرُوْنَ | وَ | لَقَدْ | اٰتَيْنَا | مُوْسَى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہلکا ہو | ان سے | عذاب | اور | نہ | وہ | مدد کیے جائیں | اور | بے شک | عطا کی ہم نے | موسیٰ کو |

سے عذاب ہلکا ہوگا اور نہ ان کی مدد کی جائے گی۔ اور بے شک ہم نے موسیٰ علیہ السلام

الْكِتٰبَ وَقَفَّيْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ بِالرُّسُلِ ۫ وَاٰتَيْنَا عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ

| الْكِتٰبَ | وَ | قَفَّيْنَا | مِنْۢ بَعْدِهٖ | بِالرُّسُلِ | وَ | اٰتَيْنَا | عِيْسَى | ابْنَ | مَرْيَمَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کتاب | اور | پے درپے بھیجے ہم نے | اس کے بعد | رسول | اور | عطا فرمائیں ہم نے | عیسیٰ | بن | مریم (کو) |

کو کتاب (تورات) عطا کی اور ان کے بعد ہم نے یکے بعد دیگرے (بہت سے) پیغمبر بھیجے اور ہم نے مریم کے فرزند عیسیٰ علیہ السلام کو

ع ۱۰

الْبَيِّنٰتِ وَاَيَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ؕ اَفَكُلَّمَا جَآءَكُمْ رَسُوْلٌۢ بِمَا

| الْبَيِّنٰتِ | وَاَيَّدْنٰهُ | بِرُوْحِ الْقُدُسِ | اَفَكُلَّمَا | جَآءَكُمْ | رَسُوْلٌ | بِمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| کھلی نشانیاں | اور مدد کی اس کی | پاک روح سے | تو کیا جب | آئے تمہارے پاس | رسول | اسکے ساتھ جو |

(بھی) روشن نشانیاں عطا کیں اور ہم نے پاک روح کے ذریعے ان کی تائید کی تو کیا (ہوا) جب بھی کوئی پیغمبر تمہارے

لَا تَهْوٰۤى اَنْفُسُكُمُ اسْتَكْبَرْتُمْ ۚ فَفَرِيْقًا كَذَّبْتُمْ ۡ وَفَرِيْقًا

| لَا | تَهْوٰۤى | اَنْفُسُكُمُ | اسْتَكْبَرْتُمْ | فَفَرِيْقًا | كَذَّبْتُمْ | وَفَرِيْقًا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| نہ | چاہتے تھے | تمہارے نفس | تو تکبر کیا تم نے | تو ایک گروہ کو | تم نے جھٹلایا | اور ایک گروہ کو |

پاس وہ (احکام) لایا جنہیں تمہارے نفس پسند نہیں کرتے تھے تو تم نے تکبر کیا اور بعضوں کو تم نے جھٹلا دیا اور بعضوں

تَقْتُلُوْنَ ﴿٨٧﴾ وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا غُلْفٌ ؕ بَلْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَقَلِيْلًا

| تَقْتُلُوْنَ | وَ | قَالُوْا | قُلُوْبُنَا | غُلْفٌ | بَلْ | لَّعَنَهُمُ | اللّٰهُ | بِكُفْرِهِمْ | فَقَلِيْلًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قتل کرتے ہو | اور | بولے | ہمارے دلوں پر | پردے ہیں | بلکہ | لعنت کی ان پر | اللہ نے | ان کے کفر کے سبب | تو تھوڑے ہیں |

کو تم قتل کرنے لگے۔ اور یہودیوں نے کہا ہمارے دلوں پر غلاف ہیں (ایسا نہیں) بلکہ ان کے کفر کے باعث اللہ نے ان پر لعنت کر دی ہے تو

مَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٨٨﴾ وَلَمَّا جَآءَهُمْ كِتٰبٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا

| مَّا | يُؤْمِنُوْنَ | وَ | لَمَّا | جَآءَهُمْ | كِتٰبٌ | مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ | مُصَدِّقٌ | لِّمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جو | ایمان لاتے ہیں | اور | جب | آئی ان کے پاس | کتاب | اللہ کے پاس سے | تصدیق کرتی ہے | اسکی جو |

ان میں سے تھوڑے ایمان لاتے ہیں۔ اور جب ان کے پاس اللہ کی طرف سے کتاب آئی جو تصدیق کرتی ہے اس کی

مَعَهُمْ ۙ وَكَانُوْا مِنْ قَبْلُ يَسْتَفْتِحُوْنَ عَلَى الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۚ فَلَمَّا

| مَعَهُمْ | وَكَانُوْا | مِنْ قَبْلُ | يَسْتَفْتِحُوْنَ | عَلَى | الَّذِيْنَ كَفَرُوْا | فَلَمَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کے ساتھ | اور تھے وہ | اس سے قبل | فتحیابی مانگتے | اوپر | کافروں کے | تو |

جو ان کے پاس ہے (اصل آسمانی کتابوں سے) اور (یہود) اس سے پہلے (قرآن اور نبی آخر الزماں کے وسیلہ سے) کافروں پر (اللہ سے) فتح مانگتے تھے

جَآءَهُمْ مَّا عَرَفُوْا كَفَرُوْا بِهٖ ۫ فَلَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿٨٩﴾

| جَآءَهُمْ | مَّا | عَرَفُوْا | كَفَرُوْا | بِهٖ | فَلَعْنَةُ | اللّٰهِ | عَلَى الْكٰفِرِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جب تشریف لایا انکے پاس | وہ | جانا پہچانا | منکر بیٹھے | اس سے | تو لعنت ہے | اللہ کی | منکروں کے |

پھر جب وہ پہچانے ہوئے ان کے پاس تشریف لے آئے (تو) انہوں نے ان کا انکار کیا پس کافروں پر اللہ کی لعنت ہے۔

بِئْسَمَا اشْتَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ اَنْ يَّكْفُرُوْا بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بَغْيًا

| بِئْسَمَا | اشْتَرَوْا | بِهٖٓ | اَنْفُسَهُمْ | اَنْ | يَّكْفُرُوْا | بِمَآ | اَنْزَلَ | اللّٰهُ | بَغْيًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کس بُرے مولوں میں | خریدا | انہوں نے | اپنی جان کو | اس سے | منکر ہوں | اسکے ساتھ | جو اتارا | اللہ نے | جلن میں |

کیا ہی بری چیز ہے جس کے بدلے انہوں نے اپنی جانوں کو بیچا کہ وہ کفر کریں اس چیز کے ساتھ جو اللہ نے نازل فرمائی

اَنْ يُّنَزِّلَ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ۚ فَبَآءُوْ

| اَنْ | يُّنَزِّلَ | اللّٰهُ | مِنْ فَضْلِهٖ | عَلٰى | مَنْ | يَّشَآءُ | مِنْ عِبَادِهٖ | فَبَآءُوْ | بِغَضَبٍ | عَلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس سے کہ | نازل کیا | اللہ نے | اپنے فضل سے | اوپر | جس کے | چاہا | اپنے بندوں سے | تو سزاوار ہوگئے | غضب کے | اوپر |

اس حسد سے کہ اللہ اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے اپنے فضل سے وحی نازل کرتا ہے، پس وہ غضب پر غضب کے

بِغَضَبٍ عَلٰى غَضَبٍ ۭ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿٩٠﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا بِمَآ

| غَضَبٍ | وَلِلْكٰفِرِيْنَ | عَذَابٌ | مُّهِيْنٌ | وَاِذَا | قِيْلَ | لَهُمْ | اٰمِنُوْا | بِمَآ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غضب کے | اور کافروں کیلئے | عذاب ہے | ذلت کا | اور جب | کہا جائے | ان سے | ایمان لاؤ | اس پر جو |

لائق ہوئے اور کافروں کیلئے ذلیل کر دینے والا عذاب ہے۔ اور جب ان سے کہا جائے کہ

اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا نُؤْمِنُ بِمَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا وَيَكْفُرُوْنَ بِمَا وَرَآءَهٗ ۗ وَهُوَ

| اَنْزَلَ | اللّٰهُ | قَالُوْا | نُؤْمِنُ | بِمَآ | اُنْزِلَ | عَلَيْنَا | وَيَكْفُرُوْنَ | بِمَا | وَرَآءَهٗ | وَهُوَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اتارے پر | اللہ کے | کہتے ہیں | ایمان لائے ہم | اس پر جو | اترا ہے | ہم پر | اور منکر ہیں | اسکے جو | علاوہ ہے اسکے | اور وہ |

اللہ کے نازل کردہ (قرآن) پر ایمان لاؤ تو کہتے ہیں وہ جو ہم پر اترا ہم اس پر ایمان لاتے ہیں اور باقی سے انکار کرتے ہیں حالانکہ وہ

الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَهُمْ ۗ قُلْ فَلِمَ تَقْتُلُوْنَ اَنْۢبِيَآءَ اللّٰهِ مِنْ قَبْلُ

| الْحَقُّ | مُصَدِّقًا | لِّمَا | مَعَهُمْ | قُلْ | فَلِمَ | تَقْتُلُوْنَ | اَنْۢبِيَآءَ اللّٰهِ | مِنْ قَبْلُ |
| جانیں | اور | کھیتی | اور ہلاک کرتا ہے | اس میں | تاکہ فساد ڈالے | زمین کے | میں | کوشش کرتا ہے |

تو زمین میں فساد پھیلانے کی کوشش کرتا ہے اور کھیتوں اور نسلوں کو برباد کرتا ہے

وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْفَسَادَ ﴿۲۰۵﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُ اتَّقِ اللّٰهَ اَخَذَتْهُ الْعِزَّةُ

| الْعِزَّةُ | اَخَذَتْهُ | اللّٰهَ | اتَّقِ | لَهُ | قِيْلَ | وَاِذَا | الْفَسَادَ | يُحِبُّ | لَا | اللّٰهُ | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ضد | تو پکڑتی ہے اسے | اللہ سے | ڈرو | اس سے | کہا جائے | اور جب | فساد کو | پسند کرتا | نہیں | اللہ | اور |

اور اللہ تعالیٰ فساد کو پسند نہیں کرتا۔ اور جب اس سے کہا جائے کہ اللہ سے ڈرو تو گناہ کرنے پر اسے

بِالْاِثْمِ فَحَسْبُهٗ جَهَنَّمُ ؕ وَلَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۲۰۶﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ

| مَنْ | مِنَ النَّاسِ | وَ | الْمِهَادُ | وَلَبِئْسَ | جَهَنَّمُ | فَحَسْبُهٗ | بِالْاِثْمِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ ہیں جو | بعض لوگ | اور | بچھونا | اور برا ہے | جہنم | تو کافی ہے اسے | گناہ میں |

اور ضد چڑھے ایسے کو دوزخ کافی ہے اور وہ بہت برا بچھونا ہے۔ اور (اس کے برعکس) لوگوں میں

يَّشْرِىْ نَفْسَهُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ ۗ وَاللّٰهُ رَءُوْفٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿٢٠٧﴾

| يَّشْرِىْ | نَفْسَهُ | ابْتِغَآءَ | مَرْضَاتِ | اللّٰهِ | وَ | اللّٰهُ | رَءُوْفٌ | بِالْعِبَادِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیچتے ہیں | اپنی جان | چاہتے ہیں | رضا | اللہ کی | اور | اللہ | مہربان ہے | بندوں پر |

کوئی شخص ایسا بھی ہوتا ہے جو اللہ کی رضا حاصل کرنے کیلئے اپنی جان بھی بیچ ڈالتا ہے اور اللہ بندوں پر بڑی مہربانی فرمانے والا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ادْخُلُوْا فِى السِّلْمِ كَآفَّةً ۠ وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ

| يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | ادْخُلُوْا | فِى | السِّلْمِ | كَآفَّةً | وَ | لَا | تَتَّبِعُوْا | خُطُوٰتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے وہ | لوگو | جو ایمان لائے ہو | داخل ہو جاؤ | میں | اسلام | پورے پورے | اور | نہ | پیروی کرو | قدموں |

اے ایمان والو اسلام میں مکمل طور پر داخل ہوجاؤ اور شیطان کے قدموں کی پیروی نہ کرو

الشَّيْطٰنِ ۗ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿٢٠٨﴾ فَاِنْ زَلَلْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا

| الشَّيْطٰنِ | اِنَّهٗ | لَكُمْ | عَدُوٌّ | مُّبِيْنٌ | فَاِنْ | زَلَلْتُمْ | مِّنْۢ بَعْدِ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شیطان کی | بے شک وہ | تمہارا | دشمن ہے | کھلا | پھر اگر | پھسل گئے تم | اس کے بعد کہ | جو |

بے شک وہ (شیطان) تمہارا کھلا دشمن ہے۔ روشن دلیلیں آ جانے کے بعد بھی

جَآءَتْكُمُ الْبَيِّنٰتُ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿٢٠٩﴾ هَلْ يَنْظُرُوْنَ

| جَآءَتْكُمُ | الْبَيِّنٰتُ | فَاعْلَمُوْٓا | اَنَّ | اللّٰهَ | عَزِيْزٌ | حَكِيْمٌ | هَلْ يَنْظُرُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آئیں تمہارے پاس | کھلی دلیلیں | تو جان لو | بیشک | اللہ | زبردست | حکمت والا ہے | کیا یہ انتظار میں ہیں |

اگر تم شیطان کے پھسلانے پر پھسل جاؤ تو جان لو کہ بیشک اللہ زبردست حکمت والا ہے۔ کیا وہ اسی بات کا انتظار کر رہے ہیں

اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيَهُمُ اللّٰهُ فِىْ ظُلَلٍ مِّنَ الْغَمَامِ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَقُضِىَ

| اِلَّآ | اَنْ | يَّاْتِيَهُمُ | اللّٰهُ | فِىْ | ظُلَلٍ | مِّنَ الْغَمَامِ | وَ | الْمَلٰٓئِكَةُ | وَ | قُضِىَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مگر | یہ | آئے گا ان پر | اللہ کا عذاب | میں | چھائے ہوئے | بادلوں سے | اور | فرشتے بھی | اور | ہو چکے |

کہ اللہ (کا عذاب) بادل کے سائبانوں میں اور (عذاب کے) فرشتے ان کے پاس آ جائیں اور کام تمام ہو

ع ۹

الْاَمْرُ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿۲۱۰﴾ ع سَلْ بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ كَمْ

| كَمْ | اِسْرَآءِيْلَ | بَنِيْۤ | سَلْ | الْاُمُوْرُ | تُرْجَعُ | اللّٰهِ | وَاِلَى | الْاَمْرُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کتنی | یعقوب سے | اولاد | پوچھو | تمام کام | لوٹتے ہیں | اللہ کے | اور طرف | کام |

جائے اور اللہ ہی کی طرف سارے معاملات لوٹائے جاتے ہیں۔ بنی اسرائیل سے پوچھو ہم نے انہیں

اٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ اٰيَةٍۢ بَيِّنَةٍ ؕ وَمَنْ يُّبَدِّلْ نِعْمَةَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُ

| جَآءَتْهُ | مَا | مِنْۢ بَعْدِ | اللّٰهِ | نِعْمَةَ | يُّبَدِّلْ | مَنْ | وَ | بَيِّنَةٍ | مِّنْ اٰيَةٍ | اٰتَيْنٰهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آئی اس کے پاس | جو | بعد اس کے | اللہ کی | نعمت | بدلے | جو | اور | روشن | نشانیاں | دیں ہم نے ان کو |

کتنی روشن نشانیاں دیں اس کے باوجود جو اللہ کی طرف سے آئی ہوئی نعمت کو بدل دے بعد اس کے کہ جو اسکے پاس

فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۲۱۱﴾ زُيِّنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا

| الدُّنْيَا | الْحَيٰوةُ | كَفَرُوا | لِلَّذِيْنَ | زُيِّنَ | الْعِقَابِ | شَدِيْدُ | اللّٰهَ | فَاِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دنیا کی | زندگی | کافر ہوئے | ان کو جو | آراستہ کی گئی | عذاب والا ہے | سخت | اللہ | تو بیشک |

آچکی ہو پس بے شک (اللہ کا) عذاب سخت ہے۔ (یقیناً) دنیا کی زندگی کو خوشنما بنا دیا گیا ان لوگوں کے لیے جنہوں نے

وقف لازم

وَيَسْخَرُوْنَ مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۘ وَالَّذِيْنَ اتَّقَوْا فَوْقَهُمْ يَوْمَ

| يَوْمَ | فَوْقَهُمْ | اتَّقَوْا | وَالَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | مِنَ الَّذِيْنَ | يَسْخَرُوْنَ | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دن | ان کے اوپر ہیں | پرہیزگار ہیں | اور وہ جو | ایمان لائے | ان سے جو | تمسخر کرتے ہیں | اور |

کفر کیا۔ اور وہ اُن لوگوں کا مذاق اڑاتے ہیں جو ایمان لائے۔ حالانکہ وہ لوگ جو (اللہ تعالیٰ سے) ڈرتے ہیں۔ قیامت کے

الْقِيٰمَةِ ؕ وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۲۱۲﴾ كَانَ النَّاسُ

| النَّاسُ | كَانَ | حِسَابٍ | بِغَيْرِ | يَّشَآءُ | مَنْ | يَرْزُقُ | اللّٰهُ | وَ | الْقِيٰمَةِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لوگ | تھے | حساب کیے | بغیر | چاہے | جسے | دیتا ہے | اللہ | اور | قیامت کے |

روز (ان کے مقابلے میں) اونچے ہوں گے۔ اور اللہ تعالیٰ جس کو چاہتا ہے بے حساب رزق دیتا ہے۔ (ابتداء میں) سب

أُمَّةً وَّاحِدَةً قف فَبَعَثَ اللّٰهُ النَّبِيّٖنَ مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ص

| أُمَّةً | وَّاحِدَةً | فَبَعَثَ | اللّٰهُ | النَّبِيّٖنَ | مُبَشِّرِيْنَ | وَ | مُنْذِرِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جماعت | ایک | تو بھیجے | اللہ نے | انبیاء | خوشخبری دیتے | اور | ڈرسناتے |

لوگ ایک ہی دین پر جمع تھے (پھر جب ان میں اختلافات رونما ہو گئے) تو اللہ نے بشارت دینے والے اور ڈرسنانے والے پیغمبروں کو بھیجا

وَاَنْزَلَ مَعَهُمُ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِيَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ فِيْمَا اخْتَلَفُوْا

| وَ | اَنْزَلَ | مَعَهُمُ | الْكِتٰبَ | بِالْحَقِّ | لِيَحْكُمَ | بَيْنَ | النَّاسِ | فِيْمَا | اخْتَلَفُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | اتاری | ان کے ساتھ | کتاب | ساتھ حق کے | تاکہ فیصلہ کرے | درمیان | لوگوں کے | اس میں | جو اختلاف کیا انہوں نے |

اور ان کے ساتھ حق پر مبنی کتاب اُتاری تاکہ وہ لوگوں میں ان امور کا فیصلہ کر دے جن میں وہ اختلاف

فِيْهِ ط وَمَا اخْتَلَفَ فِيْهِ اِلَّا الَّذِيْنَ اُوْتُوْهُ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ

| فِيْهِ | وَمَا | اخْتَلَفَ | فِيْهِ | اِلَّا | الَّذِيْنَ | اُوْتُوْهُ | مِنْۢ بَعْدِ | مَا | جَآءَتْهُمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس میں | اور نہ | اختلاف کیا | اس میں | مگر | ان لوگوں نے | جن کو دی گئی تھی | بعد اس کے | جو | آئیں ان کے پاس |

کرنے لگے تھے اور اس میں اختلاف بھی فقط انہی لوگوں نے کیا جنہیں وہ کتاب دی گئی تھی، باوجود اس کے کہ ان کے

الْبَيِّنٰتُ بَغْيًاۢ بَيْنَهُمْ ج فَهَدَى اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ

| الْبَيِّنٰتُ | بَغْيًا | بَيْنَهُمْ | فَهَدَى | اللّٰهُ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | لِمَا | اخْتَلَفُوْا | فِيْهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| روشن دلیلیں | سرکشی سے | اپنے اندر | تو ہدایت کی | اللہ نے | انہیں | جو ایمان لائے | اس سے کہ | اختلاف کیا | اس میں |

پاس واضح نشانیاں آ چکی تھیں (اور انہوں نے یہ اختلاف بھی) محض باہمی بغض و حسد کے بنا پر کیا پھر اللہ نے ایمان

مِنَ الْحَقِّ بِاِذْنِهٖ ط وَاللّٰهُ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ

| مِنَ الْحَقِّ | بِاِذْنِهٖ | وَ | اللّٰهُ | يَهْدِيْ | مَنْ | يَّشَآءُ | اِلٰى | صِرَاطٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حق سے | اپنے حکم سے | اور | اللہ | ہدایت کرتا ہے | جسے | چاہے | طرف | راستے |

والوں کو اپنے حکم سے وہ حق کی بات سمجھا دی جس میں وہ اختلاف کرتے تھے اور اللہ جسے چاہتا ہے سیدھے راستے کی طرف

مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۲۱۳﴾ اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَاْتِكُمْ مَّثَلُ

| مَّثَلُ | يَاْتِكُمْ | لَمَّا | وَ | الْجَنَّةَ | تَدْخُلُوا | اَنْ | حَسِبْتُمْ | اَمْ | مُّسْتَقِيْمٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| روداد | آئی تمہارے پاس | ابھی نہیں | اور | جنت میں | داخل ہوجاؤ گے | یہ کہ | گمان کرتے ہو تم | کیا | سیدھے کی |

ہدایت فرما دیتا ہے۔ کیا تم نے گمان کر لیا ہے کہ تم جنت میں داخل ہوجاؤ گے حالانکہ (ابھی) تم پر ان

الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ ؕ مَسَّتْهُمُ الْبَاْسَآءُ وَالضَّرَّآءُ وَزُلْزِلُوْا

| زُلْزِلُوْا | وَ | الضَّرَّآءُ | وَ | الْبَاْسَآءُ | مَسَّتْهُمُ | مِنْ قَبْلِكُمْ | خَلَوْا | الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لرزا تھے | اور | شدت | اور | سختی | پہنچی ان کو | تم سے پہلے | ہو گزرے | ان کی جو |

لوگوں جیسی مصیبتیں نہیں آئیں جو تم سے پہلے گزر گئے، انہیں سخت سے سخت تکلیف پہنچی اور وہ ہلا دیئے گئے

حَتّٰى يَقُوْلَ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ مَتٰى نَصْرُ اللّٰهِ ؕ اَلَآ

| اَلَآ | اللّٰهِ | نَصْرُ | مَتٰى | مَعَهٗ | اٰمَنُوْا | وَالَّذِيْنَ | الرَّسُوْلُ | يَقُوْلَ | حَتّٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سن لو | اللہ کی | مدد | کب ہوگی | اُن کے ساتھ | ایمان لائے | اور ان لوگوں نے جو | رسول نے | کہا | یہاں تک کہ |

یہاں تک کہ رسول نے فرمایا اور اس کے ساتھ ایمان لانے والوں نے کہا اللہ کی مدد کب آئے گی ؟

اِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ ﴿۲۱۴﴾ يَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ ؕ قُلْ مَآ اَنْفَقْتُمْ

| اَنْفَقْتُمْ | مَآ | قُلْ | يُنْفِقُوْنَ | مَاذَا | يَسْـَٔلُوْنَكَ | قَرِيْبٌ | اللّٰهِ | نَصْرَ | اِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خرچ کرو تم | جو | فرمادو | خرچ کریں | کیا | پوچھتے ہیں آپ سے | قریب ہے | اللہ کی | مدد | بیشک |

سن لو بے شک اللہ کی مدد قریب ہے۔ وہ آپ ﷺ سے پوچھتے ہیں کیا خرچ کریں فرما دیجئے تم جو مال

مِّنْ خَيْرٍ فَلِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَ

| وَ | الْمَسٰكِيْنِ | وَ | وَالْيَتٰمٰى | الْاَقْرَبِيْنَ | وَ | فَلِلْوَالِدَيْنِ | مِّنْ خَيْرٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | محتاجوں | اور | اور یتیموں | رشتہ داروں | اور | تو ماں باپ پر | مال سے |

(بھی) خرچ کرو تو (وہ) ماں باپ، قریبی رشتہ داروں، یتیموں، محتاجوں اور مسافروں

ابن السبیل ط وما تفعلوا من خیر فان اللہ بہ علیم ﴿۲۱۵﴾ کتب

| ابن السبیل | و | ما | تفعلوا | من خیر | فان | اللہ | بہ | علیم | کتب |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| راہ گیروں پر | اور | جو | کروتم | بھلائی سے | تو بیشک | اللہ | اس کو | جانتا ہے | فرض ہوا |

کا حق ہے اور تم جو نیکی کرو تو بے شک اللہ اسے خوب جانتا ہے۔ (اللہ کی راہ میں) قتال

علیکم القتال وھو کرہ لکم ج وعسى ان تکرھوا شیئا وھو

| علیکم | القتال | و | ھو | کرہ | لکم | وعسى | ان | تکرھوا | شیئا | و | ھو |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم پر | جہاد | اور | وہ | گراں ہے | تم پر | اور قریب ہے | یہ کہ | ناپسند کرو تم | کسی چیز کو | اور | وہ |

تم پر فرض کیا گیا اور وہ طبعاً تم پر ناپسندیدہ ہے اور ہو سکتا ہے کہ تم کسی چیز کو ناپسندیدہ سمجھو اور

خیر لکم ج وعسى ان تحبوا شیئا وھو شر لکم ط واللہ یعلم

| خیر | لکم | و | عسى | ان | تحبوا | شیئا | و | ھو | شر | لکم | و | اللہ | یعلم |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بہتر ہو | تمہارے لئے | اور | قریب ہے | یہ کہ | پسند کرو تم | کسی چیز کو | اور | وہ | بری ہو | تمہارے لئے | اور | اللہ | جانتا ہے |

وہ تمہارے لئے بہتر ہو اور ہو سکتا ہے کہ تم کسی چیز کو پسند کرو اور وہ تمہارے لئے بُری ہو

وانتم لا تعلمون ﴿۲۱۶﴾ ع یسئلونک عن الشھر الحرام قتال فیہ ط قل

| و | انتم | لا | تعلمون | یسئلونک | عن الشھر | الحرام | قتال | فیہ | قل |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | تم | نہیں | جانتے | پوچھتے ہیں آپ سے | مہینے | ماہ حرام میں | کہ لڑائی کرنا | اس میں کیسا ہے | فرمادیں |

اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔ آپ ﷺ سے ماہ حرام میں لڑنے کا حکم پوچھتے ہیں آپ ﷺ فرمادیں

قتال فیہ کبیر ط وصد عن سبیل اللہ وکفر بہ والمسجد

| قتال | فیہ | کبیر | و | صد | عن سبیل | اللہ | و | کفر | بہ | والمسجد |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لڑائی کرنا | اس میں | بڑا گناہ ہے | اور | روکنا | راستے سے | اللہ کے | اور | کفر کرنا | اس کے ساتھ | اور مسجد |

اس میں لڑنا بڑا گناہ ہے اور اللہ کی راہ سے روکنا اور اس پر ایمان نہ لانا اور مسجد

الْحَرَامِ ۚ وَاِخْرَاجُ اَهْلِهٖ مِنْهُ اَكْبَرُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ وَالْفِتْنَةُ اَكْبَرُ

| الْحَرَامِ | وَ | اِخْرَاجُ | اَهْلِهٖ | مِنْهُ | اَكْبَرُ | عِنْدَ | اللّٰهِ | وَ | الْفِتْنَةُ | اَكْبَرُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حرام سے | اور | نکالنا | اس کے رہنے والوں کو | اس سے | بہت بڑا گناہ ہے | نزدیک | اللہ کے | اور | فساد | بہت بڑا ہے |

حرام سے روکنا اور اس کے بسنے والوں کو نکال دینا اللہ کے نزدیک یہ گناہ اس سے بھی بڑے ہیں

مِنَ الْقَتْلِ ؕ وَلَا يَزَالُوْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ حَتّٰى يَرُدُّوْكُمْ عَنْ دِيْنِكُمْ اِنِ

| مِنَ الْقَتْلِ | وَ | لَا | يَزَالُوْنَ | يُقَاتِلُوْنَكُمْ | حَتّٰى | يَرُدُّوْكُمْ | عَنْ دِيْنِكُمْ | اِنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قتل سے | اور | نہ | ٹلیں گے | لڑائی کرتے رہیں گے تم سے | یہاں تک کہ | پھیر دیں وہ تم کو | تمہارے دین سے | اگر |

اور ان کا فساد قتل سے سخت تر ہے اور یہ لوگ ہمیشہ تم سے لڑتے رہیں گے

اسْتَطَاعُوْا ؕ وَمَنْ يَّرْتَدِدْ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَيَمُتْ وَهُوَ كَافِرٌ

| اسْتَطَاعُوْا | وَ | مَنْ | يَّرْتَدِدْ | مِنْكُمْ | عَنْ دِيْنِهٖ | فَيَمُتْ | وَ | هُوَ | كَافِرٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ طاقت رکھیں | اور | جو | پھر جائے | تم میں سے | اپنے دین سے | پھر مرے | اور | وہ | کافر ہی ہو |

یہاں تک کہ وہ تمہیں تمہارے دین سے پھیر دیں اور تم میں جو کوئی اپنے دین سے پھرے گا پھر کافر ہو کر مرے

فَاُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَاُولٰٓئِكَ

| فَاُولٰٓئِكَ | حَبِطَتْ | اَعْمَالُهُمْ | فِىْ | الدُّنْيَا | وَ | الْاٰخِرَةِ | وَاُولٰٓئِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو یہ لوگ | اکارت گئے | ان کے عمل | میں | دنیا | اور | آخرت میں | اور یہی لوگ ہیں |

تو ایسے لوگوں کے اعمال دنیا و آخرت میں ضائع ہوگئے۔

اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۱۷﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

| اَصْحٰبُ | النَّارِ | هُمْ | فِيْهَا | خٰلِدُوْنَ | اِنَّ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ساتھی | آگ کے | وہ | اس میں | ہمیشہ رہیں گے | بیشک | وہ جو | ایمان لائے |

دنیا اور آخرت میں اور یہی لوگ جہنمی ہیں اورانہیں اس میں ہمیشہ رہنا ہے۔ بے شک وہ لوگ جو ایمان لائے

وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۙ اُولٰٓئِكَ يَرْجُوْنَ

| يَرْجُوْنَ | اُولٰٓئِكَ | اللّٰهِ | سَبِيْلِ | فِيْ | جٰهَدُوْا | وَ | هَاجَرُوْا | الَّذِيْنَ | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| امیدوار ہیں | یہ لوگ | اللہ کے | رستے | میں | جہاد کیا | اور | گھر بار چھوڑے | وہ جنہوں نے | اور |

اور وہ جنہوں نے اللہ کیلئے اپنے گھر بار کو چھوڑا اور اللہ کی راہ میں لڑے یہی لوگ

رَحْمَتَ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۱۸﴾ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْخَمْرِ

| عَنِ الْخَمْرِ | يَسْـَٔلُوْنَكَ | رَّحِيْمٌ | غَفُوْرٌ | اللّٰهُ | وَ | اللّٰهِ | رَحْمَتَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شراب کے متعلق | پوچھتے ہیں آپ سے | مہربان ہے | بخشنے والا | اللہ | اور | اللہ کی | رحمت کے |

رحمتِ الٰہی کے امیدوار ہیں اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ آپ ﷺ سے شراب اور جوئے کی نسبت سوال

وَالْمَيْسِرِ ۭ قُلْ فِيْهِمَآ اِثْمٌ كَبِيْرٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ ۡ وَاِثْمُهُمَآ اَكْبَرُ

| اَكْبَرُ | اِثْمُهُمَآ | وَ | لِلنَّاسِ | مَنَافِعُ | وَّ | كَبِيْرٌ | اِثْمٌ | فِيْهِمَآ | قُلْ | الْمَيْسِرِ | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بہت زیادہ ہے | ان کا گناہ | اور | لوگوں کیلئے | فائدہ بھی ہے | اور | بڑا ہے | گناہ | ان دونوں میں | فرمادو | جوئے سے | اور |

کرتے ہیں، فرمادیں ان دونوں میں بڑا گناہ ہے اور لوگوں کیلئے کچھ (دنیوی) فائدے بھی ہیں، مگر ان دونوں کا گناہ ان کے

مِنْ نَّفْعِهِمَا ۭ وَيَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ ڛ قُلِ الْعَفْوَ ۭ كَذٰلِكَ

| كَذٰلِكَ | الْعَفْوَ | قُلِ | يُنْفِقُوْنَ | مَاذَا | يَسْـَٔلُوْنَكَ | وَ | مِنْ نَّفْعِهِمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اسی طرح | جو بچ جائے | فرمادو | خرچ کریں | کیا | پوچھتے ہیں آپ سے | اور | ان کے نفع سے |

نفع سے بڑھ کر ہے، اور آپ سے یہ بھی پوچھتے ہیں کہ کیا کچھ خرچ کریں؟ فرمادیں جو ضرورت سے زائد ہے (خرچ کردو)، اسی طرح اللہ

يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۱۹﴾ ۙ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۭ

| الْاٰخِرَةِ | وَ | الدُّنْيَا | فِيْ | تَتَفَكَّرُوْنَ | لَعَلَّكُمْ | الْاٰيٰتِ | لَكُمُ | اللّٰهُ | يُبَيِّنُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آخرت کے | اور | دنیا کے | میں | غور و فکر کرو | تاکہ تم | آیتیں | تمہارے لئے | اللہ | بیان کرتا ہے |

تمہارے لئے (اپنے) احکام کھول کر بیان فرماتا ہے تاکہ تم غور و فکر کرو۔ (تمہارا غور و فکر) دنیا اور آخرت

وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْيَتٰمٰى ؕ قُلْ اِصْلَاحٌ لَّهُمْ خَيْرٌ ؕ وَ اِنْ

| وَيَسْـَٔلُوْنَكَ | عَنِ الْيَتٰمٰى | قُلْ | اِصْلَاحٌ | لَّهُمْ | خَيْرٌ | وَ | اِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور پوچھتے ہیں آپ سے | یتیموں کے متعلق | فرمادو | بھلا کرنا | ان کیلئے | بہتر ہے | اور | اگر |

اور آپ سے یتیموں کے بارے میں دریافت کرتے ہیں، فرمادیں ان (کے معاملات) کا سنوارنا بہتر ہے اور اگر

تُخَالِطُوْهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ الْمُفْسِدَ مِنَ الْمُصْلِحِ ؕ وَلَوْ

| تُخَالِطُوْهُمْ | فَاِخْوَانُكُمْ | وَاللّٰهُ | يَعْلَمُ | الْمُفْسِدَ | مِنَ الْمُصْلِحِ | وَ | لَوْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ملالوتم ان کو | تو وہ تمہارے بھائی ہیں | اور اللہ | جانتا ہے | بگاڑنے والے کو | سنوارنے والے سے | اور | اگر |

انہیں (نفقہ و کاروبار میں) اپنے ساتھ ملالو تو وہ بھی تمہارے بھائی ہیں اور اللہ خرابی کرنے والے کو بھلائی کرنے والے سے خوب جانتا ہے اور اگر

شَآءَ اللّٰهُ لَاَعْنَتَكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۲۰﴾ وَلَا تَنْكِحُوا

| شَآءَ | اللّٰهُ | لَاَعْنَتَكُمْ | اِنَّ | اللّٰهَ | عَزِيْزٌ | حَكِيْمٌ | وَ | لَا | تَنْكِحُوا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چاہتا | اللہ | تو تمہیں مشقت میں ڈالتا | بیشک | اللہ | زبردست | حکمت والا ہے | اور | نہ | نکاح کرو |

اللہ چاہے تو تمہیں مشقت میں ڈال دے، بے شک اللہ بڑا غالب بڑی حکمت والا ہے۔ اور تم شرک کرنے

الْمُشْرِكٰتِ حَتّٰى يُؤْمِنَّ ؕ وَلَاَمَةٌ مُّؤْمِنَةٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكَةٍ وَّلَوْ

| الْمُشْرِكٰتِ | حَتّٰى | يُؤْمِنَّ | وَلَاَمَةٌ | مُّؤْمِنَةٌ | خَيْرٌ | مِّنْ مُّشْرِكَةٍ | وَّ | لَوْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مشرک عورتوں سے | یہاں تک کہ | ایمان لائیں | اور یقیناً لونڈی | مومن | بہتر ہے | مشرک عورت سے | اور | اگرچہ |

والی عورتوں سے نکاح نہ کرو یہاں تک کہ وہ ایمان لے آئیں اور بے شک ایمان والی باندی بہتر ہے (آزاد) مشرکہ سے

اَعْجَبَتْكُمْ ۚ وَلَا تُنْكِحُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَتّٰى يُؤْمِنُوْا ؕ وَلَعَبْدٌ

| اَعْجَبَتْكُمْ | وَ | لَا | تُنْكِحُوا | الْمُشْرِكِيْنَ | حَتّٰى | يُؤْمِنُوْا | وَ | لَعَبْدٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تمہیں بھلی لگے | اور | نہ | نکاح کر کے دو | مشرکوں کو | یہاں تک کہ | ایمان لائیں | اور | یقیناً غلام |

اگرچہ وہ تمہیں اچھی لگے اور شرک کرنے والے مردوں کے نکاح میں ایمان والی عورتوں کو نہ دو یہاں تک کہ وہ (مشرک)

مُؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكٍ وَّلَوْ اَعْجَبَكُمْ ؕ اُولٰٓئِكَ يَدْعُوْنَ اِلَى

| مُؤْمِنٌ | خَيْرٌ | مِّنْ مُّشْرِكٍ | وَّ | لَوْ | اَعْجَبَكُمْ | اُولٰٓئِكَ | يَدْعُوْنَ | اِلَى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مومن | بہتر ہے | مشرک آدمی سے | اور | اگرچہ | تمہیں اچھا لگے | یہ لوگ | بلاتے ہیں | طرف |

ایمان لائیں اور بے شک مومن غلام، شرک کرنے والے سے بہتر ہے اگرچہ وہ تمہیں اچھا لگے، وہ نارِ جہنم کی

النَّارِ ۖۚ وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلَى الْجَنَّةِ وَالْمَغْفِرَةِ بِاِذْنِهٖ ۚ وَيُبَيِّنُ اٰيٰتِهٖ

| النَّارِ | وَ | اللّٰهُ | يَدْعُوْٓا | اِلَى | الْجَنَّةِ | وَ | الْمَغْفِرَةِ | بِاِذْنِهٖ | وَ | يُبَيِّنُ | اٰيٰتِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دوزخ کی | اور | اللہ | بلاتا ہے | طرف | جنت کی | اور | بخشش کی | اپنے حکم سے | اور | بیان کرتا ہے | اپنی آیتیں |

طرف بلاتے ہیں اور اللہ اپنے اذن سے جنت اور بخشش کی طرف بلاتا ہے اور اپنی آیتیں

لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۲۱﴾ وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ ؕ قُلْ هُوَ

| لِلنَّاسِ | لَعَلَّهُمْ | يَتَذَكَّرُوْنَ | وَ | يَسْـَٔلُوْنَكَ | عَنِ الْمَحِيْضِ | قُلْ | هُوَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لوگوں کے لئے | تاکہ وہ | نصیحت حاصل کریں | اور | آپ سے پوچھتے ہیں | حیض کے متعلق | فرما دیجئے | وہ |

لوگوں کیلئے بیان فرماتا ہے تاکہ وہ نصیحت قبول کریں۔ اور پوچھتے ہیں آپ سے حیض کے بارے میں، فرما دیجئے

اَذًى ۙ فَاعْتَزِلُوا النِّسَآءَ فِي الْمَحِيْضِ ۙ وَلَا تَقْرَبُوْهُنَّ حَتّٰى

| اَذًى | فَاعْتَزِلُوا | النِّسَآءَ | فِي الْمَحِيْضِ | وَ | لَا | تَقْرَبُوْهُنَّ | حَتّٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ناپاکی ہے | تو الگ رہو | عورتوں سے | حیض کے دنوں میں | اور | نہ | نزدیکی کرو ان سے | یہاں تک کہ |

وہ گندگی ہے پس عورتوں سے حالتِ حیض میں الگ رہو اور انؔ سے قربت (جماع) نہ کرو یہاں تک کہ

يَطْهُرْنَ ۚ فَاِذَا تَطَهَّرْنَ فَاْتُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ اَمَرَكُمُ اللّٰهُ ؕ اِنَّ

| يَطْهُرْنَ | فَاِذَا | تَطَهَّرْنَ | فَاْتُوْهُنَّ | مِنْ حَيْثُ | اَمَرَكُمُ | اللّٰهُ | اِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پاک ہو جائیں | پھر جب | پاک ہو جائیں | تو جاؤ ان کے پاس | جہاں سے | حکم دیا تم کو | اللہ نے | بیشک |

وہ پاک ہو جائیں پھر جب وہ اچھی طرح پاک ہو جائیں تو آؤ ان کے پاس جہاں سے اللہ نے تمہیں حکم دیا، بے شک اللہ

اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِيْنَ ﴿۲۲۲﴾ نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ

| اللّٰهَ | يُحِبُّ | التَّوَّابِيْنَ | وَ | يُحِبُّ | الْمُتَطَهِّرِيْنَ | نِسَآؤُكُمْ | حَرْثٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ | پسند کرتا ہے | بہت توبہ کرنے والوں کو | اور | پسند کرتا ہے | ستھروں کو | تمہاری عورتیں | کھیتی ہیں |

بہت توبہ کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے اور خوب پاکی حاصل کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔ تمہاری عورتیں تمہاری

لَّكُمْ فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ وَقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ

| لَّكُمْ | فَاْتُوْا | حَرْثَكُمْ | اَنّٰى | شِئْتُمْ | وَ | قَدِّمُوْا | لِاَنْفُسِكُمْ | وَ | اتَّقُوا | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تمہاری | تو آؤ | اپنی کھیتی کو | جیسے | تم چاہو | اور | آگے بھیجو | اپنی جانوں کیلئے | اور | ڈرو | اللہ سے |

کھیتیاں ہیں تو آؤ اپنی کھیتی میں جس طرح چاہو اور اپنے لئے تم کچھ آگے بھی بھیجتے رہو اور اللہ سے ڈرتے رہو

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ مُّلٰقُوْهُ ؕ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۲۳﴾ وَلَا تَجْعَلُوا اللّٰهَ

| وَ | اعْلَمُوْٓا | اَنَّكُمْ | مُّلٰقُوْهُ | وَبَشِّرِ | الْمُؤْمِنِيْنَ | وَلَا | تَجْعَلُوْا | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جان لو | کہ تم | اس کو ملنے والے ہو | اور خوشخبری سناؤ | ایمان والوں کو | اور نہ | بناؤ | اللہ کو |

اور جان رکھو کہ تمہیں اس سے ملنا ہے اور اے محبوب ﷺ! ایمان والوں کو بشارت دے دو۔ اور اللہ تعالیٰ کو اپنی قسموں کے

عُرْضَةً لِّاَيْمَانِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْا وَتَتَّقُوْا وَتُصْلِحُوْا بَيْنَ النَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ

| عُرْضَةً | لِّاَيْمَانِكُمْ | اَنْ | تَبَرُّوْا | وَ | تَتَّقُوْا | وَ | تُصْلِحُوْا | بَيْنَ | النَّاسِ | وَ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نشانہ | اپنی قسموں کا | یہ کہ | نیک بن جاؤ | اور | پرہیزگار ہوجاؤ | اور | اصلاح کرو | درمیان | لوگوں کے | اور | اللہ |

لیے نشانہ نہ بناؤ کہ تم بھلائی اور پرہیزگاری نہ کرو اور لوگوں کے درمیان صلح نہ کراؤ اور اللہ تعالیٰ خوب سننے والا، سب

سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۲۴﴾ لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ وَلٰكِنْ

| سَمِيْعٌ | عَلِيْمٌ | لَا | يُؤَاخِذُكُمُ | اللّٰهُ | بِاللَّغْوِ | فِيْٓ | اَيْمَانِكُمْ | وَ | لٰكِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تا ہے | جانتا ہے | نہیں | پکڑتا تم کو | اللہ | بیہودہ گوئی پر | میں | تمہاری قسموں | اور | لیکن |

جاننے والا ہے۔ اللہ تمہاری بیہودہ قسموں پر تم سے مواخذہ نہیں فرمائے گا مگر ان کا ضرور مواخذہ

يُؤَاخِذُكُمْ بِمَا كَسَبَتْ قُلُوبُكُمْ ۗ وَاللّٰهُ غَفُورٌ حَلِيمٌ ﴿٢٢٥﴾ لِلَّذِينَ

| يُؤَاخِذُكُمْ | بِمَا | كَسَبَتْ | قُلُوبُكُمْ | وَ | اللّٰهُ | غَفُورٌ | حَلِيمٌ | لِلَّذِينَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گرفت فرماتاہے تم پر | اس میں جو | کمایا | تمہارے دلوں نے | اور | اللہ | بخشنے والا | حلم والاہے | ان کیلئے جو |

فرمائے گا جن کا تمہارے دلوں نے ارادہ کیا ہو اور اللہ بخشنے والا بہت حلم والا ہے۔ اور ان لوگوں

يُؤْلُونَ مِنْ نِسَائِهِمْ تَرَبُّصُ أَرْبَعَةِ أَشْهُرٍ ۖ فَإِنْ فَاءُوا فَإِنَّ اللّٰهَ

| يُؤْلُونَ | مِنْ نِسَائِهِمْ | تَرَبُّصُ | أَرْبَعَةِ | أَشْهُرٍ | فَإِنْ | فَاءُوْ | فَإِنَّ | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قسمیں کھائیں | اپنی عورتوں سے | انتظار کرنا ہے | چار | مہینے | پھر اگر | لوٹ آئیں | تو بیشک | اللہ |

کیلئے جو اپنی بیویوں کے قریب نہ جانے کی قسم کھائیں چار ماہ کی مہلت ہے، پس اگر وہ (اس مدت میں) رجوع کرلیں تو بے شک

غَفُورٌ رَحِيمٌ ﴿٢٢٦﴾ وَإِنْ عَزَمُوا الطَّلَاقَ فَإِنَّ اللّٰهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ﴿٢٢٧﴾

| غَفُورٌ | رَحِيمٌ | وَ | إِنْ | عَزَمُوا | الطَّلَاقَ | فَإِنَّ | اللّٰهَ | سَمِيعٌ | عَلِيمٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بخشنے والا | مہربان ہے | اور | اگر | ارادہ کریں | طلاق کا | تو بے شک | اللہ | سننے والا | جاننے والاہے |

اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ اور اگر انہوں نے طلاق کا پختہ ارادہ کرلیا تو بے شک اللہ خوب سننے والا سب کچھ جاننے والا ہے۔

وَالْمُطَلَّقَاتُ يَتَرَبَّصْنَ بِأَنْفُسِهِنَّ ثَلَاثَةَ قُرُوءٍ ۚ وَلَا يَحِلُّ لَهُنَّ أَنْ

| وَالْمُطَلَّقَاتُ | يَتَرَبَّصْنَ | بِأَنْفُسِهِنَّ | ثَلَاثَةَ | قُرُوءٍ | وَ | لَا | يَحِلُّ | لَهُنَّ | أَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور مطلقہ عورتیں | انتظار کریں | اپنی جانوں سے | تین | حیض | اور | نہیں | حلال | واسطے ان کے | یہ کہ |

اور طلاق پانے والی عورتیں روکے رکھیں اپنے آپ کو تین حیضوں تک اور ان کیلئے حلال نہیں کہ وہ چھپائیں

يَكْتُمْنَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ فِي أَرْحَامِهِنَّ إِنْ كُنَّ يُؤْمِنَّ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ

| يَكْتُمْنَ | مَا | خَلَقَ | اللّٰهُ | فِي أَرْحَامِهِنَّ | إِنْ | كُنَّ | يُؤْمِنَّ | بِاللّٰهِ | وَ | الْيَوْمِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چھپائیں وہ | جو | پیدا کیا | اللہ نے | ان کے پیٹ میں | اگر | ہیں وہ | ایمان رکھتیں | اللہ | اور | دن |

جو اللہ نے ان کے رحموں میں پیدا کیا اگر وہ اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتی

الْاٰخِرِ ؕ وَبُعُوْلَتُهُنَّ اَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ فِیْ ذٰلِكَ اِنْ اَرَادُوْۤا

| اَرَادُوْۤا | اِنْ | فِیْ ذٰلِكَ | بِرَدِّهِنَّ | اَحَقُّ | وَبُعُوْلَتُهُنَّ | الْاٰخِرِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ارادہ کریں | اگر | اس میں | ان کے لوٹانے میں | زیادہ حقدار ہیں | اور ان کے خاوند | پچھلے پر |

ہوں اور ان کے خاوند حقدار ہیں اس مدت میں انہیں لوٹانے کے اگر وہ حسن سلوک کے ساتھ رہنا

اِصْلَاحًا ؕ وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِیْ عَلَیْهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۪ وَلِلرِّجَالِ

| لِلرِّجَالِ | وَ | بِالْمَعْرُوْفِ | عَلَیْهِنَّ | الَّذِیْ | مِثْلُ | لَهُنَّ | وَ | اِصْلَاحًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مردوں کو | اور | شریعت کے موافق | ان پر ہے | اس کے جو | مثل | ان کا حق ہے | اور | صلح کا |

چاہیں اور ان (عورتوں) کیلئے بھی ایسا ہی (حق) ہے جیسے (مردوں کا) ان پر (حق) ہے دستور (شرع) کے

عَلَیْهِنَّ دَرَجَةٌ ؕ وَاللّٰهُ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ ﴿۲۲۸﴾ اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ ۪

| مَرَّتٰنِ | اَلطَّلَاقُ | حَكِیْمٌ | عَزِیْزٌ | اللّٰهُ | وَ | دَرَجَةٌ | عَلَیْهِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دو مرتبہ ہے | طلاق | حکمت والا ہے | غالب ہے | اللہ | اور | فضیلت ہے | ان پر |

مطابق اور مردوں کو عورتوں پر فضیلت ہے اور اللہ بہت غالب ہے حکمت والا۔ یہ طلاق دوبار ہے پھر معروف

فَاِمْسَاكٌۢ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ تَسْرِیْحٌۢ بِاِحْسَانٍ ؕ وَلَا یَحِلُّ لَكُمْ اَنْ

| اَنْ | لَكُمْ | یَحِلُّ | وَلَا | بِاِحْسَانٍ | تَسْرِیْحٌ | اَوْ | بِمَعْرُوْفٍ | فَاِمْسَاكٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ کہ | تمہارے لئے | روا | اور نہیں | بھلائی سے | چھوڑ دینا ہے | یا | بھلائی سے | پھر روک لینا ہے |

طریقہ سے روک لینا ہے یا بھلائی کے ساتھ چھوڑ دینا ہے اور تمہیں جائز نہیں ہے

تَاْخُذُوْا مِمَّاۤ اٰتَیْتُمُوْهُنَّ شَیْـًٔا اِلَّاۤ اَنْ یَّخَافَاۤ اَلَّا یُقِیْمَا حُدُوْدَ

| حُدُوْدَ | یُقِیْمَا | اَلَّا | یَّخَافَاۤ | اَنْ | اِلَّاۤ | شَیْـًٔا | اٰتَیْتُمُوْهُنَّ | مِمَّاۤ | تَاْخُذُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حدیں | قائم کر سکیں گے | یہ کہ نہ | ڈریں | یہ کہ | مگر | کچھ بھی | دیا تم نے ان کو | اس سے جو | تم لے لو |

کہ جو کچھ عورتوں کو دیا ہے اس میں سے کچھ واپس لو مگر جب دونوں کو

اللّٰهِ ؕ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ۙ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيْمَا

| اللّٰهِ | فَاِنْ | خِفْتُمْ | اَلَّا | يُقِيْمَا | حُدُوْدَ | اللّٰهِ | فَلَا | جُنَاحَ | عَلَيْهِمَا | فِيْمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ کی | پھر اگر | تم ڈرو | یہ کہ نہ | قائم کریں گے | حدیں | اللہ کی | تو نہیں | گناہ | ان پر | اس میں جو |

اندیشہ ہو کہ اللہ کی حدیں قائم نہ رکھ سکیں گے تو ان دونوں پر کچھ گناہ نہیں اس مال میں سے

افْتَدَتْ بِهٖ ؕ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَعْتَدُوْهَا ۚ وَمَنْ يَّتَعَدَّ

| افْتَدَتْ | بِهٖ | تِلْكَ | حُدُوْدُ | اللّٰهِ | فَلَا تَعْتَدُوْهَا | وَ | مَنْ | يَّتَعَدَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بدلہ دے | اس کا | یہ | حدیں ہیں | اللہ کی | تو ان سے آگے نہ بڑھو | اور | جو کوئی | آگے بڑھے |

جو عورت بدلے میں دے یہ اللہ کی حدیں ہیں ان سے آگے نہ بڑھو اور

حُدُوْدَ اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۲۹﴾ فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهٗ

| حُدُوْدَ | اللّٰهِ | فَاُولٰٓئِكَ | هُمُ | الظّٰلِمُوْنَ | فَاِنْ | طَلَّقَهَا | فَلَا | تَحِلُّ | لَهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حدوں سے | اللہ کی | تو یہ لوگ | وہی ہیں | ظالم | پھر اگر | طلاق دے اس کو | تو نہیں | حلال ہے | اس کیلئے |

جو اللہ کی حدوں سے آگے بڑھے تو وہی لوگ ظالم ہیں۔ پھر اگر (تیسری) طلاق اسے دی تو اب

مِنْۢ بَعْدُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهٗ ؕ فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا جُنَاحَ

| مِنْۢ بَعْدُ | حَتّٰى | تَنْكِحَ | زَوْجًا غَيْرَهٗ | فَاِنْ | طَلَّقَهَا | فَلَا | جُنَاحَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس کے بعد | یہاں تک کہ | نکاح کرے | دوسرے شوہر سے | پھر اگر | وہ طلاق دے اس کو | تو نہیں | گناہ |

وہ عورت اس کے لئے حلال نہ ہو گی جب تک دوسرے خاوند کے پاس نہ رہے پھر وہ دوسرا اگر طلاق دے دے

عَلَيْهِمَآ اَنْ يَّتَرَاجَعَآ اِنْ ظَنَّآ اَنْ يُّقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ

| عَلَيْهِمَآ | اَنْ | يَّتَرَاجَعَآ | اِنْ | ظَنَّآ | اَنْ | يُّقِيْمَا | حُدُوْدَ | اللّٰهِ | وَتِلْكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان پر | یہ کہ | رجوع کریں | اگر | وہ خیال کریں | یہ کہ | بنائیں گے | حدیں | اللہ کی | اور یہ ہیں |

تو ان دونوں پر گناہ نہیں کہ پھر آپس میں مل جائیں اگر وہ دونوں سمجھتے ہوں کہ اللہ کی حدوں پر قائم رہیں گے اور یہ اللہ کی

حُدُوْدُ اللّٰهِ يُبَيِّنُهَا لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۲۳۰﴾ وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ

| حُدُوْدُ | اللّٰهِ | يُبَيِّنُهَا | لِقَوْمٍ | يَّعْلَمُوْنَ | وَ | اِذَا | طَلَّقْتُمُ | النِّسَآءَ | فَبَلَغْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حدیں | اللہ کی | بیان کرتا ہے ان کو | واسطے قوم | جاننے والے کی | اور | جب | طلاق دو تم | عورتوں کو | پس وہ پہنچ جائیں |

حدیں ہیں جنہیں اللہ علم والوں کیلئے بیان کرتا ہے اور جب تم عورتوں کو طلاق دے

اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ سَرِّحُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ ۠

| اَجَلَهُنَّ | فَاَمْسِكُوْهُنَّ | بِمَعْرُوْفٍ | اَوْ | سَرِّحُوْهُنَّ | بِمَعْرُوْفٍ |
|---|---|---|---|---|---|
| اپنی معیاد کو | تو ان عورتوں کو روک لو | نیکوئی کے ساتھ | یا | چھوڑ دو | نیکوئی کے ساتھ |

دو اور وہ اپنی عدت پوری کرلیں پس یا تو روک لو انہیں بھلائی کے ساتھ یا چھوڑ دو انہیں بھلائی کے ساتھ

وَلَا تُمْسِكُوْهُنَّ ضِرَارًا لِّتَعْتَدُوْا ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَقَدْ ظَلَمَ

| وَ | لَا | تُمْسِكُوْهُنَّ | ضِرَارًا | لِّتَعْتَدُوْا | وَ | مَنْ | يَّفْعَلْ | ذٰلِكَ | فَقَدْ | ظَلَمَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نہ | روکو ان کو | ضرر دینے کیلئے | تاکہ تم زیادتی کرو | اور | جو | کرے | ایسا | تو بیشک | اس نے ظلم کیا |

اور نہ روکو انہیں تکلیف دینے کی غرض سے تاکہ زیادتی کرو اور جوکوئی اس طرح کرے گا تو وہ اپنی ہی جان پر

نَفْسَهٗ ؕ وَلَا تَتَّخِذُوْٓا اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا ۫ وَّاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ

| نَفْسَهٗ | وَ | لَا | تَتَّخِذُوْٓا | اٰيٰتِ اللّٰهِ | هُزُوًا | وَ | اذْكُرُوْا | نِعْمَتَ | اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنی جان پر | اور | نہ | بناؤ | اللہ کی آیتیں کو | ٹھٹھا | اور | یاد کرو | احسان | اللہ کا |

ظلم کریگا اور اللہ کی آیتوں کو مذاق نہ بناؤ اور یاد کرو اللہ کی نعمت کو جو تم پر ہے

عَلَيْكُمْ وَمَآ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنَ الْكِتٰبِ وَالْحِكْمَةِ يَعِظُكُمْ بِهٖ ؕ

| عَلَيْكُمْ | وَ | مَا | اَنْزَلَ | عَلَيْكُمْ | مِّنَ الْكِتٰبِ | وَ | الْحِكْمَةِ | يَعِظُكُمْ | بِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنے اوپر | اور | جو | اتارا اس نے | تم پر | کتاب سے | اور | حکمت | نصیحت کرتا ہے تم کو | ساتھ اسکے |

اور (یاد کرو) جو اس نے نازل فرمایا تم پر قرآن اور حکمت وہ تمہیں اس سے نصیحت فرماتا ہے

وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿٢٣١﴾ وَاِذَا طَلَّقْتُمُ

| وَ | اتَّقُوا | اللّٰهَ | وَ | اعْلَمُوْٓا | اَنَّ | اللّٰهَ | بِكُلِّ | شَيْءٍ | عَلِيْمٌ | وَ | اِذَا | طَلَّقْتُمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | ڈرو | اللہ سے | اور | جان لو | بیشک | اللہ | ہر ایک | چیز کو | جاننے والا ہے | اور | جب | طلاق دو تم |

اور اللہ سے ڈرتے رہو اور خوب جان لو کہ بے شک اللہ تعالیٰ ہر چیز کو جاننے والا ہے۔ اور جب تم عورتوں کو طلاق دو،

النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ اَنْ يَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ

| النِّسَآءَ | فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ | فَلَا | تَعْضُلُوْهُنَّ | اَنْ | يَّنْكِحْنَ | اَزْوَاجَهُنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| عورتوں کو | پس ان کی میعاد پوری ہو جائے | تو نہ | روکو ان کو | یہ کہ | نکاح کریں | اپنے شوہروں سے |

پھر وہ اپنی عدت پوری کرلیں تو ان کو اپنے شوہروں سے نکاح کرنے سے نہ روکو

اِذَا تَرَاضَوْا بَيْنَهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ ذٰلِكَ يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ مِنْكُمْ

| اِذَا | تَرَاضَوْا | بَيْنَهُمْ | بِالْمَعْرُوْفِ | ذٰلِكَ | يُوْعَظُ | بِهٖ | مَنْ | كَانَ | مِنْكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جبکہ | وہ راضی ہوں | آپس میں | شرع کے مطابق | یہ | نصیحت کیا جاتا ہے | اس کو | وہ جو | ہے | تم میں سے |

جبکہ وہ بھلے طریقے سے آپس میں راضی ہو جائیں۔ یہ نصیحت اُس شخص کو کی جاتی ہے جو تم میں

يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ ذٰلِكُمْ اَزْكٰى لَكُمْ وَاَطْهَرُ ؕ وَاللّٰهُ

| يُؤْمِنُ | بِاللّٰهِ | وَ | الْيَوْمِ | الْاٰخِرِ | ذٰلِكُمْ | اَزْكٰى | لَكُمْ | وَ | اَطْهَرُ | وَاللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایمان رکھتا | اللہ | اور | دن | آخرت پر | یہ | بہت پاکیزہ ہے | تمہارے لئے | اور | بہت ستھرا | اور اللہ |

سے اللہ تعالیٰ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہو۔ یہ تمہارے لیے بہترین تزکیہ اور پاکیزگی کا ذریعہ ہوگا

يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٢٣٢﴾ وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ

| يَعْلَمُ | وَ | اَنْتُمْ | لَا | تَعْلَمُوْنَ | وَ | الْوَالِدٰتُ | يُرْضِعْنَ | اَوْلَادَهُنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جانتا ہے | اور | تم | نہیں | جانتے | اور | مائیں | دودھ پلائیں | اپنی اولاد کو |

اور اللہ تعالیٰ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔ اور مائیں دودھ پلائیں اپنے بچوں کو پورے دو سال (تک)

حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ ؕ وَعَلَى الْمَوْلُوْدِ لَهٗ

| حَوْلَيْنِ | كَامِلَيْنِ | لِمَنْ | اَرَادَ | اَنْ | يُّتِمَّ | الرَّضَاعَةَ | وَ | عَلَى | الْمَوْلُوْدِ لَهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دو سال | پورے | اس کے لئے جو | چاہے | یہ کہ | پورا کرے | دودھ کی مدت | اور | اوپر | بچے کے باپ کے |

اس کیلئے (ہے) جو دودھ پلانے کی مدت پوری کرنا چاہے اور جس کا بچہ ہے اس کے ذمہ ہے

رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ لَا تُكَلَّفُ نَفْسٌ اِلَّا وُسْعَهَا ۚ

| رِزْقُهُنَّ | وَ | كِسْوَتُهُنَّ | بِالْمَعْرُوْفِ | لَا | تُكَلَّفُ | نَفْسٌ | اِلَّا | وُسْعَهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کا نان ونفقہ | اور | ان کا کپڑا | دستور کے مطابق | نہیں | تکلیف دیا جانا | کوئی آدمی | مگر | اسکے مقدور بھر |

ان (دودھ پلانے والی ماؤں) کا دستور کے مطابق کھانا اور ان کا پہننا، کسی شخص کو تکلیف نہ دی جائے گی مگر اس کی

لَا تُضَآرَّ وَالِدَةٌ ۢ بِوَلَدِهَا وَلَا مَوْلُوْدٌ لَّهٗ بِوَلَدِهٖ ۗ وَعَلَى الْوَارِثِ

| لَا تُضَآرَّ | وَالِدَةٌ | بِوَلَدِهَا | وَلَا | مَوْلُوْدٌ لَّهٗ | بِوَلَدِهٖ | وَ | عَلَى | الْوَارِثِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور نہ ضرر دیا جائے | ماں کو | اسکے بچے کے سبب | اور نہ | بچہ کے باپ کو | اسکے بچے کے سبب | اور | اوپر | وارث کے |

طاقت کے مطابق، ماں کو ضرر نہ دیا جائے اس کے بچے کی وجہ سے اور نہ بچے والے کو اس کے بچے کی وجہ سے اور وارث

مِثْلُ ذٰلِكَ ۚ فَاِنْ اَرَادَا فِصَالًا عَنْ تَرَاضٍ مِّنْهُمَا وَتَشَاوُرٍ فَلَا

| مِثْلُ | ذٰلِكَ | فَاِنْ | اَرَادَا | فِصَالًا | عَنْ تَرَاضٍ | مِّنْهُمَا | وَتَشَاوُرٍ | فَلَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مثل | اسی کے ہے | پھر اگر | ارادہ کریں | دودھ چھڑانے کا | رضامندی سے | دونوں کی | اور مشورے سے | تو نہیں |

پر بھی اس کی مثل لازم ہے پھر اگر ماں باپ باہمی رضا مندی اور مشورے سے دودھ چھڑانا چاہیں تو ان پر کچھ

جُنَاحَ عَلَيْهِمَا ؕ وَاِنْ اَرَدْتُّمْ اَنْ تَسْتَرْضِعُوْٓا اَوْلَادَكُمْ فَلَا

| جُنَاحَ | عَلَيْهِمَا | وَ | اِنْ | اَرَدْتُّمْ | اَنْ | تَسْتَرْضِعُوْٓا | اَوْلَادَكُمْ | فَلَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گناہ | ان دونوں پر | اور | اگر | ارادہ کرو تم | یہ کہ | دودھ پلاؤ | اپنے بچے کو | تو نہیں |

گناہ نہیں اور اگر تم چاہو کہ (دائیوں سے) اپنے بچوں کو دودھ پلواؤ تو تم پر کچھ گناہ نہیں

جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِذَا سَلَّمْتُمْ مَّآ اٰتَيْتُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ

| جُنَاحَ | عَلَيْكُمْ | اِذَا | سَلَّمْتُمْ | مَّآ | اٰتَيْتُمْ | بِالْمَعْرُوْفِ | وَ | اتَّقُوا | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گناہ | تم پر | جب | دے دو | جو | دینا ہے تم کو | دستور کے مطابق | اور | ڈرو | اللہ سے |

جب کہ تم انہیں دے دو جو کچھ دستور کے مطابق مقرر ہوا تھا اور اللہ سے ڈرتے رہو

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿٢٣٣﴾ وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ

| وَ | اعْلَمُوْٓا | اَنَّ | اللّٰهَ | بِمَا | تَعْمَلُوْنَ | بَصِيْرٌ | وَ | الَّذِيْنَ | يُتَوَفَّوْنَ | مِنْكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جان لو | کہ بیشک | اللہ | اس کو | جو تم کرتے ہو | دیکھنے والا ہے | اور | وہ جو | مرجائیں | تم میں سے |

اور خوب جان لو کہ بیشک اللہ تمہارے سب کاموں کو دیکھ رہا ہے۔ اور جو لوگ تم میں سے وفات پا جائیں

وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا يَّتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا ۚ

| وَيَذَرُوْنَ | اَزْوَاجًا | يَّتَرَبَّصْنَ | بِاَنْفُسِهِنَّ | اَرْبَعَةَ | اَشْهُرٍ | وَّعَشْرًا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اور چھوڑ جائیں | بیویاں | انتظار کریں | اپنی جانوں سے | چار | مہینے | اور دس دن |

اور (اپنی) بیویاں چھوڑ جائیں تو وہ عورتیں اپنے آپ کو چار مہینے دس دن انتظار میں رکھیں

فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا فَعَلْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ

| فَاِذَا | بَلَغْنَ | اَجَلَهُنَّ | فَلَا | جُنَاحَ | عَلَيْكُمْ | فِيْمَا | فَعَلْنَ | فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پھر جب | پہنچ جائیں | اپنی عدت کو | تو نہیں | گناہ | تم پر | اس میں جو | کریں | اپنے آپ کیلئے |

پھر جب وہ اپنی عدت پوری کر لیں تو کوئی حرج نہیں تم پر اس بات میں جو دستور (شرع) کے مطابق وہ اپنے حق

بِالْمَعْرُوْفِ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿٢٣٤﴾ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا

| بِالْمَعْرُوْفِ | وَ | اللّٰهُ | بِمَا | تَعْمَلُوْنَ | خَبِيْرٌ | وَلَا | جُنَاحَ | عَلَيْكُمْ | فِيْمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شریعت کے موافق | اور | اللہ | اس سے جو | تم کرتے ہو | خبردار ہے | اور نہیں | گناہ | تم پر | اس بات میں |

میں کریں اور اللہ تمہارے سب کاموں سے خوب خبردار ہے۔ اور تم پر گناہ نہیں اس بات میں

عَرَّضْتُمْ بِهٖ مِنْ خِطْبَةِ النِّسَآءِ اَوْ اَكْنَنْتُمْ فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ ؕ عَلِمَ

| عَرَّضْتُمْ | بِهٖ | مِنْ خِطْبَةِ | النِّسَآءِ | اَوْ | اَكْنَنْتُمْ | فِيْٓ | اَنْفُسِكُمْ | عَلِمَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پوشیدہ طور پر دو | اسے | پیام سے | عورتوں کو | یا | چھپاؤ | میں | اپنی جانوں کے | جانتا ہے |

جو پردہ رکھ کر تم عورتوں کے نکاح کا پیغام دو یا اپنے دل میں چھپا رکھو اللہ جانتا ہے کہ اب تم

اللّٰهُ اَنَّكُمْ سَتَذْكُرُوْنَهُنَّ وَلٰكِنْ لَّا تُوَاعِدُوْهُنَّ سِرًّا اِلَّآ اَنْ

| اللّٰهُ | اَنَّكُمْ | سَتَذْكُرُوْنَهُنَّ | وَ | لٰكِنْ | لَّا | تُوَاعِدُوْهُنَّ | سِرًّا | اِلَّآ | اَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ | بیشک تم | تم یاد کرو گے | اور | لیکن | نہ | وعدہ کرو ان سے | خفیہ | مگر | یہ کہ |

ان کی یاد کرو گے ہاں ان سے خفیہ وعدہ نہ کر رکھو مگر یہ کہ اتنی ہی بات کہو جو شرع میں

تَقُوْلُوْا قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ؕ۬ وَلَا تَعْزِمُوْا عُقْدَةَ النِّكَاحِ حَتّٰى يَبْلُغَ

| تَقُوْلُوْا | قَوْلًا | مَّعْرُوْفًا | وَ | لَا | تَعْزِمُوْا | عُقْدَةَ | النِّكَاحِ | حَتّٰى | يَبْلُغَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہو تم | کہنا | شریعت کے موافق | اور | نہ | پکی کرو | گرہ | نکاح کی | یہاں تک کہ | پہنچ جائے |

معروف ہے اور نکاح کی گرہ پکی نہ کرو جب تک لکھا ہوا حکم اپنی

الْكِتٰبُ اَجَلَهٗ ؕ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ

| الْكِتٰبُ | اَجَلَهٗ | وَ | اعْلَمُوْٓا | اَنَّ | اللّٰهَ | يَعْلَمُ | مَا | فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لکھا ہوا | اپنی معیاد کو | اور | جان لو | بیشک | اللہ | جانتا ہے | جو | تمہارے دل میں ہے |

میعاد کو نہ پہنچ لے اور جان لو کہ اللہ تمہارے دل کی بات جانتا ہے تو اس

فَاحْذَرُوْهُ ۚ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۲۳۵﴾ ع لَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ

| فَاحْذَرُوْهُ | وَ | اعْلَمُوْٓا | اَنَّ | اللّٰهَ | غَفُوْرٌ | حَلِيْمٌ | لَا | جُنَاحَ | عَلَيْكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو اس سے ڈرو | اور | جان لو | کہ بیشک | اللہ | بخشنے والا | حلم والا ہے | نہیں | گناہ | تم پر |

سے ڈرو اور جان لو کہ بیشک اللہ بخشنے والا حلم والا ہے۔ تم پر کچھ مطالبہ نہیں

اِنْ طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ مَا لَمْ تَمَسُّوْهُنَّ اَوْ تَفْرِضُوْا لَهُنَّ فَرِيْضَةً ۚ

| اِنْ | طَلَّقْتُمُ | النِّسَآءَ | مَا | لَمْ تَمَسُّوْهُنَّ | اَوْ | تَفْرِضُوْا | لَهُنَّ | فَرِيْضَةً |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اگر | طلاق دو تم | عورتوں کو | جب تک | تم نے ان کو ہاتھ نہ لگایا | یا | مقرر کرلیا ہو | ان کیلئے | کوئی مہر |

اگر تم عورتوں کو طلاق دو جب تک تم نے ان کو ہاتھ نہ لگایا ہو یا کوئی مہر مقرر نہ کر لیا ہو

وَّمَتِّعُوْهُنَّ ۚ عَلَى الْمُوْسِعِ قَدَرُهٗ وَعَلَى الْمُقْتِرِ قَدَرُهٗ ۚ مَتَاعًا

| وَّ | مَتِّعُوْهُنَّ | عَلَى | الْمُوْسِعِ | قَدَرُهٗ | وَ | عَلَى | الْمُقْتِرِ | قَدَرُهٗ | مَتَاعًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | سامان دو ان کو | اوپر | مقدور کے | اسکی حیثیت سے | اور | اوپر | تنگدست کے | اسکی حیثیت سے | سامان ہے |

اور ان کو کچھ سامان دے دو وسعت والے پر اُس کی وسعت کے مطابق اور تنگدست پر اس کی حیثیت کے مطابق بھلے

بِالْمَعْرُوْفِ ۚ حَقًّا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۲۳۶﴾ وَاِنْ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ

| بِالْمَعْرُوْفِ | حَقًّا | عَلَى | الْمُحْسِنِيْنَ | وَاِنْ | طَلَّقْتُمُوْهُنَّ | مِنْ قَبْلِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| حسب دستور | حق ہے | اوپر | بھلائی کرنے والوں کے | اور اگر | طلاق دو تم ان کو | پہلے |

طریقے سے ساز و سامان دینا ہے یہ احسان کرنے والوں پر حق ہے اور اگر تم نے انہیں چھونے (جماع کرنے) سے پہلے طلاق

اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ وَقَدْ فَرَضْتُمْ لَهُنَّ فَرِيْضَةً فَنِصْفُ مَا

| اَنْ | تَمَسُّوْهُنَّ | وَ | قَدْ | فَرَضْتُمْ | لَهُنَّ | فَرِيْضَةً | فَنِصْفُ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس سے کہ | ہاتھ لگاؤ ان کو | اور | بے شک | مقرر کیا تم نے | ان کے لئے | حق مہر | تو آدھا ہے | جو |

دے دی اور تم ان کے لیے مہر مقرر کر چکے تھے تو اس مہر کا مقرر کیا آدھا حصہ دینا ضروری ہے

فَرَضْتُمْ اِلَّآ اَنْ يَّعْفُوْنَ اَوْ يَعْفُوَا الَّذِىْ بِيَدِهٖ عُقْدَةُ النِّكَاحِ ؕ وَاَنْ

| فَرَضْتُمْ | اِلَّآ | اَنْ | يَّعْفُوْنَ | اَوْ | يَعْفُوَا | الَّذِىْ | بِيَدِهٖ | عُقْدَةُ | النِّكَاحِ | وَ | اَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مقرر کیا تم نے | مگر | یہ کہ | وہ معاف کریں | یا | معاف کردے وہ | وہ | جس کے ہاتھ میں | اختیار ہے | نکاح کا | اور | یہ کہ |

سوائے اس کے کہ وہ اپنا حق خود معاف کر دیں یا وہ شوہر جس کے ہاتھ میں نکاح کی گرہ ہے معاف کر دے یعنی بجائے نصف کے زیادہ یا پورا ادا

تَعْفُوْٓا اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰی ؕ وَلَا تَنْسَوُا الْفَضْلَ بَیْنَكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا

| تَعْفُوْٓا | اَقْرَبُ | لِلتَّقْوٰی | وَ | لَا | تَنْسَوُا | الْفَضْلَ | بَیْنَكُمْ | اِنَّ | اللّٰهَ | بِمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| معاف کردو تم | یہ بہت قریب ہے | پرہیزگاری کے | اور | نہ | بھولو | احسان کرنا | آپس میں | بیشک | اللہ | اس کو جو |

کردے اور اے مردو! اگر تم معاف کردو تو یہ تقویٰ کے قریب تر ہے اور کشیدگی کے ان مواقع میں بھی آپس میں احسان کرنا نہ بھولا کرو، بے شک

تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ ﴿۲۳۷﴾ حٰفِظُوْا عَلَی الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰی ق

| تَعْمَلُوْنَ | بَصِیْرٌ | حٰفِظُوْا | عَلَی الصَّلَوٰتِ | وَ | الصَّلٰوةِ الْوُسْطٰی |
|---|---|---|---|---|---|
| تم کرتے ہو | دیکھنے والا ہے | نگہبانی کرو | سب نمازوں کی | اور | بیچ کی نماز کی |

اللہ تمہارے اعمال کو خوب دیکھنے والا ہے۔ سب نمازوں کی حفاظت کیا کرو اور بالخصوص درمیانی نماز کی

وَ قُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِیْنَ ﴿۲۳۸﴾ فَاِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالًا اَوْ

| وَ | قُوْمُوْا | لِلّٰهِ | قٰنِتِیْنَ | فَاِنْ | خِفْتُمْ | فَرِجَالًا | اَوْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | کھڑے ہو | اللہ کیلئے | ادب سے | پھر اگر | تمہیں ڈر ہو | تو پیدل | یا |

اور اللہ کے حضور (سراپا ادب اور) عاجز بن کر قیام کرو۔ پھر اگر تم (حالتِ) خوف میں ہو تو پیدل یا

رُكْبَانًا ۚ فَاِذَآ اَمِنْتُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَمَا عَلَّمَكُمْ مَّا لَمْ

| رُكْبَانًا | فَاِذَآ | اَمِنْتُمْ | فَاذْكُرُوا | اللّٰهَ | كَمَا | عَلَّمَكُمْ | مَّا | لَمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سوار | پھر جب | تم امن میں ہو | تو یاد کرو | اللہ کو | جیسا کہ | اس نے تمہیں سکھایا | جو | نہیں |

سوار ہونے کی حالت میں (نماز پڑھ لو) اس کے بعد جب تم بے خوف ہو جاؤ تو اللہ کو یاد کرو جس طرح اس نے تمہیں

تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۳۹﴾ وَالَّذِیْنَ یُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَیَذَرُوْنَ

| تَكُوْنُوْا | تَعْلَمُوْنَ | وَ | الَّذِیْنَ | یُتَوَفَّوْنَ | مِنْكُمْ | وَیَذَرُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تھے تم | جانتے | اور | وہ جو | مرجائیں | تم میں سے | اور چھوڑ جائیں |

سکھایا ہے وہ جو تم نہ جانتے تھے۔ اور جو لوگ تم میں سے مر جائیں اور (اپنی) بیویاں چھوڑ جائیں

اَزْوَاجًا ۚ وَّصِيَّةً لِّاَزْوَاجِهِمْ مَّتَاعًا اِلَى الْحَوْلِ غَيْرَ

| غَيْرَ | اِلَى الْحَوْلِ | مَّتَاعًا | لِّاَزْوَاجِهِمْ | وَّصِيَّةً | اَزْوَاجًا |
|---|---|---|---|---|---|
| بغیر | سال تک | نان ونفقہ کی | اپنی عورتوں کیلئے | وصیت ہو | بیویاں |

وہ (مرنے سے پہلے) اپنی بیویوں کیلئے وصیت کر جائیں سال بھر تک انہیں خرچہ دینے کی بغیر

اِخْرَاجٍ ۚ فَاِنْ خَرَجْنَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْ مَا فَعَلْنَ

| فَعَلْنَ | فِيْ مَا | عَلَيْكُمْ | جُنَاحَ | فَلَا | خَرَجْنَ | فَاِنْ | اِخْرَاجٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ کریں | اس میں جو | تم پر | گناہ | تو نہیں | خود نکل جائیں | پھر اگر | نکالنے کے |

نکالے پھر اگر وہ (خود) نکل جائیں تو تم پر کوئی گناہ نہیں اس میں جو اپنے حق میں

فِيْ اَنْفُسِهِنَّ مِنْ مَّعْرُوْفٍ ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۴۰﴾

| حَكِيْمٌ | عَزِيْزٌ | اللّٰهُ | وَ | مِنْ مَّعْرُوْفٍ | فِيْ اَنْفُسِهِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|
| حکمت والا ہے | غالب | اللہ | اور | دستور کے مطابق | اپنے معاملے میں |

انہوں نے دستور کے مطابق کیا اور اللہ بہت غالب ہے بڑی حکمت والا۔

وَلِلْمُطَلَّقٰتِ مَتَاعٌ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ ﴿۲۴۱﴾

| الْمُتَّقِيْنَ | عَلَى | حَقًّا | بِالْمَعْرُوْفِ | مَتَاعٌ | وَلِلْمُطَلَّقٰتِ |
|---|---|---|---|---|---|
| پرہیزگاروں کے | اوپر | واجب ہے | دستور کے مطابق | نان ونفقہ ہے | اور مطلقہ کے لئے |

اور طلاق یافتہ عورتوں کیلئے بھی مناسب طور پر نان و نفقہ ہے یہ حق ہے پرہیزگاروں پر۔

كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۲۴۲﴾ ع اَلَمْ تَرَ

ع ۳۱/۱۵

| اَلَمْ تَرَ | تَعْقِلُوْنَ | لَعَلَّكُمْ | اٰيٰتِهٖ | لَكُمْ | اللّٰهُ | يُبَيِّنُ | كَذٰلِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیا نہ دیکھا تُنے | سمجھو | تاکہ تم | اپنی آیتیں | تمہارے لئے | اللہ | بیان کرتا ہے | ایسے ہی |

اس طرح اللہ تعالیٰ اپنی آیات تمہارے لیے کھول کر بیان کرتا ہے تاکہ تم سمجھو۔ (اے حبیب ﷺ!) کیا

اِلَى الَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَهُمْ اُلُوْفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ

| حَذَرَ الْمَوْتِ | اُلُوْفٌ | هُمْ | وَ | مِنْ دِيَارِهِمْ | خَرَجُوْا | الَّذِيْنَ | اِلَى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| موت کے ڈر سے | ہزاروں تھے | وہ | اور | اپنے گھروں سے | نکلے | ان کے جو | طرف |

آپ نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جو موت کے ڈر سے اپنے گھروں سے نکل

فَقَالَ لَهُمُ اللّٰهُ مُوْتُوْا ۗ ثُمَّ اَحْيَاهُمْ ۗ اِنَّ اللّٰهَ

| اللّٰهَ | اِنَّ | اَحْيَاهُمْ | ثُمَّ | مُوْتُوْا | اللّٰهُ | لَهُمُ | فَقَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ | بے شک | زندہ کیا ان کو | پھر | مر جاؤ | اللہ نے | ان کو | تو فرمایا |

گئے حالانکہ وہ ہزاروں کی تعداد میں تھے تو اللہ نے انہیں حکم دیا مر جاؤ سو وہ مر گئے پھر انہیں زندہ فرما دیا، بیشک اللہ

لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۲۴۳﴾

| يَشْكُرُوْنَ | لَا | النَّاسِ | اَكْثَرَ | لٰكِنَّ | وَ | النَّاسِ | عَلَى | لَذُوْ فَضْلٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شکر کرتے | نہیں | لوگ | اکثر | لیکن | اور | لوگوں کے | اوپر | صاحب فضل ہے |

لوگوں پر فضل فرمانے والا ہے لیکن اکثر لوگ اس کا شکر ادا نہیں کرتے۔

وَقَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاعْلَمُوْا اَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۴۴﴾

| عَلِيْمٌ | سَمِيْعٌ | اللّٰهَ | اَنَّ | اعْلَمُوْا | وَ | فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ | قَاتِلُوْا | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جاننے والا ہے | سننے والا | اللہ | کہ بیشک | جان لو | اور | اللہ کے راستے میں | لڑو | اور |

(اے مسلمانو!) اللہ کی راہ میں جنگ کرو اور جان لو کہ بیشک اللہ خوب سننے والا جاننے والا ہے۔

مَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗ

| لَهٗ | فَيُضٰعِفَهٗ | حَسَنًا | قَرْضًا | اللّٰهَ | يُقْرِضُ | مَنْ ذَا الَّذِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اس کے لئے | تو دگنا کرے اسے | اچھا | قرض | اللہ کو | قرضہ دے | کون ہے وہ جو |

کون ہے وہ شخص جو اللہ کو قرضِ حسنہ دے تو اللہ اسے بڑھا کر اس کیلئے کئی گنا کر دے

اَضْعَافًا كَثِيْرَةً ؕ وَ اللّٰهُ يَقْبِضُ وَ يَبْصُۜطُ ۪ وَ اِلَيْهِ

| اَضْعَافًا | كَثِيْرَةً | وَ | اللّٰهُ | يَقْبِضُ | وَ | يَبْصُطُ | وَ | اِلَيْهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بہت گنا | بڑھادے | اور | اللہ | تنگی کرتا ہے | اور | کشائش کرتا ہے | اور | اسی کی طرف |

اور اللہ تعالیٰ ہی تنگی پیدا کرتا ہے اور کشادگی بھی اور اسی کی طرف تم

تُرْجَعُوْنَ ﴿۲۴۵﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الْمَلَاِ مِنْۢ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ

| تُرْجَعُوْنَ | اَلَمْ تَرَ | اِلَى | الْمَلَاِ | مِنْۢ بَنِيْٓ | اِسْرَآءِيْلَ |
|---|---|---|---|---|---|
| تم پھیرے جاؤ گے | کیا نہ دیکھا آپ نے | طرف | سرداروں کی | اولاد | یعقوب سے |

لوٹائے جاؤ گے۔ کیا آپ ﷺ نے نہیں دیکھا اولادِ یعقوب کے ایک گروہ کو

مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى ۘ اِذْ قَالُوْا لِنَبِيٍّ لَّهُمُ ابْعَثْ لَنَا مَلِكًا نُّقَاتِلْ

| مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى | اِذْ | قَالُوْا | لِنَبِيٍّ | لَّهُمُ | ابْعَثْ | لَنَا | مَلِكًا | نُّقَاتِلْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| موسیٰ کے بعد | جب | بولے | نبی | اپنے سے | مقرر کر | ہمارے لئے | بادشاہ | تاکہ لڑیں ہم |

موسیٰ علیہ السلام کے بعد جب انہوں نے اپنے ایک نبی سے کہا ہمارے لئے کوئی بادشاہ مقرر کر دو کہ

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ قَالَ هَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ اَلَّا

| فِيْ | سَبِيْلِ | اللّٰهِ | قَالَ | هَلْ | عَسَيْتُمْ | اِنْ | كُتِبَ | عَلَيْكُمُ | الْقِتَالُ | اَلَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میں | راہ | اللہ | فرمایا | کیا | قریب ہے کہ | اگر | لکھا جائے | تم پر | لڑائی کرنا | یہ کہ نہ |

ہم اللہ کی راہ میں جہاد کریں نبی نے فرمایا کیا تم اس بات کے قریب ہو کہ تم قتال نہ کرو اگر تم پر قتال فرض کیا جائے؟

تُقَاتِلُوْا ؕ قَالُوْا وَ مَا لَنَآ اَلَّا نُقَاتِلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ قَدْ

| تُقَاتِلُوْا | قَالُوْا | وَ | مَا لَنَآ | اَلَّا | نُقَاتِلَ | فِيْ | سَبِيْلِ | اللّٰهِ | وَ | قَدْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لڑو تم | بولے | اور | کیا ہے ہم کو | یہ کہ نہ | لڑیں ہم | میں | راہ | خدا کے | اور | بیشک |

وہ بولے ہمیں کیا ہے کہ ہم اللہ کی راہ میں نہ لڑیں حالانکہ ہم نکالے گئے اپنے گھروں

أُخْرِجْنَا مِنْ دِيَارِنَا وَ أَبْنَآئِنَا ؕ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ

| أُخْرِجْنَا | مِنْ دِيَارِنَا | وَ | أَبْنَآئِنَا | فَلَمَّا | كُتِبَ | عَلَيْهِمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| نکالے گئے ہیں ہم | اپنے وطن سے | اور | اپنی اولاد سے | پھر جب | لکھا گیا | ان پر |

اور اپنے اہل و عیال سے پھر جب ان پر قتال فرض ہوا تو ان میں سے

الْقِتَالُ تَوَلَّوْا إِلَّا قَلِيلًا مِّنْهُمْ ؕ وَ اللّٰهُ عَلِيمٌۢ بِالظّٰلِمِينَ ﴿۲۴۶﴾

| الْقِتَالُ | تَوَلَّوْا | إِلَّا | قَلِيلًا | مِّنْهُمْ | وَ | اللّٰهُ | عَلِيمٌ | بِالظّٰلِمِينَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لڑنا | تو پھر گئے | مگر | تھوڑے | ان میں سے | اور | اللہ | جاننے والا ہے | ظالموں کو |

چند لوگوں کے سوا سب پھر گئے اور اللہ ظالموں کو خوب جانتا ہے۔

وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ إِنَّ اللّٰهَ قَدْ بَعَثَ لَكُمْ طَالُوتَ مَلِكًا ؕ

| وَ | قَالَ | لَهُمْ | نَبِيُّهُمْ | إِنَّ | اللّٰهَ | قَدْ بَعَثَ | لَكُمْ | طَالُوتَ | مَلِكًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | کہا | ان سے | ان کے نبی نے | بیشک | اللہ نے | یقیناً مقرر کیا ہے | تمہارے لئے | طالوت کو | بادشاہ |

اور ان کے نبی نے ان سے فرمایا: ''یقیناً اللہ تعالیٰ نے طالوت کو تمہارے لیے بادشاہ مقرر کیا ہے۔''

قَالُوٓا أَنّٰى يَكُونُ لَهُ الْمُلْكُ عَلَيْنَا وَنَحْنُ أَحَقُّ بِالْمُلْكِ

| قَالُوٓا | أَنّٰى | يَكُونُ | لَهُ | الْمُلْكُ | عَلَيْنَا | وَ | نَحْنُ | أَحَقُّ | بِالْمُلْكِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بولے | کیسے | ہوگی | اس کی | بادشاہت | ہم پر | اور | ہم | زیادہ حق دار ہیں | حکومت کے |

انہوں نے جواب دیا: '' ہمارے اوپر اس کی بادشاہت کیسے ہوسکتی ہے حالانکہ ہم بادشاہت کے

مِنْهُ وَ لَمْ يُؤْتَ سَعَةً مِّنَ الْمَالِ ؕ قَالَ إِنَّ اللّٰهَ

| مِنْهُ | وَ | لَمْ | يُؤْتَ | سَعَةً | مِّنَ الْمَالِ | قَالَ | إِنَّ | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس سے | اور | نہیں | دیا گیا وہ | وسعت | مال کی | فرمایا | بیشک | اللہ نے |

اس سے زیادہ حقدار ہیں اور اس کو مالی کشادگی بھی نہیں دی گئی؟'' نبی نے فرمایا:

اصْطَفٰىهُ عَلَيْكُمْ وَ زَادَهٗ بَسْطَةً فِي الْعِلْمِ وَالْجِسْمِ ؕ

| وَالْجِسْمِ | فِي الْعِلْمِ | زَادَهٗ بَسْطَةً | وَ | عَلَيْكُمْ | اصْطَفٰىهُ |
|---|---|---|---|---|---|
| اور جسم میں | علم میں | اس کو وسعت دی | اور | تم پر | چن لیا ہے اسے |

" یقیناً اللہ تعالیٰ نے اس کو تمہارے مقابلے میں چنا ہے اور اسے علمی اور جسمانی کشادگی عطا کی ہے۔" اور اللہ تعالیٰ

وَاللّٰهُ يُؤْتِي مُلْكَهٗ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۴۷﴾ وَقَالَ

| وَقَالَ | عَلِيْمٌ | وَاسِعٌ | اللّٰهُ | وَ | يَّشَآءُ | مَنْ | مُلْكَهٗ | يُؤْتِي | وَاللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور فرمایا | جاننے والا ہے | وسعت والا | اللہ | اور | چاہے | جسے | اپنا ملک | دیتا ہے | اور اللہ |

جسے چاہتا ہے اپنا ملک عطا کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ بڑی وسعت والا جاننے والا ہے۔ اور ان سے ان

لَهُمْ نَبِيُّهُمْ اِنَّ اٰيَةَ مُلْكِهٖٓ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ التَّابُوْتُ فِيْهِ

| فِيْهِ | التَّابُوْتُ | يَّاْتِيَكُمُ | اَنْ | مُلْكِهٖٓ | اٰيَةَ | اِنَّ | نَبِيُّهُمْ | لَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس میں | تابوت | آئے گا تمہارے پاس | یہ کہ | اس کی حکومت کی | نشانی | بے شک | ان کے نبی نے | ان کو |

کے نبی نے فرمایا اس کی بادشاہی کی نشانی یہ ہے کہ تمہارے پاس صندوق آئے جس میں

سَكِيْنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ بَقِيَّةٌ مِّمَّا تَرَكَ اٰلُ مُوْسٰى وَاٰلُ

| وَاٰلُ | مُوْسٰى | اٰلُ | تَرَكَ | مِّمَّا | بَقِيَّةٌ | وَ | مِّنْ رَّبِّكُمْ | سَكِيْنَةٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور آل | موسیٰ | آل | چھوڑ گئے | اس سے جو | کچھ بچی ہوئی ہیں | اور | تمہارے رب کی طرف سے | دلوں کا چین ہے |

تمہارے رب کی طرف سے دلوں کا چین ہے اور کچھ بچی ہوئی چیزیں ہیں آلِ موسیٰ اور آلِ ہارون کی۔

هٰرُوْنَ تَحْمِلُهُ الْمَلٰٓئِكَةُ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمْ اِنْ

| اِنْ | لَّكُمْ | لَاٰيَةً | فِيْ ذٰلِكَ | اِنَّ | الْمَلٰٓئِكَةُ | تَحْمِلُهُ | هٰرُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اگر | تمہارے لئے | نشانی ہے | اس میں | بے شک | فرشتے | اٹھاتے لائیں گے | ہارون |

اس کو فرشتے اٹھا کر لائیں گے۔ بے شک اس میں بڑی نشانی ہے تمہارے لئے

كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۲۴۸﴾ ع فَلَمَّا فَصَلَ طَالُوْتُ بِالْجُنُوْدِ ۙ

| بِالْجُنُوْدِ | طَالُوْتُ | فَصَلَ | فَلَمَّا | مُّؤْمِنِيْنَ | كُنْتُمْ |
|---|---|---|---|---|---|
| اپنے لشکروں کے ساتھ | طالوت | جدا ہوا | تو جب | ایمان والے | ہو تم |

اگر تم ایمان رکھتے ہو۔ پھر جب طالوت اپنے لشکروں کو لے کر شہر سے نکلا

قَالَ اِنَّ اللّٰهَ مُبْتَلِيْكُمْ بِنَهَرٍ ۚ فَمَنْ شَرِبَ مِنْهُ

| مِنْهُ | شَرِبَ | فَمَنْ | بِنَهَرٍ | مُبْتَلِيْكُمْ | اللّٰهَ | اِنَّ | قَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس سے | پیئے | تو جو | ایک نہر سے | عنقریب آزمائے گا تمہیں | اللہ | بیشک | بولا |

تو اس نے کہا بے شک اللہ تمہیں ایک نہر کے ذریعے آزمانے والا ہے پس جس نے اس میں سے

فَلَيْسَ مِنِّيْ ۚ وَمَنْ لَّمْ يَطْعَمْهُ فَاِنَّهٗ مِنِّيْٓ اِلَّا مَنِ

| مَنِ | اِلَّا | مِنِّيْٓ | فَاِنَّهٗ | يَطْعَمْهُ | لَّمْ | مَنْ | وَ | مِنِّيْ | فَلَيْسَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ جو | مگر | مجھ سے ہے | تو بیشک وہ | پئے اس سے | نہ | جو | اور | مجھ سے | تو نہیں |

پانی پیا سو وہ میرے ساتھیوں میں سے نہیں ہو گا اور جو اس کو

اغْتَرَفَ غُرْفَةً ۢ بِيَدِهٖ ۚ فَشَرِبُوْا مِنْهُ اِلَّا قَلِيْلًا

| قَلِيْلًا | اِلَّا | مِنْهُ | فَشَرِبُوْا | بِيَدِهٖ | غُرْفَةً | اغْتَرَفَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| کم نے | مگر | اس سے | تو سب نے پی لیا | اپنے ہاتھ سے | چلو لے | ایک چلو |

نہیں پیئے گا پس وہی میری جماعت سے ہو گا مگر جو شخص ایک چلو (کی حد تک)

مِّنْهُمْ ۭ فَلَمَّا جَاوَزَهٗ هُوَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ ۙ قَالُوْا لَا

| لَا | قَالُوْا | مَعَهٗ | اٰمَنُوْا | الَّذِيْنَ | وَ | هُوَ | جَاوَزَهٗ | فَلَمَّا | مِّنْهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | بولے | اس کے ساتھ | جو ایماندار تھے | وہ | اور | وہ | گزرے | تو جب | ان سے |

اپنے ہاتھ سے پی لے سو ان میں سے چند لوگوں کے سوا باقی سب نے اس سے پانی پی لیا پس جب طالوت

طَاقَةَ لَنَا الْيَوْمَ بِجَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ ؕ قَالَ الَّذِيْنَ

| طَاقَةَ | لَنَا | الْيَوْمَ | بِجَالُوْتَ | وَ | جُنُوْدِهٖ | قَالَ | الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طاقت | ہم میں | آج | جالوت سے | اور | اس کے لشکروں سے | بولے | وہ جنہیں |

اور ان کے ایمان والے ساتھی نہر کے پار چلے گئے تو کہنے لگے آج ہم میں جالوت اور اس کی فوجوں

يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوا اللّٰهِ ۙ كَمْ مِّنْ فِئَةٍ قَلِيْلَةٍ

| يَظُنُّوْنَ | اَنَّهُمْ | مُّلٰقُوا | اللّٰهِ | كَمْ مِّنْ | فِئَةٍ | قَلِيْلَةٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| یقین تھا | کہ بیشک وہ | ملنے والے ہیں | اللہ سے | بہت سی | جماعتیں | تھوڑی |

سے مقابلے کی طاقت نہیں جو لوگ یہ یقین رکھتے تھے کہ وہ اللہ سے ملاقات کا شرف پانے والے ہیں،

غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيْرَةً ۢ بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَ اللّٰهُ مَعَ

| غَلَبَتْ | فِئَةً | كَثِيْرَةً | بِاِذْنِ | اللّٰهِ | وَ | اللّٰهُ | مَعَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غالب آجاتی ہیں | جماعتوں | بہت پر | حکم | خداوندی سے | اور | اللہ | ساتھ ہے |

کہنے لگے کئی مرتبہ اللہ کے حکم سے تھوڑی سی جماعت بڑی جماعت پر غالب آ جاتی ہے اور اللہ

الصّٰبِرِيْنَ ﴿۲۴۹﴾ وَلَمَّا بَرَزُوْا لِجَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ قَالُوْا

| الصّٰبِرِيْنَ | وَلَمَّا | بَرَزُوْا | لِجَالُوْتَ | وَجُنُوْدِهٖ | قَالُوْا |
|---|---|---|---|---|---|
| صبر کرنیوالوں کے ساتھ | اور جب | سامنے آیا | جالوت | اور اس کا لشکر | تو کہا |

صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔ اور جب وہ جالوت اور اس کی فوجوں کے مقابل ہوئے تو

رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى

| رَبَّنَآ | اَفْرِغْ | عَلَيْنَا | صَبْرًا | وَّثَبِّتْ | اَقْدَامَنَا | وَانْصُرْنَا | عَلَى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے ہمارے رب | انڈیل | ہم پر | صبر | اور جمادے | ہمارے قدم | اور مدد کر ہماری | اوپر |

عرض کرنے لگے اے ہمارے پروردگار ہم پر صبر اتار اور ہمیں ثابت قدم رکھ اور کافر قوم

الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۵۰﴾ فَهَزَمُوْهُمْ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۛ وَقَتَلَ دَاوٗدُ

| دَاوٗدُ | وَقَتَلَ | اللّٰهِ | بِاِذْنِ | فَهَزَمُوْهُمْ | الْكٰفِرِيْنَ | الْقَوْمِ |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| داؤد نے | اور قتل کیا | خدا سے | حکم | تو بھگایا ان کو | کفار کے | قوم |

کے مقابلے میں ہماری مدد فرما۔ تو انہوں نے ان کو اللہ کے حکم سے شکست دے دی اور داؤد نے

جَالُوْتَ وَاٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَهٗ مِمَّا يَشَآءُ ؕ

| يَشَآءُ | مِمَّا | عَلَّمَهٗ | وَ | وَالْحِكْمَةَ | الْمُلْكَ | اللّٰهُ | اٰتٰىهُ | وَ | جَالُوْتَ |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| چاہا | جو کچھ | سکھایا اس کو | اور | اور حکمت | ملک | اللہ نے | دیا انہیں | اور | جالوت کو |

جالوت کو قتل کر دیا اور اللہ نے انہیں سلطنت اور حکمت عطا فرمائی اور جو چاہا انہیں علم عطا فرمایا

وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ ۙ لَّفَسَدَتِ الْاَرْضُ

| الْاَرْضُ | لَّفَسَدَتِ | بِبَعْضٍ | بَعْضَهُمْ | النَّاسَ | اللّٰهِ | دَفْعُ | لَوْلَا | وَ |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| زمین | تو ضرور تباہ ہو جاتی | بعض سے | بعض ان کے | لوگوں کو | اللہ | دفع کرتا | اگر نہ | اور |

اور اگر بعض لوگوں کا بعض لوگوں سے اللہ کا دور کرنا مقصود نہ ہوتا تو زمین ضرور تباہ ہو جاتی

وَلٰكِنَّ اللّٰهَ ذُوْ فَضْلٍ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۵۱﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا

| نَتْلُوْهَا | اللّٰهِ | اٰيٰتُ | تِلْكَ | الْعٰلَمِيْنَ | عَلَى | فَضْلٍ | ذُوْ | اللّٰهَ | وَلٰكِنَّ |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| پڑھتے ہیں ان کو | اللہ کی | آیتیں ہیں | یہ | سارے جہان کے | اوپر | فضل ہے | صاحب | اللہ | اور لیکن |

لیکن اللہ تمام جہانوں پر فضل فرمانے والا ہے۔ یہ اللہ کی آیتیں ہیں ہم آپ پر حق

عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ؕ وَ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۲۵۲﴾

| الْمُرْسَلِيْنَ | لَمِنَ | اِنَّكَ | وَ | بِالْحَقِّ | عَلَيْكَ |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| رسولوں میں سے ہیں | یقیناً | بیشک آپ | اور | ٹھیک ٹھیک | آپ پر |

کے ساتھ ان کی تلاوت فرماتے ہیں اور بے شک ضرور آپ رسولوں میں سے ہیں۔

الجزء ۳ — ربع

# تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ ۘ مِنْهُمْ مَنْ كَلَّمَ اللَّهُ

| تِلْكَ | الرُّسُلُ | فَضَّلْنَا | بَعْضَهُمْ | عَلَىٰ | بَعْضٍ | مِنْهُمْ | مَنْ | كَلَّمَ | اللَّهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ | رسول ہیں کہ | افضل کیا ہم نے | بعض کو | اوپر | بعض کے | ان میں سے | وہ ہیں کہ | کلام فرمایا | اللہ نے |

یہ رسول (جن کا ذکر گزرا) ہم نے انہیں ایک دوسرے پر فضیلت دی۔ اُن میں سے کوئی وہ ہے جس سے اللہ نے (بلاواسطہ) کلام فرمایا اور

# وَرَفَعَ بَعْضَهُمْ دَرَجَاتٍ ۚ وَآتَيْنَا عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنَاتِ

| وَرَفَعَ | بَعْضَهُمْ | دَرَجَاتٍ | وَآتَيْنَا | عِيسَى | ابْنَ | مَرْيَمَ | الْبَيِّنَاتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور بلند کئے | بعض کے | درجے | اور دیں ہم نے | عیسیٰ کو | بیٹے | مریم کے | نشانیاں |

اُن میں سے ایک (محمد) کو (سب سے اوپر) کئی درجے اونچا کیا۔ اور ہم نے عیسیٰ بن مریم کو وہ روشن معجزے

# وَأَيَّدْنَاهُ بِرُوحِ الْقُدُسِ ۗ وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ مَا اقْتَتَلَ الَّذِينَ مِنْ بَعْدِهِمْ

| وَأَيَّدْنَاهُ | بِرُوحِ | الْقُدُسِ | وَلَوْ | شَاءَ | اللَّهُ | مَا | اقْتَتَلَ | الَّذِينَ | مِنْ بَعْدِهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور مدد کی ہم نے اسکی | روح | پاک سے | اور اگر | چاہتا | اللہ | نہ | لڑتے | وہ جو | ان کے بعد ہوئے |

دیئے۔ اور ہم نے پاکیزہ روح (جبرئیل) کے ذریعے اُس کی مدد فرمائی۔ اور اگر اللہ (سب لوگوں کی ہدایت) چاہتا تو وہ لوگ

# مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَتْهُمُ الْبَيِّنَاتُ وَلَٰكِنِ اخْتَلَفُوا فَمِنْهُمْ

| مِنْ بَعْدِ | مَا | جَاءَتْهُمُ | الْبَيِّنَاتُ | وَلَٰكِنِ | اخْتَلَفُوا | فَمِنْهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بعد | اس کے کہ | آئیں ان کے پاس | نشانیاں | اور لیکن | مختلف ہوئے | ان میں سے |

جو اُن (رسولوں) کے بعد ہوئے اس کے بعد کہ اُن کے پاس روشن دلیلیں آچکیں آپس میں نہ لڑتے لیکن انہوں نے

# مَنْ آمَنَ وَمِنْهُمْ مَنْ كَفَرَ ۚ وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ مَا اقْتَتَلُوا ۚ قف وَلَٰكِنَّ

| مَنْ | آمَنَ | وَمِنْهُمْ | مَنْ | كَفَرَ | وَلَوْ | شَاءَ | اللَّهُ | مَا | اقْتَتَلُوا | وَلَٰكِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ ہیں جو | ایمان لائے | اور ان سے | وہ ہیں | جو کافر ہوئے | اور اگر | چاہتا | اللہ | تو نہ | لڑتے | اور لیکن |

(دین میں) اختلاف کیا پس اُن میں سے کوئی تو ایمان پر قائم رہا اور اُن میں سے کوئی کافر ہو گیا اور اگر اللہ چاہتا تو وہ نہ لڑتے

اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ ﴿٢٥٣﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰكُمْ

| رَزَقْنٰكُمْ | مِمَّا | اَنْفِقُوْا | اٰمَنُوْٓا | الَّذِيْنَ | يٰٓاَيُّهَا | يُرِيْدُ | مَا | يَفْعَلُ | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہم نے تمہیں دیا | اس سے جو | خرچ کرو | ایمان لائے ہو | لوگو جو | اے | چاہے | جو | کرتا ہے | اللہ |

لیکن اللہ وہی کرتا ہے جو چاہتا ہے۔ اے ایمان والو! اللہ کی راہ میں ہمارے دیئے میں سے خرچ کرو

مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِىَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خُلَّةٌ وَّلَا شَفَاعَةٌ ط

| شَفَاعَةٌ | لَا | وَ | خُلَّةٌ | وَلَا | فِيْهِ | بَيْعٌ | لَا | يَوْمٌ | يَّاْتِىَ | اَنْ | مِنْ قَبْلِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شفاعت | نہ | اور | دوستی | اور نہ | اس میں | خرید وفروخت ہو | کہ نہ | وہ دن | آئے | کہ | اس سے پہلے |

وہ دن آنے سے پہلے جس میں نہ خرید و فروخت ہے نہ (کافروں کیلئے) دوستی اور نہ شفاعت

وَالْكٰفِرُوْنَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿٢٥٤﴾ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ج اَلْحَىُّ الْقَيُّوْمُ ج

| الْقَيُّوْمُ | اَلْحَىُّ | هُوَ | اِلَّا | اِلٰهَ | لَآ | اَللّٰهُ | الظّٰلِمُوْنَ | هُمُ | وَالْكٰفِرُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قائم رکھنے والا | زندہ | وہی | مگر | کوئی معبود | نہیں | اللہ ہے | ظالم ہیں | تو خود ہی | اور کافر |

اور کافر بڑے ہی ظالم ہیں۔ اللہ تعالیٰ وہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔

لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ط لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ ط

| فِى الْاَرْضِ | وَمَا | السَّمٰوٰتِ | فِى | مَا | لَهٗ | نَوْمٌ | لَا | وَ | سِنَةٌ | تَاْخُذُهٗ | لَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زمین میں ہے | اور جو کچھ | آسمانوں | میں | جو کچھ | اسی کا ہے | نیند | نہ | اور | اونگھ | پکڑتی اسے | نہیں |

وہ ہمیشہ سے زندہ ہے۔ قائم رکھنے والا ہے۔ اس کو نہ اونگھ آتی ہے اور نہ نیند۔ آسمانوں اور زمین میں جو کچھ بھی ہے

مَنْ ذَا الَّذِىْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ط يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ

| بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ | مَا | يَعْلَمُ | بِاِذْنِهٖ | اِلَّا | عِنْدَهٗ | يَشْفَعُ | مَنْ ذَا الَّذِىْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کے سامنے ہے | جو | وہ جانتا ہے | اس کے اذن سے | مگر | اس کے حضور | سفارش کرے | کون ہے وہ جو |

اسی کا ہے۔ کون ہے جو اس کے پاس سفارش کرے؟ مگر اس کے اذن کے بغیر وہ جانتا ہے جو کچھ ان کے آگے ہے

وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيطُونَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهِ إِلَّا بِمَا شَاءَ ۚ

| شَآءَ | بِمَا | اِلَّا | مِّنْ عِلْمِهٖۤ | بِشَيْءٍ | يُحِيطُوْنَ | وَلَا | خَلْفَهُمْ | وَمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ چاہے | جتنا | مگر | اس کے علم سے | کچھ | احاطہ کرسکتی | اور نہیں | پیچھے ہے | اور جو کچھ |

اور جو کچھ اُن کے پیچھے ہے۔اور وہ اس کے علم میں سے کسی چیز کا احاطہ نہیں کرسکتے مگر جتنا وہ چاہے۔

وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ ۚ وَلَا يَئُودُهُ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ

| وَهُوَ | حِفْظُهُمَا | يَئُوْدُهٗ | وَلَا | وَالْاَرْضَ | السَّمٰوٰتِ | كُرْسِيُّهُ | وَسِعَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور وہ وہی ہے | محافظت ان کی | بھاری اسے | اور نہیں | اور زمین | آسمان | اس کی کرسی میں | سمائے ہوتے ہیں |

اس کی کرسی میں آسمان اور زمین سمائے ہوئے ہیں۔اور ان دونوں کی حفاظت اُسے نہیں تھکاتی۔اور وہی بلند

الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ ﴿٢٥٥﴾ لَا إِكْرَاهَ فِي الدِّينِ ۖ قَدْ تَبَيَّنَ الرُّشْدُ

| الرُّشْدُ | قَدْ تَّبَيَّنَ | فِي الدِّيْنِ | اِكْرَاهَ | لَآ | الْعَظِيْمُ | الْعَلِيُّ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ہدایت | بیشک ظاہر ہوگئی | دین میں | زبردستی | نہیں | بڑائی والا | بلند |

مرتبہ،عظمت والا ہے۔ دین میں کوئی زبردستی نہیں، بے شک ہدایت گمراہی سے واضح طور پر

مِنَ الْغَيِّ ۚ فَمَنْ يَكْفُرْ بِالطَّاغُوتِ وَيُؤْمِنْ بِاللَّهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ

| اسْتَمْسَكَ | فَقَدِ | بِاللّٰهِ | وَيُؤْمِنْ | بِالطَّاغُوْتِ | يَّكْفُرْ | فَمَنْ | مِنَ الْغَيِّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تھامی اس نے | تو بے شک | اللہ پر | اور ایمان لائے | شیطان کو | نہ مانے | تو جو | گمراہی سے |

الگ ہو چکی ہے سو جو کوئی معبودانِ باطل کا انکار کر دے اور اللہ پر ایمان لے آئے تو اس نے ایک ایسا مضبوط حلقہ تھام لیا

بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقَىٰ ۖ لَا انْفِصَامَ لَهَا ۗ وَاللَّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ﴿٢٥٦﴾ اللَّهُ

| اَللّٰهُ | عَلِيْمٌ | سَمِيْعٌ | وَاللّٰهُ | لَهَا | انْفِصَامَ | لَا | الْوُثْقٰى | بِالْعُرْوَةِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ | جانتا ہے | سنتا | اور اللہ | اس کو | کھلنا | نہیں | محکم | گرہ |

جس کیلئے ٹوٹنا (ممکن) نہیں اور اللہ خوب سننے والا جاننے والا ہے۔ اللہ مددگار ہے

وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۙ يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَالَّذِيْنَ

| وَلِيُّ | اَلَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | يُخْرِجُهُمْ | مِّنَ الظُّلُمٰتِ | اِلَى | النُّوْرِ | وَالَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| والی ہے | ان کا جو | ایمان لائے | نکالتا ہے انہیں | اندھیروں میں سے | طرف | نور کے | اور جو لوگ |

ایمان والوں کا وہ انہیں تاریکیوں سے روشنی کی طرف نکالتا ہے اور جنہوں نے

كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰٓـُٔهُمُ الطَّاغُوْتُ ۙ يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى

| كَفَرُوْٓا | اَوْلِيٰٓـُٔهُمُ | الطَّاغُوْتُ | يُخْرِجُوْنَهُمْ | مِّنَ النُّوْرِ | اِلَى |
|---|---|---|---|---|---|
| کفر کریں | ان کے حمایتی | شیطان ہیں | نکالتے ہیں انہیں | نور سے | طرف |

کفر کیا ان کا دوست شیطان ہے وہ انہیں روشنی سے تاریکیوں کی طرف

الظُّلُمٰتِ ؕ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۵۷﴾ اَلَمْ تَرَ

| الظُّلُمٰتِ | اُولٰٓئِكَ | اَصْحٰبُ النَّارِ | هُمْ | فِيْهَا | خٰلِدُوْنَ | اَلَمْ تَرَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اندھیروں کے | یہ لوگ | دوزخ والے ہیں | وہ | اس میں | ہمیشہ رہیں گے | کیا نہ دیکھا آپ نے |

نکالتا ہے یہی لوگ دوزخی ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ (اے محبوب)

ع ۳۴

اِلَى الَّذِيْ حَآجَّ اِبْرٰهٖمَ فِيْ رَبِّهٖٓ اَنْ اٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ ۘ اِذْ قَالَ

وقف لازم

| اِلَى | الَّذِيْ | حَآجَّ | اِبْرٰهٖمَ | فِيْ | رَبِّهٖٓ | اَنْ | اٰتٰىهُ | اللّٰهُ | الْمُلْكَ | اِذْ | قَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طرف | اس کی جو | جھگڑا | ابراہیم سے | میں | اس کے رب | یہ کہ | دی اسے | اللہ نے | بادشاہی | جب | کہا |

کیا آپ نے اس شخص کو نہیں دیکھا جس نے ابراہیم سے جھگڑا کیا ان کے رب کے بارے میں اس پر

اِبْرٰهٖمُ رَبِّيَ الَّذِيْ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۙ قَالَ اَنَا اُحْيٖ وَاُمِيْتُ ؕ قَالَ

| اِبْرٰهٖمُ | رَبِّيَ | الَّذِيْ | يُحْيٖ | وَيُمِيْتُ | قَالَ | اَنَا | اُحْيٖ | وَاُمِيْتُ | قَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ابراہیم نے | میرا رب | وہ ہے جو | جلاتا ہے | اور مارتا ہے | کہا | میں بھی | زندہ کرتا | اور مارتا ہوں | فرمایا |

کہ اللہ نے اسے سلطنت دی جب ابراہیم نے فرمایا میرا رب وہ ہے جو زندہ کرتا اور مارتا ہے اس نے کہا میں بھی زندہ

اِبْرٰهٖمُ فَاِنَّ اللّٰهَ یَاْتِیْ بِالشَّمْسِ مِنَ الْمَشْرِقِ فَاْتِ بِهَا

| اِبْرٰهٖمُ | فَاِنَّ | اللّٰهَ | یَاْتِیْ | بِالشَّمْسِ | مِنَ الْمَشْرِقِ | فَاْتِ | بِهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ابراہیم نے | بے شک | اللہ | لاتا ہے | سورج کو | پورب سے | تو نکال | اسے |

کرتا ہوں اور مارتا ہوں ابراہیم نے فرمایا کہ بے شک اللہ سورج کو مشرق سے لاتا ہے تو اس

مِنَ الْمَغْرِبِ فَبُهِتَ الَّذِیْ كَفَرَ ؕ وَاللّٰهُ لَا یَهْدِی الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ ۚ﴿۲۵۸﴾

| مِنَ الْمَغْرِبِ | فَبُهِتَ | الَّذِیْ | كَفَرَ | وَاللّٰهُ | لَا | یَهْدِی | الْقَوْمَ | الظّٰلِمِیْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پچھم سے | تو حیران رہ گیا | وہ جو | کافر تھا | اور اللہ | نہیں | ہدایت دیتا | قوم | ظالموں کو |

کو مغرب سے لے آ تو کافر بد حواس ہو کر عاجز ہو گیا اور اللہ ظلم کرنے والے لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔

اَوْ كَالَّذِیْ مَرَّ عَلٰی قَرْیَةٍ وَّهِیَ خَاوِیَةٌ عَلٰی عُرُوْشِهَا ۚ قَالَ اَنّٰی

| اَوْ | كَالَّذِیْ | مَرَّ | عَلٰی | قَرْیَةٍ | وَّ | هِیَ | خَاوِیَةٌ | عَلٰی | عُرُوْشِهَا | قَالَ | اَنّٰی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یا | اس کی طرح جو | گزرا | اوپر | ایک بستی کے | اور | وہ | گری ہوئی تھی | اوپر | اپنی چھتوں کے | بولا | کیونکر |

یا اس شخص کی مانند جو گزرا ایک بستی پر جو اپنی چھتوں پر گری پڑی تھی اُس نے کہا: اس کے ہلاک ہونے کے بعد اللہ تعالیٰ اس کو

یُحْیٖ هٰذِهِ اللّٰهُ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ فَاَمَاتَهُ اللّٰهُ مِائَةَ عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهٗ ؕ قَالَ

| یُحْیٖ | هٰذِهِ | اللّٰهُ | بَعْدَ | مَوْتِهَا | فَاَمَاتَهُ | اللّٰهُ | مِائَةَ | عَامٍ | ثُمَّ | بَعَثَهٗ | قَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زندہ کرے گا | اس کو | اللہ | بعد | اسکی موت کے | تو مار دیا اسے | اللہ نے | سو | سال | پھر | اٹھایا اس کو | فرمایا |

کیسے زندہ کرے گا؟'' پھر اللہ تعالیٰ نے اس کو سو برس تک کے لیے موت دے دی۔ پھر اس کو زندہ کیا اور پوچھا: ''تم کتنا

كَمْ لَبِثْتَ ؕ قَالَ لَبِثْتُ یَوْمًا اَوْ بَعْضَ یَوْمٍ ؕ قَالَ بَلْ لَّبِثْتَ مِائَةَ

| كَمْ | لَبِثْتَ | قَالَ | لَبِثْتُ | یَوْمًا | اَوْ | بَعْضَ | یَوْمٍ | قَالَ | بَلْ | لَّبِثْتَ | مِائَةَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کتنا | ٹھہرا تو | کہا | میں ٹھہرا | ایک دن | یا | بعض حصہ | دن کا | فرمایا | بلکہ | ٹھہرا تو | سو |

عرصہ اس حالت میں رہے؟'' اُس نے کہا: '' میں ایک دن یا اس کا کچھ حصہ رہا'' اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''بلکہ تم سو برس تک اسی

عَامٍ فَانْظُرْ اِلٰى طَعَامِكَ وَشَرَابِكَ لَمْ يَتَسَنَّهْ ۚ وَانْظُرْ اِلٰى

| عَامٍ | فَانْظُرْ | اِلٰى | طَعَامِكَ | وَشَرَابِكَ | لَمْ | يَتَسَنَّهْ | وَانْظُرْ | اِلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سال | پس دیکھ | طرف | اپنے کھانے کے | اور اپنے پینے کے | نہیں | بلایا | اور دیکھ | طرف |

حالت میں رہے ہو۔ پس اپنی کھانے پینے کی چیزوں کو دیکھو وہ بالکل خراب نہیں ہوئیں۔ اور تم اپنے گدھے کو دیکھو اور تاکہ

حِمَارِكَ وَلِنَجْعَلَكَ اٰيَةً لِّلنَّاسِ وَانْظُرْ اِلَى الْعِظَامِ كَيْفَ

| حِمَارِكَ | وَلِنَجْعَلَكَ | اٰيَةً | لِّلنَّاسِ | وَانْظُرْ | اِلَى | الْعِظَامِ | كَيْفَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنے گدھے کے | اور تاکہ بنائیں ہم تجھ کو | نشانی | لوگوں کے لئے | اور دیکھ | طرف | ہڈیوں کے | کس طرح |

ہم تمہیں لوگوں کے لیے نشانی بنا دیں۔ اور ہڈیوں کی طرف دیکھو کیسے ہم ان کا ڈھانچہ کھڑا کرتے

نُنْشِزُهَا ثُمَّ نَكْسُوْهَا لَحْمًا ۭ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗ ۙ قَالَ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ

| نُنْشِزُهَا | ثُمَّ | نَكْسُوْهَا | لَحْمًا | فَلَمَّا | تَبَيَّنَ | لَهٗ | قَالَ | اَعْلَمُ | اَنَّ | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہم انہیں اٹھان دیتے ہیں | پھر | پہناتے ہیں ان کو | گوشت | پھر جب | ظاہر ہوگیا | اس کو | کہا | میں خوب جانتا ہوں | بیشک | اللہ |

ہیں۔ پھر ان پر گوشت چڑھاتے ہیں۔" پھر جب معاملہ اس پر واضح ہوگیا تو اس نے کہا: "میں جانتا ہوں کہ یقیناً اللہ تعالیٰ

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۵۹﴾ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّ اَرِنِيْ كَيْفَ تُحْيِ

| عَلٰى | كُلِّ | شَيْءٍ | قَدِيْرٌ | وَاِذْ | قَالَ | اِبْرٰهٖمُ | رَبِّ | اَرِنِيْ | كَيْفَ | تُحْيِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر | ہر ایک | چیز کے | قادر ہے | اور جب | کہا | ابراہیم نے | اے میرے رب | دکھا مجھ کو | کس طرح | زندہ کرے گا تو |

ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔" اور (یاد کریں) جب ابراہیم نے عرض کی اے میرے رب مجھے دکھا کہ تو مردوں کو

الْمَوْتٰى ۭ قَالَ اَوَلَمْ تُؤْمِنْ ۭ قَالَ بَلٰى وَلٰكِنْ لِّيَطْمَىِٕنَّ قَلْبِىْ ۭ

| الْمَوْتٰى | قَالَ | اَوَلَمْ | تُؤْمِنْ | قَالَ | بَلٰى | وَلٰكِنْ | لِّيَطْمَىِٕنَّ | قَلْبِىْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مردوں کو | فرمایا | کیا نہیں | ایمان لایا تو | عرض کیا | کیوں نہیں | اور لیکن | تاکہ اطمینان پائے | میرا دل |

کیسے زندہ کرے گا؟ فرمایا کیا تم یقین نہیں رکھتے انہوں نے عرض کی کیوں نہیں لیکن (یہ دیکھنا اس لیے ہے)

قَالَ فَخُذْ اَرْبَعَةً مِّنَ الطَّيْرِ فَصُرْهُنَّ اِلَيْكَ ثُمَّ اجْعَلْ عَلٰى كُلِّ

| قَالَ | فَخُذْ | اَرْبَعَةً | مِّنَ الطَّيْرِ | فَصُرْهُنَّ | اِلَيْكَ | ثُمَّ | اجْعَلْ | عَلٰى | كُلِّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فرمایا | تو لے | چار | پرندے | تو بلا لے ان کو | اپنے ساتھ ہلا لے | پھر | رکھ دے | اوپر | ہر |

تاکہ میرا دل مطمئن ہو جائے اللہ نے فرمایا کہ تم پرندوں میں سے چار پرندے پکڑ لو پھر انہیں اپنی طرف مانوس کر لو پھر؟

جَبَلٍ مِّنْهُنَّ جُزْءًا ثُمَّ ادْعُهُنَّ يَاْتِيْنَكَ سَعْيًا ؕ وَاعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ

| جَبَلٍ | مِّنْهُنَّ | جُزْءًا | ثُمَّ | ادْعُهُنَّ | يَاْتِيْنَكَ | سَعْيًا | وَاعْلَمْ | اَنَّ | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پہاڑ کے | ان میں سے | ایک ٹکڑا | پھر | بلا انہیں | آئینگے تیرے پاس | دوڑتے ہوتے | اور جان لے | بیشک | اللہ |

اُن میں سے ایک ایک حصہ ہر پہاڑ پر رکھ دو پھر اُن کو بلاؤ وہ تمہاری طرف دوڑتے ہوئے آئیں گے اور یقین رکھو کہ اللہ

عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿٢٦٠﴾ ع مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

| عَزِيْزٌ | حَكِيْمٌ | مَثَلُ | الَّذِيْنَ | يُنْفِقُوْنَ | اَمْوَالَهُمْ | فِيْ | سَبِيْلِ | اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غالب | حکمت والا ہے | کہاوت | ان کی جو | خرچ کرتے ہیں | اپنے مال | میں | راستے | اللہ کے |

زبردست حکمت والا ہے۔ جو لوگ اللہ کی راہ میں اپنے مال خرچ کرتے ہیں ان کی مثال (اس) دانے کی سی ہے

كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ ؕ

| كَمَثَلِ | حَبَّةٍ | اَنْۢبَتَتْ | سَبْعَ | سَنَابِلَ | فِيْ | كُلِّ | سُنْۢبُلَةٍ | مِّائَةُ | حَبَّةٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اسکی سی ہے کہ | ایک دانہ | کہ اگائے | سات | بالیاں | میں | ہر | بالی کے | سو | دانہ ہے |

جس سے سات بالیاں اُگیں (اور پھر) ہر بالی میں سو دانے ہوں (یعنی سات سو گنا اجر پاتے ہیں)

وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿٢٦١﴾ اَلَّذِيْنَ

| وَاللّٰهُ | يُضٰعِفُ | لِمَنْ | يَّشَآءُ | وَاللّٰهُ | وَاسِعٌ | عَلِيْمٌ | اَلَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور اللہ | بڑھاتا ہے | جس کے لئے | چاہے | اور اللہ | وسعت والا | جاننے والا ہے | وہ جو |

اور اللہ جس کیلئے چاہتا ہے (اس سے بھی) اضافہ فرما دیتا ہے اور اللہ بڑی وسعت والا خوب جاننے والا ہے۔ جو لوگ

يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ لَا يُتْبِعُوْنَ مَآ اَنْفَقُوْا مَنًّا

| يُنْفِقُوْنَ | اَمْوَالَهُمْ | فِيْ | سَبِيْلِ | اللّٰهِ | ثُمَّ | لَا | يُتْبِعُوْنَ | مَآ | اَنْفَقُوْا | مَنًّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خرچ کرتے ہیں | اپنے مال | میں | رستے | اللہ کے | پھر | نہیں | پیچھے جتاتے | اس کے جو | خرچ کیا | احسان |

اللہ کی راہ میں اپنے مال خرچ کرتے ہیں پھر اپنے خرچ کئے ہوئے کے پیچھے نہ احسان جتلاتے ہیں

وَّلَآ اَذًى لَّهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ

| وَ | لَآ | اَذًى | لَهُمْ | اَجْرُهُمْ | عِنْدَ | رَبِّهِمْ | وَلَا | خَوْفٌ | عَلَيْهِمْ | وَلَا | هُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نہ | تکلیف | ان کے لئے ہے | ان کا اجر | پاس | ان کے رب کے | اور نہ | اندیشہ ہوگا | ان پر | اور نہ | وہ |

اور نہ اذیت دیتے ہیں، ان کیلئے ان کے رب کے پاس ان کا اجر ہے اور (روز قیامت) ان پر نہ کوئی خوف ہو گا

يَحْزَنُوْنَ ﴿۲۶۲﴾ قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ وَّمَغْفِرَةٌ خَيْرٌ مِّنْ صَدَقَةٍ يَّتْبَعُهَآ

| يَحْزَنُوْنَ | قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ | وَ | مَغْفِرَةٌ | خَيْرٌ | مِّنْ صَدَقَةٍ | يَّتْبَعُهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| غم کھائیں گے | بات اچھی | اور | بخشش | بہتر ہے | اس صدقے سے کہ | جس کے بعد |

اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ اچھی بات اور (لوگوں سے) درگزر کرنا اس خیرات سے بہتر ہے جس (خرچ کرنے) کے

اَذًى ۗ وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَلِيْمٌ ﴿۲۶۳﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُبْطِلُوْا

| اَذًى | وَاللّٰهُ | غَنِيٌّ | حَلِيْمٌ | يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | لَا | تُبْطِلُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ستاتا ہو | اور اللہ | بے پرواہ ہے | حلم والا | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | نہ | باطل کرو |

بعد تکلیف پہنچے اور اللہ بے نیاز ہے بہت حلم والا۔ اے ایمان والو! اپنے صدقات کو ضائع نہ کرو احسان

صَدَقٰتِكُمْ بِالْمَنِّ وَالْاَذٰى ۙ كَالَّذِيْ يُنْفِقُ مَالَهٗ رِئَآءَ النَّاسِ

| صَدَقٰتِكُمْ | بِالْمَنِّ | وَالْاَذٰى | كَالَّذِيْ | يُنْفِقُ | مَالَهٗ | رِئَآءَ | النَّاسِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنے صدقے | احسان جتا کر | اور دکھ دے کر | اس کی طرح | جو خرچ کرتا ہے | مال اپنا | دکھاوے کیلئے | لوگوں کو |

جتلا کر اور تکلیف پہنچا کر اس کی طرح جو اپنا مال لوگوں کے دکھاوے کیلئے خرچ کرتا ہے

وَلَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ صَفْوَانٍ عَلَيْهِ تُرَابٌ

| وَلَا | يُؤْمِنُ | بِاللّٰهِ | وَالْيَوْمِ | الْاٰخِرِ | فَمَثَلُهٗ | كَمَثَلِ | صَفْوَانٍ | عَلَيْهِ | تُرَابٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور نہیں | ایمان لاتا | اللہ پر | اور دن | پچھلے پر | تو اسکی کہاوت ہے | جیسے | چکنی چٹان | اس پر | مٹی ہو |

اور اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان نہیں رکھتا تو اس کی مثال اس چکنے پتھر کی سی ہے جس پر (کچھ) مٹی ہو

فَاَصَابَهٗ وَابِلٌ فَتَرَكَهٗ صَلْدًا ؕ لَا يَقْدِرُوْنَ عَلٰى شَیْءٍ مِّمَّا

| فَاَصَابَهٗ | وَابِلٌ | فَتَرَكَهٗ | صَلْدًا | لَا | يَقْدِرُوْنَ | عَلٰى | شَیْءٍ | مِّمَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پھر پہنچی اسے | زور کی بارش | تو چھوڑا اسے | صاف ستھرا | نہیں | قادر ہیں | اوپر | کسی چیز کے | اس سے جو |

پھر اس پر زور کی بارش ہوئی جس نے اسے صاف پتھر کر چھوڑا وہ اپنی کمائی سے کسی

كَسَبُوْا ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِی الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۶۴﴾ وَمَثَلُ الَّذِيْنَ

| كَسَبُوْا | وَاللّٰهُ | لَا | يَهْدِی | الْقَوْمَ | الْكٰفِرِيْنَ | وَمَثَلُ | الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کمایا انہوں نے | اور اللہ | نہیں | ہدایت دیتا | قوم | کفار کو | اور کہاوت | ان کی جو |

چیز پر قادر نہ ہوں گے اور اللہ کافروں کو ہدایت نہیں دیتا۔ اور ان کی مثال جو

يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ وَتَثْبِيْتًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ

| يُنْفِقُوْنَ | اَمْوَالَهُمُ | ابْتِغَآءَ | مَرْضَاتِ | اللّٰهِ | وَتَثْبِيْتًا | مِّنْ اَنْفُسِهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| خرچ کرتے ہیں | اپنے مال | چاہتے ہوئے | رضا | اللہ کی | اور ثابت کرنے کو | اپنے دل سے |

اپنے مال اللہ کی رضا چاہنے اور اپنے نفسوں کو پختہ کرنے کیلئے خرچ کرتے ہیں اس باغ کی سی ہے

كَمَثَلِ جَنَّةٍۭ بِرَبْوَةٍ اَصَابَهَا وَابِلٌ فَاٰتَتْ اُكُلَهَا ضِعْفَيْنِ ۚ فَاِنْ لَّمْ

| كَمَثَلِ | جَنَّةٍ | بِرَبْوَةٍ | اَصَابَهَا | وَابِلٌ | فَاٰتَتْ | اُكُلَهَا | ضِعْفَيْنِ | فَاِنْ | لَّمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مثل ایسے ہے کہ | باغ ہو | ٹیلے پر | پہنچے اسے | زور کی بارش | تو دے وہ | اپنا پھل | دگنا | پھر اگر | نہ |

جو اونچی سطح پر ہو اس پر زور کا پانی پڑا تو اس کے پھل دوگنا ہوگئے پھر اگر زور کی بارش اسے

يُصِبْهَا وَابِلٌ فَطَلٌّ ۗ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۲۶۵﴾ اَيَوَدُّ اَحَدُكُمْ

| يُصِبْهَا | وَابِلٌ | فَطَلٌّ | وَاللّٰهُ | بِمَا | تَعْمَلُوْنَ | بَصِيْرٌ | اَيَوَدُّ | اَحَدُكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پہنچے اسے | زور کی بارش | تو شبنم ہے | اور اللہ | اس کو جو | تم کرتے ہو | دیکھ رہا ہے | کیا پسند کرتا ہے | کوئی تم سے |

نہ پہنچے تو شبنم کافی ہے اور اللہ جو کچھ تم کرتے ہو دیکھ رہا ہے۔ کیا تم میں سے

اَنْ تَكُوْنَ لَهٗ جَنَّةٌ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

| اَنْ | تَكُوْنَ | لَهٗ | جَنَّةٌ | مِّنْ نَّخِيْلٍ | وَّ | اَعْنَابٍ | تَجْرِيْ | مِنْ تَحْتِهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ کہ | ہو | اس کا | باغ | کھجوروں کا | اور | انگوروں کا | بہتی ہوں | اس کے نیچے |

کوئی پسند کرے گا کہ اس کے پاس کھجوروں اور انگوروں کا ایک باغ ہو جس کے نیچے نہریں

الْاَنْهٰرُ ۙ لَهٗ فِيْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ۙ وَاَصَابَهُ الْكِبَرُ وَلَهٗ ذُرِّيَّةٌ

| الْاَنْهٰرُ | لَهٗ | فِيْهَا | مِنْ كُلِّ | الثَّمَرٰتِ | وَاَصَابَهُ | الْكِبَرُ | وَلَهٗ | ذُرِّيَّةٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ندیاں | اس کیلئے ہوں | اس میں | ہر طرح کے | پھل | اور اسے آپکڑے | بڑھاپا | اور اسکے ہوں | بچے |

بہتی ہوں، اس کیلئے اس میں ہر قسم کے پھل موجود ہوں اور اسے بڑھاپا آ پہنچے اور اس کے

ضُعَفَآءُ ۖ فَاَصَابَهَآ اِعْصَارٌ فِيْهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ ۗ كَذٰلِكَ

| ضُعَفَآءُ | فَاَصَابَهَآ | اِعْصَارٌ | فِيْهِ | نَارٌ | فَاحْتَرَقَتْ | كَذٰلِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ناتواں وکمزور | پھر پہنچے اس کو | ایک بگولا | اس میں ہو | آگ | تو وہ باغ جل گیا | اسی طرح |

کمزور بچے ہوں تو اس پر ایک بگولا آیا جس میں آگ ہو پس اس (آگ) نے اسے جلادیا اسی

يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۶۶﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا

| يُبَيِّنُ | اللّٰهُ | لَكُمُ | الْاٰيٰتِ | لَعَلَّكُمْ | تَتَفَكَّرُوْنَ | يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْٓا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیان کرتا ہے | اللہ | تمہارے لئے | آیتیں | تا کہ تم | غور کرو | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو |

طرح اللہ تم سے اپنی آیتیں بیان کرتا ہے تا کہ تم غوروفکر کرو۔ اے ایمان والو! ان پاکیزہ

اَنْفِقُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا كَسَبْتُمْ وَمِمَّآ اَخْرَجْنَا لَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ ص

| اَنْفِقُوْا | مِنْ طَيِّبٰتِ | مَا | كَسَبْتُمْ | وَمِمَّآ | اَخْرَجْنَا | لَكُمْ | مِّنَ الْاَرْضِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کچھ دو | پاک چیزوں میں سے | جو | تم کماؤ | اور اس سے جو | ہم نے نکالا | تمہارے لئے | زمین سے |

کمائیوں میں سے اور اس میں سے جو ہم نے تمہارے لئے زمین سے نکالا ہے اللہ کی راہ میں خرچ کرو

وَلَا تَيَمَّمُوا الْخَبِيْثَ مِنْهُ تُنْفِقُوْنَ وَلَسْتُمْ بِاٰخِذِيْهِ

| وَلَا | تَيَمَّمُوا | الْخَبِيْثَ | مِنْهُ | تُنْفِقُوْنَ | وَ | لَسْتُمْ | بِاٰخِذِيْهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور نہ | قصد کرو | نکمی چیز کا | اس سے | خرچ کرتے ہو تم | اور | نہیں ہو تم | لینے والے اس کو |

اور اس میں سے ردی چیز کو اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کا ارادہ مت کرو کہ (اگر وہی تمہیں دیا جائے تو) تم خود

اِلَّآ اَنْ تُغْمِضُوْا فِيْهِ ط وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ﴿۲۶۷﴾

| اِلَّآ | اَنْ | تُغْمِضُوْا | فِيْهِ | وَاعْلَمُوْٓا | اَنَّ | اللّٰهَ | غَنِيٌّ | حَمِيْدٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مگر | یہ کہ | چشم پوشی کرو | اس میں | اور جان لو | بے شک | اللہ | بے پرواہ | سراہا گیا ہے |

اسے ہرگز نہ لو سوائے اس کے تم اس میں چشم پوشی کر لو اور جان لو کہ بے شک اللہ بے نیاز قابل تعریف ہے۔

اَلشَّيْطٰنُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ وَيَاْمُرُكُمْ بِالْفَحْشَآءِ ج وَاللّٰهُ يَعِدُكُمْ

| اَلشَّيْطٰنُ | يَعِدُكُمُ | الْفَقْرَ | وَيَاْمُرُكُمْ | بِالْفَحْشَآءِ | وَاللّٰهُ | يَعِدُكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| شیطان | اندیشہ دلاتا ہے تم کو | محتاجی کا | اور حکم دیتا ہے تم کو | بے حیائی کا | اور اللہ | وعدہ فرماتا ہے تم سے |

شیطان تمہیں تنگدستی کا خوف دلاتا ہے اور بے حیائی کا حکم دیتا ہے اور اللہ تم سے اپنی بخشش اور فضل کا وعدہ فرماتا ہے

مَّغْفِرَةً مِّنْهُ وَفَضْلًا ط وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۶۸﴾ صلے يُّؤْتِي الْحِكْمَةَ مَنْ

| مَّغْفِرَةً | مِّنْهُ | وَفَضْلًا | وَاللّٰهُ | وَاسِعٌ | عَلِيْمٌ | يُّؤْتِي | الْحِكْمَةَ | مَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مغفرت کا | اپنی طرف سے | اور فضل کا | اور اللہ | وسعت والا | علم والا ہے | دیتا ہے | حکمت | جسے |

اور اللہ بہت وسعت والا خوب جاننے والا ہے۔ جسے چاہے حکمت عطا

يَشَآءُ ۚ وَمَنْ يُّؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ اُوْتِيَ خَيْرًا كَثِيْرًا ۗ وَمَا يَذَّكَّرُ

| يَشَآءُ | وَمَنْ | يُّؤْتَ | الْحِكْمَةَ | فَقَدْ | اُوْتِيَ | خَيْرًا | كَثِيْرًا | وَمَا | يَذَّكَّرُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چاہے | اور جس کو | دی گئی | حکمت | تو بیشک | ملی اسے | بھلائی | بہت | اور نہیں | نصیحت مانتے |

فرماتا ہے اور جسے حکمت دی گئی تو بے شک اسے بہت بھلائی عطا کی گئی اور عقل والے ہی

اِلَّآ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿٢٦٩﴾ وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ نَّفَقَةٍ اَوْ نَذَرْتُمْ مِّنْ نَّذْرٍ

| اِلَّآ | اُولُوا | الْاَلْبَابِ | وَمَآ | اَنْفَقْتُمْ | مِّنْ نَّفَقَةٍ | اَوْ | نَذَرْتُمْ | مِّنْ نَّذْرٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مگر | صاحب | عقل لوگ | اور جو | تم خرچ کرو | کوئی خرچ کرنا | یا | نذر مانو تم | کوئی نذر |

نصیحت قبول کرتے ہیں۔ اور جو بھی خرچ تم کرو یا کوئی نذر مانو تو بے شک اللہ

فَاِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُهٗ ۗ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿٢٧٠﴾ اِنْ تُبْدُوا

| فَاِنَّ | اللّٰهَ | يَعْلَمُهٗ | وَمَا | لِلظّٰلِمِيْنَ | مِنْ اَنْصَارٍ | اِنْ | تُبْدُوا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو بیشک | اللہ | اسے جانتا ہے | اور نہیں | ظالموں کے لئے | کوئی مددگار | اگر | تم ظاہر کرو |

اسے جانتا ہے اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں۔ اگر خیرات علانیہ

الصَّدَقٰتِ فَنِعِمَّا هِيَ ۚ وَاِنْ تُخْفُوْهَا وَتُؤْتُوْهَا الْفُقَرَآءَ فَهُوَ

| الصَّدَقٰتِ | فَنِعِمَّا | هِيَ | وَاِنْ | تُخْفُوْهَا | وَتُؤْتُوْهَا | الْفُقَرَآءَ | فَهُوَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خیرات | تو اچھا ہے | یہ بھی | اور اگر | تم چھپاؤ اس کو | اور دے دو وہ | فقیروں کو | تو وہ بھی |

دو تو وہ کیا ہی اچھی بات ہے اور اگر چھپا کر فقیروں کو دو یہ تمہارے لئے سب سے

خَيْرٌ لَّكُمْ ۗ وَيُكَفِّرُ عَنْكُمْ مِّنْ سَيِّاٰتِكُمْ ۗ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

| خَيْرٌ | لَّكُمْ | وَيُكَفِّرُ | عَنْكُمْ | مِّنْ سَيِّاٰتِكُمْ | وَاللّٰهُ | بِمَا | تَعْمَلُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بہتر ہے | تمہارے لئے | اور دور کرے گا | تم سے | تمہاری برائیاں | اور اللہ | اس سے | جو تم کرتے ہو |

بہتر ہے اور اس میں تمہارے کچھ گناہ کم ہوں گے اور جو تم کرتے ہو اللہ اس کی خبر

خَبِيْرٌ ﴿٢٧١﴾ لَيْسَ عَلَيْكَ هُدٰىهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ

| يَّشَآءُ | مَنْ | يَهْدِيْ | اللّٰهَ | وَلٰكِنَّ | هُدٰىهُمْ | عَلَيْكَ | لَيْسَ | خَبِيْرٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چاہے | جسے | ہدایت دیتا ہے | اللہ | اور لیکن | ان کو ہدایت دینا | آپ پر | نہیں | خبردار ہے |

رکھنے والا ہے۔ اُن کو ہدایت دینا تمہاری ذمہ داری نہیں ہے۔ لیکن اللہ تعالیٰ جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے۔

وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَلِاَنْفُسِكُمْ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْنَ اِلَّا ابْتِغَآءَ

| ابْتِغَآءَ | اِلَّا | تُنْفِقُوْنَ | وَمَا | فَلِاَنْفُسِكُمْ | مِنْ خَيْرٍ | تُنْفِقُوْا | وَمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| واسطے چاہنے | مگر | خرچ کرتے تم | اور نہیں | تو وہ تمہارے اپنے لئے ہے | مال | تم خرچ کرو | اور جو |

اور مال میں سے جو کچھ تم خرچ کرو گے تو تمہاری اپنی جانوں کے لیے ہے۔ اور تم اللہ تعالیٰ کی رضا چاہنے

وَجْهِ اللّٰهِ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ يُّوَفَّ اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ

| وَاَنْتُمْ | اِلَيْكُمْ | يُّوَفَّ | مِنْ خَيْرٍ | تُنْفِقُوْا | وَمَا | اللّٰهِ | وَجْهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور تم | تم کو | پورا دیا جائے گا | مال سے | تم خرچ کرو گے | اور جو | اللہ کی | رضامندی |

کے لیے ہی جو خرچ کرتے ہو اور مال میں سے جو کچھ تم خرچ کرو گے اس کا پورا پورا بدلہ تمہیں دیا جائے گا اور تم پر

لَا تُظْلَمُوْنَ ﴿٢٧٢﴾ لِلْفُقَرَآءِ الَّذِيْنَ اُحْصِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

| اللّٰهِ | سَبِيْلِ | فِيْ | اُحْصِرُوْا | الَّذِيْنَ | لِلْفُقَرَآءِ | تُظْلَمُوْنَ | لَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ کی | راہ | میں | روکے گئے | وہ جو | واسطے فقیروں کے | ظلم کئے جاؤ گے | نہ |

ظلم نہیں کیا جائے گا۔ صدقات ان فقراء کے لیے ہیں جو اللہ تعالیٰ کے راستے میں روکے

لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ضَرْبًا فِي الْاَرْضِ ؗ يَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ اَغْنِيَآءَ

| اَغْنِيَآءَ | الْجَاهِلُ | يَحْسَبُهُمُ | الْاَرْضِ | فِي | ضَرْبًا | يَسْتَطِيْعُوْنَ | لَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تونگر (غنی) | ناواقف | خیال کرتا ہے ان کو | زمین | میں | چلنے کی | طاقت رکھتے | نہیں |

گئے ہوں۔ وہ زمین میں چلنے پھرنے کی استطاعت نہیں رکھتے۔ ناواقف آدمی ان کے نہ مانگنے کی وجہ سے

مِنَ التَّعَفُّفِ ج تَعْرِفُهُمْ بِسِيْمٰهُمْ ج لَا يَسْـَٔلُوْنَ النَّاسَ اِلْحَافًا ط

| مِنَ التَّعَفُّفِ | تَعْرِفُهُمْ | بِسِيْمٰهُمْ | لَا | يَسْـَٔلُوْنَ | النَّاسَ | اِلْحَافًا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| سوال نہ کرنے کی وجہ سے | پہچان لے گا تو ان کو | ان کی صورت سے | نہیں | مانگتے وہ | لوگوں سے | گڑگڑا کر |

انہیں مالدار سمجھ لیتا ہے۔آپ انہیں ان کے چہرے کی علامات سے پہچان لو گے۔ وہ لوگوں سے چمٹ کر نہیں مانگتے۔

وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ﴿۲۷۳﴾ ع اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ

| وَمَا | تُنْفِقُوْا | مِنْ خَيْرٍ | فَاِنَّ | اللّٰهَ | بِهٖ | عَلِيْمٌ | اَلَّذِيْنَ | يُنْفِقُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور جو | خرچ کرو گے تم | مال | تو بیشک | اللہ | اس کو | جانتا ہے | وہ جو | خرچ کرتے ہیں |

اور جو مال بھی تم خرچ کرو گے یقیناً اللہ تعالیٰ اُس کو جاننے والا ہے۔ جو لوگ (اللہ کی راہ میں)

اَمْوَالَهُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ

| اَمْوَالَهُمْ | بِالَّيْلِ | وَالنَّهَارِ | سِرًّا | وَّعَلَانِيَةً | فَلَهُمْ | اَجْرُهُمْ | عِنْدَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنے مال | رات | اور دن | پوشیدہ | اور ظاہر | تو ان کے لئے ہے | اجر ان کا | نزدیک |

شب و روز اپنے مال پوشیدہ اور ظاہری طور خرچ کرتے ہیں تو ان کیلئے ان کے رب کے پاس ان کا

رَبِّهِمْ ج وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۲۷۴﴾ اَلَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ

| رَبِّهِمْ | وَلَا | خَوْفٌ | عَلَيْهِمْ | وَلَا | هُمْ | يَحْزَنُوْنَ | اَلَّذِيْنَ | يَاْكُلُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کے رب کے | اور نہیں | اندیشہ ہوگا | ان پر | اور نہ | وہ | غمگین ہوں گے | وہ جو | کھاتے ہیں |

اجر ہے اور (روزِ قیامت) ان پر نہ کوئی خوف ہو گا نہ وہ غمگین ہوں گے۔ جولوگ سود کھاتے ہیں

اَلرِّبٰوا لَا يَقُوْمُوْنَ اِلَّا كَمَا يَقُوْمُ الَّذِيْ يَتَخَبَّطُهُ الشَّيْطٰنُ مِنَ الْمَسِّ ط

| الرِّبٰوا | لَا | يَقُوْمُوْنَ | اِلَّا | كَمَا | يَقُوْمُ | الَّذِيْ | يَتَخَبَّطُهُ | الشَّيْطٰنُ | مِنَ الْمَسِّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سود | نہیں | کھڑے ہوں گے | مگر | جیسے | کھڑا ہوتا ہے | وہ | جس کو بدحواس کردے | شیطان | چھوکر |

وہ اُس شخص کی طرح کھڑے ہوں گے جسے شیطان نے چھو کر دیوانہ بنا دیا

الربع ع ۵

وقف منزل

وقف لازم

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْٓا اِنَّمَا الْبَيْعُ مِثْلُ الرِّبٰوا ۘ وَاَحَلَّ اللّٰهُ

| ذٰلِكَ | بِاَنَّهُمْ | قَالُوْٓا | اِنَّمَا | الْبَيْعُ | مِثْلُ | الرِّبٰوا | وَاَحَلَّ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ | اس لیے کہ | وہ بولے | سوا اس کے نہیں کہ | تجارت | مثل | سود کے ہے | اور حلال کیا | اللہ نے |

ہو۔ ایسا اس لیے ہوگا کہ انہوں نے کہا کہ یقیناً تجارت سود جیسی چیز ہے۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ

الْبَيْعَ وَحَرَّمَ الرِّبٰوا ۭ فَمَنْ جَاۗءَهٗ مَوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ فَانْتَهٰى فَلَهٗ

| الْبَيْعَ | وَحَرَّمَ | الرِّبٰوا | فَمَنْ | جَاۗءَهٗ | مَوْعِظَةٌ | مِّنْ رَّبِّهٖ | فَانْتَهٰى | فَلَهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تجارت کو | اور حرام کیا | سود کو | تو جس کے | پاس آئی اسکے | نصیحت | اس کے رب کی طرف سے | تو باز آگیا | تو اس کیلئے ہے |

نے تجارت کو حلال کیا ہے اور سود کو حرام ٹھہرایا ہے۔ پھر جس کے پاس اس کے رب کی طرف سے کوئی نصیحت

مَا سَلَفَ ۭ وَاَمْرُهٗٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ وَمَنْ عَادَ فَاُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ

| مَا | سَلَفَ | وَاَمْرُهٗٓ | اِلَى | اللّٰهِ | وَمَنْ | عَادَ | فَاُولٰۗىِٕكَ | اَصْحٰبُ النَّارِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جو | گزر چکا | اور اس کا فیصلہ | طرف | اللہ کے ہے | اور جو | پھر ایسی حرکت کرے گا | تو وہی ہیں | دوزخ والے ہیں |

آجائے، پھر وہ باز آجائے تو جو گزر چکا وہ اس کے لیے ہے۔ اس کا معاملہ اللہ تعالیٰ کے حوالے ہے۔ اور جو دوبارہ سود کھائیں

هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٢٧٥﴾ يَمْحَقُ اللّٰهُ الرِّبٰوا وَيُرْبِي

| هُمْ | فِيْهَا | خٰلِدُوْنَ | يَمْحَقُ | اللّٰهُ | الرِّبٰوا | وَيُرْبِي |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ | اس میں | ہمیشہ رہنے والے ہیں | مٹاتا ہے | اللہ | سود کو | اور بڑھاتا ہے |

تو وہی لوگ جہنمی ہیں۔ اس میں وہ ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ اللہ سود کو مٹاتا ہے اور صدقات

الصَّدَقٰتِ ۭ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ كَفَّارٍ اَثِيْمٍ ﴿٢٧٦﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

| الصَّدَقٰتِ | وَاللّٰهُ | لَا | يُحِبُّ | كُلَّ | كَفَّارٍ | اَثِيْمٍ | اِنَّ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خیرات کو | اور اللہ | نہیں | پسند کرتا | ہر | ناشکرے | گنہگار کو | بیشک | وہ جو | ایمان لائے |

کو بڑھاتا ہے اور اللہ کسی ناشکرے، گناہ گار کو پسند نہیں کرتا۔ بے شک وہ جو ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ لَهُمْ اَجْرُهُمْ

| اَجْرُهُمْ | لَهُمْ | الزَّكٰوةَ | وَاٰتَوُا | الصَّلٰوةَ | وَاَقَامُوا | الصّٰلِحٰتِ | وَعَمِلُوا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اجر ہے ان کا | ان کے لئے | زکوٰۃ | اور دی | نماز | اور قائم کی | اچھے | اور کام کئے |

اور اچھے کام کئے اور نماز قائم کی اور زکوٰۃ دی ان کا اجر ان کے

عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۲۷۷﴾

| يَحْزَنُوْنَ | هُمْ | لَا | وَ | عَلَيْهِمْ | خَوْفٌ | وَلَا | رَبِّهِمْ | عِنْدَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غم کھائیں گے | وہ | نہ | اور | ان پر | اندیشہ ہوگا | اور نہیں | ان کے رب کے | پاس |

رب کے پاس ہے ان پر نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَذَرُوْا مَا بَقِيَ مِنَ الرِّبٰوٓا اِنْ كُنْتُمْ

| كُنْتُمْ | اِنْ | مِنَ الرِّبٰوٓا | بَقِيَ | مَا | وَذَرُوْا | اللّٰهَ | اتَّقُوا | اٰمَنُوا | الَّذِيْنَ | يٰٓاَيُّهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہو تم | اگر | سود | باقی ہے | جو | اور چھوڑو | اللہ سے | ڈرو | ایمان لائے ہو | وہ جو | اے |

اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور جو سود میں سے باقی رہ گیا ہے اُسے چھوڑ دو اگر تم اللہ پر

مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۲۷۸﴾ فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا فَاْذَنُوْا بِحَرْبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۚ

| وَرَسُوْلِهٖ | مِّنَ اللّٰهِ | بِحَرْبٍ | فَاْذَنُوْا | تَفْعَلُوْا | لَّمْ | فَاِنْ | مُّؤْمِنِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور اس کے رسول سے | اللہ | لڑائی کے لئے | تو تیار ہو جاؤ | کرو تم | نہ | پھر اگر | مسلمان |

ایمان رکھتے ہو۔ پس اگر تم نے ایسا نہ کیا تو اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے اعلانِ جنگ پر خبردار ہو جاؤ

وَاِنْ تُبْتُمْ فَلَكُمْ رُءُوْسُ اَمْوَالِكُمْ ۚ لَا تَظْلِمُوْنَ وَلَا تُظْلَمُوْنَ ﴿۲۷۹﴾

| تُظْلَمُوْنَ | وَلَا | تَظْلِمُوْنَ | لَا | اَمْوَالِكُمْ | رُءُوْسُ | فَلَكُمْ | تُبْتُمْ | وَاِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ظلم کئے جاؤ | اور نہ | تم ظلم کرو | نہ | مال تمہارا | راس | تو تمہارے لئے ہے | تم توبہ کرو | اور اگر |

اور اگر تم توبہ کر لو تو تمہارے لئے تمہارے اصل مال (جائز) ہیں نہ تم ظلم کرو اور نہ تم پر ظلم کیا جائے۔

وَاِنْ كَانَ ذُوْعُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ اِلٰى مَيْسَرَةٍ ؕ وَاَنْ تَصَدَّقُوْا خَيْرٌ

| خَيْرٌ | تَصَدَّقُوْا | وَاَنْ | اِلٰى مَيْسَرَةٍ | فَنَظِرَةٌ | ذُوْعُسْرَةٍ | كَانَ | وَاِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بہتر ہے | صدقہ کردو تم | اور یہ کہ | آسانی تک | تو مہلت دینا ہے | تنگی والے | ہو | اور اگر |

اور اگر قرض دار تنگدست ہو تو خوشحالی تک مہلت دی جانی چاہئے اور تمہارا قرض معاف کر دینا تمہارے

لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۸۰﴾ وَاتَّقُوْا يَوْمًا تُرْجَعُوْنَ فِيْهِ اِلَى اللّٰهِ ۖ

| اِلَى اللّٰهِ | فِيْهِ | تُرْجَعُوْنَ | يَوْمًا | وَاتَّقُوْا | تَعْلَمُوْنَ | كُنْتُمْ | اِنْ | لَّكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ کی طرف | اس میں | کہ پھرو گے | اس دن سے | اور ڈرو | جانتے | ہوتم | اگر | تمہارے لئے |

لئے بہتر ہے اگر تمہیں معلوم ہو۔ اور اس دن سے ڈرو جس میں تم اللہ کی طرف لوٹائے جاؤ گے

ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۲۸۱﴾ يٰۤاَيُّهَا

ع ۳۸ ۸ ۲

| يٰۤاَيُّهَا | يُظْلَمُوْنَ | لَا | وَهُمْ | كَسَبَتْ | مَّا | نَفْسٍ | كُلُّ | تُوَفّٰى | ثُمَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے | ظلم کیے جائیں گے | نہ | اور وہ | اس نے کمایا | جو | جان | ہر | پورا دیا جائے گا | پھر |

پھر ہر شخص کو پورا بدلہ دیا جائے گا جو اس نے کمایا اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا تَدَايَنْتُمْ بِدَيْنٍ اِلٰۤى اَجَلٍ مُّسَمًّى فَاكْتُبُوْهُ ؕ

| فَاكْتُبُوْهُ | مُّسَمًّى | اِلٰۤى اَجَلٍ | بِدَيْنٍ | تَدَايَنْتُمْ | اِذَا | اٰمَنُوْۤا | الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو اسے لکھ لو | مقرر کے | مدت تک | کس قرض کا | تم قرض کا لین دین کرو | جب | ایمان لائے ہو | لوگو جو |

ایمان والو! جب تم ایک مقررہ مدت تک قرض کا معاملہ کرو تو اسے لکھ لو

وَلْيَكْتُبْ بَّيْنَكُمْ كَاتِبٌۢ بِالْعَدْلِ ۪ وَلَا يَاْبَ كَاتِبٌ اَنْ يَّكْتُبَ كَمَا

| كَمَا | يَّكْتُبَ | اَنْ | كَاتِبٌ | يَاْبَ | وَلَا | بِالْعَدْلِ | كَاتِبٌ | بَّيْنَكُمْ | وَلْيَكْتُبْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جیسے | لکھے | یہ کہ | لکھنے والا | انکار کرے | اور نہ | انصاف سے | لکھنے والا | تمہارے درمیان | اور چاہیے کہ لکھے |

اور چاہیے کہ تمہارے درمیان کوئی لکھنے والا انصاف کے ساتھ لکھے اور لکھنے والا لکھنے سے

عَلَّمَهُ اللّٰهُ فَلْيَكْتُبْ ۚ وَلْيُمْلِلِ الَّذِي عَلَيْهِ الْحَقُّ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهُ

| اللّٰهَ | وَلْيَتَّقِ | الْحَقُّ | عَلَيْهِ | الَّذِي | وَلْيُمْلِلِ | فَلْيَكْتُبْ | اللّٰهُ | عَلَّمَهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ سے | اور چاہیے کہ ڈرے | حق ہے | جس کے ذمہ | وہ کہ | اور لکھاتا جائے | تو چاہیے کہ وہ لکھے | اللہ نے | سکھایا اسے |

انکار نہ کرے جیسا کہ اللہ نے اسے سکھایا تو اسے چاہیے کہ وہ لکھ دے اور لکھوائے وہ شخص جس پر قرض ہے اور وہ اللہ سے

وَلَا يَبْخَسْ مِنْهُ شَيْئًا ۚ فَإِنْ كَانَ الَّذِي عَلَيْهِ الْحَقُّ سَفِيهًا

| سَفِيهًا | الْحَقُّ | عَلَيْهِ | الَّذِي | كَانَ | فَإِنْ | شَيْئًا | مِنْهُ | يَبْخَسْ | لَا | وَ | رَبَّهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بے عقل | حق ہے | جس پر | وہ | ہو | پھر اگر | کوئی چیز | اس سے | کم کرے | نہ | اور | جو اس کا رب ہے |

ڈرے جو اس کا رب ہے اور اس سے کچھ کم نہ کرے پس اگر وہ شخص جس پر قرض ہے بیوقوف

أَوْ ضَعِيفًا أَوْ لَا يَسْتَطِيعُ أَنْ يُمِلَّ هُوَ فَلْيُمْلِلْ وَلِيُّهُ بِالْعَدْلِ ۚ

| بِالْعَدْلِ | وَلِيُّهُ | فَلْيُمْلِلْ | هُوَ | يُمِلَّ | أَنْ | يَسْتَطِيعُ | لَا | أَوْ | ضَعِيفًا | أَوْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| انصاف سے | اس کا ولی | تو لکھائے | وہ | لکھائے | یہ کہ | طاقت رکھتا ہو | نہ | یا | ناتوان ہو | یا |

یا ضعیف البدن ہو یا وہ طاقت نہ رکھتا ہو لکھوانے کی تو اس کا ولی انصاف سے لکھوا دے

وَاسْتَشْهِدُوا شَهِيدَيْنِ مِنْ رِجَالِكُمْ ۚ فَإِنْ لَمْ يَكُونَا

| يَكُونَا | لَمْ | فَإِنْ | مِنْ رِجَالِكُمْ | شَهِيدَيْنِ | اسْتَشْهِدُوا | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ہوں | نہ | پھر اگر | اپنے مردوں میں سے | دو گواہ | گواہ کرلو | اور |

اور دو گواہ بنا لو اپنے مردوں میں سے پھر اگر دو مرد نہ ہوں تو ایک مرد اور دو عورتیں ان گواہوں

رَجُلَيْنِ فَرَجُلٌ وَامْرَأَتَانِ مِمَّنْ تَرْضَوْنَ مِنَ الشُّهَدَاءِ أَنْ

| أَنْ | الشُّهَدَاءِ | مِنَ | تَرْضَوْنَ | مِمَّنْ | وَامْرَأَتَانِ | فَرَجُلٌ | رَجُلَيْنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ کہ اگر | گواہوں سے | ان کو | تم پسند کرو | جن کو | اور دو عورتیں | تو ایک مرد | دو مرد |

میں سے جنہیں تم پسند کرتے ہو کہ ان دو میں سے کوئی ایک (عورت) بھول جائے تو اس

تَضِلَّ اِحْدٰىهُمَا فَتُذَكِّرَ اِحْدٰىهُمَا الْاُخْرٰى ۭ وَلَا يَاْبَ

| تَضِلَّ | اِحْدٰىهُمَا | فَتُذَكِّرَ | اِحْدٰىهُمَا | الْاُخْرٰى | وَلَا | يَاْبَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بھول جائے گی | ایک ان دونوں میں سے | تو یاد کرادے گی | ایک ان دونوں میں سے | دوسری کو | اور نہ | انکار کریں |

ایک کو دوسری یاد دلا دے اور گواہ نہ انکار کریں جب وہ (گواہی کیلئے بلائے جائیں) اور (دشوار سمجھ کر) اس

الشُّهَدَاۗءُ اِذَا مَا دُعُوْا ۭ وَلَا تَسْــَٔـمُوْٓا اَنْ تَكْتُبُوْهُ صَغِيْرًا اَوْ كَبِيْرًا

| الشُّهَدَاۗءُ | اِذَا | مَا دُعُوْا | وَلَا | تَسْــَٔـمُوْٓا | اَنْ | تَكْتُبُوْهُ | صَغِيْرًا | اَوْ | كَبِيْرًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گواہ | جب | بھی بلائے جائیں | اور نہ | جانو اسے بھاری | یہ کہ | اسے لکھو | چھوٹا ہو | یا | بڑا |

کے لکھنے میں سستی نہ کرو قرض چھوٹا ہو یا بڑا اس کی معیاد تک (لکھ لو)، تمہارے لئے اس

اِلٰٓى اَجَلِهٖ ۭ ذٰلِكُمْ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ وَاَقْوَمُ لِلشَّهَادَةِ وَاَدْنٰٓى

| اِلٰٓى | اَجَلِهٖ | ذٰلِكُمْ | اَقْسَطُ | عِنْدَ | اللّٰهِ | وَاَقْوَمُ | لِلشَّهَادَةِ | وَاَدْنٰٓى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طرف | اس کی مدت کے | یہ | زیادہ انصاف | نزدیک | اللہ کے | اور بہت قائم رکھنے والا | گواہی کو | اور قریب ہے کہ |

میں اللہ کے نزدیک پورا انصاف ہے اور (یہ کام) گواہی کوزیادہ درست رکھنے والا ہے اور زیادہ

اَلَّا تَرْتَابُوْٓا اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً حَاضِرَةً تُدِيْرُوْنَهَا بَيْنَكُمْ فَلَيْسَ

| اَلَّا | تَرْتَابُوْٓا | اِلَّآ | اَنْ | تَكُوْنَ | تِجَارَةً | حَاضِرَةً | تُدِيْرُوْنَهَا | بَيْنَكُمْ | فَلَيْسَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہ | شک کرو | مگر | یہ کہ | ہو | بیع | نقد بہ نقد | کہ لے دے لو اس کو | آپس میں | تو نہیں |

قریب ہے اس بات کے کہ تم شک میں نہ پڑو، مگر یہ کہ کوئی سودا ہاتھوں ہاتھ ہو جسے تم آپس میں لیتے دیتے ہو

عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَلَّا تَكْتُبُوْهَا ۭ وَاَشْهِدُوْٓا اِذَا تَبَايَعْتُمْ ۠ وَلَا يُضَاۗرَّ

| عَلَيْكُمْ | جُنَاحٌ | اَلَّا | تَكْتُبُوْهَا | وَاَشْهِدُوْٓا | اِذَا | تَبَايَعْتُمْ | وَلَا | يُضَاۗرَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم پر | کوئی گناہ | یہ کہ نہ | لکھواس کو | اور گواہ رکھ لو | جب | آپس میں سودا کرو | اور نہ | نقصان کرے |

تو (ایسی صورت میں) تم پر کوئی گناہ نہیں کہ تم اس کو نہ لکھو اور گواہ بنا لو جب تم خرید و فروخت کرو اور ضرر نہ دیا

## كَاتِبٌ وَّلَا شَهِيْدٌ ۚ وَإِنْ تَفْعَلُوْا فَإِنَّهٗ فُسُوْقٌ بِكُمْ ۗ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۖ

| كَاتِبٌ | وَّ | لَا | شَهِيْدٌ | وَإِنْ | تَفْعَلُوْا | فَإِنَّهٗ | فُسُوْقٌ | بِكُمْ | وَاتَّقُوْا | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لکھنے والا | اور | نہ | گواہ | اور اگر | تم کرو | تو وہ | گناہ ہوگا | تم سے | اور ڈرو | اللہ سے |

| اور مکر کیا انہوں نے | اور خفیہ تدبیر کی | اللہ نے | اور | اللہ | بہتر ہے | خفیہ تدبیر کرنے والا | یاد کرو جب | فرمایا | اللہ نے |

اور کافروں نے مکر کیا اور اللہ نے (ان کے خلاف) خفیہ تدبیر فرمائی اور اللہ سب سے بہتر خفیہ تدبیر فرمانے والا ہے۔ اور یاد کرو جب اللہ

يٰعِيۡسٰۤى اِنِّىۡ مُتَوَفِّيۡكَ وَرَافِعُكَ اِلَىَّ وَمُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِيۡنَ

| يٰعِيۡسٰۤى | اِنِّىۡ | مُتَوَفِّيۡكَ | وَرَافِعُكَ | اِلَىَّ | وَمُطَهِّرُكَ | مِنَ الَّذِيۡنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اے عیسیٰ | بیشک میں | تجھے پوری عمر تک پہنچاؤں گا | اور تجھے اٹھالوں گا | اپنی طرف | اور تجھے پاک کروں گا | ان سے |

نے فرمایا اے عیسیٰ میں تجھے پوری عمر تک پہنچاؤں گا اور تجھے اپنی

كَفَرُوْا وَجَاعِلُ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْكَ فَوْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى يَوْمِ

| كَفَرُوْا | وَجَاعِلُ | الَّذِيْنَ | اتَّبَعُوْكَ | فَوْقَ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْٓا | اِلٰى | يَوْمِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جو کافر ہیں | اور کروں گا | ان کو | جو تیرے پیرو ہیں | غالب | ان پر | جو کافر ہیں | تک | دن |

طرف اٹھا لوں گا اور تجھے کافروں سے پاک کر دوں گا اور تیری پیروی کرنے والوں کو

الْقِيٰمَةِ ۚ ثُمَّ اِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَاَحْكُمُ بَيْنَكُمْ فِيْمَا كُنْتُمْ فِيْهِ

| الْقِيٰمَةِ ۚ | ثُمَّ | اِلَيَّ | مَرْجِعُكُمْ | فَاَحْكُمُ | بَيْنَكُمْ | فِيْمَا | كُنْتُمْ | فِيْهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قیامت کے | پھر | میری طرف ہے | تمہارا لوٹ کر آنا | تو میں فیصلہ کروں گا | تم میں | اس سے | جو تھے تم | اس میں |

قیامت تک تیرے منکروں پر غلبہ دوں گا پھر تم سب میری طرف پلٹ کر آؤ گے تو میں تم میں فیصلہ فرما دوں گا جس

تَخْتَلِفُوْنَ ﴿۵۵﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَاُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا فِي

| تَخْتَلِفُوْنَ | فَاَمَّا | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | فَاُعَذِّبُهُمْ | عَذَابًا | شَدِيْدًا | فِي |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جھگڑتے | پھر وہ | جو | کافر ہیں | تو میں عذاب دوں گا انہیں | عذاب | سخت | میں |

بات میں جھگڑتے ہو۔ تو وہ جو کافر ہوئے میں انہیں دنیا اور آخرت میں سخت عذاب

الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۡ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۵۶﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

| الدُّنْيَا | وَالْاٰخِرَةِ | وَمَا | لَهُمْ | مِّنْ نّٰصِرِيْنَ | وَاَمَّا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دنیا | اور آخرت | اور نہیں | ان کا | کوئی مددگار | اور لیکن | وہ جو | ایمان لائے |

دوں گا اور ان کا کوئی مددگار نہ ہو گا۔ اور جو لوگ ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُوَفِّيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ ۭ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ

| وَعَمِلُوا | الصّٰلِحٰتِ | فَيُوَفِّيْهِمْ | اُجُوْرَهُمْ | وَاللّٰهُ | لَا | يُحِبُّ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اور کام کیے | اچھے | تو پورا دے گا ان کو | ان کے اجر | اور اللہ | نہیں | پسند کرتا |

اور انہوں نے نیک عمل کیے تو (اللہ) انہیں ان کے بھرپور اجر دے گا اور اللہ ظالموں کو

الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۷﴾ ذٰلِكَ نَتْلُوْهُ عَلَيْكَ مِنَ الْاٰيٰتِ وَالذِّكْرِ الْحَكِيْمِ ﴿۵۸﴾

| الظّٰلِمِيْنَ | ذٰلِكَ | نَتْلُوْهُ | عَلَيْكَ | مِنَ الْاٰيٰتِ | وَالذِّكْرِ | الْحَكِيْمِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ظالموں کو | یہ | پڑھتے ہیں ہم اسے | تم پر | آیتوں سے | اور نصیحت | حکمت والی |

پسند نہیں کرتا۔ یہ جو ہم آپ کو پڑھ کر سناتے ہیں (یہ) نشانیاں ہیں اور حکمت والی نصیحت ہے۔

اِنَّ مَثَلَ عِيْسٰى عِنْدَ اللّٰهِ كَمَثَلِ اٰدَمَ ؕ خَلَقَهٗ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ

| اِنَّ | مَثَلَ | عِيْسٰى | عِنْدَ | اللّٰهِ | كَمَثَلِ | اٰدَمَ | خَلَقَهٗ | مِنْ تُرَابٍ | ثُمَّ | قَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک | کہاوت | عیسٰی | نزدیک | اللہ کے | مثل | آدم کیلئے | بنایا اسے | مٹی سے | پھر | فرمایا |

بیشک عیسٰی کی مثال اللہ کے نزدیک آدم کی طرح ہے اسے مٹی سے بنایا پھر اسے فرمایا

لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿۵۹﴾ اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُنْ مِّنَ الْمُمْتَرِيْنَ ﴿۶۰﴾

| لَهٗ | كُنْ | فَيَكُوْنُ | اَلْحَقُّ | مِنْ رَّبِّكَ | فَلَا | تَكُنْ | مِّنَ الْمُمْتَرِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس کو | ہو جا | تو ہو گیا | حق | تیرے رب سے | تو نہ | تو ہو | شک کرنے والا |

''ہو جا'' تو ہو گیا۔ حق تیرے رب کی طرف سے ہے تو (اے مخاطب) شک کرنے والوں میں سے نہ ہونا۔

فَمَنْ حَآجَّكَ فِيْهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ فَقُلْ تَعَالَوْا

| فَمَنْ | حَآجَّكَ | فِيْهِ | مِنْۢ بَعْدِ | مَا | جَآءَكَ | مِنَ الْعِلْمِ | فَقُلْ | تَعَالَوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو جو | جھگڑا کرے آپ سے | اس میں | بعد | کہ | آ گیا آپ کے تیرے پاس | سے علم | تو فرما دو | آؤ |

پھر اے محبوب جو تم سے عیسٰی کے بارے میں حجت کریں بعد اس کے کہ تمہیں علم آ چکا

نَدْعُ اَبْنَآءَنَا وَاَبْنَآءَكُمْ وَنِسَآءَنَا وَنِسَآءَكُمْ وَاَنْفُسَنَا وَاَنْفُسَكُمْ قف

| نَدْعُ | اَبْنَآءَنَا | وَاَبْنَآءَكُمْ | وَنِسَآءَنَا | وَنِسَآءَكُمْ | وَاَنْفُسَنَا | وَاَنْفُسَكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بلائیں ہم | اپنے بیٹوں کو | اور تمہارے بیٹوں کو | اور اپنی عورتوں کو | اور تمہاری عورتوں کو | اور اپنی جانوں کو | اور تمہاری جانوں کو |

تو ان سے فرما دو آؤ ہم بلائیں اپنے بیٹے اور تمہارے بیٹے اور اپنی عورتیں اور تمہاری عورتیں

ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَلْ لَّعْنَتَ اللّٰهِ عَلَى الْكٰذِبِيْنَ ﴿٦١﴾ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ

| ثُمَّ | نَبْتَهِلْ | فَنَجْعَلْ | لَّعْنَتَ | اللّٰهِ | عَلَى | الْكٰذِبِيْنَ | اِنَّ | هٰذَا | لَهُوَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پھر | مباہلہ کریں | تو بھیجیں | لعنت | اللہ کی | اوپر | جھوٹوں کے | بے شک | یہ | وہ |

اور اپنی جانیں اور تمہاری جانیں پھر مباہلہ کریں تو جھوٹوں پر اللہ کی لعنت ڈالیں۔ یہی بے شک سچا بیان ہے

الْقَصَصُ الْحَقُّ ۚ وَمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّا اللّٰهُ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ

| الْقَصَصُ | الْحَقُّ | وَمَا | مِنْ | اِلٰهٍ | اِلَّا | اللّٰهُ | وَاِنَّ | اللّٰهَ | لَهُوَ | الْعَزِيْزُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیان ہے | سچا | اور نہیں | کوئی | معبود | مگر | اللہ | اور بیشک | اللہ | وہی ہے | غالب ہے |

اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور بے شک اللہ ہی غالب ہے

الْحَكِيْمُ ﴿٦٢﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِالْمُفْسِدِيْنَ ﴿٦٣﴾ ع قُلْ يٰۤاَهْلَ

| الْحَكِيْمُ | فَاِنْ | تَوَلَّوْا | فَاِنَّ | اللّٰهَ | عَلِيْمٌ | بِالْمُفْسِدِيْنَ | قُلْ | يٰۤاَهْلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حکمت والا | تو اگر | وہ منہ پھیریں | تو بیشک | اللہ | جاننے والا ہے | فسادی لوگوں کو | فرمایئے | اے اہل |

حکمت والا۔ پھر اگر وہ لوگ روگردانی کریں تو یقیناً اللہ فساد کرنے والوں کو اللہ خوب جانتا ہے۔ آپ ﷺ فرمادیں اے

الْكِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ سَوَآءٍۢ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اَلَّا نَعْبُدَ اِلَّا اللّٰهَ

| الْكِتٰبِ | تَعَالَوْا | اِلٰى | كَلِمَةٍ | سَوَآءٍ | بَيْنَنَا | وَبَيْنَكُمْ | اَلَّا | نَعْبُدَ | اِلَّا | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کتاب | آؤ | طرف | ایک کلمہ کی | جو یکساں ہے | ہمارے مابین | اور تمہارے مابین | یہ کہ نہ | عبادت کریں | مگر | اللہ کی |

اہل کتاب! تم اس بات کی طرف آجاؤ جو ہمارے اور تمہارے درمیان یکساں ہے (وہ یہ) کہ ہم اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہیں کریں

وَلَا نُشْرِكَ بِهٖ شَيْـًٔا وَّلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ

| وَلَا | نُشْرِكَ | بِهٖ | شَيْـًٔا | وَ | لَا | يَتَّخِذَ | بَعْضُنَا | بَعْضًا | اَرْبَابًا | مِّنْ دُوْنِ | اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور نہ | شریک کریں ہم | اس کے ساتھ | کسی کو | اور | نہ | پکڑے | بعض ہمارا | بعض | رب | سوائے | اللہ کے |

گے اور ہم اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہرائیں گے اور ہم میں سے کوئی ایک دوسرے کو اللہ کے سوا رب نہیں بنائے گا پھر اگر وہ

ع ۱۵

فَاِنۡ تَوَلَّوۡا فَقُوۡلُوا اشۡهَدُوۡا بِاَنَّا مُسۡلِمُوۡنَ ﴿۶۴﴾ یٰۤاَهۡلَ الۡكِتٰبِ لِمَ

| فَاِنۡ | تَوَلَّوۡا | فَقُوۡلُوا | اشۡهَدُوۡا | بِاَنَّا | مُسۡلِمُوۡنَ | یٰۤاَهۡلَ | الۡكِتٰبِ | لِمَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو اگر | نہ مانے | تو کہہ دو | گواہ رہو | اس پر کہ ہم | مسلمان ہیں | اے اہل | کتاب | کیوں |

روگردانی کریں تو فرما دو کہ گواہ ہو جاؤ کہ ہم تو اللہ کے تابع فرمان (مسلمان) ہیں۔ اے کتاب والو! کیوں

تُحَآجُّوۡنَ فِیۡۤ اِبۡرٰهِیۡمَ وَمَاۤ اُنۡزِلَتِ التَّوۡرٰىةُ وَالۡاِنۡجِیۡلُ اِلَّا مِنۡۢ بَعۡدِهٖ

| تُحَآجُّوۡنَ | فِیۡۤ اِبۡرٰهِیۡمَ | وَمَاۤ | اُنۡزِلَتِ | التَّوۡرٰىةُ | وَالۡاِنۡجِیۡلُ | اِلَّا | مِنۡۢ بَعۡدِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جھگڑتے ہو | ابراہیم میں | اور نہ | اتری | توریت | اور انجیل | مگر | اس کے بعد |

جھگڑتے ہو ابراہیم کے بارے میں حالانکہ نہیں اُتری توراۃ اور انجیل لیکن ان کے بعد

اَفَلَا تَعۡقِلُوۡنَ ﴿۶۵﴾ هٰۤاَنۡتُمۡ هٰۤؤُلَآءِ حَاجَجۡتُمۡ فِیۡمَا لَكُمۡ بِهٖ

| اَفَلَا | تَعۡقِلُوۡنَ | هٰۤاَنۡتُمۡ | هٰۤؤُلَآءِ | حَاجَجۡتُمۡ | فِیۡمَا | لَكُمۡ | بِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیا نہیں | تمہیں عقل | سنتے ہو | یہ جو تم ہو | جھگڑتے | اس میں | کہ تمہیں | اس کا |

تو کیا تم نہیں سمجھتے؟۔ سن لو تم ہی وہ لوگ ہو جنہوں نے حجت بازی کی اس چیز میں

عِلۡمٌ فَلِمَ تُحَآجُّوۡنَ فِیۡمَا لَیۡسَ لَكُمۡ بِهٖ عِلۡمٌ ؕ وَاللّٰهُ یَعۡلَمُ وَاَنۡتُمۡ

| عِلۡمٌ | فَلِمَ | تُحَآجُّوۡنَ | فِیۡمَا | لَیۡسَ | لَكُمۡ | بِهٖ | عِلۡمٌ | وَاللّٰهُ | یَعۡلَمُ | وَاَنۡتُمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| علم ہے | تو کیوں | جھگڑتے ہو | اس میں کہ | نہیں ہے | تمہیں | اس کا | علم | اور اللہ | جانتے | اور تم |

جس کا تمہیں کچھ بھی علم تھا تو اب تم کیوں جھگڑتے ہو اس چیز میں جس کی تمہیں کچھ خبر نہیں اور اللہ جانتا ہے اور

لَا تَعۡلَمُوۡنَ ﴿۶۶﴾ مَا كَانَ اِبۡرٰهِیۡمُ یَهُوۡدِیًّا وَّلَا نَصۡرَانِیًّا وَّلٰكِنۡ كَانَ

| لَا | تَعۡلَمُوۡنَ | مَا | كَانَ | اِبۡرٰهِیۡمُ | یَهُوۡدِیًّا | وَ | لَا | نَصۡرَانِیًّا | وَّلٰكِنۡ | كَانَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | جانتے | نہیں | تھے | ابراہیم | یہودی | اور | نہ | نصرانی | اور لیکن | تھے |

تم نہیں جانتے۔ ابراہیم نہ یہودی تھے اور نہ نصرانی بلکہ ہر باطل سے جدا

حَنِیۡفًا مُّسۡلِمًا ؕ وَمَا کَانَ مِنَ الۡمُشۡرِکِیۡنَ ﴿۶۷﴾ اِنَّ اَوۡلَی النَّاسِ

| حَنِیۡفًا | مُّسۡلِمًا | وَمَا | کَانَ | مِنَ الۡمُشۡرِکِیۡنَ | اِنَّ | اَوۡلَی | النَّاسِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایک رخ | مسلمان | اور نہ | تھے | مشرکوں سے | بے شک | زیادہ قریب | لوگوں سے |

مسلمان تھے اور مشرکوں میں سے نہیں تھے۔ بے شک سب لوگوں سے

بِاِبۡرٰهِیۡمَ لَلَّذِیۡنَ اتَّبَعُوۡهُ وَهٰذَا النَّبِیُّ وَالَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا ؕ وَاللّٰهُ وَلِیُّ

| بِاِبۡرٰهِیۡمَ | لَلَّذِیۡنَ | اتَّبَعُوۡهُ | وَهٰذَا | النَّبِیُّ | وَالَّذِیۡنَ | اٰمَنُوۡا | وَاللّٰهُ | وَلِیُّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ابراہیم کے | وہ ہیں جو | اس کے پیرو ہیں | اور یہ | نبی | اور وہ جو | ایمان لائے | اور اللہ | والی ہے |

ابراہیم کے زیادہ حق دار وہ تھے جو ان کے پیروکار ہوئے اور یہ نبی اور ایمان والے اور ایمان والوں کا

الۡمُؤۡمِنِیۡنَ ﴿۶۸﴾ وَدَّتۡ طَّآئِفَةٌ مِّنۡ اَهۡلِ الۡکِتٰبِ لَوۡ یُضِلُّوۡنَکُمۡ ؕ

| الۡمُؤۡمِنِیۡنَ | وَدَّتۡ | طَّآئِفَةٌ | مِّنۡ | اَهۡلِ | الۡکِتٰبِ | لَوۡ | یُضِلُّوۡنَکُمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مومنوں کا | چاہتا ہے | ایک گروہ | سے | اہل | کتاب سے | اگر | وہ گمراہ کریں تم کو |

والی اللہ ہے۔ (اے مسلمانو!) اہلِ کتاب میں سے ایک گروہ تو (شاید) خواہش رکھتا ہے کہ کاش وہ تمہیں گمراہ کریں،

وَمَا یُضِلُّوۡنَ اِلَّاۤ اَنۡفُسَهُمۡ وَمَا یَشۡعُرُوۡنَ ﴿۶۹﴾ یٰۤاَهۡلَ الۡکِتٰبِ لِمَ

| وَمَا | یُضِلُّوۡنَ | اِلَّاۤ | اَنۡفُسَهُمۡ | وَمَا | یَشۡعُرُوۡنَ | یٰۤاَهۡلَ | الۡکِتٰبِ | لِمَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور نہیں | گمراہ کرتے | مگر | اپنی جانوں کو | اور نہیں | سمجھتے | اے اہل | کتاب | کیوں |

مگر وہ فقط اپنے آپ ہی کو گمراہی میں مبتلا کئے ہوئے ہیں اور انہیں (اس بات کا) شعور نہیں۔ اے اہلِ کتاب!

تَکۡفُرُوۡنَ بِاٰیٰتِ اللّٰهِ وَاَنۡتُمۡ تَشۡهَدُوۡنَ ﴿۷۰﴾ یٰۤاَهۡلَ الۡکِتٰبِ لِمَ

| تَکۡفُرُوۡنَ | بِاٰیٰتِ | اللّٰهِ | وَاَنۡتُمۡ | تَشۡهَدُوۡنَ | یٰۤاَهۡلَ | الۡکِتٰبِ | لِمَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کفر کرتے ہو | آیتوں سے | اللہ کی | اور تم | گواہ ہو | اے اہل | کتاب | کیوں |

تم اللہ کی آیتوں کا انکار کیوں کر رہے ہو حالانکہ تم خود گواہ ہو۔ اے کتاب والو! کیوں ملاتے ہو

تَلْبِسُوْنَ الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۷۱﴾ ع

| تَلْبِسُوْنَ | الْحَقَّ | بِالْبَاطِلِ | وَتَكْتُمُوْنَ | الْحَقَّ | وَاَنْتُمْ | تَعْلَمُوْنَ |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| ملاتے ہو | حق کو | باطل سے | اور چھپاتے ہو | حق کو | اور تم | جانتے ہو |

حق کو باطل کے ساتھ اور کیوں حق چھپاتے ہو حالانکہ تم جانتے ہو۔

وَقَالَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اٰمِنُوْا بِالَّذِیْٓ اُنْزِلَ عَلَى الَّذِیْنَ

| وَقَالَتْ | طَّآئِفَةٌ | مِّنْ اَهْلِ | الْكِتٰبِ | اٰمِنُوْا | بِالَّذِیْٓ | اُنْزِلَ | عَلَى | الَّذِیْنَ |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| اور کہا | ایک گروہ نے | اہل | کتاب سے | ایمان لاؤ | اس پر جو | اتارا گیا | اوپر | ان کے جو |

اور اہلِ کتاب کے ایک گروہ نے کہا کہ تم صبح کو ایمان لاؤ اس چیز پر جو مسلمانوں پر

اٰمَنُوْا وَجْهَ النَّهَارِ وَاكْفُرُوْٓا اٰخِرَهٗ لَعَلَّهُمْ یَرْجِعُوْنَ ﴿۷۲﴾ ج

| اٰمَنُوْا | وَجْهَ | النَّهَارِ | وَاكْفُرُوْٓا | اٰخِرَهٗ | لَعَلَّهُمْ | یَرْجِعُوْنَ |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| ایمان لائے | شروع | دن میں | اور انکار کرو | پچھلے وقت | تاکہ وہ | لوٹ آئیں |

نازل ہوئی اور شام کو اس کے منکر ہو جاؤ شاید وہ پھر جائیں۔

وَلَا تُؤْمِنُوْٓا اِلَّا لِمَنْ تَبِعَ دِیْنَكُمْ ؕ قُلْ اِنَّ الْهُدٰى هُدَى اللّٰهِ ۙ اَنْ

| وَلَا | تُؤْمِنُوْٓا | اِلَّا | لِمَنْ | تَبِعَ | دِیْنَكُمْ | قُلْ | اِنَّ | الْهُدٰى | هُدَى | اللّٰهِ | اَنْ |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| اور نہ | ایمان لاؤ | مگر | جو | پیروکار ہو | تمہارے دین کا | فرمادو | بیشک | ہدایت | ہدایت | اللہ کی ہے | یہ کہ |

اور یقین نہ لاؤ مگر اس کا جو تمہارے دین کا پیروکار ہے آپ فرما دیجئے کہ اللہ کی ہدایت ہی ہدایت ہے

یُّؤْتٰۤى اَحَدٌ مِّثْلَ مَاۤ اُوْتِیْتُمْ اَوْ یُحَآجُّوْكُمْ عِنْدَ رَبِّكُمْ ؕ قُلْ

| یُّؤْتٰۤى | اَحَدٌ | مِّثْلَ | مَاۤ | اُوْتِیْتُمْ | اَوْ | یُحَآجُّوْكُمْ | عِنْدَ | رَبِّكُمْ | قُلْ |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| دیا جائے | کوئی | مثل | اس کے | جو تم دیئے گئے | یا | حجت کریں تم سے | پاس | تمہارے رب کے | فرمادو |

(یقین) اس کا کہ کسی کو ملے جیسا تمہیں ملا یا کوئی تم پر حجت لا سکے تمہارے رب کے پاس فرما دیجئے

اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ ۚ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۚ﴿۷۳﴾

| اِنَّ | الْفَضْلَ | بِيَدِ | اللّٰهِ | يُؤْتِيْهِ | مَنْ | يَّشَآءُ | وَاللّٰهُ | وَاسِعٌ | عَلِيْمٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک | فضل | ہاتھ میں | اللہ کے ہے | دیتا ہے وہ | جسے | چاہے | اور اللہ | وسعت والا | علم والا ہے |

کہ فضل تو اللہ ہی کے ہاتھ ہے جسے چاہے دے اور اللہ وسعت والا علم والا ہے۔

يَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۷۴﴾

| يَّخْتَصُّ | بِرَحْمَتِهٖ | مَنْ | يَّشَآءُ | وَاللّٰهُ | ذُو الْفَضْلِ | الْعَظِيْمِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| خاص کرتا ہے | اپنی رحمت کے ساتھ | جسے | چاہے | اور اللہ | صاحب فضل | عظیم ہے |

اپنی رحمت سے خاص کرتا ہے جسے چاہے اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔

وَمِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مَنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِقِنْطَارٍ يُّؤَدِّهٖٓ

| وَ | مِنْ اَهْلِ | الْكِتٰبِ | مَنْ | اِنْ | تَاْمَنْهُ | بِقِنْطَارٍ | يُّؤَدِّهٖٓ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | بعض اہل | کتاب | وہ ہیں کہ | اگر | امانت دو اس کو | ڈھیر مال | ادا کردے اس کو |

اور اہل کتاب میں بعض ایسے بھی ہیں کہ اگر آپ اس کے پاس مال کا ڈھیر امانت رکھ

اِلَيْكَ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِدِيْنَارٍ لَّا يُؤَدِّهٖٓ اِلَيْكَ

| اِلَيْكَ | وَمِنْهُمْ | مَّنْ | اِنْ | تَاْمَنْهُ | بِدِيْنَارٍ | لَّا | يُؤَدِّهٖٓ | اِلَيْكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تجھے | اور بعض ان سے | وہ ہیں کہ | اگر | امانت دے اسے | ایک دینار | نہ | ادا کردے گا | تجھے |

دیں تو وہ آپ کو لوٹا دے گا اور انہی میں بعض ایسے ہیں کہ اگر اس کے پاس ایک

اِلَّا مَا دُمْتَ عَلَيْهِ قَآئِمًا ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لَيْسَ عَلَيْنَا

| اِلَّا | مَا دُمْتَ | عَلَيْهِ | قَآئِمًا | ذٰلِكَ | بِاَنَّهُمْ | قَالُوْا | لَيْسَ | عَلَيْنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مگر | جب تک تو | اس پر | کھڑا رہے | یہ | اس لئے ہے کہ | کہا انہوں نے | نہیں ہے | ہم پر |

دینار امانت رکھ دیں تو آپ کو وہ بھی نہیں لوٹائے گا سوائے اس کے کہ آپ اس کے سر پر کھڑے رہیں یہ اس لئے

فِی الْاُمِّیّٖنَ سَبِیْلٌ ۚ وَیَقُوْلُوْنَ عَلَی اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُمْ

| وَهُمْ | الْكَذِبَ | اللّٰهِ | عَلَى | وَيَقُوْلُوْنَ | سَبِيْلٌ | الْاُمِّيّٖنَ | فِي |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| اور وہ | جھوٹ | اللہ کے | اوپر | اور کہتے ہیں | کوئی راہ | ان پڑھوں | میں |

کہ وہ کہتے ہیں کہ ان پڑھوں کے معاملہ میں ہم پر کوئی مواخذہ نہیں اور اللہ پر جھوٹ باندھتے ہیں اور انہیں

یَعْلَمُوْنَ ﴿۷۵﴾ بَلٰی مَنْ اَوْفٰی بِعَهْدِهٖ وَاتَّقٰی فَاِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ

| يُحِبُّ | اللّٰهَ | فَاِنَّ | وَاتَّقٰى | بِعَهْدِهٖ | اَوْفٰى | مَنْ | بَلٰى | يَعْلَمُوْنَ |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| پسند کرتا ہے | اللہ | تو بے شک | اور ڈرے | اس کا عہد | پورا کرے | جو | ہاں کیوں نہیں | جانتے ہیں |

خود (بھی) معلوم ہے۔ ہاں جو اپنا وعدہ پورا کرے اور تقویٰ اختیار کرے سو بے شک اللہ پرہیز گاروں سے

الْمُتَّقِیْنَ ﴿۷۶﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ یَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَاَیْمَانِهِمْ

| وَاَيْمَانِهِمْ | اللّٰهِ | بِعَهْدِ | يَشْتَرُوْنَ | الَّذِيْنَ | اِنَّ | الْمُتَّقِيْنَ |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| اور اپنی قسموں کے | اللہ کے | ساتھ عہد | لیتے ہیں | وہ جو | بے شک | پرہیز گاروں کو |

محبت فرماتا ہے۔ بے شک وہ لوگ جو خریدتے ہیں اللہ کے عہد اور اپنی قسموں کے بدلے تھوڑی

ثَمَنًا قَلِیْلًا اُولٰٓئِكَ لَا خَلَاقَ لَهُمْ فِی الْاٰخِرَةِ وَلَا یُكَلِّمُهُمُ

| يُكَلِّمُهُمُ | وَلَا | الْاٰخِرَةِ | فِي | لَهُمْ | خَلَاقَ | لَا | اُولٰٓئِكَ | قَلِيْلًا | ثَمَنًا |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| کلام کرے گا ان سے | اور نہ | آخرت | میں | ان کا | حصہ | نہیں ہے | یہ لوگ | تھوڑے | دام |

سی قیمت، یہی لوگ ہیں کہ ان کا کچھ حصہ نہیں آخرت میں اور اللہ ان سے کلام نہیں

اللّٰهُ وَلَا یَنْظُرُ اِلَیْهِمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ وَلَا یُزَكِّیْهِمْ ۠ وَلَهُمْ

| وَلَهُمْ | يُزَكِّيْهِمْ | وَلَا | الْقِيٰمَةِ | يَوْمَ | اِلَيْهِمْ | يَنْظُرُ | وَلَا | اللّٰهُ |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| اور ان کے لیے | پاک کرے گا ان کو | اور نہ | قیامت کے | دن | ان کی طرف | نظر فرمائے گا | اور نہ | اللہ |

کرے گا اور ان کی طرف نظرِ رحمت نہیں فرمائے گا قیامت کے دن اور نہ انہیں پاک کرے گا اور ان کیلئے

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۷۷﴾ وَاِنَّ مِنْهُمْ لَفَرِيْقًا يَّلْوٗنَ اَلْسِنَتَهُمْ

| اَلْسِنَتَهُمْ | يَّلْوٗنَ | لَفَرِيْقًا | مِنْهُمْ | وَاِنَّ | اَلِيْمٌ | عَذَابٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنی زبانیں | پھیرتے ہیں | ایک گروہ ہے | ان میں سے | اور بے شک | دردناک | عذاب ہے |

دردناک عذاب ہے۔ اور بے شک ان میں کچھ ایسے لوگ ہیں کہ وہ (اللہ کی)

بِالْكِتٰبِ لِتَحْسَبُوْهُ مِنَ الْكِتٰبِ وَمَا هُوَ مِنَ الْكِتٰبِ ۚ

| مِنَ الْكِتٰبِ | هُوَ | وَمَا | مِنَ الْكِتٰبِ | لِتَحْسَبُوْهُ | بِالْكِتٰبِ |
|---|---|---|---|---|---|
| کتاب سے | وہ | حالانکہ نہیں | کتاب سے | تاکہ سمجھو تم اس کو | ساتھ کتاب کے |

کتاب (تورات) پڑھنے میں اپنی زبانوں کو مروڑ لیتے ہیں تاکہ تم سمجھو کہ وہ کتاب کا حصہ ہے

وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَمَا هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۚ

| مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ | هُوَ | وَمَا | مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ | هُوَ | وَيَقُوْلُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|
| اللہ کی طرف سے | وہ | حالانکہ نہیں | اللہ سے | وہ ہے | اور کہتے ہیں |

حالانکہ وہ کتاب میں سے نہیں ہے اور کہتے ہیں کہ وہ اللہ کی طرف سے ہے

وَيَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۷۸﴾ مَا كَانَ

| كَانَ | مَا | يَعْلَمُوْنَ | وَهُمْ | الْكَذِبَ | اللّٰهِ | عَلَى | وَيَقُوْلُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حق | نہیں ہے | جانتے ہیں | اور وہ | جھوٹ | اللہ کے | اوپر | اور کہتے ہیں |

حالانکہ وہ اللہ کی طرف سے نہیں ہے اور اللہ پر جان بوجھ کر جھوٹ بولتے ہیں۔ کسی بشر کا

لِبَشَرٍ اَنْ يُّؤْتِيَهُ اللّٰهُ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ثُمَّ يَقُوْلَ

| يَقُوْلَ | ثُمَّ | وَالنُّبُوَّةَ | وَالْحُكْمَ | الْكِتٰبَ | اللّٰهُ | يُّؤْتِيَهُ | اَنْ | لِبَشَرٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ کہے | پھر | اور پیغمبری | اور حکمت | کتاب | اللہ | دے اس کو | یہ کہ | کسی آدمی کا |

یہ حق نہیں کہ اللہ اسے کتاب اور حکمت و نبوت دے پھر وہ

لِلنَّاسِ كُوْنُوْا عِبَادًا لِّيْ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ كُوْنُوْا

| كُوْنُوْا | وَلٰكِنْ | اللّٰهِ | مِنْ دُوْنِ | لِّيْ | عِبَادًا | كُوْنُوْا | لِلنَّاسِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہو جاؤ | اور لیکن | اللہ کے | سوائے | میرے | بندے | ہو جاؤ | لوگوں سے |

لوگوں سے کہے کہ اللہ کو چھوڑ کر میرے بندے ہو جاؤ ہاں یہ کہے گا

رَبّٰنِيّٖنَ بِمَا كُنْتُمْ تُعَلِّمُوْنَ الْكِتٰبَ وَبِمَا كُنْتُمْ

| كُنْتُمْ | وَبِمَا | الْكِتٰبَ | تُعَلِّمُوْنَ | كُنْتُمْ | بِمَا | رَبّٰنِيّٖنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ہو تم | اور بسبب اس کے کہ | کتاب | سکھاتے | ہو تم | بسبب اس کے کہ | رب کے بندے |

کہ اللہ والے ہو جاؤ اس سبب سے کہ تم کتاب سکھاتے ہو اور اس سے کہ تم کتاب (اللہ) پڑھتے

تَدْرُسُوْنَ ﴿۷۹﴾ وَلَا يَاْمُرَكُمْ اَنْ تَتَّخِذُوا الْمَلٰٓئِكَةَ

| الْمَلٰٓئِكَةَ | تَتَّخِذُوا | اَنْ | يَاْمُرَكُمْ | وَلَا | تَدْرُسُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|
| فرشتوں کو | پکڑو تم | یہ کہ | حکم دے گا تم کو | اور نہ | پڑھتے |

پڑھاتے رہتے ہو۔ اور نہ تمہیں یہ حکم دے گا کہ فرشتوں

وَالنَّبِيّٖنَ اَرْبَابًا ؕ اَيَاْمُرُكُمْ بِالْكُفْرِ بَعْدَ اِذْ اَنْتُمْ

| اَنْتُمْ | اِذْ | بَعْدَ | بِالْكُفْرِ | اَيَاْمُرُكُمْ | اَرْبَابًا | وَالنَّبِيّٖنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تم | جبکہ | بعد اس کے | کفر کا | کیا حکم دے گا تم کو | رب | اور پیغمبروں کو |

اور پیغمبروں کو خدا ٹھہرا لو کیا تمہیں کفر کا حکم دے گا بعد اس کے کہ تم

مُّسْلِمُوْنَ ﴿۸۰﴾ وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ

ع ۸ / ۹ / ۱۲

| اٰتَيْتُكُمْ | لَمَآ | النَّبِيّٖنَ | مِيْثَاقَ | اللّٰهُ | اَخَذَ | وَاِذْ | مُّسْلِمُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس پر جو میں تمہیں دوں | | پیغمبروں سے | عہد | اللہ نے | لیا | اور یاد کرو جب | مسلمان ہو |

مسلمان ہو گئے۔ اور (اے محبوب! وہ وقت یاد کریں) جب اللہ نے انبیاء سے پختہ عہد لیا کہ جب میں

مِّنْ كِتٰبٍ وَّ حِكْمَةٍ ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا

| مِّنْ كِتٰبٍ | وَّ | حِكْمَةٍ | ثُمَّ | جَآءَكُمْ | رَسُوْلٌ | مُّصَدِّقٌ | لِّمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کتاب | اور | حکمت | پھر | آئے تمہارے پاس | ایک رسول | جو تصدیق کرے | ان کی جو |

تمہیں کتاب اور حکمت عطا کر دوں پھر تمہارے پاس وہ (سب مومنوں پر شفقت و رحمت والا) رسول تشریف لائے

مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ۭ قَالَ ءَاَقْرَرْتُمْ

| مَعَكُمْ | لَتُؤْمِنُنَّ | بِهٖ | وَلَتَنْصُرُنَّهٗ | قَالَ | ءَاَقْرَرْتُمْ |
|---|---|---|---|---|---|
| تمہارے ساتھ ہے | تو ضرور ایمان لانا | اس پر | اور ضرور مدد کرنا اس کی | فرمایا | کیا اقرار کیا تم نے |

جو ان کتابوں کی تصدیق فرمانے والا ہو جو تمہارے ساتھ ہوں گی تو ضرور بالضرور ان پر ایمان لاؤ گے اور ضرور بالضرور

وَاَخَذْتُمْ عَلٰي ذٰلِكُمْ اِصْرِيْ ۭ قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا ۭ قَالَ

| وَاَخَذْتُمْ | عَلٰي | ذٰلِكُمْ | اِصْرِيْ | قَالُوْٓا | اَقْرَرْنَا | قَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اور پکڑا تم نے | اوپر | اس کے | میرا ذمہ | بولے | ہم نے اقرار کیا | فرمایا |

ان کی مدد کرو گے، فرمایا کیا تم نے اقرار کیا اور اس (شرط) پر میرا بھاری عہد مضبوطی سے تھام لیا؟ سب نے عرض کیا ہم نے

فَاشْهَدُوْا وَاَنَا مَعَكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿٨١﴾ فَمَنْ تَوَلّٰى بَعْدَ

| فَاشْهَدُوْا | وَاَنَا | مَعَكُمْ | مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ | فَمَنْ | تَوَلّٰى | بَعْدَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تو گواہ رہو | اور میں | تمہارے ساتھ | گواہوں سے ہوں | تو جو | منحرف ہو | بعد |

اقرار کر لیا، فرمایا کہ تم گواہ ہو جاؤ اور میں بھی تمہارے ساتھ گواہوں میں سے ہوں۔ پھر جس نے اس (اقرار) کے

ذٰلِكَ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿٨٢﴾ اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ

| ذٰلِكَ | فَاُولٰۗىِٕكَ | هُمُ | الْفٰسِقُوْنَ | اَفَغَيْرَ | دِيْنِ | اللّٰهِ | يَبْغُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس کے | تو وہی | وہ ہیں | فاسق | کیا سوائے | دین | اللہ کے | چاہتے ہیں |

بعد روگردانی کی پس وہی لوگ نافرمان ہوں گے۔ تو کیا اللہ کے دین کے سوا کوئی اور دین تلاش کرتے ہیں

وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا

| وَلَهٗ | اَسْلَمَ | مَنْ | فِي | السَّمٰوٰتِ | وَالْاَرْضِ | طَوْعًا | وَّ | كَرْهًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور اسی کے لئے | جھکے ہوئے ہیں | جو | میں | آسمانوں | اور زمین ہے | خوشی سے | اور | مجبوری سے |

حالانکہ اسی کیلئے گردن جھکائی ان سب نے جو آسمانوں اور زمینوں میں ہیں خوشی سے اور ناخوشی سے اور اسی کی

وَّاِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ﴿۸۳﴾ قُلْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا وَمَآ

| وَّاِلَيْهِ | يُرْجَعُوْنَ | قُلْ | اٰمَنَّا | بِاللّٰهِ | وَمَآ | اُنْزِلَ | عَلَيْنَا | وَمَآ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور اسی کی طرف | واپس لوٹیں گے | فرمادو | ہم ایمان لائے | اللہ پر | اور اس پر جو | اتارا گیا | ہم پر | اور جو |

طرف سب لوٹائے جائیں گے۔ فرما دو ہم ایمان لائے اللہ پر اور اس چیز پر جو ہم پر

اُنْزِلَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ

| اُنْزِلَ | عَلٰٓى | اِبْرٰهِيْمَ | وَاِسْمٰعِيْلَ | وَاِسْحٰقَ | وَيَعْقُوْبَ |
|---|---|---|---|---|---|
| اتارا گیا | اوپر | ابراہیم | اور اسماعیل | اور اسحاق | اور یعقوب |

نازل کی گئی اور اس چیز پر جو ابراہیم اور اسماعیل اور اسحاق اور یعقوب

وَالْاَسْبَاطِ وَمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى وَالنَّبِيُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ

| وَالْاَسْبَاطِ | وَمَآ | اُوْتِيَ | مُوْسٰى | وَعِيْسٰى | وَالنَّبِيُّوْنَ | مِنْ رَّبِّهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اور ان کے بیٹوں پر | اور جو | دیئے گئے | موسیٰ | وعیسیٰ | اور انبیاء کو | اپنے رب کی طرف سے |

اور ان کی اولاد پر اُتاری گئی اور جو دیا گیا موسیٰ اور عیسیٰ اور (دوسرے) نبیوں کو ان کے

لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ وَنَحْنُ لَهٗ

| لَا | نُفَرِّقُ | بَيْنَ | اَحَدٍ | مِّنْهُمْ | وَنَحْنُ | لَهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | فرق کرتے ہم | درمیان | کسی کے | ان میں سے | اور ہم | اس کے |

رب کی طرف سے (ایمان لانے میں) ہم فرق نہیں کرتے ان میں سے کسی کے درمیان اور ہم اسی کیلئے گردن

مُسْلِمُوْنَ ﴿۸۴﴾ وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ الْاِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ

| مُسْلِمُوْنَ | وَمَنْ | يَّبْتَغِ | غَيْرَ | الْاِسْلَامِ | دِيْنًا | فَلَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فرمانبردار ہیں | اور جو | چاہے گا | سوائے | اسلام کے | کوئی اور دین | تو ہرگز نہ |

جھکائے ہوئے ہیں۔ اور جو اسلام کے سوا کوئی دین چاہے گا وہ ہرگز اس سے قبول نہ کیا

يُّقْبَلَ مِنْهُ ۚ وَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۸۵﴾

| يُّقْبَلَ | مِنْهُ | وَهُوَ | فِي | الْاٰخِرَةِ | مِنَ الْخٰسِرِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|
| قبول کیا جائے گا | اس سے | اور وہ | میں | آخرت | زیاں کاروں سے ہوگا |

جائے گا اور وہ آخرت میں زیاں کاروں سے ہوگا۔

كَيْفَ يَهْدِي اللّٰهُ قَوْمًا كَفَرُوْا بَعْدَ اِيْمَانِهِمْ

| كَيْفَ | يَهْدِي | اللّٰهُ | قَوْمًا | كَفَرُوْا | بَعْدَ | اِيْمَانِهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| کس طرح | ہدایت دے | اللہ | اس قوم کو | جو کافر ہوئے | بعد | ایمان لانے کے |

کیونکر اللہ ایسی قوم کی ہدایت چاہے جو ایمان لا کر کافر ہو گئے

وَشَهِدُوْا اَنَّ الرَّسُوْلَ حَقٌّ وَّجَآءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ ۭ

| وَشَهِدُوْا | اَنَّ | الرَّسُوْلَ | حَقٌّ | وَّ | جَآءَهُمُ | الْبَيِّنٰتُ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اور گواہی دی کہ | یقیناً | رسول | سچا ہے | اور | آچکی ان کے پاس | نشانیاں |

اور گواہی دے چکے تھے کہ رسول سچا ہے اور انہیں کھلی نشانیاں

وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۸۶﴾ اُولٰٓئِكَ

| وَاللّٰهُ | لَا | يَهْدِي | الْقَوْمَ | الظّٰلِمِيْنَ | اُولٰٓئِكَ |
|---|---|---|---|---|---|
| اور اللہ | نہیں | ہدایت دیتا | قوم | ظالموں کو | یہ لوگ |

آ چکی تھیں اور اللہ ظالموں کو ہدایت نہیں کرتا۔ ایسے لوگوں

جَزَآؤُهُمۡ اَنَّ عَلَيۡهِمۡ لَعۡنَةَ اللّٰهِ وَالۡمَلٰٓـئِكَةِ

| وَالۡمَلٰٓـئِكَةِ | اللّٰهِ | لَعۡنَةَ | عَلَيۡهِمۡ | اَنَّ | جَزَآؤُهُمۡ |
|---|---|---|---|---|---|
| اور فرشتوں کی | اللہ کی | لعنت ہے | ان پر | یہ ہے کہ | ان کا بدلہ |

کی سزا یہ ہے کہ ان پر اللہ کی اور فرشتوں کی اور تمام انسانوں

وَالنَّاسِ اَجۡمَعِيۡنَ ﴿۸۷﴾ خٰلِدِيۡنَ فِيۡهَا ۚ لَا يُخَفَّفُ

| يُخَفَّفُ | لَا | فِيۡهَا | خٰلِدِيۡنَ | اَجۡمَعِيۡنَ | وَالنَّاسِ |
|---|---|---|---|---|---|
| ہلکا کیا جائے گا | نہ | اس میں | ہمیشہ رہنے والے | سب کی | اور آدمیوں کی |

کی لعنت پڑتی رہے۔ وہ اس پھٹکار میں ہمیشہ (گرفتار) رہیں گیاور ان سے

عَنۡهُمُ الۡعَذَابُ وَلَا هُمۡ يُنۡظَرُوۡنَ ﴿۸۸﴾ اِلَّا

| اِلَّا | يُنۡظَرُوۡنَ | لَاهُمۡ | وَ | الۡعَذَابُ | عَنۡهُمُ |
|---|---|---|---|---|---|
| مگر | مہلت دیے جائیں | نہ وہ | اور | عذاب | ان سے |

اس عذاب میں کمی نہیں کی جائے گی اور نہ انہیں مہلت دی جائے گی۔ مگر

الَّذِيۡنَ تَابُوۡا مِنۡۢ بَعۡدِ ذٰلِكَ وَاَصۡلَحُوۡا ۗ فَاِنَّ

| فَاِنَّ | وَاَصۡلَحُوۡا | ذٰلِكَ | مِنۡۢ بَعۡدِ | تَابُوۡا | الَّذِيۡنَ |
|---|---|---|---|---|---|
| تو بے شک | اور درست ہو جائیں | اس کے | بعد | توبہ کریں | وہ جو |

جنہوں نے اسکے بعد توبہ کی اور وہ نیک ہو گئے تو بیشک اللہ

اللّٰهَ غَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ﴿۸۹﴾ اِنَّ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا بَعۡدَ

| بَعۡدَ | كَفَرُوۡا | الَّذِيۡنَ | اِنَّ | رَّحِيۡمٌ | غَفُوۡرٌ | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بعد | کافر ہوئے | وہ جو | بے شک | مہربان ہے | بخشنے والا | اللہ |

بہت بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہے۔ بے شک وہ لوگ جنہوں نے اپنے ایمان کے بعد کفر کیا پھر

اِیْمَانِهِمْ ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا لَّنْ تُقْبَلَ تَوْبَتُهُمْ ج

| اِیْمَانِهِمْ | ثُمَّ | ازْدَادُوْا | كُفْرًا | لَّنْ | تُقْبَلَ | تَوْبَتُهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنے ایمان کے | پھر | زیادہ ہوگئے | کفر میں | ہرگز نہ | قبول کی جائے گی | ان کی توبہ |

وہ اپنے کفر میں بڑھ گئے ان کی توبہ ہرگز قبول نہ

وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الضَّآلُّوْنَ ۝٩٠ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

| وَاُولٰٓئِكَ | هُمُ | الضَّآلُّوْنَ | اِنَّ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا |
|---|---|---|---|---|---|
| اور یہ لوگ | وہی ہیں | بھٹکے ہوئے | بیشک | وہ جو | کافر ہوئے |

کی جائے گی اور وہی گمراہ ہیں۔ وہ جو کافر ہوئے

وَمَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْ اَحَدِهِمْ

| وَمَاتُوْا | وَهُمْ | كُفَّارٌ | فَلَنْ | يُّقْبَلَ | مِنْ اَحَدِهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|
| اور مر گئے | اور وہ | کافر ہوں | تو ہرگز نہ | قبول کیا جائے گا | ان میں سے کسی سے |

اور کافر ہی مرے ان میں کسی سے زمین بھر سونا ہرگز

مِّلْءُ الْاَرْضِ ذَهَبًا وَّلَوِ افْتَدٰى بِهٖ ط اُولٰٓئِكَ

| مِّلْءُ | الْاَرْضِ | ذَهَبًا | وَّ | لَوِ | افْتَدٰى | بِهٖ | اُولٰٓئِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بھری | زمین | سونا | اور | اگرچہ | وہ فدیہ دیں | اس کا | یہ لوگ |

قبول نہ کیا جائے گا اگرچہ اپنی خلاصی کو

لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ وَّمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ۝٩١ ع

| لَهُمْ | عَذَابٌ | اَلِيْمٌ | وَّمَا | لَهُمْ | مِّنْ نّٰصِرِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|
| واسطے ان کے | عذاب ہے | دردناک | اور نہیں | ان کا | کوئی مددگار |

دے ان کیلئے درد ناک عذاب ہے اور ان کا کوئی مددگار نہیں۔

الجزء ۴

لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ ؕ۬ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَیْءٍ

| لَنْ تَنَالُوا | الْبِرَّ | حَتّٰى | تُنْفِقُوْا | مِمَّا | تُحِبُّوْنَ | وَمَا | تُنْفِقُوْا | مِنْ شَیْءٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم ہرگز نہیں پہنچو گے | بھلائی کو | جب تک | خرچ نہ کرو | اس چیز کو جو | پیاری ہے | اور جو | تم خرچ کرو | کچھ |

تم ہرگز بھلائی کو نہ پہنچو گے جب تک راہِ خدا میں اپنی پیاری چیز نہ خرچ کرو اور تم جو کچھ خرچ

فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِیْمٌ ﴿۹۲﴾ كُلُّ الطَّعَامِ كَانَ حِلًّا لِّبَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ

| فَاِنَّ | اللّٰهَ | بِهٖ | عَلِیْمٌ | كُلُّ | الطَّعَامِ | كَانَ | حِلًّا | لِّبَنِیْۤ | اِسْرَآءِیْلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو بیشک | اللہ | اسے | جانتا ہے | سب | کھانے | تھے | حلال | اولاد | یعقوب کو |

کرو اللہ کو معلوم ہے۔ توریت کے اترنے سے پہلے بنی اسرائیل

اِلَّا مَا حَرَّمَ اِسْرَآءِیْلُ عَلٰى نَفْسِهٖ مِنْ قَبْلِ اَنْ تُنَزَّلَ التَّوْرٰىةُ ؕ

| اِلَّا | مَا | حَرَّمَ | اِسْرَآءِیْلُ | عَلٰى | نَفْسِهٖ | مِنْ قَبْلِ | اَنْ | تُنَزَّلَ | التَّوْرٰىةُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مگر | وہ جو | حرام کرلئے | یعقوب نے | اوپر | اپنے نفس کے | قبل اس کے | یہ کہ | نازل ہو | توریت |

کیلئے ہر کھانے کی چیز حلال تھی سوائے ان (چیزوں) کے جو یعقوب نے خود اپنے اوپر حرام کر لی تھیں،

قُلْ فَاْتُوْا بِالتَّوْرٰىةِ فَاتْلُوْهَاۤ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ﴿۹۳﴾ فَمَنِ افْتَرٰى

| قُلْ | فَاْتُوْا | بِالتَّوْرٰىةِ | فَاتْلُوْهَاۤ | اِنْ | كُنْتُمْ | صٰدِقِیْنَ | فَمَنِ | افْتَرٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فرمادیجئے | لاؤ | توریت | تو پڑھو اسے | اگر | ہو تم | سچے | پھر جو | باندھے |

فرما دیں توریت لاؤ اور اسے پڑھو اگر تم سچے ہو۔ پھر اس کے

وقف جبریل علیہ السلام

عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ فَاُولٰٓىِٕكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۹۴﴾ قُلْ

| عَلَى | اللّٰهِ | الْكَذِبَ | مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ | فَاُولٰٓىِٕكَ | هُمُ | الظّٰلِمُوْنَ | قُلْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر | اللہ کے | جھوٹ | اس کے بعد | تو یہی لوگ | وہ ہیں | ظالم | فرمادیں |

بعد بھی جو شخص اللہ پر جھوٹ گھڑے تو وہی لوگ ظالم ہیں۔ (اے محبوب ﷺ) آپ

صَدَقَ اللّٰہُ قف فَاتَّبِعُوۡا مِلَّۃَ اِبۡرٰہِیۡمَ حَنِیۡفًا ط وَمَا کَانَ مِنَ

| صَدَقَ | اللّٰہُ | فَاتَّبِعُوۡا | مِلَّۃَ | اِبۡرٰہِیۡمَ | حَنِیۡفًا | وَمَا | کَانَ | مِنَ الۡمُشۡرِکِیۡنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سچ کہا | اللہ نے | تو پیروی کرو | دین | ابراہیم کی | ہر باطل سے جدا | اور نہ | تھے وہ | مشرکوں سے |

فرما دیجئے کہ اللہ نے سچ فرمایا پس تم پیروی کرو دین ابراہیم کی جو ہر باطل کو چھوڑ کر حق کی طرف مائل ہونے والے تھے اور وہ

الۡمُشۡرِکِیۡنَ ﴿۹۵﴾ اِنَّ اَوَّلَ بَیۡتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِیۡ بِبَکَّۃَ مُبٰرَکًا

| اِنَّ | اَوَّلَ | بَیۡتٍ | وُّضِعَ | لِلنَّاسِ | لَلَّذِیۡ | بِبَکَّۃَ | مُبٰرَکًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک | پہلا | گھر | جو بنایا گیا | لوگوں کے لئے | وہ ہے | جو مکہ میں ہے | برکت والا |

مشرکین میں سے نہ تھے۔ بے شک سب سے پہلا گھر جو لوگوں کیلئے بنایا گیا (اللہ کی عبادت کیلئے) وہی ہے جو مکہ میں ہے برکت والا

وَّہُدًی لِّلۡعٰلَمِیۡنَ ﴿۹۶﴾ ج فِیۡہِ اٰیٰتٌۢ بَیِّنٰتٌ مَّقَامُ اِبۡرٰہِیۡمَ ج وَمَنۡ

| وَّ | ہُدًی | لِّلۡعٰلَمِیۡنَ | فِیۡہِ | اٰیٰتٌ | بَیِّنٰتٌ | مَّقَامُ | اِبۡرٰہِیۡمَ | وَمَنۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | ہدایت | جہانوں کے لئے | اس میں | نشانیاں ہیں | کھلی | مقام | ابراہیم | اور جو |

اور تمام جہانوں کیلئے ہدایت کا مرکز ہے۔ اس میں روشن نشانیاں ہیں مقام ابراہیم ہے اور جو اس میں داخل ہو جائے

دَخَلَہٗ کَانَ اٰمِنًا ط وَلِلّٰہِ عَلَی النَّاسِ حِجُّ الۡبَیۡتِ مَنِ اسۡتَطَاعَ

| دَخَلَہٗ | کَانَ | اٰمِنًا | وَلِلّٰہِ | عَلَی | النَّاسِ | حِجُّ | الۡبَیۡتِ | مَنِ | اسۡتَطَاعَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| داخل ہوا اس میں | ہے وہ | امن والا | اور اللہ کیلئے ہے | اوپر | لوگوں کے | حج کرنا | بیت اللہ کا | جو | طاقت رکھے |

امن میں ہے اور اللہ کیلئے لوگوں پر اس گھر کا حج کرنا ہے جو اس تک پہنچنے کی استطاعت

اِلَیۡہِ سَبِیۡلًا ط وَمَنۡ کَفَرَ فَاِنَّ اللّٰہَ غَنِیٌّ عَنِ الۡعٰلَمِیۡنَ ﴿۹۷﴾ قُلۡ

| اِلَیۡہِ | سَبِیۡلًا | وَمَنۡ | کَفَرَ | فَاِنَّ | اللّٰہَ | غَنِیٌّ | عَنِ الۡعٰلَمِیۡنَ | قُلۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس کی طرف | رستے کی | اور جو | منکر ہو | تو بیشک | اللہ | بے پرواہ ہے | سارے جہان سے | فرماؤ |

رکھتا ہو وہ جو اس کا انکار کرے تو یقیناً اللہ تعالیٰ تمام جہانوں سے بے نیاز ہے۔ اے

يَاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۖۗ وَاللّٰهُ شَهِيْدٌ عَلٰى مَا

| يَاَهْلَ | الْكِتٰبِ | لِمَ | تَكْفُرُوْنَ | بِاٰيٰتِ | اللّٰهِ | وَاللّٰهُ | شَهِيْدٌ | عَلٰى | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے اہل | کتاب | کیوں | نہیں مانتے | آیتیں | اللہ کی | اور اللہ | گواہ ہے | اوپر | اس کے جو |

رسول فرما دیجئے اے اہل کتاب اللہ کی آیتیں کیوں نہیں مانتے حالانکہ جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس

تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۸﴾ قُلْ يَاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَنْ

| تَعْمَلُوْنَ | قُلْ | يَاَهْلَ | الْكِتٰبِ | لِمَ | تَصُدُّوْنَ | عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ | مَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم کرتے ہو | فرمادیں | اے اہل | کتاب | کیوں | روکتے ہو | اللہ کی راہ سے | جو |

پر گواہ ہے۔ فرما دیں اے اہلِ کتاب! جو شخص ایمان لے آیا ہے تم اسے اللہ کی راہ سے

اٰمَنَ تَبْغُوْنَهَا عِوَجًا وَّاَنْتُمْ شُهَدَآءُ ۭ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا

| اٰمَنَ | تَبْغُوْنَهَا | عِوَجًا | وَّ | اَنْتُمْ | شُهَدَآءُ | وَمَا | اللّٰهُ | بِغَافِلٍ | عَمَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایمان لائے | چاہتے ہو اس میں | ٹیڑھ | اور | تم | گواہ ہو | اور نہیں | اللہ | بے خبر | اس سے جو |

کیوں روکتے ہو تم ان کی راہ میں بھی کجی چاہتے ہو حالانکہ تم خود گواہ ہو اور اللہ تمہارے اعمال سے

تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۹﴾ يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تُطِيْعُوْا فَرِيْقًا مِّنَ الَّذِيْنَ

| تَعْمَلُوْنَ | يٰاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْٓا | اِنْ | تُطِيْعُوْا | فَرِيْقًا | مِّنَ الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم کرتے ہو | اے | وہ جو | ایمان لائے ہو | اگر | تابعداری کروگے | ایک گروہ (کی) | ان میں سے جو |

بے خبر نہیں۔ اے ایمان والو! اگر تم اہلِ کتاب میں سے کسی گروہ کا بھی کہنا

اُوْتُوا الْكِتٰبَ يَرُدُّوْكُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ كٰفِرِيْنَ ﴿۱۰۰﴾ وَكَيْفَ تَكْفُرُوْنَ

| اُوْتُوا | الْكِتٰبَ | يَرُدُّوْكُمْ | بَعْدَ | اِيْمَانِكُمْ | كٰفِرِيْنَ | وَكَيْفَ | تَكْفُرُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دیئے گئے | کتاب | پھیر دیں گے تم کو | بعد | ایمان تمہارے کے | کافر | اور کیوں کر | تم کفر کروگے |

مانو گے تو وہ تمہارے ایمان (لانے) کے بعد پھر تمہیں کفر کی طرف لوٹا دیں گے۔ اور تم کیوں کر کفر کرو

وَاَنْتُمْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ اٰيٰتُ اللّٰهِ وَفِيْكُمْ رَسُوْلُهٗ ؕ وَمَنْ يَّعْتَصِمْ

| وَاَنْتُمْ | تُتْلٰى | عَلَيْكُمْ | اٰيٰتُ | اللّٰهِ | وَفِيْكُمْ | رَسُوْلُهٗ | وَمَنْ | يَّعْتَصِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور تم پر | پڑھی جاتی ہیں | تم پر | آیتیں | اللہ کی | اور تم میں | اس کا رسول ہے | اور جس | سہارا لیا |

گے حالانکہ تم پر اللہ کی آیتیں پڑھی جاتی ہیں اور تم میں اس کے رسول جلوہ فرما ہیں اور جس نے اللہ کا سہارا لیا تو

بِاللّٰهِ فَقَدْ هُدِيَ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۰۱﴾ ع يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا

| بِاللّٰهِ | فَقَدْ | هُدِيَ | اِلٰى | صِرَاطٍ | مُّسْتَقِيْمٍ | يٰۤاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ کا | تو بیشک | وہ ہدایت دیا گیا | طرف | رستے | سیدھے کے | اے | وہ جو | ایمان لائے ہو |

بے شک اسے ہدایت کی گئی سیدھے راستے کی طرف۔ اے ایمان والو! اللہ سے

اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۰۲﴾

| اتَّقُوا | اللّٰهَ | حَقَّ | تُقٰتِهٖ | وَلَا تَمُوْتُنَّ | اِلَّا | وَاَنْتُمْ | مُّسْلِمُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ڈرو | اللہ سے | حق ہے | اس کے ڈرنے کا | اور ہرگز نہ مرنا | مگر | اور تم ہو | مسلمان |

ڈرو جیسا اس سے ڈرنے کا حق ہے اور تمہیں ہرگز موت نہ آئے مگر مسلمان ہونے کی حالت میں۔

وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا ۠ وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ

| وَاعْتَصِمُوْا | بِحَبْلِ | اللّٰهِ | جَمِيْعًا | وَّ | لَا | تَفَرَّقُوْا | وَاذْكُرُوْا | نِعْمَتَ | اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور تھام لو | رسی | اللہ کی | سب مل کر | اور | نہ | آپس میں پھٹ جانا | اور یاد کرو | احسان | اللہ کا |

اور تم سب مل کر اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھام لو اور گروہ بندی نہ کرو اور اللہ کا احسان

عَلَيْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَآءً فَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖۤ

| عَلَيْكُمْ | اِذْ | كُنْتُمْ | اَعْدَآءً | فَاَلَّفَ | بَيْنَ | قُلُوْبِكُمْ | فَاَصْبَحْتُمْ | بِنِعْمَتِهٖۤ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنے اوپر | جب کہ | تھے تم | دشمن | تو اس نے ملا دیا | درمیان | تمہارے دلوں کے | تو تم ہو گئے | اس کے فضل سے |

یاد کرو جب تم آپس میں دشمن تھے اس نے تمہارے دلوں میں محبت ڈال دی تو اس کے فضل

اِخْوَانًا ۚ وَكُنْتُمْ عَلٰى شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَاَنْقَذَكُمْ مِّنْهَا ؕ

| مِّنْهَا | فَاَنْقَذَكُمْ | مِّنَ النَّارِ | حُفْرَةٍ | شَفَا | عَلٰى | وَكُنْتُمْ | اِخْوَانًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس سے | تو بچالیا اس نے تم کو | آگ کے | گڑھے | کنارے | اوپر | اور تھے تم | بھائی بھائی |

سے تم آپس میں بھائی بھائی ہو گئے اور تم ایک غار دوزخ کے کنارے پر تھے تو اس نے تمہیں اس سے بچا لیا

كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۰۳﴾ وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ

| مِّنْكُمْ | وَلْتَكُنْ | تَهْتَدُوْنَ | لَعَلَّكُمْ | اٰيٰتِهٖ | لَكُمْ | اللّٰهُ | يُبَيِّنُ | كَذٰلِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم میں سے | اور چاہئے کہ ہو | ہدایت پاؤ | تاکہ تم | اپنی آیتیں | تمہارے لئے | اللہ | بیان کرتا ہے | اسی طرح |

اللہ تم سے یوں ہی اپنی آیتیں بیان فرماتا ہے کہ کہیں تم ہدایت پاؤ۔ اور تم میں ایک گروہ

اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ

| عَنِ الْمُنْكَرِ | وَيَنْهَوْنَ | بِالْمَعْرُوْفِ | وَيَاْمُرُوْنَ | الْخَيْرِ | اِلَى | يَّدْعُوْنَ | اُمَّةٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| برائی سے | اور روکیں | بھلائی کا | اور حکم دیں | بھلائی کی | طرف | جو بلائیں | ایک گروہ |

ایسا ہونا چاہئے کہ بھلائی کی طرف بلائیں اور اچھی بات کا حکم دیں اور برائی سے منع کریں

الْمُنْكَرِ ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰۴﴾ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ تَفَرَّقُوْا

| تَفَرَّقُوْا | كَالَّذِيْنَ | تَكُوْنُوْا | وَلَا | الْمُفْلِحُوْنَ | هُمُ | وَاُولٰٓئِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| آپس میں پھٹ گئے | ان کی طرح جو | ہو جاؤ | اور نہ | مراد کو پہنچے | وہ | اور یہی لوگ ہیں |

کریں اور یہی لوگ کامیاب ہونے والے ہیں۔ اور ان لوگوں کی طرح نہ ہو جانا جو فرقوں

وَاخْتَلَفُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ ؕ وَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ

| عَذَابٌ | لَهُمْ | وَاُولٰٓئِكَ | الْبَيِّنٰتُ | جَآءَهُمُ | مَا | مِنْۢ بَعْدِ | وَاخْتَلَفُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عذاب | ان کیلئے | اور یہ لوگ | نشانیاں | آئیں انکے پاس | اس کے کہ | بعد | اور ان میں پھوٹ پڑگئی |

میں بٹ گئے تھے اور جب ان کے پاس واضح نشانیاں آ چکیں اس کے بعد بھی اختلاف کرنے لگے اور انہی لوگوں

عَظِيْمٌ ﴿۱۰۵﴾ يَّوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوْهٌ وَّ تَسْوَدُّ وُجُوْهٌ ۚ فَاَمَّا الَّذِيْنَ

| الَّذِيْنَ | فَاَمَّا | وُجُوْهٌ | تَسْوَدُّ | وَ | وُجُوْهٌ | تَبْيَضُّ | يَوْمَ | عَظِيْمٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جن کے | پھر وہ | کئی چہرے | سیاہ ہوں گے | اور | کئی چہرے | روشن ہوں گے | جس دن | بڑا |

سخت عذاب ہے۔ جس دن کئی چہرے سفید ہوں گے اور کئی چہرے سیاہ ہوں گے تو جن کے چہرے

اسْوَدَّتْ وُجُوْهُهُمْ ۟ اَكَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ

| الْعَذَابَ | فَذُوْقُوا | اِيْمَانِكُمْ | بَعْدَ | اَكَفَرْتُمْ | وُجُوْهُهُمْ | اسْوَدَّتْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| عذاب | تو چکھو | اپنے ایمان کے | بعد | کیا تم نے کفر کیا | چہرے | سیاہ ہوں گے |

سیاہ ہو جائیں گے (ان سے کہا جائے گا) کیا تم نے ایمان لانے کے بعد کفر کیا؟ تو جو کفر تم کرتے رہے تھے

بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۱۰۶﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ ابْيَضَّتْ وُجُوْهُهُمْ فَفِيْ

| فَفِيْ | وُجُوْهُهُمْ | ابْيَضَّتْ | الَّذِيْنَ | وَاَمَّا | تَكْفُرُوْنَ | كُنْتُمْ | بِمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو وہ | ان کے چہرے | سفید ہوں گے | وہ جو | اور پھر | کفر کرتے | تھے تم | بدلہ اس کا جو |

سو (اس کے) عذاب (کا مزہ) چکھ لو۔ اور وہ جن کے چہرے سفید ہوئے وہ اللہ کی

رَحْمَةِ اللّٰهِ ۭ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۱۰۷﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ

| عَلَيْكَ | نَتْلُوْهَا | اللّٰهِ | اٰيٰتُ | تِلْكَ | خٰلِدُوْنَ | فِيْهَا | هُمْ | اللّٰهِ | رَحْمَةِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آپ پر | پڑھتے ہیں ہم ان کو | اللہ کی | آیتیں ہیں | یہ | ہمیشہ رہیں گے | اس میں | وہ | خدا میں | رحمت |

رحمت میں ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ یہ اللہ کی آیتیں ہیں کہ ہم انہیں آپ پر حق کے

بِالْحَقِّ ۭ وَمَا اللّٰهُ يُرِيْدُ ظُلْمًا لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۸﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

| مَا فِي السَّمٰوٰتِ | وَلِلّٰهِ | لِّلْعٰلَمِيْنَ | ظُلْمًا | يُرِيْدُ | اللّٰهُ | وَمَا | بِالْحَقِّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آسمانوں میں ہے | اور اللہ ہی کا ہے | جہانوں پر | ظلم کرنا | چاہتا | اللہ | اور نہیں | ٹھیک |

ساتھ تلاوت فرماتے ہیں اور اللہ جہان والوں پر ظلم کا ارادہ نہیں رکھتا۔ یہ اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں

وَمَا فِي الْاَرْضِ ۗ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿۱۰۹﴾ كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ

| وَمَا | فِي الْاَرْضِ | وَاِلَى | اللّٰهِ | تُرْجَعُ | الْاُمُوْرُ | كُنْتُمْ | خَيْرَ | اُمَّةٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور جو کچھ | زمین میں | اور طرف | اللہ کی | رجوع ہے | سب کام | ہو تم | بہتر | امت |

میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور اللہ ہی کی طرف سب کاموں کی رجوع ہے۔ تم بہترین امت ہو

اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ

| اُخْرِجَتْ | لِلنَّاسِ | تَاْمُرُوْنَ | بِالْمَعْرُوْفِ | وَتَنْهَوْنَ | عَنِ الْمُنْكَرِ |
|---|---|---|---|---|---|
| جو ظاہر ہوئیں | لوگوں میں | حکم کریں | بھلائی کا | اور منع کریں | برائی سے |

جو لوگوں میں ظاہر کی گئی ہے تم بھلائی کا حکم دیتے ہو اور برائی

وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ۗ وَلَوْ اٰمَنَ اَهْلُ الْكِتٰبِ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ۗ

| وَتُؤْمِنُوْنَ | بِاللّٰهِ | وَلَوْ | اٰمَنَ | اَهْلُ | الْكِتٰبِ | لَكَانَ | خَيْرًا | لَّهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور ایمان رکھتے ہیں | اللہ پر | اور اگر | ایمان لاتے | اہل | کتاب | تو ہوتا | بہتر | ان کیلئے |

سے منع کرتے ہو اور اللہ پر ایمان رکھتے ہو اور اگر اہل کتاب ایمان لاتے

مِنْهُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ وَاَكْثَرُهُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۱۱۰﴾ لَنْ يَّضُرُّوْكُمْ اِلَّآ

| مِنْهُمُ | الْمُؤْمِنُوْنَ | وَاَكْثَرُهُمُ | الْفٰسِقُوْنَ | لَنْ | يَّضُرُّوْكُمْ | اِلَّآ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ان میں سے | کچھ ایماندار | اور اکثر ان کے | فاسق ہیں | ہرگز نہ | بگاڑیں گے تمہارا | مگر |

تو ان کا بھلا تھا ان میں کچھ مسلمان ہیں اور زیادہ فاسق ہیں۔ یہ لوگ ستانے کے سوا

اَذًى ۗ وَاِنْ يُّقَاتِلُوْكُمْ يُوَلُّوْكُمُ الْاَدْبَارَ ۚ قف ثُمَّ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿۱۱۱﴾

| اَذًى | وَاِنْ | يُّقَاتِلُوْكُمْ | يُوَلُّوْكُمُ | الْاَدْبَارَ | ثُمَّ | لَا | يُنْصَرُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ستانا | اور اگر | لڑائی کریں تم سے | تو پلٹ جائینگے تم سے | پیٹھوں پر | پھر | نہ | مدد دیے جائینگے |

تمہارا کچھ نہیں بگاڑ سکیں گے اور اگر یہ تم سے جنگ کریں تو تمہارے سامنے پیٹھ پھیر جائیں گے پھر ان کی مدد (بھی) نہیں کی جائے گی۔

ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ اَيْنَ مَا ثُقِفُوْٓا اِلَّا بِحَبْلٍ

| بِحَبْلٍ | اِلَّا | ثُقِفُوْٓا | اَيْنَ مَا | الذِّلَّةُ | عَلَيْهِمُ | ضُرِبَتْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| رسی | مگر | پائے گئے | جہاں کہیں | خواری | ان پر | مقرر ہوگئی |

وہ جہاں کہیں بھی پائے جائیں ان پر ذلت مسلط کر دی گئی ہے سوائے اس کے کہ انہیں کہیں اللہ کے

مِّنَ اللّٰهِ وَحَبْلٍ مِّنَ النَّاسِ وَبَآءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَضُرِبَتْ

| وَضُرِبَتْ | مِّنَ اللّٰهِ | بِغَضَبٍ | وَبَآءُوْ | مِّنَ النَّاسِ | وَحَبْلٍ | مِّنَ اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اور مقرر ہوئی | اللہ کا | غضب | اور چھا گیا ان پر | لوگوں کی سے | اور رسی | اللہ کی سے |

عہد سے یا لوگوں کے عہد سے (پناہ دے دی جائے) اور وہ اللہ کے غضب کے سزا وار ہوئے ہیں اور ان

عَلَيْهِمُ الْمَسْكَنَةُ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ

| اللّٰهِ | بِاٰيٰتِ | يَكْفُرُوْنَ | كَانُوْا | بِاَنَّهُمْ | ذٰلِكَ | الْمَسْكَنَةُ | عَلَيْهِمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الٰہی کا | آیات | کفر کرتے | تھے وہ | اس وجہ سے کہ | یہ | محتاجی | ان پر |

پر محتاجی مسلط کی گئی ہے، یہ اس لئے کہ وہ اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے تھے

وَيَقْتُلُوْنَ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا

| كَانُوْا | وَّ | عَصَوْا | بِمَا | ذٰلِكَ | حَقٍّ | بِغَيْرِ | الْاَنْۢبِيَآءَ | وَيَقْتُلُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تھے | اور | وہ نافرمان ہیں | اس لئے کہ | یہ | حق کے | بغیر | انبیاء کو | اور شہید کرتے |

اور انبیاء کو ناحق قتل کرتے تھے کیونکہ وہ نافرمان ہو گئے تھے اور (سرکشی میں) حد سے

يَعْتَدُوْنَ ﴿۱۱۲﴾ لَيْسُوْا سَوَآءً مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اُمَّةٌ قَآئِمَةٌ يَّتْلُوْنَ

| يَّتْلُوْنَ | قَآئِمَةٌ | اُمَّةٌ | مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ | سَوَآءً | لَيْسُوْا | يَعْتَدُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پڑھتے ہیں | قائم ہے | ایک جماعت | کتاب والے | برابر | نہیں سب | سرکش |

بڑھ گئے تھے۔ وہ سب برابر نہیں، اہل کتاب میں سے کچھ لوگ (حق پر) قائم ہیں رات کی گھڑیوں میں

ایٰتِ اللّٰهِ اٰنَآءَ الَّیْلِ وَهُمْ یَسْجُدُوْنَ ﴿۱۱۳﴾ یُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ

| ایٰتِ | اللّٰهِ | اٰنَآءَ | الَّیْلِ | وَهُمْ | یَسْجُدُوْنَ | یُؤْمِنُوْنَ | بِاللّٰهِ | وَالْیَوْمِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آیات | الٰہی | گھڑیوں میں | رات کی | اور وہ | سجدہ کرتے ہیں | وہ ایمان لاتے ہیں | اللہ پر | اور دن |

اللہ کی آیتیں تلاوت کرتے اور وہ سجدہ کرتے ہیں۔ اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان

الْاٰخِرِ وَیَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَیَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَیُسَارِعُوْنَ

| الْاٰخِرِ | وَیَاْمُرُوْنَ | بِالْمَعْرُوْفِ | وَیَنْهَوْنَ | عَنِ الْمُنْكَرِ | وَیُسَارِعُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|
| آخرت پر | اور حکم دیتے ہیں | بھلائی کا | اور روکتے ہیں | برائی سے | اور دوڑتے ہیں |

لاتے ہیں اور نیکی کا حکم کرتے اور برائی سے روکتے ہیں اور نیک کاموں میں ایک دوسرے سے

فِی الْخَیْرٰتِ ؕ وَاُولٰٓئِكَ مِنَ الصّٰلِحِیْنَ ﴿۱۱۴﴾ وَمَا یَفْعَلُوْا مِنْ خَیْرٍ

| فِی الْخَیْرٰتِ | وَاُولٰٓئِكَ | مِنَ الصّٰلِحِیْنَ | وَمَا | یَفْعَلُوْا | مِنْ خَیْرٍ |
|---|---|---|---|---|---|
| بھلائی کے کاموں میں | اور یہ لوگ ہیں | نیکوں میں سے | اور جو کچھ | کریں | بھلائی |

جلدی کرتے ہیں اور یہی لوگ صالحین میں سے ہیں۔ اور جو وہ بھلائی بھی کریں گے

فَلَنْ یُّكْفَرُوْهُ ؕ وَاللّٰهُ عَلِیْمٌۢ بِالْمُتَّقِیْنَ ﴿۱۱۵﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَنْ

| فَلَنْ | یُّكْفَرُوْهُ | وَاللّٰهُ | عَلِیْمٌۢ | بِالْمُتَّقِیْنَ | اِنَّ | الَّذِیْنَ | كَفَرُوْا | لَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو ہرگز | ضائع نہ ہوگی وہ | اور اللہ | جانتا ہے | ڈروالوں کو | بیشک | وہ لوگ جو | کفر کریں | ہرگز نہ |

اس کی ناقدری ہرگز نہیں کی جائے گی اور اللہ متقیوں کا خوب جانتا ہے۔ وہ جو کافر ہوئے ان کے مال

تُغْنِیَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَیْــًٔا ؕ وَاُولٰٓئِكَ

| تُغْنِیَ | عَنْهُمْ | اَمْوَالُهُمْ | وَلَآ | اَوْلَادُهُمْ | مِّنَ اللّٰهِ | شَیْــًٔا | وَاُولٰٓئِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کام آئے گی | ان کے | ان کے مال | اور نہ | ان کی اولاد | اللہ سے | کچھ | اور یہی ہیں |

اور اولاد ان کو اللہ سے کچھ نہ بچائیں گے اور وہ جہنمی

اَصۡحٰبُ النَّارِ ۚ هُمۡ فِيۡهَا خٰلِدُوۡنَ ﴿۱۱۶﴾ مَثَلُ مَا يُنۡفِقُوۡنَ فِىۡ

| اَصۡحٰبُ النَّارِ | هُمۡ | فِيۡهَا | خٰلِدُوۡنَ | مَثَلُ | مَا | يُنۡفِقُوۡنَ | فِىۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جہنمی | وہ | اس میں | ہمیشہ رہیں گے | کہاوت | اس کی جو | خرچ کریں | میں |

ہیں ان کو ہمیشہ اس میں رہنا۔ (یہ لوگ) جو مال (بھی)

هٰذِهِ الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا كَمَثَلِ رِيۡحٍ فِيۡهَا صِرٌّ اَصَابَتۡ حَرۡثَ قَوۡمٍ

| هٰذِهِ | الۡحَيٰوةِ | الدُّنۡيَا | كَمَثَلِ | رِيۡحٍ | فِيۡهَا | صِرٌّ | اَصَابَتۡ | حَرۡثَ | قَوۡمٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس | زندگی | دنیا کی | اس کی کہاوت ہے کہ | ہوا ہو | اس میں | پالا ہو | پہنچے | کھیتی | اس قوم کو |

اس دنیا کی زندگی میں خرچ کرتے ہیں، اس کی مثال اس ہوا جیسی ہے جس میں شدید سردی ہو (اور) وہ ایسی قوم کی

ظَلَمُوۡۤا اَنۡفُسَهُمۡ فَاَهۡلَكَتۡهُ ؕ وَمَا ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ وَلٰكِنۡ اَنۡفُسَهُمۡ

| ظَلَمُوۡۤا | اَنۡفُسَهُمۡ | فَاَهۡلَكَتۡهُ | وَمَا | ظَلَمَهُمُ | اللّٰهُ | وَلٰكِنۡ | اَنۡفُسَهُمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ظلم کیا | اپنی جان پر | تو اس کو ہلاک کر دیا | اور نہ | ظلم کرتے ہیں | اللہ | اور لیکن | اپنی جان پر خود |

کھیتی پر جا پڑے جو اپنی جانوں پر ظلم کرتی ہو اور وہ اسے تباہ کر دے، اور اللہ نے ان پر کوئی ظلم نہیں کیا بلکہ وہ خود اپنی جانوں

يَظۡلِمُوۡنَ ﴿۱۱۷﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا لَا تَتَّخِذُوۡا بِطَانَةً مِّنۡ دُوۡنِكُمۡ

| يَظۡلِمُوۡنَ | يٰۤاَيُّهَا | الَّذِيۡنَ | اٰمَنُوۡا | لَا | تَتَّخِذُوۡا | بِطَانَةً | مِّنۡ دُوۡنِكُمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ظلم کرتے ہیں | اے | وہ جو | ایمان لائے ہو | نہ | پکڑو | راز دار | اپنے سوا |

پر ظلم کرتے ہیں۔ اے ایمان والو! تم غیروں کو (اپنا) راز دار نہ بناؤ، وہ تمہاری نسبت فتنہ انگیزی میں (بھی)

لَا يَاۡلُوۡنَكُمۡ خَبَالًا ؕ وَدُّوۡا مَا عَنِتُّمۡ ۚ قَدۡ بَدَتِ الۡبَغۡضَآءُ مِنۡ

| لَا | يَاۡلُوۡنَكُمۡ | خَبَالًا | وَدُّوۡا | مَا | عَنِتُّمۡ | قَدۡ | بَدَتِ | الۡبَغۡضَآءُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | کمی کرتے تمہاری | تباہی میں | اور پسند کرتے ہیں | جو | تم تکلیف پاؤ | بیشک | ظاہر ہو گئی | دشمنی |

کمی نہیں کریں گے، وہ تمہیں سخت تکلیف پہنچنے کی خواہش رکھتے ہیں، بغض تو ان کی زبانوں سے خود ظاہر ہو چکا ہے اور جو

اَفْوَاهِهِمْ ۚۖ وَمَا تُخْفِيْ صُدُوْرُهُمْ اَكْبَرُ ؕ قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الْاٰيٰتِ

| الْاٰيٰتِ | لَكُمُ | بَيَّنَّا | قَدْ | اَكْبَرُ | صُدُوْرُهُمْ | تُخْفِيْ | وَمَا | مِنْ اَفْوَاهِهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَيۡلًا | عَظِيۡمًا | يُرِيۡدُ | اللّٰهُ | اَنۡ | يُّخَفِّفَ | عَنۡكُمۡ | وَ | خُلِقَ | الۡاِنۡسَانُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جھکنا | بہت | چاہتا ہے | اللہ | یہ کہ | تخفیف کرے | تم سے | اور | پیدا کیا گیا | انسان |

جھک کر بہت دور نکل جاؤ۔ اللہ چاہتا ہے کہ تم سے بوجھ ہلکا کر دے کیونکہ انسان کمزور پیدا

ضَعِيۡفًا ﴿۲۸﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا لَا تَاۡكُلُوۡۤا اَمۡوَالَـكُمۡ بَيۡنَكُمۡ

| ضَعِيۡفًا | يٰۤاَيُّهَا | الَّذِيۡنَ | اٰمَنُوۡا | لَا | تَاۡكُلُوۡۤا | اَمۡوَالَـكُمۡ | بَيۡنَكُمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کمزور | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | نہ | کھاؤ | اپنے مال | آپس میں |

کیا گیا ہے۔ اے ایمان والو! نہ کھاؤ اپنے مال آپس میں ناحق لیکن یہ کہ تجارت ہو

بِالۡبَاطِلِ اِلَّاۤ اَنۡ تَكُوۡنَ تِجَارَةً عَنۡ تَرَاضٍ مِّنۡكُمۡ‌ ۚ وَلَا تَقۡتُلُوۡۤا

| بِالۡبَاطِلِ | اِلَّاۤ | اَنۡ | تَكُوۡنَ | تِجَارَةً | عَنۡ تَرَاضٍ | مِّنۡكُمۡ | وَ | لَا | تَقۡتُلُوۡۤا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ناحق | مگر | یہ کہ | ہو | تجارت | رضامندی سے | تم میں | اور | نہ | قتل کرو |

تمہاری آپس کی رضا مندی سے اور نہ ہلاک کرو اپنے آپ کو بے شک

اَنۡفُسَكُمۡ‌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُمۡ رَحِيۡمًا ﴿۲۹﴾ وَمَنۡ يَّفۡعَلۡ ذٰ لِكَ عُدۡوَانًا

| اَنۡفُسَكُمۡ | اِنَّ | اللّٰهَ | كَانَ | بِكُمۡ | رَحِيۡمًا | وَ | مَنۡ | يَّفۡعَلۡ | ذٰ لِكَ | عُدۡوَانًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنی جانوں کو | بیشک | اللہ | ہے | تم پر | مہربان | اور | جو | کرے | ایسا | زیادتی |

اللہ تم پر بے حد رحم فرمانے والا ہے۔ اور جو ایسا کرے زیادتی اور ظلم کی بناء پر تو

وَّظُلۡمًا فَسَوۡفَ نُصۡلِيۡهِ نَارًا‌ ؕ وَكَانَ ذٰ لِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيۡرًا ﴿۳۰﴾ اِنۡ

| وَّ | ظُلۡمًا | فَسَوۡفَ | نُصۡلِيۡهِ | نَارًا | وَ | كَانَ | ذٰ لِكَ | عَلَى | اللّٰهِ | يَسِيۡرًا | اِنۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | ظلم سے | تو عنقریب | داخل کریں گے ہم اسے | آگ میں | اور | ہے | یہ | اوپر | اللہ کے | آسان | اگر |

عنقریب ہم اسے آگ میں پہنچا دیں گے اور یہ اللہ پر بالکل آسان ہے۔ اگر

تَجْتَنِبُوْا كَبَآئِرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ نُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَنُدْخِلْكُمْ

| تَجْتَنِبُوْا | كَبَآئِرَ | مَا | تُنْهَوْنَ | عَنْهُ | نُكَفِّرْ | عَنْكُمْ | سَيِّاٰتِكُمْ | وَنُدْخِلْكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بچتے رہو | بڑے گناہوں سے | جو | روکے گئے ہو تم | اس سے | دور کردیں گے ہم | تم سے | تمہاری برائیاں | اور داخل کریں گے ہم تم کو |

بچتے رہو کبیرہ گناہوں سے جن کی تمہیں ممانعت ہے تو تمہارے اور گناہ ہم بخش دیں گے اور تمہیں

مُّدْخَلًا كَرِيْمًا ﴿٣١﴾ وَلَا تَتَمَنَّوْا مَا فَضَّلَ اللّٰهُ بِهٖ بَعْضَكُمْ عَلٰى

| مُّدْخَلًا | كَرِيْمًا | وَ | لَا | تَتَمَنَّوْا | مَا | فَضَّلَ | اللّٰهُ | بِهٖ | بَعْضَكُمْ | عَلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جگہ | اچھی میں | اور | نہ | آرزو کرو | اس کی جو | بڑائی دی | اللہ نے | اس سے | بعض کو | اوپر |

عزت کی جگہ داخل کریں گے ۔ اور اس کی آرزو نہ کرو جس سے اللہ نے تم میں ایک کو دوسرے پر

بَعْضٍ ؕ لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبُوْا ؕ وَلِلنِّسَآءِ نَصِيْبٌ مِّمَّا

| بَعْضٍ | لِلرِّجَالِ | نَصِيْبٌ | مِّمَّا | اكْتَسَبُوْا | وَ | لِلنِّسَآءِ | نَصِيْبٌ | مِّمَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بعض کے | مردوں کے لئے | حصہ ہے | اس سے جو | کمائیں وہ | اور | عورتوں کے لئے | حصہ ہے | اس سے جو |

بڑائی دی مردوں کیلئے ان کی کمائی سے حصہ ہے اور عورتوں کیلئے ان کی

اكْتَسَبْنَ ؕ وَسْــَٔلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ

| اكْتَسَبْنَ | وَسْــَٔلُوا | اللّٰهَ | مِنْ فَضْلِهٖ | اِنَّ | اللّٰهَ | كَانَ | بِكُلِّ | شَيْءٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ کمائیں | اور مانگو | اللہ سے | اس کے فضل سے | بیشک | اللہ | ہے | ہر | چیز کو |

کمائی سے حصہ ہے اور اللہ سے اس کا فضل مانگو بے شک اللہ سب کچھ

عَلِيْمًا ﴿٣٢﴾ وَلِكُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِيَ مِمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ ؕ

| عَلِيْمًا | وَ | لِكُلٍّ | جَعَلْنَا | مَوَالِيَ | مِمَّا | تَرَكَ | الْوَالِدٰنِ | وَ | الْاَقْرَبُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جاننے والا | اور | ہر ایک کے لئے | بنائے ہم نے | وارث | اس سے جو | چھوڑ جائیں | ماں باپ | اور | قرابت والے |

جانتا ہے ۔ اور ہم نے سب کیلئے ماں باپ اور قریبی رشتہ داروں کے چھوڑے ہوئے مال میں حقدار

وَالَّذِيْنَ عَقَدَتْ اَيْمَانُكُمْ فَاٰتُوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى

| وَ | الَّذِيْنَ | عَقَدَتْ | اَيْمَانُكُمْ | فَاٰتُوْهُمْ | نَصِيْبَهُمْ | اِنَّ | اللّٰهَ | كَانَ | عَلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | وہ جن سے | تمہارا حلف | بندھ چکا | تو دو ان کو | ان کا حصہ | بیشک | اللہ | ہے | اوپر |

(یعنی وارث) مقرر کر دیئے ہیں اور جن سے تمہارا معاہدہ ہو چکا ہے سو انہیں ان کا حصہ دے دو بے شک اللہ

كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدًا ﴿٣٣﴾ اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوْنَ عَلَى النِّسَاۗءِ بِمَا فَضَّلَ

| كُلِّ | شَيْءٍ | شَهِيْدًا | اَلرِّجَالُ | قَوّٰمُوْنَ | عَلَى | النِّسَاۗءِ | بِمَا | فَضَّلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہر | چیز کے | نگران | مرد | افسر ہیں | اوپر | عورتوں کے | اس وجہ سے کہ | فضیلت دی |

ہر چیز کا مشاہدہ فرمانے والا ہے۔ مرد عورتوں پر محافظ و منتظم ہیں اس لئے کہ اللہ نے ان میں سے بعض کو

اللّٰهُ بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ وَّبِمَآ اَنْفَقُوْا مِنْ اَمْوَالِهِمْ ۭ

| اللّٰهُ | بَعْضَهُمْ | عَلٰى | بَعْضٍ | وَّ | بِمَآ | اَنْفَقُوْا | مِنْ اَمْوَالِهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ نے | ان کے بعض کو | اوپر | بعض کے | اور | اس لئے کہ | خرچ کرتے ہیں | اپنے مالوں سے |

بعض پر فضیلت دی ہے اور اس وجہ سے (بھی) کہ مرد (ان پر) اپنے مال خرچ کرتے ہیں پس نیک بیویاں اطاعت شعار ہوتی ہیں

فَالصّٰلِحٰتُ قٰنِتٰتٌ حٰفِظٰتٌ لِّلْغَيْبِ بِمَا حَفِظَ اللّٰهُ ۭ وَالّٰتِيْ

| فَالصّٰلِحٰتُ | قٰنِتٰتٌ | حٰفِظٰتٌ | لِّلْغَيْبِ | بِمَا | حَفِظَ | اللّٰهُ | وَ | الّٰتِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو نیک عورتیں | ادب والیاں | حفاظت کرنے والیاں | غائبانہ | جیسی کہ | حفاظت کرائی | اللہ نے | اور | وہ عورتیں |

شوہروں کی عدم موجودگی میں اللہ کی حفاظت کے ساتھ (اپنی عزت کی) حفاظت کرنے والی ہوتی ہیں اور تمہیں جن عورتوں کی

تَخَافُوْنَ نُشُوْزَهُنَّ فَعِظُوْهُنَّ وَاهْجُرُوْهُنَّ فِي الْمَضَاجِعِ

| تَخَافُوْنَ | نُشُوْزَهُنَّ | فَعِظُوْهُنَّ | وَاهْجُرُوْهُنَّ | فِي | الْمَضَاجِعِ |
|---|---|---|---|---|---|
| کہ تم ڈرو | ان کی نافرمانی سے | تو ان کو نصیحت کرو | اور علیحدہ کر دو ان کو | میں | بستروں |

نافرمانی و سرکشی کا اندیشہ ہو تو انہیں نصیحت کرو اور (اگر نہ سمجھیں تو) انہیں خوابگاہوں میں (خود سے) علیحدہ کر دو

وَاضْرِبُوْهُنَّ ۚ فَاِنْ اَطَعْنَكُمْ فَلَا تَبْغُوْا عَلَيْهِنَّ سَبِيْلًا ۗ اِنَّ اللّٰهَ

| وَ | اضْرِبُوْهُنَّ | فَاِنْ | اَطَعْنَكُمْ | فَلَا | تَبْغُوْا | عَلَيْهِنَّ | سَبِيْلًا | اِنَّ | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | مارو ان کو | تو اگر | کہا مانیں تمہارا | تو نہ | چاہو | ان پر | کوئی راستہ | بیشک | اللہ |

اور (اگر پھر بھی اصلاح پذیر نہ ہوں تو) انہیں (تادیباً ہلکا سا) مارو پھر اگر وہ تمہاری فرمانبردار ہو جائیں تو ان پر (ظلم کا) کوئی راستہ تلاش نہ

كَانَ عَلِيًّا كَبِيْرًا ﴿۳۴﴾ وَاِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا فَابْعَثُوْا حَكَمًا مِّنْ

| كَانَ | عَلِيًّا | كَبِيْرًا | وَ | اِنْ | خِفْتُمْ | شِقَاقَ | بَيْنِهِمَا | فَابْعَثُوْا | حَكَمًا | مِّنْ اَهْلِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہے | بلند | بڑا | اور | اگر | تم ڈرو | نا اتفاقی سے | درمیان ان کے | تو مقرر کرو | ایک پنچ | مرد کے لواحقین سے |

کرو بے شک اللہ سب سے بلند سب سے بڑا ہے۔ اور اگر تمہیں اندیشہ ہو ان دونوں کے درمیان اختلاف کا تو مقرر کرو ایک منصف،

اَهْلِهٖ وَحَكَمًا مِّنْ اَهْلِهَا ۚ اِنْ يُّرِيْدَآ اِصْلَاحًا يُّوَفِّقِ اللّٰهُ

| وَ | حَكَمًا | مِّنْ اَهْلِهَا | اِنْ | يُّرِيْدَآ | اِصْلَاحًا | يُّوَفِّقِ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | ایک پنچ | عورت کے لواحقین سے | اگر | ارادہ کریں وہ | صلح کا | تو میل کردے گا | اللہ |

مرد کے رشتہ داروں سے، اور ایک منصف عورت کے رشتہ داروں سے اگر وہ دونوں منصف ارادہ کریں صلح کرانے کا تو اللہ اتفاق پیدا کردے گا ان

بَيْنَهُمَا ۗ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا خَبِيْرًا ﴿۳۵﴾ وَاعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوْا

| بَيْنَهُمَا | اِنَّ | اللّٰهَ | كَانَ | عَلِيْمًا | خَبِيْرًا | وَ | اعْبُدُوا | اللّٰهَ | وَ | لَا | تُشْرِكُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کے درمیان | بیشک | اللہ | ہے | جاننے والا | خبردار | اور | بندگی کرو | اللہ کی | اور | نہ | شریک ٹھہراؤ |

دونوں کے درمیان بیشک اللہ خوب جاننے والا نہایت خبر رکھنے والا ہے۔ اور اللہ کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ

بِهٖ شَيْـًٔا وَّ بِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّ بِذِی الْقُرْبٰى وَ الْيَتٰمٰى

| بِهٖ | شَيْـًٔا | وَّ | بِالْوَالِدَيْنِ | اِحْسَانًا | وَّ | بِذِی الْقُرْبٰى | وَ | الْيَتٰمٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس کا | کسی کو | اور | ماں باپ کے ساتھ | احسان کرنا | اور | قرابت والوں سے | اور | یتیموں |

کسی چیز کو شریک نہ بناؤ اور ماں باپ کے ساتھ نیکی کرو اور قرابت والوں اور یتیموں

وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْجَارِ ذِي الْقُرْبٰى وَالْجَارِ الْجُنُبِ وَالصَّاحِبِ

| الصَّاحِبِ | وَ | الْجُنُبِ | وَالْجَارِ | ذِي الْقُرْبٰى | الْجَارِ | وَ | الْمَسٰكِيْنِ | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ساتھی | اور | دور کے | اور ہمسائے | قریب والے سے | ہمسائے | اور | مسکینوں | اور |

اور مسکینوں اور قرابت والے پڑوسی اور اجنبی پڑوسی اور مجلس کے ساتھی اور

بِالْجَنْۢبِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۙ وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ

| يُحِبُّ | لَا | اللّٰهَ | اِنَّ | اَيْمَانُكُمْ | مَلَكَتْ | وَمَا | ابْنِ السَّبِيْلِ | وَ | بِالْجَنْۢبِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پسند کرتا | نہیں | اللہ | بیشک | تمہارے ہاتھ | مالک ہوئے | اور جن کے | مسافروں سے | اور | پاس کے |

مسافر کے ساتھ اور ان (غلام باندیوں) کے ساتھ جن کے تم مالک ہوئے

مَنْ كَانَ مُخْتَالًا فَخُوْرَا ۙ ﴿۳۶﴾ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ وَيَاْمُرُوْنَ النَّاسَ

| النَّاسَ | يَاْمُرُوْنَ | وَ | يَبْخَلُوْنَ | الَّذِيْنَ | فَخُوْرَا | مُخْتَالًا | كَانَ | مَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لوگوں کو | حکم دیتے ہیں | اور | بخل کرتے ہیں | وہ جو | فخر کرنے والا | اترانے والا | ہو | اس کو جو |

بے شک اللہ دوست نہیں رکھتا مغرور متکبر کو۔ جو لوگ بخل کرتے ہیں اور اوروں سے بخل کیلئے کہتے ہیں

بِالْبُخْلِ وَيَكْتُمُوْنَ مَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَاَعْتَدْنَا

| اَعْتَدْنَا | وَ | مِنْ فَضْلِهٖ | اللّٰهُ | اٰتٰهُمُ | مَآ | يَكْتُمُوْنَ | وَ | بِالْبُخْلِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تیار کیا ہم نے | اور | اپنے فضل سے | اللہ نے | دیا ان کو | جو | چھپاتے ہیں | اور | بخل کا |

اور اللہ نے جو انہیں اپنے فضل سے دیا ہے اسے چھپاتے ہیں اور کافروں کیلئے

لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ۚ ﴿۳۷﴾ وَالَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ رِئَآءَ

| رِئَآءَ | اَمْوَالَهُمْ | يُنْفِقُوْنَ | الَّذِيْنَ | وَ | مُّهِيْنًا | عَذَابًا | لِلْكٰفِرِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دکھاوے کو | اپنے مال | خرچ کرتے ہیں | وہ جو | اور | ذلت کا | عذاب | کافروں کے لئے |

ہم نے ذلت کا عذاب تیار کر رکھا ہے۔ اور وہ جو اپنے مال لوگوں کے دکھاوے

النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ وَمَنْ يَّكُنِ

| النَّاسِ | وَ | لَا | يُؤْمِنُوْنَ | بِاللّٰهِ | وَ | لَا | بِالْيَوْمِ | الْاٰخِرِ | وَ | مَنْ | يَّكُنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لوگوں کے | اور | نہیں | ایمان لاتے | اللہ پر | اور | نہ | دن | پچھلے پر | اور | جو | ہو |

کو خرچ کرتے ہیں اور ایمان نہیں لاتے اللہ اور قیامت پر اور جس کا

الشَّيْطٰنُ لَهٗ قَرِيْنًا فَسَآءَ قَرِيْنًا ﴿۳۸﴾ وَمَاذَا عَلَيْهِمْ لَوْ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ

| الشَّيْطٰنُ | لَهٗ | قَرِيْنًا | فَسَآءَ | قَرِيْنًا | وَمَاذَا | عَلَيْهِمْ | لَوْ | اٰمَنُوْا | بِاللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شیطان | اس کا | ساتھی | تو برا ہے | ساتھی | اور کیا ہے انہیں | ان پر | اگر | ایمان لاتے | اللہ پر |

دوست شیطان ہوا تو کتنا برا دوست ہے۔ اور کیا نقصان تھا اگر وہ اللہ پر اور یوم آخرت پر ایمان لے آتے

وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِهِمْ عَلِيْمًا ﴿۳۹﴾

| وَ | الْيَوْمِ | الْاٰخِرِ | وَ | اَنْفَقُوْا | مِمَّا | رَزَقَهُمُ | اللّٰهُ | وَ | كَانَ | اللّٰهُ | بِهِمْ | عَلِيْمًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | دن | قیامت پر | اور | خرچ کرتے | اس سے جو | دیا ان کو | اللہ نے | اور | ہے | اللہ | ان کو | جاننے والا |

اور جو کچھ اللہ نے انہیں دیا تھا اس میں سے (اس کی راہ میں) خرچ کرتے اور اللہ ان (کے حال) سے خوب واقف ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ ۚ وَاِنْ تَكُ حَسَنَةً يُّضٰعِفْهَا

| اِنَّ | اللّٰهَ | لَا | يَظْلِمُ | مِثْقَالَ | ذَرَّةٍ | وَ | اِنْ | تَكُ | حَسَنَةً | يُّضٰعِفْهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک | اللہ | نہیں | ظلم کرتا | مقدار | ذرہ کے | اور | اگر | ہو | نیکی | تو دو چند کرتا ہے اسے |

بے شک اللہ ذرہ برابر بھی ظلم نہیں کرتا اور اگر کوئی نیکی ہو تو اسے دو گنا کر دیتا ہے

وَيُؤْتِ مِنْ لَّدُنْهُ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۴۰﴾ فَكَيْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ

| وَيُؤْتِ | مِنْ لَّدُنْهُ | اَجْرًا | عَظِيْمًا | فَكَيْفَ | اِذَا | جِئْنَا | مِنْ | كُلِّ | اُمَّةٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور دیتا ہے | اسے اپنے پاس سے | اجر | بڑا | تو کیسی ہوگی | جب | لائیں ہم | ہر | ایک | امت سے |

اور اپنے پاس سے بڑا اجر عطا فرماتا ہے۔ تو کیا حال ہوگا جب ہم لائیں گے ہر اُمت سے ایک

بِشَهِيْدٍ وَّجِئْنَابِكَ عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ شَهِيْدًا ﴿۴۱﴾ يَوْمَئِذٍ يَّوَدُّ الَّذِيْنَ

| بِشَهِيْدٍ | وَ | جِئْنَا | بِكَ | عَلٰى | هٰٓؤُلَآءِ | شَهِيْدًا | يَوْمَئِذٍ | يَوَدُّ | الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گواہ | اور | لائیں ہم | تمہیں | اوپر | ان کے | گواہ | اس دن | تمنا کریں گے | وہ جو |

گواہ اور لائیں گے ہم آپ کو (اے محبوب ﷺ!) ان پر (نگران) گواہ بنا کر۔ اس دن تمنا کریں گے وہ لوگ

كَفَرُوْا وَعَصَوُا الرَّسُوْلَ لَوْ تُسَوّٰى بِهِمُ الْاَرْضُ ؕ وَلَا يَكْتُمُوْنَ

| كَفَرُوْا | وَ | عَصَوُا | الرَّسُوْلَ | لَوْ | تُسَوّٰى | بِهِمُ | الْاَرْضُ | وَ | لَا | يَكْتُمُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کافر ہوئے | اور | نافرمانی کی | رسول کی | کاش کہ | برابر کردی جائے | ان پر | زمین | اور | نہ | چھپاسکیں گے |

جنہوں نے کفر کیا اور رسول کی نافرمانی کی کاش (انہیں مٹی میں دبا کر) ان پر زمین ہموار کردی جائے اور اللہ سے

اللّٰهَ حَدِيْثًا ﴿۴۲﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ

| اللّٰهَ | حَدِيْثًا | يٰۤاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | لَا تَقْرَبُوا | الصَّلٰوةَ | وَ | اَنْتُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ سے | کوئی بات | اے | وہ لوگو جو | ایمان لائے ہو | نہ قریب جاؤ | نماز کے | جبکہ | تم |

وہ کوئی بات نہ چھپا سکیں گے۔ اے ایمان والو! نشہ کی حالت میں نماز کے پاس نہ جاؤ

سُكٰرٰى حَتّٰى تَعْلَمُوْا مَا تَقُوْلُوْنَ وَلَا جُنُبًا اِلَّا عَابِرِيْ سَبِيْلٍ

| سُكٰرٰى | حَتّٰى | تَعْلَمُوْا | مَا | تَقُوْلُوْنَ | وَ | لَا جُنُبًا | اِلَّا | عَابِرِيْ | سَبِيْلٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نشہ میں ہو | یہاں تک کہ | جانو تم | جو | کہتے ہو تم | اور | نہ ناپاک | مگر | مسافر | راستہ کا |

جب تک اتنا ہوش نہ ہو کہ جو کہو اسے سمجھو اور نہ جنابت کی حالت میں

حَتّٰى تَغْتَسِلُوْا ؕ وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰۤى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ جَآءَ اَحَدٌ

| حَتّٰى | تَغْتَسِلُوْا | وَ | اِنْ | كُنْتُمْ | مَّرْضٰۤى | اَوْ | عَلٰى | سَفَرٍ | اَوْ جَآءَ | اَحَدٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہاں تک | غسل کرے | اور | اگر | ہو تم | بیمار | یا | اوپر | سفر کے | یا آئے | کوئی |

غسل کے مگر سفر کی حالت میں اور اگر تم بیمار ہو یا سفر میں یا

مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآئِطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً فَتَيَمَّمُوْا

| مِّنْكُمْ | مِّنَ الْغَآئِطِ | اَوْ | لٰمَسْتُمُ | النِّسَآءَ | فَلَمْ | تَجِدُوْا | مَآءً | فَتَيَمَّمُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم میں سے | قضائے حاجت سے | یا | چھوا تم نے | عورتوں کو | پھر نہ | پاؤ | پانی | تو تیمم کرو |

تم میں سے کوئی قضائے حاجت سے فارغ ہو کر آیا یا تم نے عورتوں کے ساتھ مباشرت کی اور پانی نہ پایا تو

صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ

| صَعِيْدًا | طَيِّبًا | فَامْسَحُوْا | بِوُجُوْهِكُمْ | وَاَيْدِيْكُمْ | اِنَّ | اللّٰهَ | كَانَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مٹی | پاک سے | تو مسح کرو | اپنے منہ کا | اور اپنے ہاتھوں کا | بیشک | اللہ | ہے |

پاک مٹی سے تیمم کرو تو اپنے منہ اور ہاتھوں کا مسح کرو بے شک اللہ

عَفُوًّا غَفُوْرًا ﴿۴۳﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ

| عَفُوًّا | غَفُوْرًا | اَلَمْ تَرَ | اِلَى | الَّذِيْنَ | اُوْتُوْا | نَصِيْبًا | مِّنَ الْكِتٰبِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| معاف کرنے والا | بخشنے والا | کیا نہ دیکھا تم نے | طرف | ان کی جو | دیے گئے | ایک حصہ | کتاب کا |

معاف فرمانے والا بخشنے والا ہے۔ کیا تم نے انہیں نہ دیکھا جن کو کتاب سے ایک حصہ ملا وہ گمراہی خرید

يَشْتَرُوْنَ الضَّلٰلَةَ وَيُرِيْدُوْنَ اَنْ تَضِلُّوا السَّبِيْلَ ﴿۴۴﴾ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

| يَشْتَرُوْنَ | الضَّلٰلَةَ | وَيُرِيْدُوْنَ | اَنْ | تَضِلُّوا | السَّبِيْلَ | وَ | اللّٰهُ | اَعْلَمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خرید لیتے ہیں | گمراہی | اور چاہتے ہیں | یہ کہ | گمراہ ہو جاؤ تم | راہ سے | اور | اللہ | خوب جانتا ہے |

لیتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ تم بھی راہ سے بہک جاؤ۔ اور اللہ تمہارے

بِاَعْدَآئِكُمْ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا ۙ وَّكَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيْرًا ﴿۴۵﴾ مِنَ الَّذِيْنَ

| بِاَعْدَآئِكُمْ | وَ | كَفٰى | بِاللّٰهِ | وَلِيًّا | وَّ | كَفٰى | بِاللّٰهِ | نَصِيْرًا | مِنَ الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تمہارے دشمنوں کو | اور | کافی ہے | اللہ | والی | اور | کافی ہے | اللہ | مددگار | کچھ وہ ہیں |

دشمنوں کو خوب جانتا ہے اور اللہ (بطور) کارساز کافی ہے اور اللہ (بطور) مددگار کافی ہے۔ اور کچھ یہودی

هَادُوْا يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ مَّوَاضِعِهٖ وَيَقُوْلُوْنَ سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا

| عَصَيْنَا | وَ | سَمِعْنَا | يَقُوْلُوْنَ | وَ | عَنْ مَّوَاضِعِهٖ | الْكَلِمَ | يُحَرِّفُوْنَ | هَادُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہ مانا | اور | ہم نے سنا | کہتے ہیں | اور | اس کی جگہ سے | کلمات کو | جو بدل ڈالتے ہیں | یہودی |

(توراۃ کے) کلمات کو اپنے (اصل) مقامات سے پھیر دیتے ہیں اور کہتے ہیں ہم نے سن لیا اور نہیں مانا اور (یہ بھی کہتے ہیں) سنیئے!

وَاسْمَعْ غَيْرَ مُسْمَعٍ وَّرَاعِنَا لَيًّا بِاَلْسِنَتِهِمْ وَطَعْنًا فِي الدِّيْنِ ؕ

| فِي الدِّيْنِ | طَعْنًا | وَ | بِاَلْسِنَتِهِمْ | لَيًّا | رَاعِنَا | وَ | مُسْمَعٍ | غَيْرَ | وَاسْمَعْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دین میں | طعن کرتے ہیں | اور | اپنی زبانوں کو | پھیر کر | راعنا کہتے ہیں | اور | سنائے جائیں | نہ | اور سنیئے |

(معاذ اللہ) آپ کو سنوایا نہ جائے اور اپنی زبانیں مروڑ کر دین میں طعنہ زنی کرتے ہوئے "راعنا" کہتے ہیں اور اگر وہ لوگ (اس کی جگہ)

وَلَوْ اَنَّهُمْ قَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا وَاسْمَعْ وَانْظُرْنَا لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ

| لَّهُمْ | خَيْرًا | لَكَانَ | انْظُرْنَا | وَ | وَاسْمَعْ | اَطَعْنَا | وَ | سَمِعْنَا | قَالُوْا | اَنَّهُمْ | لَوْ | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کے لئے | بہتر | تو ہوتا | ہم پر نظر فرمائیں | اور | اور سنیں | ہم نے مانا | اور | ہم نے سنا | کہتے | یہ کہ وہ | اگر | اور |

یہ کہتے کہ ہم نے سنا اور ہم نے اطاعت کی اور (حضور! ہماری گذارش) سنیئے اور ہماری طرف نظر (کرم) فرمایئے تو یہ ان کیلئے بہتر ہوتا

وَاَقْوَمَ ۙ وَلٰكِنْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝۴۶ يٰۤاَيُّهَا

| يٰۤاَيُّهَا | قَلِيْلًا | اِلَّا | يُؤْمِنُوْنَ | فَلَا | بِكُفْرِهِمْ | اللّٰهُ | لَّعَنَهُمُ | لٰكِنْ | وَ | اَقْوَمَ | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے | تھوڑے | مگر | ایمان لائینگے | تو نہیں | بوجہ کفر ان کے | اللہ نے | ان کو لعنت کی | لیکن | اور | قوی تر | اور |

اور (یہ قول بھی) درست اور مناسب ہوتا لیکن اللہ نے ان کے کفر کے باعث ان پر لعنت کی بہت کم لوگوں کے سوا وہ ایمان نہیں لاتے۔ اے

الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اٰمِنُوْا بِمَا نَزَّلْنَا مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ مِّنْ قَبْلِ

| مِّنْ قَبْلِ | مَعَكُمْ | لِّمَا | مُصَدِّقًا | نَزَّلْنَا | بِمَا | اٰمِنُوْا | الْكِتٰبَ | اُوْتُوا | الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پہلے سے | تمہارے ساتھ ہے | اس کی جو | تصدیق کرتا | ہم نے اتارا | اس پر جو | ایمان لاؤ | کتاب | دیئے گئے ہو | وہ جو |

کتاب والو! ایمان لاؤ اس پر جو ہم نے نازل کیا اس حال میں کہ وہ تمہارے ساتھ والی (اصل) کتاب کی تصدیق کرتا ہے اس سے

أَنْ نَّطْمِسَ وُجُوْهًا فَنَرُدَّهَا عَلٰٓى أَدْبَارِهَآ أَوْ نَلْعَنَهُمْ كَمَا لَعَنَّآ

| أَنْ | نَّطْمِسَ | وُجُوْهًا | فَنَرُدَّهَا | عَلٰٓى | أَدْبَارِهَآ | أَوْ نَلْعَنَهُمْ | كَمَا | لَعَنَّآ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس سے کہ | بگاڑیں ہم | چہرے | تو پھیر دیں ان کو | اوپر | پیٹھوں ان کی کے | لعنت کریں ہم ان پر | جیسے | لعنت کی ہم نے |

پہلے کہ ہم چہروں کے نقوش مٹا دیں پھر انہیں پھیر دیں ان کی پیٹھ کی جانب یا ہم لعنت کریں ان پر جس طرح ہم نے

أَصْحٰبَ السَّبْتِ ۭ وَكَانَ أَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ﴿۴۷﴾ إِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ

| أَصْحٰبَ | السَّبْتِ | وَ | كَانَ | أَمْرُ | اللّٰهِ | مَفْعُوْلًا | إِنَّ | اللّٰهَ | لَا | يَغْفِرُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اصحاب | ہفتہ کو | اور | ہے | حکم | اللہ کا | پورا ہونے والا | بیشک | اللہ | نہیں | بخشتا |

لعنت کی ہفتہ کے دن والوں پر اور اللہ کا حکم پورا ہو کر رہتا ہے۔ بے شک اللہ نہیں معاف کرتا

أَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَنْ يُّشْرِكْ

| أَنْ | يُّشْرَكَ | بِهٖ | وَ | يَغْفِرُ | مَا دُوْنَ | ذٰلِكَ | لِمَنْ | يَّشَآءُ | وَ | مَنْ | يُّشْرِكْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ کہ | شرک کیا جائے | اسکے ساتھ | اور | بخشے گا | جو کم ہے | اس سے | جسے | چاہے | اور | جو | شرک کرے |

اس بات کو کہ اس کے ساتھ شرک کیا جائے اور بخش دیتا ہے جو اس سے کم ہو جس کیلئے چاہے اور جس نے اللہ کے ساتھ شرک کیا

بِاللّٰهِ فَقَدِ افْتَرٰٓى إِثْمًا عَظِيْمًا ﴿۴۸﴾ أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِيْنَ يُزَكُّوْنَ

| بِاللّٰهِ | فَقَدِ | افْتَرٰٓى | إِثْمًا | عَظِيْمًا | أَلَمْ تَرَ | إِلَى | الَّذِيْنَ | يُزَكُّوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ کے ساتھ | تو بیشک | باندھا اس نے | گناہ | بڑا | کیا نہ دیکھا آپ نے | طرف | ان کی جو | پاک بناتے ہیں |

تو بے شک اس نے بہت بڑے گناہ کا بہتان باندھا۔ کیا آپ نے انہیں نہ دیکھا جو خود اپنی پاکیزگی بیان کرتے ہیں

أَنْفُسَهُمْ ۭ بَلِ اللّٰهُ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَآءُ وَلَا يُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ﴿۴۹﴾ أُنْظُرْ

| أَنْفُسَهُمْ | بَلِ | اللّٰهُ | يُزَكِّيْ | مَنْ | يَّشَآءُ | وَلَا | يُظْلَمُوْنَ | فَتِيْلًا | أُنْظُرْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنے آپ کو | بلکہ | اللہ | ستھرا کرتا ہے | جسے | چاہے | اور نہ | ظلم کیے جائیں گے | دانہ خرما کے ڈورے کے برابر | دیکھو |

بلکہ اللہ جسے چاہے پاک کرے اور ان پر ظلم نہ ہو گا دانہ خرما کے ڈورے کے برابر۔ دیکھو

كَيْفَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ؕ وَكَفٰى بِهٖۤ اِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿۵۰﴾ ع اَلَمْ

| اَلَمْ | مُّبِيْنًا | اِثْمًا | بِهٖ | كَفٰى | وَ | الْكَذِبَ | اللّٰهِ | عَلَى | يَفْتَرُوْنَ | كَيْفَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیا نہ | صریح | گناہ | ان کیلئے | کافی ہے | اور | جھوٹ | اللہ کے | اوپر | باندھ رہے ہیں | کیسا |

کیسا اللہ پر جھوٹ باندھ رہے ہیں اور یہ واضح گناہ کافی ہے۔ کیا آپ

تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يُؤْمِنُوْنَ بِالْجِبْتِ

| بِالْجِبْتِ | يُؤْمِنُوْنَ | مِّنَ الْكِتٰبِ | نَصِيْبًا | اُوْتُوْا | الَّذِيْنَ | اِلَى | تَرَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بت پر | ایمان لاتے ہیں | کتاب کا | ایک حصہ | دیئے گئے | ان کی جو | طرف | دیکھا آپ نے |

نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جنہیں (آسمانی) کتاب کا حصہ دیا گیا ہے (پھر بھی) وہ بتوں

وَالطَّاغُوْتِ وَيَقُوْلُوْنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا هٰۤؤُلَآءِ اَهْدٰى مِنَ الَّذِيْنَ

| مِنَ الَّذِيْنَ | اَهْدٰى | هٰۤؤُلَآءِ | كَفَرُوْا | لِلَّذِيْنَ | يَقُوْلُوْنَ | وَ | وَالطَّاغُوْتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان سے جو | زیادہ ہدایت والے ہیں | یہ | جو کافر ہیں | ان کے متعلق | کہتے ہیں | اور | اور شیطان پر |

اور شیطان پر ایمان رکھتے ہیں اور کافروں کے بارے میں کہتے ہیں کہ مسلمانوں کی نسبت یہ (کافر)

اٰمَنُوْا سَبِيْلًا ﴿۵۱﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ ؕ وَمَنْ يَّلْعَنِ اللّٰهُ فَلَنْ

| فَلَنْ | اللّٰهُ | يَّلْعَنِ | مَنْ | وَ | اللّٰهُ | لَعَنَهُمُ | الَّذِيْنَ | اُولٰٓئِكَ | سَبِيْلًا | اٰمَنُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو ہرگز | اللہ | لعنت کرے | جس پر | اور | اللہ نے | لعنت کی ان پر | وہ ہیں کہ | یہ | راہ سے | ایمان لائے |

زیادہ سیدھی راہ پر ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جن پر اللہ نے لعنت کی اور جس پر اللہ لعنت کرے تو اس کیلئے ہرگز

تَجِدَ لَهٗ نَصِيْرًا ﴿۵۲﴾ ؕ اَمْ لَهُمْ نَصِيْبٌ مِّنَ الْمُلْكِ فَاِذًا لَّا يُؤْتُوْنَ

| يُؤْتُوْنَ | لَا | فَاِذًا | مِّنَ الْمُلْكِ | نَصِيْبٌ | لَهُمْ | اَمْ | نَصِيْرًا | تَجِدَ لَهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دیں | نہ | تو اس وقت | ملک میں سے | کوئی حصہ | ہے ان کا | کیا | کوئی مددگار | پائے گا تو اس کیلئے |

کوئی مددگار نہ پائیں گے۔ کیا ان کا کوئی حصہ ہے ملک میں اگر ایسا ہو تو وہ لوگوں کو تل

اَلنَّاسَ نَقِيْرًا ﴿۵۳﴾ اَمْ يَحْسُدُوْنَ النَّاسَ عَلٰى مَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ

| النَّاسَ | نَقِيْرًا | اَمْ | يَحْسُدُوْنَ | النَّاسَ | عَلٰى | مَآ | اٰتٰهُمُ | اللّٰهُ | مِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لوگوں کو | تل بھر | کیا | وہ حسد کرتے ہیں | لوگوں سے | اوپر | اس کے جو | دیا ان کو | اللہ نے | اپنے |

برابر (بھی) کوئی چیز نہ دیں۔ یا وہ حسد کرتے ہیں لوگوں سے اس پر جو اللہ نے انہیں اپنے

فَضْلِهٖ ۚ فَقَدْ اٰتَيْنَآ اٰلَ اِبْرٰهِيْمَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَاٰتَيْنٰهُمْ مُّلْكًا

| فَضْلِهٖ | فَقَدْ | اٰتَيْنَآ | اٰلَ | اِبْرٰهِيْمَ | الْكِتٰبَ | وَ | الْحِكْمَةَ | وَ | اٰتَيْنٰهُمْ | مُّلْكًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فضل سے | تو بیشک | دی ہم نے | آل | ابراہیم کو | کتاب | اور | حکمت | اور | دیا ہم نے ان کو | ملک |

فضل سے دیا تو بے شک ہم نے آلِ ابراہیم کو کتاب و حکمت دی اور ہم نے ان کو بڑا

عَظِيْمًا ﴿۵۴﴾ فَمِنْهُمْ مَّنْ اٰمَنَ بِهٖ وَمِنْهُمْ مَّنْ صَدَّ عَنْهُ ؕ وَكَفٰى

| عَظِيْمًا | فَمِنْهُمْ | مَّنْ | اٰمَنَ | بِهٖ | وَ | مِنْهُمْ | مَّنْ | صَدَّ | عَنْهُ | وَكَفٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بڑا | تو بعض ان میں سے | وہ ہیں جو | ایمان لائے | اس پر | اور | بعض | وہ ہیں جو | رک گئے | اس سے | اور کافی ہے |

ملک دیا۔ تو ان میں کوئی اس پر ایمان لایا اور کسی نے اس سے منہ پھیرا اور ان کیلئے جہنم کی بھڑکتی ہوئی

بِجَهَنَّمَ سَعِيْرًا ﴿۵۵﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا سَوْفَ نُصْلِيْهِمْ نَارًا ؕ

| بِجَهَنَّمَ | سَعِيْرًا | اِنَّ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | بِاٰيٰتِنَا | سَوْفَ | نُصْلِيْهِمْ | نَارًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دوزخ | بھڑکتی ہوئی | بیشک | جنہوں نے | انکار کیا | ہماری آیتوں سے | عنقریب | داخل کریں گے ہم ان کو | آگ میں |

آگ کافی ہے۔ جنہوں نے ہماری آیتوں کا انکار کیا عنقریب ہم ان کو آگ میں داخل کریں گے

كُلَّمَا نَضِجَتْ جُلُوْدُهُمْ بَدَّلْنٰهُمْ جُلُوْدًا غَيْرَهَا لِيَذُوْقُوا

| كُلَّمَا | نَضِجَتْ | جُلُوْدُهُمْ | بَدَّلْنٰهُمْ | جُلُوْدًا | غَيْرَهَا | لِيَذُوْقُوا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| جب بھی | پک جائیں گی | کھالیں ان کی | بدل دیں گے ہم ان کی | کھالیں | ان کے سوا | تاکہ چکھیں |

جب ان کی جلدیں جل جائیں گی ہم انہیں دوسری کھالوں سے بدل دیں گے کہ عذاب کا مزہ لیں

الْعَذَابَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿٥٦﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

| الْعَذَابَ | اِنَّ | اللّٰهَ | كَانَ | عَزِيْزًا | حَكِيْمًا | وَ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَ | عَمِلُوا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عذاب | بیشک | اللہ | ہے | غالب | حکمت والا | اور | وہ جو | ایمان لائے | اور | عمل کئے |

بے شک اللہ غالب حکمت والا ہے۔ اور جو لوگ ایمان لائے

الصّٰلِحٰتِ سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

| الصّٰلِحٰتِ | سَنُدْخِلُهُمْ | جَنّٰتٍ | تَجْرِيْ | مِنْ تَحْتِهَا | الْاَنْهٰرُ |
|---|---|---|---|---|---|
| نیک | داخل کریں گے ہم ان کو | باغوں میں کہ | رواں ہیں | ان کے نیچے | نہریں |

اور نیک عمل کرتے رہے تو ہم انہیں بہشتوں میں داخل کریں گے جن کے نیچے نہریں رواں ہیں

خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ لَهُمْ فِيْهَآ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ۡ وَّنُدْخِلُهُمْ

| خٰلِدِيْنَ | فِيْهَآ | اَبَدًا | لَهُمْ | فِيْهَآ | اَزْوَاجٌ | مُّطَهَّرَةٌ | وَ | نُدْخِلُهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہمیشہ رہیں گے | اس میں | دوام | ان کے لئے | ان میں | بیویاں ہیں | پاک | اور | داخل کرینگے ہم ان کو |

وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے ان کیلئے وہاں پاکیزہ بیویاں ہوں گی اور ہم ان کو بہت گھنے سائے

ظِلًّا ظَلِيْلًا ﴿٥٧﴾ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰٓى اَهْلِهَا ۙ

| ظِلًّا | ظَلِيْلًا | اِنَّ | اللّٰهَ | يَاْمُرُكُمْ | اَنْ | تُؤَدُّوا | الْاَمٰنٰتِ | اِلٰٓى | اَهْلِهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سایہ ہی | سایہ میں | بیشک | اللہ | حکم دیتا ہے تم کو | یہ کہ | ادا کرو تم | امانتیں | طرف | ان کے اہل کے |

میں داخل کریں گے۔ اے لوگو! بے شک اللہ تمہیں حکم دیتا ہے کہ امانتیں انہی لوگوں کے سپرد کرو جو ان کے اہل ہیں

وَاِذَا حَكَمْتُمْ بَيْنَ النَّاسِ اَنْ تَحْكُمُوْا بِالْعَدْلِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ نِعِمَّا

| وَ | اِذَا | حَكَمْتُمْ | بَيْنَ | النَّاسِ | اَنْ | تَحْكُمُوْا | بِالْعَدْلِ | اِنَّ | اللّٰهَ | نِعِمَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جب | فیصلہ کرو تم | درمیان | لوگوں کے | یہ کہ | فیصلہ کرو تم | انصاف سے | بیشک | اللہ | اچھی |

اور جب تم لوگوں کے درمیان فیصلہ کرو تو عدل کے ساتھ فیصلہ کیا کرو بے شک اللہ تمہیں کیا ہی اچھی نصیحت فرماتا ہے

يَعِظُكُمْ بِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ سَمِيْعًاۢ بَصِيْرًا ﴿۵۸﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا

| يَعِظُكُمْ | بِهٖ | اِنَّ | اللّٰهَ | كَانَ | سَمِيْعًا | بَصِيْرًا | يٰۤاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْۤا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نصیحت کرتا ہے | اس میں | بیشک | اللہ | ہے | سننے والا | دیکھنے والا | اے | وہ جو | ایمان لائے ہو |

بے شک اللہ خوب سننے والا خوب دیکھنے والا ہے۔ اے ایمان والو!

اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِي الْاَمْرِ مِنْكُمْ ۚ فَاِنْ

| اَطِيْعُوا | اللّٰهَ | وَ | اَطِيْعُوا | الرَّسُوْلَ | وَ | اُولِي | الْاَمْرِ | مِنْكُمْ | فَاِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیروی کرو | اللہ کی | اور | پیروی کرو | رسول کی | اور | صاحب | حکومت کی | جو تم میں سے ہو | تو اگر |

اطاعت کرو اللہ کی اور اطاعت کرو رسول کی اور ان کی جو تم میں سے امر والے ہوں پھر اگر

تَنَازَعْتُمْ فِيْ شَيْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَى اللّٰهِ وَالرَّسُوْلِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ

| تَنَازَعْتُمْ | فِيْ شَيْءٍ | فَرُدُّوْهُ | اِلَى | اللّٰهِ | وَ | الرَّسُوْلِ | اِنْ | كُنْتُمْ | تُؤْمِنُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جھگڑا ہو تمہارا | کسی چیز میں | تو لوٹا دو اسے | طرف | اللہ | اور | رسول کی | اگر | ہو تم | ایمان رکھتے |

تم جھگڑا کرو کسی چیز میں تو اسے لوٹا دو اللہ اور اس کے رسول کی طرف اگر تم ایمان رکھتے ہو

بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّاَحْسَنُ تَاْوِيْلًا ﴿۵۹﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى

| بِاللّٰهِ | وَ | الْيَوْمِ | الْاٰخِرِ | ذٰلِكَ | خَيْرٌ | وَّاَحْسَنُ | تَاْوِيْلًا | اَلَمْ | تَرَ | اِلَى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ پر | اور | دن | قیامت پر | یہ | بہتر ہے | اور اچھا | انجام | کیا نہ | دیکھا تم نے | طرف |

اللہ اور قیامت کے دن پر یہ بہتر ہے اور اس کا انجام سب سے اچھا ہے۔ کیا آپ نے نہیں

الَّذِيْنَ يَزْعُمُوْنَ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا بِمَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَاۤ اُنْزِلَ مِنْ

| الَّذِيْنَ | يَزْعُمُوْنَ | اَنَّهُمْ | اٰمَنُوْا | بِمَاۤ | اُنْزِلَ | اِلَيْكَ | وَمَاۤ | اُنْزِلَ | مِنْ قَبْلِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کی جو | گمان کرتے تھے کہ | وہ | ایمان لائے | اس پر جو | اترا | تمہاری طرف | اور جو | اترا | تم سے پہلے |

دیکھا ان لوگوں کو جو دعوٰی کرتے ہیں کہ وہ ایمان لائے اس پر جو نازل ہوا آپ کی طرف اور جو آپ سے پہلے نازل ہوا

فَتَبِلَكَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَحَاكَمُوْٓا اِلَى الطَّاغُوْتِ وَقَدْ اُمِرُوْٓا اَنْ

| اَنْ | اُمِرُوْٓا | قَدْ | وَ | الطَّاغُوْتِ | اِلَى | يَّتَحَاكَمُوْٓا | اَنْ | يُرِيْدُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ کہ | حکم ملا تھا انہیں | بیشک | اور | شیطان کی | طرف | مقدمے لے جائیں | یہ کہ | چاہتے ہیں |

وہ چاہتے ہیں کہ اپنے مقدمے لے جائیں شیطان کی طرح حالانکہ انہیں حکم دیا گیا تھا کہ اس کا انکار کریں

يَّكْفُرُوْا بِهٖ ؕ وَيُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّضِلَّهُمْ ضَلٰلًاۢ بَعِيْدًا ﴿۶۰﴾ وَاِذَا

| وَاِذَا | بَعِيْدًا | ضَلٰلًا | يُّضِلَّهُمْ | اَنْ | الشَّيْطٰنُ | يُرِيْدُ | وَ | بِهٖ | يَّكْفُرُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور جب | دور کی | گمراہی | گمراہ کرے ان کو | یہ کہ | شیطان | چاہتا ہے | اور | اس کا | انکار کریں |

اور شیطان چاہتا ہے کہ انہیں بہکا کر (ہدایت سے) بہت دور گمراہی (کی راہ) پر لے جائے۔ اور جب

قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَاِلَى الرَّسُوْلِ رَاَيْتَ الْمُنٰفِقِيْنَ

| الْمُنٰفِقِيْنَ | رَاَيْتَ | الرَّسُوْلِ | اِلَى | وَ | اللّٰهُ | اَنْزَلَ | مَآ | اِلٰى | تَعَالَوْا | لَهُمْ | قِيْلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| منافقوں | دیکھو گے تم کو | رسول کی تو | طرف | اور | اللہ نے | اتارا | اس کے جو | طرف | آؤ | ان کو | کہا جاتا ہے |

ان سے کہا جائے کہ اللہ کی نازل کی ہوئی کتاب اور رسول کی طرف آؤ تو تم دیکھو گے کہ منافق تم سے

يَصُدُّوْنَ عَنْكَ صُدُوْدًا ﴿۶۱﴾ ج فَكَيْفَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌۢ بِمَا

| بِمَا | مُّصِيْبَةٌ | اَصَابَتْهُمْ | اِذَآ | فَكَيْفَ | صُدُوْدًا | عَنْكَ | يَصُدُّوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سبب اس کے جو | مصیبت | پہنچے گی ان کو | جب | تو کیسا ہوگا | پھر جاتے ہیں | تم سے | منہ موڑے ہوئے |

منہ موڑ کر پھر جاتے ہیں۔ کیسی ہو گی جب ان پر کوئی مصیبت پڑے بدلا اس کا جو

قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ثُمَّ جَآءُوْكَ يَحْلِفُوْنَ ۖ بِاللّٰهِ اِنْ اَرَدْنَآ اِلَّآ

| اِلَّآ | اَرَدْنَآ | اِنْ | بِاللّٰهِ | يَحْلِفُوْنَ | جَآءُوْكَ | ثُمَّ | اَيْدِيْهِمْ | قَدَّمَتْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مگر | ارادہ کیا ہم نے | کہ نہیں | اللہ کی | قسم کھاتے ہوئے | پھر آئیں وہ تمہارے پاس | پھر | ان کے ہاتھ | پہلے کر چکے |

ان کے ہاتھوں نے آگے بھیجا پھر اے محبوب ﷺ تمہارے حضور حاضر ہوں اللہ کی قسم کھاتے کہ ہمارا مقصود تو

اِحْسَانًا وَّتَوْفِيْقًا ﴿۶۲﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يَعْلَمُ اللّٰهُ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ ق

| اِحْسَانًا | وَّتَوْفِيْقًا | اُولٰٓئِكَ | الَّذِيْنَ | يَعْلَمُ | اللّٰهُ | مَا | فِيْ قُلُوْبِهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بھلائی | اور میل کا | یہ | وہ ہیں کہ | جانتا ہے | اللہ | جو | انکے دلوں میں ہے |

بھلائی اور موافقت کا ہی تھا۔ یہ وہ (منافق اور مفسد) لوگ ہیں کہ اللہ ان کے دلوں کی ہر بات کو خوب جانتا ہے

فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَعِظْهُمْ وَقُلْ لَّهُمْ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ قَوْلًا بَلِيْغًا ﴿۶۳﴾

| فَاَعْرِضْ | عَنْهُمْ | وَ | عِظْهُمْ | وَ | قُلْ | لَّهُمْ | فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ | قَوْلًا | بَلِيْغًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو چشم پوشی کرو | ان سے | اور | نصیحت کروانکو | اور | فرماؤ | ان کیلئے | ان کے حق میں | بات | رسائی کی |

پس آپ ان سے چشم پوشی فرمائیے اور انہیں نصیحت کرتے رہیے اور ان سے ان کے بارے میں مؤثر گفتگو فرماتے رہیے۔

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰهِ ط وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ

| وَمَآ | اَرْسَلْنَا | مِنْ رَّسُوْلٍ | اِلَّا | لِيُطَاعَ | بِاِذْنِ | اللّٰهِ | وَ | لَوْ | اَنَّهُمْ | اِذْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور نہیں | بھیجا ہم نے | کوئی رسول | مگر | اس لئے کہ پیروی ہو اس کی | حکم سے | اللہ کے | اور | اگر | وہ | جب |

اور ہم نے کوئی پیغمبر نہیں بھیجا مگر اس لئے کہ اللہ کے حکم سے اس کی اطاعت کی جائے اور (اے حبیب ﷺ!) اگر وہ لوگ جب اپنی

ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ

| ظَّلَمُوْٓا | اَنْفُسَهُمْ | جَآءُوْكَ | فَاسْتَغْفَرُوا | اللّٰهَ | وَاسْتَغْفَرَ | لَهُمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ظلم کر بیٹھیں | اپنی جانوں پر | آئیں آپ کے پاس | تو معافی چاہیں | اللہ سے | اور شفاعت فرمائے | ان کیلئے |

جانوں پر ظلم کر بیٹھے تھے آپ کی خدمت میں حاضر ہو جاتے اور اللہ سے معافی مانگتے اور رسول (ﷺ) بھی ان کیلئے مغفرت طلب کرتے تو

الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ﴿۶۴﴾ فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ

| الرَّسُوْلُ | لَوَجَدُوا | اللّٰهَ | تَوَّابًا | رَّحِيْمًا | فَلَا وَرَبِّكَ | لَا | يُؤْمِنُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رسول | تو پائیں | اللہ کو | توبہ قبول کرنے والا | مہربان | قسم ہے آپ کے رب کی | نہیں | مومن ہوں گے |

وہ (اس وسیلہ اور شفاعت کی بنا پر) ضرور اللہ کو توبہ قبول فرمانے والا نہایت مہربان پاتے۔ تو (اے محبوب ﷺ) آپ کے رب کی

حَتّٰی یُحَکِّمُوْكَ فِیْمَا شَجَرَ بَیْنَهُمْ ثُمَّ لَا یَجِدُوْا فِیْٓ اَنْفُسِهِمْ

| حَتّٰی | یُحَکِّمُوْكَ | فِیْمَا | شَجَرَ | بَیْنَهُمْ | ثُمَّ | لَا | یَجِدُوْا | فِیْٓ | اَنْفُسِهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جب تک | حاکم نہ مانیں آپ کو | اس میں جو | جھگڑا ہو | ان کے درمیان | پھر | نہ | پائیں | میں | اپنی جانوں |

قسم وہ لوگ مسلمان نہیں ہو سکتے یہاں تک کہ حاکم مانیں آپ کو ہر اس جھگڑے میں جو ان کے درمیان پیدا ہوا پھر نہ پائیں وہ

حَرَجًا مِّمَّا قَضَیْتَ وَیُسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ﴿۶۵﴾ وَلَوْ اَنَّا کَتَبْنَا عَلَیْهِمْ اَنِ

| حَرَجًا | مِّمَّا | قَضَیْتَ | وَ | یُسَلِّمُوْا | تَسْلِیْمًا | وَ | لَوْ | اَنَّا | کَتَبْنَا | عَلَیْهِمْ | اَنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کوئی تنگی | اس سے جو | آپ فیصلہ کرے ان میں | اور | مان لیں | پورا ماننا | اور | اگر | ہم | فرض کریں | ان پر | یہ کہ |

اپنے دلوں میں کوئی تنگی ہر اس فیصلے سے جو آپ نے کیا اور بخوشی دل سے مان لیں۔ اور اگر ہم فرض کر دیتے ان پر کہ قتل کرو

اقْتُلُوْٓا اَنْفُسَکُمْ اَوِ اخْرُجُوْا مِنْ دِیَارِکُمْ مَّا فَعَلُوْهُ اِلَّا قَلِیْلٌ

| اقْتُلُوْٓا | اَنْفُسَکُمْ | اَوِ | اخْرُجُوْا | مِنْ دِیَارِکُمْ | مَّا | فَعَلُوْهُ | اِلَّا | قَلِیْلٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قتل کرو | اپنی جانوں کو | یا | نکل جاؤ | اپنے گھروں سے تو | نہ | کرتے ایسا | مگر | تھوڑے |

اپنی جانوں کو یا نکل جاؤ اپنے گھروں سے تو اس پر عمل نہ کرتے مگر ان میں سے تھوڑے لوگ

مِّنْهُمْ ؕ وَلَوْ اَنَّهُمْ فَعَلُوْا مَا یُوْعَظُوْنَ بِهٖ لَکَانَ خَیْرًا لَّهُمْ

| مِّنْهُمْ | وَ | لَوْ | اَنَّهُمْ | فَعَلُوْا | مَا | یُوْعَظُوْنَ | بِهٖ | لَکَانَ | خَیْرًا | لَّهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان میں سے | اور | اگر | وہ | کرتے | جو | نصیحت دیے جاتے | اس کی | تو ہوتا | بھلا | ان کیلئے |

اور اگر وہ کرتے جس کی انہیں نصیحت کی جاتی ہے تو ان کیلئے بہتر ہوتا اور زیادہ مضبوط (ایمان پر)

وَاَشَدَّ تَثْبِیْتًا ﴿۶۶﴾ وَّاِذًا لَّاٰتَیْنٰهُمْ مِّنْ لَّدُنَّآ اَجْرًا عَظِیْمًا ﴿۶۷﴾

| وَ | اَشَدَّ | تَثْبِیْتًا | وَّ | اِذًا | لَّاٰتَیْنٰهُمْ | مِّنْ لَّدُنَّآ | اَجْرًا | عَظِیْمًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | مضبوطی سے | جمنا | اور | ایسا کریں گے تو | دیں گے ہم انہیں | اپنے پاس سے | اجر | بڑا |

ثابت قدم رہنے میں۔ اور ایسا ہوتا تو ضرور ہم انہیں اپنے پاس سے بڑا ثواب دیتے۔

وَّلَهَدَيْنٰهُمْ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿۶۸﴾ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ

| وَّلَهَدَيْنٰهُمْ | صِرَاطًا | مُّسْتَقِيْمًا | وَ | مَنْ | يُّطِعِ | اللّٰهَ | وَالرَّسُوْلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور ہدایت کریں گے ہم ان کو | راہ | سیدھی کی | اور | جو | پیروی کرے | اللہ کی | اور رسول کی |

اور ضرور ان کو سیدھی راہ کی ہدایت کرتے۔ اور جو کوئی اللہ اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ

| فَاُولٰٓئِكَ | مَعَ | الَّذِيْنَ | اَنْعَمَ | اللّٰهُ | عَلَيْهِمْ | مِّنَ النَّبِيّٖنَ | وَالصِّدِّيْقِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو یہ وہ ہیں | جو ساتھ ہوں | ان کے | جن پر انعام کیا | اللہ نے | ان پر | نبیوں سے | اور صدیقوں سے |

کی اطاعت کرے تو یہی لوگ (روزِ قیامت) ان (ہستیوں) کے ساتھ ہوں گے جن پر اللہ نے (خاص) انعام فرمایا ہے جو کہ

وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ ۚ وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا ﴿۶۹﴾ ذٰلِكَ

| وَ | الشُّهَدَآءِ | وَ | الصّٰلِحِيْنَ | وَ | حَسُنَ | اُولٰٓئِكَ | رَفِيْقًا | ذٰلِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | شہیدوں سے | اور | نیکوں سے | اور | اچھی ہے | یہ | رفاقت | یہ |

انبیاء، صدیقین، شہداء اور صالحین ہیں اور یہ بہت اچھے ساتھی ہیں۔ یہ

الْفَضْلُ مِنَ اللّٰهِ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ عَلِيْمًا ﴿۷۰﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

| الْفَضْلُ | مِنَ اللّٰهِ | وَ | كَفٰى | بِاللّٰهِ | عَلِيْمًا | يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فضل | اللہ کا ہے | اور | کافی ہے | اللہ | جاننے والا | اے | وہ جو | ایمان لائے ہو |

فضل (خاص) اللہ کی طرف سے ہے اور اللہ جاننے والا کافی ہے۔ اے ایمان والو!

خُذُوْا حِذْرَكُمْ فَانْفِرُوْا ثُبَاتٍ اَوِ انْفِرُوْا جَمِيْعًا ﴿۷۱﴾ وَاِنَّ مِنْكُمْ

| خُذُوْا | حِذْرَكُمْ | فَانْفِرُوْا | ثُبَاتٍ | اَوِ | انْفِرُوْا | جَمِيْعًا | وَ | اِنَّ | مِنْكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پکڑو | بچاؤ اپنا | تو نکلو | جدا جدا | یا | نکلو | جمع ہو کر | اور | بیشک | تم میں سے |

اپنے بچاؤ کا سامان لے لو پھر (دشمن کی طرف) جماعتیں بن کر جاؤ یا اکٹھے ہو کر چلو۔ اور بے شک کہ

ع ۱۱ / ۶

لَمَنْ لَّيُبَطِّئَنَّ ۚ فَاِنْ اَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةٌ قَالَ قَدْ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيَّ اِذْ

| لَمَنْ | لَّيُبَطِّئَنَّ | فَاِنْ | اَصَابَتْكُمْ | مُّصِيْبَةٌ | قَالَ | قَدْ | اَنْعَمَ | اللّٰهُ | عَلَيَّ | اِذْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ بھی ہے جو | دیر کرتا ہے | تو اگر | پہنچے تم کو | کوئی مصیبت | کہتا ہے | بیشک | انعام کیا | اللہ نے | مجھ پر | جبھی تو |

تم میں کوئی وہ (کہ وہ بھی شامل ہے) جو ضرور دیر لگائے گا پھر اگر تمہیں کوئی مصیبت پہنچ جائے تو وہ کہے گا کہ اللہ نے مجھ پر بڑا

لَمْ اَكُنْ مَّعَهُمْ شَهِيْدًا ﴿٧٢﴾ وَلَئِنْ اَصَابَكُمْ فَضْلٌ مِّنَ اللّٰهِ لَيَقُوْلَنَّ

| لَمْ | اَكُنْ | مَّعَهُمْ | شَهِيْدًا | وَ | لَئِنْ | اَصَابَكُمْ | فَضْلٌ | مِّنَ اللّٰهِ | لَيَقُوْلَنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | ہوا میں | ان کے ساتھ | حاضر | اور | اگر | پہنچے تم کو | فضل | اللہ سے | تو کہے |

انعام کیا کہ میں ان کے ساتھ موجود نہ تھا۔ اور اگر تمہیں اللہ کا فضل ملے تو ضرور کہے گویا تم میں اس میں

كَاَنْ لَّمْ تَكُنْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهٗ مَوَدَّةٌ يّٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ مَعَهُمْ فَاَفُوْزَ فَوْزًا

| كَاَنْ | لَّمْ | تَكُنْ | بَيْنَكُمْ | وَ | بَيْنَهٗ | مَوَدَّةٌ | يّٰلَيْتَنِيْ | كُنْتُ | مَعَهُمْ | فَاَفُوْزَ | فَوْزًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گویا کہ | نہیں | ہے | تم میں | اور | اس میں | محبت | کاش کہ | ہوتا میں | ان کے ساتھ | تو پہنچتا میں | مراد |

کوئی دوستی نہ تھی (یہ بات) اے کاش میں ان کے ساتھ ہوتا تو بڑی

عَظِيْمًا ﴿٧٣﴾ فَلْيُقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ يَشْرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا

| عَظِيْمًا | فَلْيُقَاتِلْ | فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ | الَّذِيْنَ | يَشْرُوْنَ | الْحَيٰوةَ | الدُّنْيَا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بڑی کو | تو لڑیں | اللہ کی راہ میں | وہ جو | بیچتے ہیں | زندگی | دنیا کی |

مراد پاتا۔ تو انہیں اللہ کی راہ میں لڑنا چاہیے جو دنیا کی زندگی بیچ کر

بِالْاٰخِرَةِ ۭ وَمَنْ يُّقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيُقْتَلْ اَوْ يَغْلِبْ فَسَوْفَ

| بِالْاٰخِرَةِ | وَمَنْ | يُّقَاتِلْ | فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ | فَيُقْتَلْ | اَوْ | يَغْلِبْ | فَسَوْفَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آخرت کے بدلے | اور جو | لڑے | اللہ کی راہ میں | تو مارا جائے | یا | غالب آئے | تو جلدی |

آخرت لیتے ہیں اور جو اللہ کی راہ میں لڑے پھر مارا جائے یا غالب آئے تو عنقریب

نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۷۴﴾ وَمَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

| نُؤْتِيْهِ | اَجْرًا | عَظِيْمًا | وَ | مَا | لَكُمْ | لَا | تُقَاتِلُوْنَ | فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دیں گے ہم اسے | اجر | بڑا | اور | کیا ہے | تم کو | نہیں | لڑتے تم | اللہ کی راہ میں |

ہم انہیں بڑا ثواب دیں گے۔ اور (مسلمانو!) تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ تم اللہ کی راہ

وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ

| وَ | الْمُسْتَضْعَفِيْنَ | مِنَ الرِّجَالِ | وَ | النِّسَآءِ | وَالْوِلْدَانِ | الَّذِيْنَ | يَقُوْلُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | کمزور | مردوں سے | اور | عورتوں سے | اور بچوں سے | وہ جو | کہتے ہیں |

میں (غلبۂ دین کیلئے) اوران بے بس (مظلوم ومقہور) مردوں، عورتوں اور بچوں (کی آزادی) کیلئے جنگ نہیں کرتے جو (ظلم و

رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا ۚ وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ

| رَبَّنَآ | اَخْرِجْنَا | مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ | الظَّالِمِ | اَهْلُهَا | وَ | اجْعَلْ | لَّنَا | مِنْ لَّدُنْكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے ہمارے رب | نکال ہم کو | اس بستی سے کہ | ظالم ہیں | اس کے لوگ | اور | بنا | ہمارے لئے | اپنی طرف سے |

ستم سے تنگ ہو کر) پکارتے ہیں اے ہمارے رب! ہمیں اس بستی سے نکال لے جہاں کے لوگ ظالم ہیں

لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۚ وَّاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا ﴿۷۵﴾ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

| وَلِيًّا | وَّ | اجْعَلْ | لَّنَا | مِنْ لَّدُنْكَ | نَصِيْرًا | اَلَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حمایتی | اور | بنا | ہمارے لئے | اپنی طرف سے | مددگار | وہ جو | ایمان لائے |

اور کسی کو اپنی بارگاہ سے ہمارا کارساز مقرر فرمادے اور کسی کو اپنی بارگاہ سے ہمارا مددگار بنادے۔ جولوگ ایمان لائے وہ

يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ

| يُقَاتِلُوْنَ | فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ | وَ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | يُقَاتِلُوْنَ | فِيْ | سَبِيْلِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لڑتے ہیں | اللہ کی راہ میں | اور | وہ جو | کافر ہیں | لڑتے ہیں | میں | راہ |

اللہ کی راہ میں جنگ کرتے ہیں اور جنہوں نے کفر کیا وہ شیطان کی راہ

الطَّاغُوتِ فَقَاتِلُوٓا اَوْلِيَآءَ الشَّيْطٰنِ ۚ اِنَّ كَيْدَ الشَّيْطٰنِ كَانَ

| الطَّاغُوتِ | فَقَاتِلُوٓا | اَوْلِيَآءَ | الشَّيْطٰنِ | اِنَّ | كَيْدَ | الشَّيْطٰنِ | كَانَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شیطان کے | تو لڑو | دوستوں سے | شیطان کے | بیشک | مکر | شیطان کا | ہے |

میں جنگ کرتے ہیں۔ پس (اے مؤمنو!) تم شیطان کے دوستوں سے لڑو بے شک شیطان کی چال بہت

ضَعِيفًا ﴿٧٦﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ قِيْلَ لَهُمْ كُفُّوٓا اَيْدِيَكُمْ وَاَقِيْمُوا

| ضَعِيفًا | اَلَمْ | تَرَ | اِلَى | الَّذِيْنَ | قِيْلَ | لَهُمْ | كُفُّوٓا | اَيْدِيَكُمْ | وَ | اَقِيْمُوا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کمزور | کیا نہ | دیکھا تم نے | طرف | ان کی کہ | کہا گیا | ان کو | روکو | اپنے ہاتھ | اور | قائم کرو |

کمزور ہے۔ کیا آپ نے انہیں نہیں دیکھا جن سے کہا گیا کہ (ابھی قتال سے) اپنے ہاتھ روک رکھو اور نماز قائم کرو

الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۚ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ

| الصَّلٰوةَ | وَاٰتُوا | الزَّكٰوةَ | فَلَمَّا | كُتِبَ | عَلَيْهِمُ | الْقِتَالُ | اِذَا | فَرِيْقٌ | مِّنْهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نماز | اور دو | زکوٰۃ | تو جب | لکھا گیا | ان پر | لڑنا | تو اس وقت | ایک فرقہ | ان میں سے |

اور زکوٰۃ دو پھر جب ان پر جہاد فرض کیا گیا تو ان میں سے ایک گروہ

يَخْشَوْنَ النَّاسَ كَخَشْيَةِ اللّٰهِ اَوْ اَشَدَّ خَشْيَةً ۚ وَقَالُوا رَبَّنَا لِمَ

| يَخْشَوْنَ | النَّاسَ | كَخَشْيَةِ | اللّٰهِ | اَوْ | اَشَدَّ | خَشْيَةً | وَقَالُوا | رَبَّنَا | لِمَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ڈرتا تھا | لوگوں میں سے | جیسے ڈر | اللہ کا | یا | زیادہ | ڈر | اور بولے | اے ہمارے رب | کیوں |

لوگوں سے ایسا ڈرنے لگا جیسے (کوئی) اللہ سے ڈرے یا اس سے (بھی) زیادہ اور انہوں نے کہا اے ہمارے رب! تو نے

كَتَبْتَ عَلَيْنَا الْقِتَالَ ۚ لَوْلَآ اَخَّرْتَنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۗ قُلْ مَتَاعُ

| كَتَبْتَ | عَلَيْنَا | الْقِتَالَ | لَوْ | لَآ | اَخَّرْتَنَآ | اِلٰٓى | اَجَلٍ | قَرِيْبٍ | قُلْ | مَتَاعُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لکھا تو نے | ہم پر | لڑنا | کیوں | نہ | مہلت دی تو نے ہم کو | طرف | مدت | قریب کے | فرمادو | سامان |

کیوں فرض کر دیا ہم پر جہاد کیوں نہ مہلت دی ہمیں تھوڑی مدت تک فرما دیجئے کہ دنیا کا سامان

اَلدُّنۡيَا قَلِيۡلٌ ۚ وَالۡاٰخِرَةُ خَيۡرٌ لِّمَنِ اتَّقٰى ۚ وَلَا تُظۡلَمُوۡنَ

| تُظۡلَمُوۡنَ | لَا | وَ | اتَّقٰى | لِّمَنِ | خَيۡرٌ | وَالۡاٰخِرَةُ | قَلِيۡلٌ | اَلدُّنۡيَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ظلم کیے جاؤ گے | نہ | اور | پرہیزگار ہو | اس کے لیے جو | بہتر ہے | اور آخرت | تھوڑا ہے | دنیا کا |

بہت تھوڑا ہے اور آخرت بہتر ہے اس کیلیے جو پرہیزگار ہو اور تم پر دھاگے برابر (بھی) ظلم نہیں

فَتِيۡلًا ﴿۷۷﴾ اَيۡنَ مَا تَكُوۡنُوۡا يُدۡرِكْكُّمُ الۡمَوۡتُ وَلَوۡ كُنۡتُمۡ فِىۡ بُرُوۡجٍ

| فِىۡ بُرُوۡجٍ | كُنۡتُمۡ | لَوۡ | وَ | الۡمَوۡتُ | يُدۡرِكْكُّمُ | تَكُوۡنُوۡا | اَيۡنَ مَا | فَتِيۡلًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قلعوں میں | ہوتم | اگرچہ | اور | موت | پالے گی تم کو | ہوتم | کہیں بھی | دھاگے کے برابر |

کیا جائے گا۔ جہاں کہیں تم ہو گے موت تمہیں آ پکڑے گی اگرچہ تم مضبوط قلعوں میں ہو

مُّشَيَّدَةٍ ؕ وَاِنۡ تُصِبۡهُمۡ حَسَنَةٌ يَّقُوۡلُوۡا هٰذِهٖ مِنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ ۚ

| مِنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ | هٰذِهٖ | يَّقُوۡلُوۡا | حَسَنَةٌ | تُصِبۡهُمۡ | وَاِنۡ | مُّشَيَّدَةٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ کے پاس سے ہے | یہ | تو کہتے ہیں | کوئی بھلائی | پہنچے ان کو | اور اگر | مضبوط |

اور اگر انہیں کچھ بھلائی پہنچے تو کہتے ہیں یہ اللہ کی طرف سے ہے اور اگر پہنچے انہیں کچھ برائی

وَاِنۡ تُصِبۡهُمۡ سَيِّئَةٌ يَّقُوۡلُوۡا هٰذِهٖ مِنۡ عِنۡدِكَ ؕ قُلۡ كُلٌّ

| كُلٌّ | قُلۡ | مِنۡ عِنۡدِكَ | هٰذِهٖ | يَّقُوۡلُوۡا | سَيِّئَةٌ | تُصِبۡهُمۡ | اِنۡ | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سب کچھ | فرمادو | یہ آپ کے پاس سے ہے | یہ | تو کہتے ہیں | کوئی برائی | پہنچے ان کو | اگر | اور |

تو کہیں (اے رسول!) یہ آپ کی طرف سے ہے فرما دیجئے سب اللہ کی طرف سے ہے

مِّنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ ؕ فَمَالِ هٰٓؤُلَآءِ الۡقَوۡمِ لَا يَكَادُوۡنَ يَفۡقَهُوۡنَ حَدِيۡثًا ﴿۷۸﴾

| حَدِيۡثًا | يَفۡقَهُوۡنَ | يَكَادُوۡنَ | لَا | الۡقَوۡمِ | هٰٓؤُلَآءِ | فَمَالِ | مِّنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بات کو | سمجھیں | قریب کہ | نہیں | قوم کو | اس | تو کیا ہے | اللہ کی طرف سے ہے |

تو کیا ہوا اس قوم کو کہ یہ لوگ بات سمجھنے کے قریب ہی نہیں آتے۔ اے

مَآ اَصَابَكَ مِنْ حَسَنَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ ؗ وَمَآ اَصَابَكَ مِنْ سَيِّئَةٍ

| مَآ | اَصَابَكَ | مِنْ حَسَنَةٍ | فَمِنَ اللّٰهِ | وَ | مَآ | اَصَابَكَ | مِنْ سَيِّئَةٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جو | پہنچیں تجھ کو | کوئی بھی بھلائی | تو اللہ کی طرف سے ہے | اور | جو | پہنچے تجھ کو | کوئی بھی تکلیف |

سننے والے تجھے جو بھلائی پہنچے وہ اللہ کی طرف سے ہے اور جو برائی پہنچے وہ

فَمِنْ نَّفْسِكَ ؕ وَاَرْسَلْنٰكَ لِلنَّاسِ رَسُوْلًا ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ

| فَمِنْ نَّفْسِكَ | وَ | اَرْسَلْنٰكَ | لِلنَّاسِ | رَسُوْلًا | وَ | كَفٰى | بِاللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو وہ تیرے نفس سے ہے | اور | بھیجا ہم نے آپ کو | لوگوں کے لئے | رسول | اور | کافی ہے | اللہ |

تیری اپنی طرف سے ہے اور اے محبوب ﷺ ہم نے تمہیں سب لوگوں کیلئے رسول بھیجا اور اللہ

شَهِيْدًا ﴿۷۹﴾ مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ ۚ وَمَنْ تَوَلّٰى فَمَآ

| شَهِيْدًا | مَنْ | يُّطِعِ | الرَّسُوْلَ | فَقَدْ | اَطَاعَ | اللّٰهَ | وَ | مَنْ | تَوَلّٰى | فَمَآ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گواہ | جو | پیروی کرے | رسول کی | تو بیشک اس نے | پیروی کی | اللہ کی | اور | جو | منہ پھیرے | تو نہیں |

گواہ کافی ہے۔ جس نے رسول کا حکم مانا بے شک اس نے اللہ کا حکم مانا اور جس نے منہ پھیرا

اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ﴿۸۰﴾ وَيَقُوْلُوْنَ طَاعَةٌ ؗ فَاِذَا بَرَزُوْا

| اَرْسَلْنٰكَ | عَلَيْهِمْ | حَفِيْظًا | وَ | يَقُوْلُوْنَ | طَاعَةٌ | فَاِذَا | بَرَزُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بھیجا ہم نے آپ کو | ان کے | بچانے کو | اور | کہتے ہیں | حکم مانا | پھر جب | چلے جاتے ہیں |

تو ہم نے تمہیں ان کے بچانے کو نہ بھیجا۔ اور وہ کہتے ہیں کہ (ہم نے آپکا) حکم مان لیا پھر جب وہ آپ کے پاس سے (اُٹھ

مِنْ عِنْدِكَ بَيَّتَ طَآئِفَةٌ مِّنْهُمْ غَيْرَ الَّذِىْ تَقُوْلُ ؕ وَاللّٰهُ يَكْتُبُ مَا

| مِنْ عِنْدِكَ | بَيَّتَ | طَآئِفَةٌ | مِّنْهُمْ | غَيْرَ | الَّذِىْ | تَقُوْلُ | وَاللّٰهُ | يَكْتُبُ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آپکے پاس سے تو | منصوبے بناتا ہے | ایک گروہ | ان میں سے | سوائے اسکے | جو | آپ کہتے ہیں | اور اللہ | لکھتا ہے | جو |

کر) باہر جاتے ہیں تو ان میں سے ایک گروہ آپ کی کہی ہوئی بات کے برعکس رات کو رائے زنی (اور سازشی مشورے) کرتا ہے اور

يُبَيِّتُوْنَ ۚ فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ

| يُبَيِّتُوْنَ | فَاَعْرِضْ | عَنْهُمْ | وَ | تَوَكَّلْ | عَلَى | اللّٰهِ | وَ | كَفٰى | بِاللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ منصوبے بناتے ہیں | تو چشم پوشی کرو | ان سے | اور | بھروسہ کرو | اوپر | اللہ کے | اور | کافی ہے | اللہ |

اللہ (وہ سب کچھ) لکھ رہا ہے جو وہ رات بھر منصوبے بناتے ہیں پس (اے محبوب ﷺ) آپ ان سے رُخِ انور پھیر لیجئے اور اللہ پر بھروسہ

وَكِيْلًا ﴿٨١﴾ اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ ۭ وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ

| وَكِيْلًا | اَفَلَا | يَتَدَبَّرُوْنَ | الْقُرْاٰنَ | وَ | لَوْ | كَانَ | مِنْ عِنْدِ | غَيْرِ | اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کارساز | کیا پھر نہیں | غور کرتے | قرآن میں | اور | اگر | ہوتا | پاس سے | غیر | اللہ کے |

رکھیے اور اللہ کارساز کافی ہے۔ تو کیا وہ قرآن میں غور وفکر نہیں کرتے اور اگر یہ (قرآن) غیرِ خدا کی طرف سے (آیا) ہوتا تو

لَوَجَدُوْا فِيْهِ اخْتِلَافًا كَثِيْرًا ﴿٨٢﴾ وَاِذَا جَآءَهُمْ اَمْرٌ مِّنَ الْاَمْنِ

| لَوَجَدُوْا | فِيْهِ | اخْتِلَافًا | كَثِيْرًا | وَ | اِذَا | جَآءَهُمْ | اَمْرٌ | مِّنَ الْاَمْنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو پاتے | اس میں | اختلاف | بہت | اور | جب | آتا ہے ان کے پاس | کوئی حکم | امن کا |

یہ لوگ اس میں بہت سا اختلاف پاتے۔ اور جب آتی ہے ان کے پاس کوئی بات اطمینان یا خوف کی

اَوِ الْخَوْفِ اَذَاعُوْا بِهٖ ۭ وَلَوْ رَدُّوْهُ اِلَى الرَّسُوْلِ وَاِلٰٓى اُولِي الْاَمْرِ

| اَوِ | الْخَوْفِ | اَذَاعُوْا | بِهٖ | وَ | لَوْ | رَدُّوْهُ | اِلَى | الرَّسُوْلِ | وَ | اِلٰٓى | اُولِي | الْاَمْرِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یا | خوف کا | تو چرچا کرتے ہیں | اس کا | اور | اگر | لوٹاتے اس کو | طرف | رسول کی | اور | طرف | صاحب | حکم کی |

تو اسے پھیلا دیتے ہیں اور اگر وہ اسے لوٹا دیتے رسول اور اپنے میں سے امر والوں کی طرف

مِنْهُمْ لَعَلِمَهُ الَّذِيْنَ يَسْتَنْۢبِطُوْنَهٗ مِنْهُمْ ۭ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ

| مِنْهُمْ | لَعَلِمَهُ | الَّذِيْنَ | يَسْتَنْۢبِطُوْنَهٗ | مِنْهُمْ | وَلَوْ | لَا | فَضْلُ | اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان میں سے | تو جانتے اس کو | وہ لوگ | حقیقت جان کر | ان سے | اور اگر | نہ ہوتا | فضل | اللہ کا |

تو اس (کی مصلحت) کو جان لیتے ان میں سے وہ لوگ جو بات کا نتیجہ نکال سکتے ہیں اور اگر نہ ہوتا تم پر اللہ کا فضل

عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ لَاتَّبَعْتُمُ الشَّيْطٰنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿٨٣﴾ فَقَاتِلْ فِيْ

| عَلَيْكُمْ | وَرَحْمَتُهٗ | لَاتَّبَعْتُمُ | الشَّيْطٰنَ | اِلَّا | قَلِيْلًا | فَقَاتِلْ | فِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم پر | اور اس کی رحمت | تو یقیناً پیچھے لگ جاتے تم | شیطان کے | مگر | تھوڑے | تو لڑو | میں |

اور اس کی رحمت تو ضرور تم شیطان کی پیروی کرتے مگر تھوڑے۔ تو آپ جہاد کیجئے

سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ لَا تُكَلَّفُ اِلَّا نَفْسَكَ وَحَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ عَسَى

| سَبِيْلِ | اللّٰهِ | لَا | تُكَلَّفُ | اِلَّا | نَفْسَكَ | وَ | حَرِّضِ | الْمُؤْمِنِيْنَ | عَسَى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| راہ | اللہ کی | نہیں | تکلیف دیئے جاؤ گے تم | مگر | اپنی جان کی | اور | آمادہ کر | مسلمانوں کو | قریب ہے |

اللہ کی راہ میں آپ کو تکلیف نہ دی جائے گی بجز آپ کی جانِ (پاک) کے اور آپ رغبت دلائیں مسلمانوں کو (جہاد پر)

اللّٰهُ اَنْ يَّكُفَّ بَاْسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ وَاللّٰهُ اَشَدُّ بَاْسًا وَّاَشَدُّ

| اللّٰهُ | اَنْ | يَّكُفَّ | بَاْسَ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | وَ | اللّٰهُ | اَشَدُّ | بَاْسًا | وَ | اَشَدُّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ | یہ کہ | روک دے | سختی | ان کی | جو کافر ہیں | اور | اللہ کی | بہت سخت | گرفت ہے | اور | بہت سخت |

قریب ہے کہ اللہ کافروں کا جنگی زور روک دے اور اللہ کی گرفت بہت مضبوط ہے اور اللہ کا عذاب

تَنْكِيْلًا ﴿٨٤﴾ مَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً يَّكُنْ لَّهٗ نَصِيْبٌ مِّنْهَا ۚ

| تَنْكِيْلًا | مَنْ | يَّشْفَعْ | شَفَاعَةً | حَسَنَةً | يَّكُنْ | لَّهٗ | نَصِيْبٌ | مِّنْهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عذاب والا | جو | سفارش کرے | سفارش | اچھی | ہوگا | اس کا | حصہ | اس سے |

بہت سخت ہے۔ جو اچھی سفارش کرے اس کیلئے اس میں سے حصہ ہے

وَمَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً سَيِّئَةً يَّكُنْ لَّهٗ كِفْلٌ مِّنْهَا ۭ وَكَانَ اللّٰهُ

| وَ | مَنْ | يَّشْفَعْ | شَفَاعَةً | سَيِّئَةً | يَّكُنْ | لَّهٗ | كِفْلٌ | مِّنْهَا | وَ | كَانَ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جو | سفارش کرے | سفارش | بری | ہوگا | اس کا | حصہ | اس سے | اور | ہے | اللہ |

اور جو بری سفارش کرے اس کیلئے اس میں سے حصہ ہے اور اللہ

عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ مُّقِیْتًا ﴿۸۵﴾ وَ اِذَا حُیِّیْتُمْ بِتَحِیَّةٍ فَحَیُّوْا بِاَحْسَنَ

| عَلٰى | كُلِّ | شَیْءٍ | مُّقِیْتًا | وَ | اِذَا | حُیِّیْتُمْ | بِتَحِیَّةٍ | فَحَیُّوْا | بِاَحْسَنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر | ہر | شے کے | قادر | اور | جب | تمہیں کوئی سلام کرے | کسی لفظ دعا سے | تو تم دعا دو | بہتر اس سے |

ہر چیز پر قادر ہے۔ اور جب تمہیں کوئی کسی لفظ سے سلام کرے تو تم اس سے بہتر لفظ

مِنْهَآ اَوْ رُدُّوْهَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ حَسِیْبًا ﴿۸۶﴾ اَللّٰهُ

| مِنْهَآ | اَوْ | رُدُّوْهَا | اِنَّ | اللّٰهَ | كَانَ | عَلٰى | كُلِّ | شَیْءٍ | حَسِیْبًا | اَللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| انہیں | یا | وہی کہہ دو | بیشک | اللہ | ہے | اوپر | ہر | چیز کے | حساب لینے والا | اللہ |

جواب میں کہو یا وہی کہہ دو بے شک اللہ ہر چیز پر حساب لینے والا ہے۔ اللہ ہے (کہ)

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ لَیَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى یَوْمِ الْقِیٰمَةِ لَا رَیْبَ فِیْهِ ؕ وَمَنْ

| لَآ | اِلٰهَ | اِلَّا | هُوَ | لَیَجْمَعَنَّكُمْ | اِلٰى | یَوْمِ | الْقِیٰمَةِ | لَا | رَیْبَ | فِیْهِ | وَمَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | کوئی معبود | مگر | وہی | ضرور جمع کرے گا تم کو | طرف | دن | قیامت کے | نہیں | شک | اس میں | اور کون ہے |

اس کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں وہ تمہیں ضرور قیامت کے دن جمع کرے گا جس میں کوئی شک نہیں اور

اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ حَدِیْثًا ﴿۸۷﴾ فَمَا لَكُمْ فِی الْمُنٰفِقِیْنَ فِئَتَیْنِ وَاللّٰهُ

| اَصْدَقُ | مِنَ اللّٰهِ | حَدِیْثًا | فَمَا | لَكُمْ | فِی | الْمُنٰفِقِیْنَ | فِئَتَیْنِ | وَ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زیادہ سچا | اللہ سے | بات میں | تو کیا ہے | تم کو | میں | منافقوں بارے | دو فریق ہوگئے | اور | اللہ نے |

اللہ سے بات میں زیادہ سچا کون ہے۔ پس تمہیں کیا ہوگیا ہے کہ منافقوں کے بارے میں تم دو گروہ ہوگئے ہو حالانکہ اللہ

اَرْكَسَهُمْ بِمَا كَسَبُوْا ؕ اَتُرِیْدُوْنَ اَنْ تَهْدُوْا مَنْ اَضَلَّ اللّٰهُ ؕ وَمَنْ

| اَرْكَسَهُمْ | بِمَا | كَسَبُوْا | اَتُرِیْدُوْنَ | اَنْ | تَهْدُوْا | مَنْ | اَضَلَّ | اللّٰهُ | وَ | مَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| انہیں اوندھا کردیا | بدلے | ان کی کمائی کے | کیا چاہتے ہو تم | یہ کہ | ہدایت دو | جسے | گمراہ کیا | اللہ نے | اور | جسے |

نے ان کے اپنے کرتوتوں کے باعث ان (کی عقل اور سوچ) کو اوندھا کردیا ہے کیا تم اس شخص کو راہ راست پر لانا چاہتے ہو جسے اللہ نے گمراہ کردیا

النصف

ع ۸

يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا ﴿۸۸﴾ وَدُّوْا لَوْ تَكْفُرُوْنَ كَمَا كَفَرُوْا

| يُّضْلِلِ | اللّٰهُ | فَلَنْ | تَجِدَ لَهٗ | سَبِيْلًا | وَدُّوْا | لَوْ | تَكْفُرُوْنَ | كَمَا | كَفَرُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گمراہ کرے | اللہ | تو ہرگز نہ | پائے گا تو اس کے لئے | کوئی راہ | چاہتے ہیں | اگر | کفر کرو تم | جیسے | کفر کیا انہوں نے |

ہے اور (اے سننے والے) جسے اللہ گمراہ کردے تو اس کیلئے ہرگز کوئی راہ ہدایت نہیں پاسکتا۔ وہ دل سے چاہتے ہیں کہ تم بھی کفر کرو جیسے

فَتَكُوْنُوْنَ سَوَآءً فَلَا تَتَّخِذُوْا مِنْهُمْ اَوْلِيَآءَ حَتّٰى يُهَاجِرُوْا فِيْ

| فَتَكُوْنُوْنَ | سَوَآءً | فَلَا | تَتَّخِذُوْا | مِنْهُمْ | اَوْلِيَآءَ | حَتّٰى | يُهَاجِرُوْا | فِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو ہو جاؤ تم | برابر | تو نہ | پکڑو | ان میں سے | دوست | یہاں تک کہ | ہجرت کریں | میں |

انہوں نے کفر کیا تاکہ تم سب برابر ہو جاؤ پس نہ بناؤ تم ان میں سے کسی کو

سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَخُذُوْهُمْ وَ اقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ

| سَبِيْلِ | اللّٰهِ | فَاِنْ | تَوَلَّوْا | فَخُذُوْهُمْ | وَ | اقْتُلُوْهُمْ | حَيْثُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| راہ | اللہ کی | تو اگر | منہ پھیریں | تو پکڑو ان کو | اور | قتل کرو ان کو | جہاں |

دوست، یہاں تک کہ وہ اپنا گھر بار چھوڑ کر اللہ کی راہ میں نکلیں پھر اگر وہ روگردانی کریں

وَجَدْتُّمُوْهُمْ ۪ وَلَا تَتَّخِذُوْا مِنْهُمْ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿۸۹﴾ اِلَّا

| وَجَدْتُّمُوْهُمْ | وَ | لَا | تَتَّخِذُوْا | مِنْهُمْ | وَلِيًّا | وَّ | لَا | نَصِيْرًا | اِلَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہیں تم انہیں پاؤ | اور | نہ | ٹھہراؤ | ان سے | دوست | اور | نہ | مددگار | مگر |

تو انہیں پکڑو اور قتل کرو جہاں پاؤ اور ان میں سے کسی کو دوست نہ بناؤ اور نہ مددگار۔ مگر

الَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ اِلٰى قَوْمٍۢ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ اَوْ جَآءُوْكُمْ

| الَّذِيْنَ | يَصِلُوْنَ | اِلٰى | قَوْمٍ | بَيْنَكُمْ | وَبَيْنَهُمْ | مِّيْثَاقٌ | اَوْ | جَآءُوْكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ جو | قرابت والے ہیں | طرف | قوم کے | تم میں | اور ان کے درمیان | معاہدہ ہو | یا | آئیں تمہارے پاس |

ان لوگوں کو (قتل نہ کرو) جو ایسی قوم سے مل جاتے ہیں کہ تمہارے اور ان کے درمیان معاہدہ ہے

حَصِرَتْ صُدُوْرُهُمْ اَنْ يُّقَاتِلُوْكُمْ اَوْ يُقَاتِلُوْا قَوْمَهُمْ ؕ وَلَوْ

| لَوْ | وَ | قَوْمَهُمْ | يُقَاتِلُوْا | اَوْ | يُّقَاتِلُوْكُمْ | اَنْ | صُدُوْرُهُمْ | حَصِرَتْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اگر | اور | اپنی قوم سے | لڑیں | یا | لڑیں تم سے | یہ کہ | سینے ان کے | تنگ ہوں |

یا (وہ لوگ جو) تمہارے پاس اس حال میں آئیں کہ ان کے سینے (اس بات سے) تنگ ہو چکے ہوں

شَآءَ اللّٰهُ لَسَلَّطَهُمْ عَلَيْكُمْ فَلَقٰتَلُوْكُمْ ۚ فَاِنِ اعْتَزَلُوْكُمْ

| اعْتَزَلُوْكُمْ | فَاِنِ | فَلَقٰتَلُوْكُمْ | عَلَيْكُمْ | لَسَلَّطَهُمْ | اللّٰهُ | شَآءَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| کنارہ کریں | تو اگر | تو وہ لڑتے تم سے | تم پر | تو مسلط کر دیتا ان کو | اللہ | چاہتا |

کہ وہ تم سے لڑیں یا اپنی قوم سے لڑیں اور اگر اللہ چاہتا تو ضرور انہیں مسلط کر دیتا تم پر تو بے شک وہ تم سے لڑتے پس اگر وہ تم سے

فَلَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ وَاَلْقَوْا اِلَيْكُمُ السَّلَمَ ۙ فَمَا جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ عَلَيْهِمْ

| عَلَيْهِمْ | لَكُمْ | اللّٰهُ | جَعَلَ | فَمَا | السَّلَمَ | اِلَيْكُمُ | وَاَلْقَوْا | فَلَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان پر | تمہارے لئے | اللہ نے | بنایا | تو نہیں | صلح | تمہاری طرف | اور ڈالیں | پس نہ لڑیں تم سے |

کنارہ کش ہو جائیں اور تمہارے ساتھ نہ لڑیں اور تمہاری طرف صلح (کا پیغام) بھیج دیں تو اللہ نے تمہارے لئے ان پر کوئی راستہ

سَبِيْلًا ﴿۹۰﴾ سَتَجِدُوْنَ اٰخَرِيْنَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّاْمَنُوْكُمْ وَيَاْمَنُوْا

| يَاْمَنُوْا | وَ | يَّاْمَنُوْكُمْ | اَنْ | يُرِيْدُوْنَ | اٰخَرِيْنَ | سَتَجِدُوْنَ | سَبِيْلًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| امن میں رہیں | اور | امن میں رہیں تم سے | یہ کہ | چاہتے ہیں | کچھ اور لوگوں کو | جلدی پاؤ گے تم | کوئی راستہ |

نہیں رکھا۔ اب کچھ اور تم ایسے پاؤ گے جو یہ چاہتے ہیں کہ تم سے بھی امان میں رہیں اور اپنی قوم سے بھی امان میں رہیں

قَوْمَهُمْ ؕ كُلَّمَا رُدُّوْۤا اِلَى الْفِتْنَةِ اُرْكِسُوْا فِيْهَا ۚ فَاِنْ لَّمْ يَعْتَزِلُوْكُمْ

| يَعْتَزِلُوْكُمْ | لَمْ | فَاِنْ | فِيْهَا | اُرْكِسُوْا | الْفِتْنَةِ | اِلَى | رُدُّوْۤا | كُلَّمَا | قَوْمَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کنارہ کریں | نہ | پھر اگر | اس میں | اوندھے گرے | فتنہ کی | طرف | پھیرے گئے وہ | جب بھی | اپنی قوم سے |

جب بھی ان کی قوم انہیں فساد کی طرف پھیرے تو اس پر اوندھے گرتے ہیں پھر اگر وہ تم سے کنارہ نہ کریں

وَيُلْقُوْٓا اِلَيْكُمُ السَّلَمَ وَيَكُفُّوْٓا اَيْدِيَهُمْ فَخُذُوْهُمْ وَاقْتُلُوْهُمْ

| وَ | يُلْقُوْٓا | اِلَيْكُمُ | السَّلَمَ | وَيَكُفُّوْٓا | اَيْدِيَهُمْ | فَخُذُوْهُمْ | وَ | اقْتُلُوْهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | ڈالیں | تمہاری طرف | صلح | اور نہ روکیں | اپنے ہاتھ | تو پکڑو ان کو | اور | قتل کرو ان کو |

اور صلح و سلامتی تمہارے سامنے پیش نہ کریں اور اپنے ہاتھ نہ روکیں تو انہیں پکڑو

حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ ۭ وَاُولٰۗىِٕكُمْ جَعَلْنَا لَكُمْ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿٩١﴾ ع

| حَيْثُ | ثَقِفْتُمُوْهُمْ | وَ | اُولٰۗىِٕكُمْ | جَعَلْنَا | لَكُمْ | عَلَيْهِمْ | سُلْطٰنًا | مُّبِيْنًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جہاں | پاؤ تم ان کو | اور | یہی لوگ ہیں | کر دیا ہم نے | تم کو | ان پر | اختیار | صریح |

اور جہاں پاؤ قتل کرو اور یہ ہیں جن پر ہم نے تمہیں کھلا اختیار دیا۔

وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ اَنْ يَّقْتُلَ مُؤْمِنًا اِلَّا خَطَـــًٔا ۚ وَمَنْ قَتَلَ

| وَ | مَا | كَانَ | لِمُؤْمِنٍ | اَنْ | يَّقْتُلَ | مُؤْمِنًا | اِلَّا | خَطَـــًٔا | وَ | مَنْ | قَتَلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نہیں | چاہئے | مومن کے لئے | یہ کہ | وہ قتل کرے | مومن کو | مگر | غلطی سے | اور | جو | قتل کرے |

اور کسی مومن کا یہ کام نہیں کہ وہ دوسرے مومن کو قتل کرے مگر یہ کہ غلطی سے ایسا ہو جائے اور جو شخص کسی مومن کو غلطی سے قتل کرے

مُؤْمِنًا خَطَـــًٔا فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ وَّدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى اَھْلِهٖٓ

| مُؤْمِنًا | خَطَـــًٔا | فَتَحْرِيْرُ | رَقَبَةٍ | مُّؤْمِنَةٍ | وَّ | دِيَةٌ | مُّسَلَّمَةٌ | اِلٰٓى | اَھْلِهٖٓ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مومن کو | غلطی سے | تو آزاد کرنا ہے | غلام | مومن کا | اور | خون بہا | سپرد کرنا | طرف | مقتول کے گھر والوں کے |

تو اسے ایک مومن غلام کو آزاد کرنا ہے مقتول کے وارثوں کو خون بہا ادا کیا جائے

اِلَّآ اَنْ يَّصَّدَّقُوْا ۭ فَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍ عَدُوٍّ لَّكُمْ وَھُوَ مُؤْمِنٌ

| اِلَّآ | اَنْ | يَّصَّدَّقُوْا | فَاِنْ | كَانَ | مِنْ قَوْمٍ | عَدُوٍّ لَّكُمْ | وَ | ھُوَ | مُؤْمِنٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مگر | یہ کہ | وہ معاف کر دیں | پھر اگر | ہو وہ | اس قوم سے | جو دشمن ہے تمہاری | اور | وہ | مومن ہو |

مگر یہ کہ وہ معاف کر دیں پھر وہ اگر اس قوم سے ہو جو تمہاری دشمن ہے اور مسلمان ہے تو

فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ؕ وَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍۭ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ

| فَتَحْرِيْرُ | رَقَبَةٍ | مُّؤْمِنَةٍ | وَ | اِنْ | كَانَ | مِنْ قَوْمٍ | بَيْنَكُمْ | وَ | بَيْنَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو آزاد کرنا ہے | ایک غلام | مومن کا | اور | اگر | ہو | ایسی قوم سے | کہ تمہارے درمیان | اور | ان کے درمیان |

صرف ایک غلام مسلمان کا آزاد کرنا اور اگر وہ اس قوم میں ہو کہ تم میں اور ان میں

مِّيْثَاقٌ فَدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى اَهْلِهٖ وَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ۚ فَمَنْ

| مِّيْثَاقٌ | فَدِيَةٌ | مُّسَلَّمَةٌ | اِلٰٓى | اَهْلِهٖ | وَ | تَحْرِيْرُ | رَقَبَةٍ | مُّؤْمِنَةٍ | فَمَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| معاہدہ ہے | تو خون بہا | سپرد کیا جائے | طرف | اسکے وارثوں کے | اور | آزاد کرنا | ایک غلام | مومن کا | تو جو |

معاہدہ ہے تو اس کے وارثوں کو خون بہا سپرد کی جائے اور ایک مسلمان غلام آزاد کرنا پھر جو کر نہ

لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ ۫ تَوْبَةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ

| لَّمْ يَجِدْ | فَصِيَامُ | شَهْرَيْنِ | مُتَتَابِعَيْنِ | تَوْبَةً | مِّنَ اللّٰهِ | وَ | كَانَ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہ رکھے طاقت | تو روزے ہیں | دو مہینے کے | متواتر | یہ توبہ ہے | اللہ کی طرف سے | اور | ہے | اللہ |

پائے وہ لگاتار دو مہینے کے روزے رکھے یہ اللہ کے یہاں اس کی توبہ ہے اور اللہ

عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۹۲﴾ وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُهٗ جَهَنَّمُ

| عَلِيْمًا | حَكِيْمًا | وَ | مَنْ | يَّقْتُلْ | مُؤْمِنًا | مُّتَعَمِّدًا | فَجَزَآؤُهٗ | جَهَنَّمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جاننے والا | حکمت والا | اور | جو | قتل کرے | مسلمان کو | جانتے بوجھتے | تو اس کا بدلہ | جہنم ہے |

جاننے والا حکمت والا ہے۔ اور جو شخص کسی مسلمان کو قصداً قتل کرے تو اس کی سزا دوزخ ہے کہ مدتوں اس میں رہے گا

خٰلِدًا فِيْهَا وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهٗ وَاَعَدَّ لَهٗ عَذَابًا عَظِيْمًا ﴿۹۳﴾

| خٰلِدًا | فِيْهَا | وَ | غَضِبَ | اللّٰهُ | عَلَيْهِ | وَ | لَعَنَهٗ | وَ | اَعَدَّ لَهٗ | عَذَابًا | عَظِيْمًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مدتوں رہے | اس میں | اور | غضب ہوا | اللہ کا | اس پر | اور | لعنت اس کی | اور | تیار کیا اسکے لئے | عذاب | بڑا |

اور اس پر اللہ غضب ناک ہوگا اور اس پر لعنت کرے گا اور اس نے اس کیلئے زبردست عذاب تیار کر رکھا ہے

## يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا ضَرَبْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَتَبَيَّنُوْا وَلَا تَقُوْلُوْا

| يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْٓا | اِذَا | ضَرَبْتُمْ | فِيْ | سَبِيْلِ | اللّٰهِ | فَتَبَيَّنُوْا | وَ | لَا | تَقُوْلُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے | وہ لوگو جو | ایمان لائے ہو | جب | تم چلو | میں | راہ جہاد | اللہ کی | تو تحقیق کرلو | اور | نہ | کہو |

اے ایمان والو! جب تم اللہ کی راہ میں (جہاد کیلئے) سفر پر نکلو تو تحقیق کر لیا کرو اور

## لِمَنْ اَلْقٰٓى اِلَيْكُمُ السَّلٰمَ لَسْتَ مُؤْمِنًا ۚ تَبْتَغُوْنَ عَرَضَ الْحَيٰوةِ

| لِمَنْ | اَلْقٰٓى | اِلَيْكُمُ | السَّلٰمَ | لَسْتَ | مُؤْمِنًا | تَبْتَغُوْنَ | عَرَضَ | الْحَيٰوةِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس کو جو | ڈالے | تمہاری طرف | سلام | نہیں تو | مسلمان | چاہتے ہو تم | سامان | زندگی |

اس کو جو تمہیں سلام کرے یہ نہ کہو کہ تو مسلمان نہیں ہے تو دنیوی زندگی کا سامان تلاش کرتے ہو

## الدُّنْيَا ۡ فَعِنْدَ اللّٰهِ مَغَانِمُ كَثِيْرَةٌ ؕ كَذٰلِكَ كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلُ فَمَنَّ

| الدُّنْيَا | فَعِنْدَ | اللّٰهِ | مَغَانِمُ | كَثِيْرَةٌ | كَذٰلِكَ | كُنْتُمْ | مِّنْ قَبْلُ | فَمَنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دنیا کا | تو پاس | اللہ کے | نعمتیں ہیں | بہت | اسی طرح | تھے تم | پہلے | تو احسان کیا |

تو اللہ کے پاس بہت اموال غنیمت ہیں اس سے پہلے تم (بھی) تو ایسے ہی تھے پھر اللہ نے

## اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فَتَبَيَّنُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿۹۴﴾

| اللّٰهُ | عَلَيْكُمْ | فَتَبَيَّنُوْا | اِنَّ | اللّٰهَ | كَانَ | بِمَا | تَعْمَلُوْنَ | خَبِيْرًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ نے | تم پر | تو تحقیق کرلیا کرو | بیشک | اللہ ہے | ہے | اس سے جو | تم کرتے ہو | خبردار |

تم پر احسان کیا پس تحقیق کر لیا کرو بے شک اللہ تمہارے کاموں سے خبردار ہے۔

## لَا يَسْتَوِي الْقٰعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ غَيْرُ اُولِي الضَّرَرِ

| لَا | يَسْتَوِي | الْقٰعِدُوْنَ | مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ | غَيْرُ | اُولِي | الضَّرَرِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | برابر ہیں | بیٹھ رہنے والے | مومنوں میں سے | بغیر | صاحب | عذر کے |

بلا عذر (جہاد سے) بیٹھ رہنے والے مسلمان اور اللہ کی راہ میں اپنے مال

وَ الْمُجٰهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ؕ فَضَّلَ اللّٰهُ

| وَ | الْمُجٰهِدُوْنَ | فِيْ | سَبِيْلِ | اللّٰهِ | بِاَمْوَالِهِمْ | وَاَنْفُسِهِمْ | فَضَّلَ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جہاد کرنے والے | میں | راہ | اللہ کی | اپنے مالوں سے | اور اپنی جانوں سے | فضیلت دی | اللہ نے |

و جان سے جہاد کرنے والے برابر نہیں فضیلت دی درجوں اللہ نے اپنے مال

الْمُجٰهِدِيْنَ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ عَلَى الْقٰعِدِيْنَ دَرَجَةً ؕ وَكُلًّا

| الْمُجٰهِدِيْنَ | بِاَمْوَالِهِمْ | وَ | اَنْفُسِهِمْ | عَلَى | الْقٰعِدِيْنَ | دَرَجَةً | وَ | كُلًّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جہاد کرنے والوں کو | اپنے مالوں سے | اور | اپنی جانوں سے | اوپر | بیٹھ رہنے والوں کے | درجہ میں | اور | سب سے |

و جان کے ساتھ جہاد کرنے والوں کو بیٹھنے والوں پر اور سب سے وعدہ کیا

وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى ؕ وَفَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ عَلَى الْقٰعِدِيْنَ

| وَّعَدَ | اللّٰهُ | الْحُسْنٰى | وَفَضَّلَ | اللّٰهُ | الْمُجٰهِدِيْنَ | عَلَى | الْقٰعِدِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وعدہ کیا | اللہ نے | بھلائی کا | اور فضیلت دی | اللہ نے | جہاد کرنے والوں کو | اوپر | بیٹھ رہنے والوں کے |

اللہ نے جنت کا اور فضیلت دی اللہ نے جہاد کرنے والوں کو بیٹھنے والوں پر بہت

اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿٩٥﴾ دَرَجٰتٍ مِّنْهُ وَمَغْفِرَةً وَّرَحْمَةً ؕ وَكَانَ اللّٰهُ

| اَجْرًا | عَظِيْمًا | دَرَجٰتٍ | مِّنْهُ | وَ | مَغْفِرَةً | وَّ | رَحْمَةً | وَ | كَانَ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اجر | زبردست | درجے ہیں | ان سے | اور | بخشش | اور | رحمت | اور | ہے | اللہ |

بڑے ثواب سے۔ اللہ کی طرف سے درجے (ہیں) اور بخشش اور رحمت اور اللہ بہت بخشنے والا بے حد

غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿٩٦﴾ ع اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَفّٰهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيْٓ اَنْفُسِهِمْ

| غَفُوْرًا | رَّحِيْمًا | اِنَّ | الَّذِيْنَ | تَوَفّٰهُمُ | الْمَلٰٓئِكَةُ | ظَالِمِيْٓ | اَنْفُسِهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بخشنے والا | مہربان | بیشک | وہ جن کی | جان نکالتے ہیں | فرشتے | ظلم کرنے والے | اپنی جانوں پر |

رحم فرمانے والا ہے۔ وہ لوگ جن کی جان فرشتے نکالتے ہیں اس حال میں کہ وہ اپنے

قَالُوْا فِيْمَ كُنْتُمْ ؕ قَالُوْا كُنَّا مُسْتَضْعَفِيْنَ فِي الْاَرْضِ ؕ قَالُوْۤا اَلَمْ

| قَالُوْا | فِيْمَ | كُنْتُمْ | قَالُوْا | كُنَّا | مُسْتَضْعَفِيْنَ | فِي | الْاَرْضِ | قَالُوْۤا | اَلَمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہتے ہیں | کس حال میں | تھے تم | کہتے ہیں | ہم تھے | کمزور | میں | زمین | کہتے ہیں | کیا نہیں |

اور ظلم کرتے تھے ان سے فرشتے کہتے ہیں تم کس حال میں تھے کہتے ہیں کہ ہم زمین میں کمزور تھے

تَكُنْ اَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةً فَتُهَاجِرُوْا فِيْهَا ؕ فَاُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمْ

| تَكُنْ | اَرْضُ | اللّٰهِ | وَاسِعَةً | فَتُهَاجِرُوْا | فِيْهَا | فَاُولٰٓئِكَ | مَاْوٰىهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تھی | زمین | اللہ کی | کشادہ | کہ تم ہجرت کر جاتے | اس میں | تو یہ ہیں کہ | ان کا ٹھکانا |

کہتے ہیں کیا اللہ کی زمین کشادہ نہ تھی کہ تم اس میں ہجرت کرتے تو ایسوں کا ٹھکانا

جَهَنَّمُ ؕ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ﴿۹۷﴾ اِلَّا الْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ

| جَهَنَّمُ | وَسَآءَتْ | مَصِيْرًا | اِلَّا | الْمُسْتَضْعَفِيْنَ | مِنَ الرِّجَالِ |
|---|---|---|---|---|---|
| جہنم ہے | اور بری ہے | جگہ پلٹنے کی | مگر | وہ جو کمزور تھے | آدمیوں سے |

جہنم ہے اور بہت بری جگہ پلٹنے کی۔ سوائے ان کمزور اور مجبور مردوں، عورتوں

وَالنِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ حِيْلَةً وَّلَا يَهْتَدُوْنَ

| وَالنِّسَآءِ | وَ | الْوِلْدَانِ | لَا | يَسْتَطِيْعُوْنَ | حِيْلَةً | وَّ | لَا | يَهْتَدُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور عورتوں سے | اور | بچے | جو نہیں | طاقت رکھتے ہیں | کسی تدبیر کی | اور | نہیں | پاتے |

اور بچوں کے جو نہ کوئی کارروائی کرنے کی طاقت رکھتے ہیں اور نہ نکلنے کا

سَبِيْلًا ﴿۹۸﴾ فَاُولٰٓئِكَ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّعْفُوَ عَنْهُمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَفُوًّا

| سَبِيْلًا | فَاُولٰٓئِكَ | عَسَى | اللّٰهُ | اَنْ | يَّعْفُوَ | عَنْهُمْ | وَكَانَ | اللّٰهُ | عَفُوًّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کوئی راہ | تو یہ لوگ ہیں | قریب ہے | اللہ | یہ کہ | معاف کرے | ان کو | اور ہے | اللہ | معاف کرنے والا |

کوئی راستہ۔ سو یہ وہ لوگ ہیں کہ یقیناً اللہ ان سے درگزر فرمائے گا اور اللہ بڑا معاف فرمانے والا

غَفُوۡرًا ﴿۹۹﴾ وَمَنۡ يُّهَاجِرۡ فِىۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ يَجِدۡ فِى الۡاَرۡضِ

| غَفُوۡرًا | وَ | مَنۡ | يُّهَاجِرۡ | فِىۡ | سَبِيۡلِ | اللّٰهِ | يَجِدۡ | فِى | الۡاَرۡضِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بخشنے والا ہے | اور | جو | ہجرت کرے | میں | راہ | اللہ کی | پائے گا | میں | زمین |

بخشنے والا ہے۔ اور جو کوئی اللہ کی راہ میں گھر بار چھوڑ کر نکلے وہ زمین میں (ہجرت کیلئے) بہت سی جگہیں

مُرٰغَمًا كَثِيۡرًا وَّسَعَةً ؕ وَمَنۡ يَّخۡرُجۡ مِنۡۢ بَيۡتِهٖ مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ

| مُرٰغَمًا | كَثِيۡرًا | وَّسَعَةً | وَ | مَنۡ | يَّخۡرُجۡ | مِنۡۢ بَيۡتِهٖ | مُهَاجِرًا | اِلَى | اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جگہ | بہت | اور گنجائش | اور | جو | نکلے | اپنے گھر سے | ہجرت کرتا | طرف | اللہ کی |

اور (معاش کیلئے) کشائش پائے گا اور جو شخص بھی اپنے گھر سے اللہ اور اس کے رسول کی طرف ہجرت کرتے ہوئے نکلے، پھر

وَرَسُوۡلِهٖ ثُمَّ يُدۡرِكۡهُ الۡمَوۡتُ فَقَدۡ وَقَعَ اَجۡرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ

| وَ | رَسُوۡلِهٖ | ثُمَّ | يُدۡرِكۡهُ | الۡمَوۡتُ | فَقَدۡ | وَقَعَ | اَجۡرُهٗ | عَلَى | اللّٰهِ | وَ | كَانَ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | اس کے رسول کی | پھر | پالے اس کو | موت | تو بیشک | واقع ہوا | اس کا اجر | اوپر | اللہ کے | اور | ہے | اللہ |

اسے (راستے میں ہی) موت آ پکڑے تو اس کا اجر اللہ کے ذمے ثابت ہو گیا اور اللہ بڑا

غَفُوۡرًا رَّحِيۡمًا ﴿۱۰۰﴾ ع وَاِذَا ضَرَبۡتُمۡ فِى الۡاَرۡضِ فَلَيۡسَ عَلَيۡكُمۡ

| غَفُوۡرًا | رَّحِيۡمًا | وَ | اِذَا | ضَرَبۡتُمۡ | فِى | الۡاَرۡضِ | فَلَيۡسَ | عَلَيۡكُمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بخشنے والا | مہربان | اور | جب | سفر کرو تم | میں | زمین | تو نہیں | تم پر |

بخشنے والا مہربان ہے۔ اور جب تم سفر کرو زمین میں تو تم پر کچھ حرج نہیں اگر

جُنَاحٌ اَنۡ تَقۡصُرُوۡا مِنَ الصَّلٰوةِ ۖ اِنۡ خِفۡتُمۡ اَنۡ يَّفۡتِنَكُمُ

| جُنَاحٌ | اَنۡ | تَقۡصُرُوۡا | مِنَ | الصَّلٰوةِ | اِنۡ | خِفۡتُمۡ | اَنۡ | يَّفۡتِنَكُمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کوئی گناہ | اس میں کہ | قصر کرو | سے | نماز | اگر | تمہیں اندیشہ ہو | یہ کہ | ایذا دیں گے |

تم قصر کرو (چار رکعت والی فرض) نماز میں اگر تمہیں خطرہ ہو

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ اِنَّ الْكٰفِرِيْنَ كَانُوْا لَكُمْ عَدُوًّا مُّبِيْنًا ﴿۱۰۱﴾ وَ اِذَا كُنْتَ

| الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | اِنَّ | الْكٰفِرِيْنَ | كَانُوْا | لَكُمْ | عَدُوًّا | مُّبِيْنًا | وَ | اِذَا | كُنْتَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ جو | کافر ہیں | بیشک | کفار | ہیں | تمہارے | دشمن | کھلے | اور | جب | ہو تم |

کہ کافر تمہیں اذیت پہنچائیں گے بے شک کفار تمہارے کھلے دشمن ہیں۔ اور (اے محبوب ﷺ)

فِيْهِمْ فَاَقَمْتَ لَهُمُ الصَّلٰوةَ فَلْتَقُمْ طَآئِفَةٌ مِّنْهُمْ مَّعَكَ

| فِيْهِمْ | فَاَقَمْتَ | لَهُمُ | الصَّلٰوةَ | فَلْتَقُمْ | طَآئِفَةٌ | مِّنْهُمْ | مَّعَكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان میں | تو قائم کرو | ان میں | نماز | تو کھڑی ہو | ایک جماعت | ان سے | تمہارے ساتھ |

جب آپ ان میں ہوں اور (خوف کے وقت) انہیں نماز پڑھائیں تو چاہئے کہ ان میں سے ایک گروہ آپ کے ساتھ کھڑا ہو

وَلْيَاْخُذُوْٓا اَسْلِحَتَهُمْ ۫ فَاِذَا سَجَدُوْا فَلْيَكُوْنُوْا مِنْ وَّرَآئِكُمْ ۪

| وَلْيَاْخُذُوْٓا | اَسْلِحَتَهُمْ | فَاِذَا | سَجَدُوْا | فَلْيَكُوْنُوْا | مِنْ وَّرَآئِكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|
| اور ساتھ رکھے | اپنے ہتھیار | تو جب | سجدہ کرلیں | تو ہو جائیں | تمہارے پیچھے |

اور وہ لوگ اپنے ہتھیار لئے رہیں پھر جب وہ سجدہ کرلیں تو (اے مسلمانو!) وہ تمہارے پیچھے چلے جائیں

وَلْتَاْتِ طَآئِفَةٌ اُخْرٰى لَمْ يُصَلُّوْا فَلْيُصَلُّوْا مَعَكَ وَلْيَاْخُذُوْا

| وَلْتَاْتِ | طَآئِفَةٌ | اُخْرٰى | لَمْ | يُصَلُّوْا | فَلْيُصَلُّوْا | مَعَكَ | وَ | لْيَاْخُذُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور آجائے | جماعت | دوسری | نہیں | نماز پڑھی | تو نماز پڑھے | تمہارے ساتھ | اور | پکڑے رہے |

اور آئے دوسرا گروہ جنہوں نے نماز نہیں پڑھی تو انہیں چاہئے کہ وہ آپ کے ساتھ نماز پڑھیں

حِذْرَهُمْ وَاَسْلِحَتَهُمْ ۚ وَدَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ تَغْفُلُوْنَ عَنْ اَسْلِحَتِكُمْ

| حِذْرَهُمْ | وَ | اَسْلِحَتَهُمْ | وَدَّ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | لَوْ | تَغْفُلُوْنَ | عَنْ اَسْلِحَتِكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حفاظت اپنی | اور | اپنے ہتھیار | چاہتے ہیں | وہ جو | کافر ہیں | اگر | غافل ہو تم | اپنے ہتھیاروں سے |

اور وہ (بھی) اپنی حفاظت کا سامان اور اپنے ہتھیار لئے رہیں کافر چاہتے ہیں کہ کسی طرح تم غافل ہو جاؤ

## وَاَمْتِعَتِكُمْ فَيَمِيْلُوْنَ عَلَيْكُمْ مَّيْلَةً وَّاحِدَةً ۭ وَلَا جُنَاحَ

| وَ | اَمْتِعَتِكُمْ | فَيَمِيْلُوْنَ | عَلَيْكُمْ | مَّيْلَةً | وَّاحِدَةً | وَلَا | جُنَاحَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | اسباب سے | تو ٹوٹ پڑیں | تم پر | ٹوٹنا | یکبارگی | اور نہیں | گناہ |

اپنے ہتھیاروں اور اپنے سامان سے تو وہ تم پر یکبارگی حملہ کر دیں اور

## عَلَيْكُمْ اِنْ كَانَ بِكُمْ اَذًى مِّنْ مَّطَرٍ اَوْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى اَنْ

| عَلَيْكُمْ | اِنْ | كَانَ | بِكُمْ | اَذًى | مِّنْ مَّطَرٍ | اَوْ | كُنْتُمْ | مَّرْضٰٓى | اَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم پر | اگر | ہو | تم کو | تکلیف | بارش کی | یا | ہو تم | بیمار | یہ کہ |

تم پر کچھ مضائقہ نہیں اگر تمہیں بارش کی وجہ سے تکلیف ہو یا تم بیمار ہو (اس بات میں) کہ

## تَضَعُوْٓا اَسْلِحَتَكُمْ ۚ وَخُذُوْا حِذْرَكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْكٰفِرِيْنَ

| تَضَعُوْٓا | اَسْلِحَتَكُمْ | وَ | خُذُوْا | حِذْرَكُمْ | اِنَّ | اللّٰهَ | اَعَدَّ | لِلْكٰفِرِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اتار دو | اپنے ہتھیار | اور | لیے رہو | اپنی حفاظت | بیشک | اللہ نے | تیار کیا ہے | کافروں کیلئے |

اپنے ہتھیار (اتار کر) رکھ دو اور اپنی حفاظت کا سامان لئے رہو بے شک اللہ نے تیار کر رکھا ہے کافروں کیلئے

## عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿۱۰۲﴾ فَاِذَا قَضَيْتُمُ الصَّلٰوةَ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قِيٰمًا وَّقُعُوْدًا

| عَذَابًا | مُّهِيْنًا | فَاِذَا | قَضَيْتُمُ | الصَّلٰوةَ | فَاذْكُرُوْا | اللّٰهَ | قِيٰمًا | وَّقُعُوْدًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عذاب | خواری کا | تو جب | پوری کر لو تم | نماز | تو یاد کرو | اللہ کو | کھڑے | اور بیٹھے |

ذلت کا عذاب۔ پھر جب تم نماز پڑھ چکو تو اللہ کی یاد کرو کھڑے بیٹھے

## وَّعَلٰي جُنُوْبِكُمْ ۚ فَاِذَا اطْمَاْنَنْتُمْ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ۚ اِنَّ الصَّلٰوةَ

| وَّ | عَلٰى | جُنُوْبِكُمْ | فَاِذَا | اطْمَاْنَنْتُمْ | فَاَقِيْمُوْا | الصَّلٰوةَ | اِنَّ | الصَّلٰوةَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | اوپر | اپنے پہلوؤں کے | تو جب | مطمئن ہو جاؤ | تو قائم کرو | نماز | بیشک | نماز |

اور کروٹوں پر لیٹے پھر جب مطمئن ہو جاؤ تو حسب دستور نماز قائم کرو بے شک نماز

كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ كِتٰبًا مَّوْقُوْتًا ﴿١٠٣﴾ وَلَا تَهِنُوْا فِي ابْتِغَآءِ الْقَوْمِ ؕ

| الْقَوْمِ | ابْتِغَآءِ | فِي | تَهِنُوْا | لَا | وَ | مَّوْقُوْتًا | كِتٰبًا | الْمُؤْمِنِيْنَ | عَلَى | كَانَتْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قوم کفار کے | تلاش | میں | سستی کرو | نہ | اور | وقت پر | فرض | مومنوں کے | اوپر | ہے |

مسلمانوں پر وقت کی پابندی کے ساتھ فرض کی گئی ہے۔ اور کافروں کی تلاش میں سستی نہ کرو

اِنْ تَكُوْنُوْا تَاْلَمُوْنَ فَاِنَّهُمْ يَاْلَمُوْنَ كَمَا تَاْلَمُوْنَ ۚ وَتَرْجُوْنَ مِنَ

| مِنَ اللّٰهِ | تَرْجُوْنَ | وَ | تَاْلَمُوْنَ | كَمَا | يَاْلَمُوْنَ | فَاِنَّهُمْ | تَاْلَمُوْنَ | تَكُوْنُوْا | اِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ سے | امید رکھتے ہو تم | اور | تم دکھ پاتے ہو | جیسے | دکھ پاتے ہیں | تو وہ بھی | دکھ پاتے | ہو تم | اگر |

اگر کہیں دکھ پہنچتا ہے تو انہیں بھی دکھ پہنچتا ہے جیسا کہیں پہنچتا ہے اور تم

اللّٰهِ مَا لَا يَرْجُوْنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿١٠٤﴾ ع اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ

| اِلَيْكَ | اَنْزَلْنَآ | اِنَّآ | حَكِيْمًا | عَلِيْمًا | اللّٰهُ | كَانَ | وَ | يَرْجُوْنَ | لَا | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تمہاری طرف | اتارا | بیشک ہم نے | حکمت والا | جاننے والا | اللہ | ہے | اور | امید رکھتے وہ | نہیں | وہ جو |

اللہ سے وہ امید رکھتے ہو جو وہ نہیں رکھتے اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔ یقیناً ہم نے حق کے ساتھ کتاب نازل کی

الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ بِمَآ اَرٰىكَ اللّٰهُ ؕ وَلَا تَكُنْ

| تَكُنْ | لَا | وَ | اللّٰهُ | اَرٰىكَ | بِمَآ | النَّاسِ | بَيْنَ | لِتَحْكُمَ | بِالْحَقِّ | الْكِتٰبَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہو تم | نہ | اور | اللہ نے | تمہیں دکھایا | جو | لوگوں کے | درمیان | تاکہ فیصلہ کرے | حق کے ساتھ | کتاب کو |

ہے تاکہ آپ لوگوں میں اس (حق) کے مطابق فیصلہ فرمائیں جو اللہ نے آپ کو دکھایا ہے اور آپ (بھی) بددیانت لوگوں کی

لِّلْخَآئِنِيْنَ خَصِيْمًا ﴿١٠٥﴾ لا وَّاسْتَغْفِرِ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا

| غَفُوْرًا | كَانَ | اللّٰهَ | اِنَّ | اللّٰهَ | وَّاسْتَغْفِرِ | خَصِيْمًا | لِّلْخَآئِنِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بخشنے والا | ہے | اللہ | بیشک | اللہ سے | اور بخشش مانگو | جھگڑنے والا | خیانت کرنے والوں کیلئے |

طرف داری میں بحث کرنے والے نہ بنیں۔ اور آپ اللہ سے بخشش طلب کریں بے شک اللہ بڑا بخشنے والا مہربان ہے۔

رَّحِيْمًا ﴿۱۰۶﴾ وَلَا تُجَادِلْ عَنِ الَّذِيْنَ يَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

| رَّحِيْمًا | وَ | لَا | تُجَادِلْ | عَنِ الَّذِيْنَ | يَخْتَانُوْنَ | اَنْفُسَهُمْ | اِنَّ | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مہربان | اور | نہ | جھگڑو | ان سے جو | خیانت کرتے ہیں | اپنی جانوں سے | بیشک | اللہ |

اور آپ نہ جھگڑیں ان لوگوں کی طرف سے جو خیانت کرتے ہیں اپنی جانوں سے، بے شک اللہ پسند نہیں فرماتا ہر اس شخص کو جو

لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ خَوَّانًا اَثِيْمًا ﴿۱۰۷﴾ يَّسْتَخْفُوْنَ مِنَ النَّاسِ

| لَا | يُحِبُّ | مَنْ | كَانَ | خَوَّانًا | اَثِيْمًا | يَّسْتَخْفُوْنَ | مِنَ النَّاسِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | پسند کرتا | اسے جو | ہو | دغاباز | گنہگار | چھپاتے ہیں | آدمیوں سے |

بہت خیانت کرنے والا بڑا گنہگار ہو۔ وہ لوگوں سے شرماتے ہیں اور اللہ سے نہیں شرماتے

وَلَا يَسْتَخْفُوْنَ مِنَ اللّٰهِ وَهُوَ مَعَهُمْ اِذْ يُبَيِّتُوْنَ مَا لَا يَرْضٰى مِنَ

| وَ | لَا | يَسْتَخْفُوْنَ | مِنَ اللّٰهِ | وَ | هُوَ | مَعَهُمْ | اِذْ | يُبَيِّتُوْنَ | مَا | لَا | يَرْضٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نہیں | چھپا سکتے | اللہ سے | اور | وہ | ان کے ساتھ ہے | جب | دل میں بات سوچتے ہیں | جو | نہیں | پسند کرتا |

حالانکہ اللہ ان کے ساتھ ہے جب وہ رات کو چھپ کر ایسی بات کا مشورہ کرتے ہیں

الْقَوْلِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطًا ﴿۱۰۸﴾ هٰۤاَنْتُمْ هٰۤؤُلَاۤءِ جٰدَلْتُمْ

| مِنَ الْقَوْلِ | وَ | كَانَ | اللّٰهُ | بِمَا | يَعْمَلُوْنَ | مُحِيْطًا | هٰۤاَنْتُمْ | هٰۤؤُلَاۤءِ | جٰدَلْتُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کی اس بات کو | اور | ہے | اللہ | اس سے جو | کرتے ہیں | گھیرنے والا | خبردار تم | وہ لوگ ہو | کہ جھگڑتے ہو |

جو اللہ کو پسند نہیں اور اللہ ان کے سب کاموں کو گھیرے ہوئے ہے۔ ہاں تم ہی وہ لوگ جو دنیا کی زندگی میں

عَنْهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۫ فَمَنْ يُّجَادِلُ اللّٰهَ عَنْهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَمْ

| عَنْهُمْ | فِي | الْحَيٰوةِ | الدُّنْيَا | فَمَنْ | يُّجَادِلُ | اللّٰهَ | عَنْهُمْ | يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ | اَمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان سے | میں | زندگی | دنیا کی | تو کون | جھگڑے گا | اللہ سے | ان کیلئے | دن | قیامت کے | یا |

ان کی طرف سے جھگڑے ہو تو ان کی طرف سے کون جھگڑے گا اللہ سے قیامت کے دن یا

مَنْ يَّكُوْنُ عَلَيْهِمْ وَكِيْلًا ﴿۱۰۹﴾ وَمَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا اَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهٗ

| مَنْ | يَّكُوْنُ | عَلَيْهِمْ | وَكِيْلًا | وَ | مَنْ | يَّعْمَلْ | سُوْٓءًا | اَوْ | يَظْلِمْ | نَفْسَهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کون | ہوگا | ان پر | وکیل | اور | جو | عمل کرے | برے | یا | ظلم کرے | اپنی جان پر |

کون ان کا وکیل ہو گا۔ اور جو کوئی برائی یا اپنی جان پر ظلم کرے

ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ يَجِدِ اللّٰهَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۱۰﴾ وَمَنْ يَّكْسِبْ اِثْمًا

| ثُمَّ | يَسْتَغْفِرِ | اللّٰهَ | يَجِدِ | اللّٰهَ | غَفُوْرًا | رَّحِيْمًا | وَ | مَنْ | يَّكْسِبْ | اِثْمًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پھر | بخشش مانگے | اللہ سے | پائے گا | اللہ کو | بخشنے والا | مہربان | اور | جو | کمائے | گناہ |

پھر اللہ سے بخشش چاہے تو اللہ کو بخشنے والا مہربان پائے گا۔ اور جو شخص کوئی گناہ کرے

فَاِنَّمَا يَكْسِبُهٗ عَلٰى نَفْسِهٖ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۱۱۱﴾ وَمَنْ

| فَاِنَّمَا | يَكْسِبُهٗ | عَلٰى | نَفْسِهٖ | وَ | كَانَ | اللّٰهُ | عَلِيْمًا | حَكِيْمًا | وَ | مَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو اسکے سوا نہیں کہ | کرتا ہے | اوپر | اپنی جان کے | اور | ہے | اللہ | جاننے والا | حکمت والا | اور | جو |

تو بس وہ اپنی ہی جان پر (اس کا وبال عائد) کر رہا ہے اور اللہ خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہے۔ اور جو

يَّكْسِبْ خَطِيْٓئَةً اَوْ اِثْمًا ثُمَّ يَرْمِ بِهٖ بَرِيْٓــًٔا فَقَدِ احْتَمَلَ بُهْتَانًا

| يَّكْسِبْ | خَطِيْٓئَةً | اَوْ | اِثْمًا | ثُمَّ | يَرْمِ | بِهٖ | بَرِيْٓــًٔا | فَقَدِ | احْتَمَلَ | بُهْتَانًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کمائے | گناہ | یا | خطائیں | پھر | تہمت دے | اسے کسی پر | اپنی براءت کیلئے | تو بیشک | اٹھایا اس نے | بہتان |

شخص کسی خطا یا گناہ کا ارتکاب کرے پھر اسکی تہمت کسی بے گناہ پر لگا دے تو اس نے یقیناً ایک بہتان اور کھلے گناہ

وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿۱۱۲﴾ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ وَرَحْمَتُهٗ لَهَمَّتْ طَّآئِفَةٌ

| وَّ | اِثْمًا | مُّبِيْنًا | وَ | لَوْ | لَا | فَضْلُ | اللّٰهِ | عَلَيْكَ | وَ | رَحْمَتُهٗ | لَهَمَّتْ | طَّآئِفَةٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | گناہ | کھلا ہوا | اور | اگر | نہ | ہوتا فضل | اللہ کا | آپ پر | اور | اسکی رحمت | تو آمادہ ہوتا | ایک گروہ |

(کے بوجھ) کو اٹھا لیا۔ اور (اے محبوب ﷺ) اگر نہ ہوتا آپ پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت تو

مِّنْهُمْ اَنْ يُّضِلُّوْكَ ؕ وَمَا يُضِلُّوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَضُرُّوْنَكَ

| مِّنْهُمْ | اَنْ | يُّضِلُّوْكَ | وَ | مَا | يُضِلُّوْنَ | اِلَّآ | اَنْفُسَهُمْ | وَ | مَا | يَضُرُّوْنَكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان سے | اس پر کہ | دھوکہ دے آپ کو | اور | نہیں | دھوکہ دیتا | مگر | اپنی جان کو | اور | نہیں | نقصان پہنچاسکتا آپ کو |

ضرور قصد کر لیتے ان میں سے کچھ لوگ کہ آپ کو بہکا دیں اور وہ نہیں بہکا رہے مگر اپنی ہی جانوں کو اور آپ کا

مِنْ شَيْءٍ ؕ وَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ

| مِنْ شَيْءٍ | وَ | اَنْزَلَ | اللّٰهُ | عَلَيْكَ | الْكِتٰبَ | وَالْحِكْمَةَ | وَعَلَّمَكَ | مَا | لَمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کچھ بھی | اور | نازل کیا | اللہ نے | آپ پر | کتاب | اور حکمت | اور سکھایا آپ کو | جو | نہ |

وہ کچھ نہ بگاڑ سکیں گے اور اللہ نے آپ پر کتاب اور حکمت اُتاری اور آپ کو سکھایا

تَكُنْ تَعْلَمُ ؕ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا ﴿۱۱۳﴾ لَا خَيْرَ فِيْ كَثِيْرٍ

| تَكُنْ | تَعْلَمُ | وَ | كَانَ | فَضْلُ | اللّٰهِ | عَلَيْكَ | عَظِيْمًا | لَا | خَيْرَ | فِيْ | كَثِيْرٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تھے تم | جانتے | اور | ہے | فضل | اللہ کا | تم پر | بہت بڑا | نہیں | بھلائی | میں | بہت سے |

جو کچھ آپ نہ جانتے تھے اور آپ پر اللہ کا بڑا فضل ہے۔ کچھ بھلائی نہیں ان کے

مِّنْ نَّجْوٰىهُمْ اِلَّا مَنْ اَمَرَ بِصَدَقَةٍ اَوْ مَعْرُوْفٍ اَوْ اِصْلَاحٍۭ بَيْنَ

| مِّنْ نَّجْوٰىهُمْ | اِلَّا | مَنْ | اَمَرَ | بِصَدَقَةٍ | اَوْ | مَعْرُوْفٍ | اَوْ | اِصْلَاحٍۭ | بَيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کے مشوروں | مگر | جو | حکم کرے | صدقے کا | یا | اچھی بات کا | یا | مصالحت کا | درمیان |

اکثر پوشیدہ مشوروں میں مگر جو حکم دے خیرات کا یا اچھے کام کا یا صلح کرانے کا لوگوں کے درمیان

النَّاسِ ؕ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ

| النَّاسِ | وَ | مَنْ | يَّفْعَلْ | ذٰلِكَ | ابْتِغَآءَ | مَرْضَاتِ | اللّٰهِ | فَسَوْفَ | نُؤْتِيْهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لوگوں کے | اور | جو | کرے | ایسا | چاہتا ہوا | رضامندی | اللہ کی | تو جلدی | دیں گے ہم اس کو |

اور جو ایسا کرے اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کیلئے تو عنقریب ہم اسے بڑا

اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿١١٤﴾ وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ

| اَجْرًا | عَظِيْمًا | وَ | مَنْ | يُّشَاقِقِ | الرَّسُوْلَ | مِنْۢ بَعْدِ | مَا تَبَيَّنَ | لَهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اجر | زبردست | اور | جو | خلاف کرے | رسول کا | اس کے بعد | جو ظاہر ہوا | اسکے لیے |

ثواب دیں گے۔ اور جو شخص ہدایت کے خوب واضح ہو جانے کے بعد رسول کی مخالفت کرے

الْهُدٰى وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ

| الْهُدٰى | وَ | يَتَّبِعْ | غَيْرَ | سَبِيْلِ | الْمُؤْمِنِيْنَ | نُوَلِّهٖ | مَا تَوَلّٰى | وَنُصْلِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہدایت | اور | پیچھے لگے | غیر | راستے | مسلمانوں کے | تو چھوڑ دیں گے ہم | اس پر جس پر گیا | اور پہنچائیں گے |

اور مسلمانوں کی راہ سے جدا راہ چلے ہم اسے اس کے حال پر چھوڑ دیں گے اسے دوزخ میں

جَهَنَّمَ ۭ وَسَاۗءَتْ مَصِيْرًا ﴿١١٥﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ

| جَهَنَّمَ | وَ | سَاۗءَتْ | مَصِيْرًا | اِنَّ | اللّٰهَ | لَا | يَغْفِرُ | اَنْ | يُّشْرَكَ | بِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دوزخ میں | اور | بری ہے | پلٹنے کی جگہ | بیشک | اللہ | نہیں | بخشے گا | یہ کہ | شرک کیا جائے | اسکے ساتھ |

داخل کریں گے اور کیا ہی بری جگہ پلٹنے کی۔ اللہ اسے نہیں بخشتا کہ اس کا کوئی شریک ٹھہرایا جائے اور اس سے

وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ ضَلَّ

| وَ | يَغْفِرُ | مَا دُوْنَ | ذٰلِكَ | لِمَنْ | يَّشَاۗءُ | وَ | مَنْ | يُّشْرِكْ | بِاللّٰهِ | فَقَدْ | ضَلَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | بخشے گا | جو سوا | اس کے ہیں | جسے | چاہے | اور | جو | شریک بنائے | اللہ کا | تو بیشک | وہ گمراہ ہوا |

کم جو کچھ ہے جسے چاہے معاف فرما دیتا ہے اور جو اللہ کا شریک ٹھہرائے وہ دور کی

ضَلٰلًۢا بَعِيْدًا ﴿١١٦﴾ اِنْ يَّدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلَّآ اِنٰثًا ۚ وَاِنْ يَّدْعُوْنَ

| ضَلٰلًۢا | بَعِيْدًا | اِنْ يَّدْعُوْنَ | مِنْ دُوْنِهٖٓ | اِلَّآ | اِنٰثًا | وَ | اِنْ يَّدْعُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گمراہی | دور کی | نہیں پوجتے | اس کے سوا | مگر | عورتوں کو | اور | نہیں پوجتے وہ |

گمراہی میں پڑا ہے۔ یہ (مشرکین) اللہ کے سوا دیویوں کی ہی پرستش کرتے ہیں اور یہ فقط سرکش

وقف لازم

اِلَّا شَيْطٰنًا مَّرِيْدًا ﴿١١٧﴾ لَّعَنَهُ اللّٰهُ ۘ وَقَالَ لَاَتَّخِذَنَّ مِنْ عِبَادِكَ

| اِلَّا | شَيْطٰنًا | مَّرِيْدًا | لَّعَنَهُ | اللّٰهُ | وَ | قَالَ | لَاَتَّخِذَنَّ | مِنْ عِبَادِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مگر | شیطان | سرکش کو | لعنت کی اس پر | اللہ نے | اور | بولا | ضرور لوں گا میں | تیرے بندوں سے |

شیطان ہی کی پوجا کرتے ہیں۔ جس پر اللہ نے لعنت کی ہے اور جس نے کہا تھا کہ میں تیرے بندوں میں سے ایک

نَصِيْبًا مَّفْرُوْضًا ﴿١١٨﴾ وَّلَاُضِلَّنَّهُمْ وَلَاُمَنِّيَنَّهُمْ وَلَاٰمُرَنَّهُمْ

| نَصِيْبًا | مَّفْرُوْضًا | وَّلَاُضِلَّنَّهُمْ | وَ | لَاُمَنِّيَنَّهُمْ | وَ | لَاٰمُرَنَّهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| حصہ | مقرر | اور میں ضرور گمراہ کروں گا ان کو | اور | آرزوئیں دلاؤں گا ان کو | اور | ضرور حکم دوں گا ان کو |

معین حصہ (اپنے لئے) ضرور لے لوں گا۔ اور مجھے قسم ہے میں انہیں ضرور بہکاؤں گا اور ضرور دلاؤں گا انہیں جھوٹی آرزوئیں

فَلَيُبَتِّكُنَّ اٰذَانَ الْاَنْعَامِ وَلَاٰمُرَنَّهُمْ فَلَيُغَيِّرُنَّ خَلْقَ اللّٰهِ ۭ وَمَنْ

| فَلَيُبَتِّكُنَّ | اٰذَانَ | الْاَنْعَامِ | وَ | لَاٰمُرَنَّهُمْ | فَلَيُغَيِّرُنَّ | خَلْقَ | اللّٰهِ | وَ | مَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو وہ ضرور چیریں گے | کان | چوپایوں کے | اور | ضرور حکم دوں گا انکو | تو وہ ضرور بدلیں گے | پیدا کی ہوئی | اللہ کی | اور | جو |

اور میں انہیں ضرور حکم دوں گا تو یقیناً ضرور وہ مویشیوں کے کان چیریں گے اور میں انہیں ضرور امر کروں گا تو وہ ضرور بدل دیں

يَّتَّخِذِ الشَّيْطٰنَ وَلِيًّا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَقَدْ خَسِرَ خُسْرَانًا مُّبِيْنًا ﴿١١٩﴾

| يَّتَّخِذِ | الشَّيْطٰنَ | وَلِيًّا | مِّنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | فَقَدْ | خَسِرَ | خُسْرَانًا | مُّبِيْنًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پکڑے | شیطان کو | دوست | سوا | اللہ کے | تو بیشک | خسارہ اٹھایا | خسارہ | صریح |

گے اللہ کی بنائی ہوئی صورتیں اور جس نے اللہ کو چھوڑ کر شیطان کو دوست بنایا تو وہ پڑ گیا کھلے نقصان میں۔

يَعِدُهُمْ وَيُمَنِّيْهِمْ ۭ وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطٰنُ اِلَّا غُرُوْرًا ﴿١٢٠﴾ اُولٰۗىِٕكَ

| يَعِدُهُمْ | وَ | يُمَنِّيْهِمْ | وَ | مَا | يَعِدُهُمُ | الشَّيْطٰنُ | اِلَّا | غُرُوْرًا | اُولٰۗىِٕكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وعدہ دیتا ہے ان کو | اور | آرزوئیں دلاتا ہے | اور | نہیں | وعدہ دیتا ان کو | شیطان | مگر | فریب کا | یہ لوگ |

شیطان ان سے وعدے کرتا ہے اور انہیں آرزوئیں دلاتا ہے اور شیطان ان سے وعدے نہیں کرتا مگر فریب کے۔ ان کا

مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ وَلَا يَجِدُوْنَ عَنْهَا مَحِيْصًا ﴿۱۲۱﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

| مَاْوٰىهُمْ | جَهَنَّمُ | وَ | لَا | يَجِدُوْنَ | عَنْهَا | مَحِيْصًا | وَ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کا ٹھکانا | دوزخ ہے | اور | نہیں | پائیں گے | اس سے | کوئی بچنے کی جگہ | اور | وہ جو | ایمان لائے |

ٹھکانا دوزخ ہے اس سے بچنے کی جگہ نہ پائیں گے۔ اور جو ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

| وَ | عَمِلُوا | الصّٰلِحٰتِ | سَنُدْخِلُهُمْ | جَنّٰتٍ | تَجْرِيْ | مِنْ تَحْتِهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | عمل کئے | نیک | عنقریب داخل کریں گے ہم ان کو | باغوں میں | رواں ہیں | ان کے نیچے |

اور اچھے کام کئے تو قریب ہے کہ ہم انہیں ایسے باغوں میں لے جائیں گے جن کے نیچے

الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا اَبَدًا ؕ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ؕ وَمَنْ اَصْدَقُ

| الْاَنْهٰرُ | خٰلِدِيْنَ | فِيْهَا | اَبَدًا | وَعْدَ | اللّٰهِ | حَقًّا | وَ | مَنْ | اَصْدَقُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہریں | ہمیشہ رہیں | اس میں | ہمیشہ | وعدہ | اللہ کا | سچا ہے | اور | کون | زیادہ سچا ہے |

نہریں رواں ہیں ہمیشہ ان میں رہیں گے اللہ کا سچا وعدہ اور اللہ سے زیادہ

مِنَ اللّٰهِ قِيْلًا ﴿۱۲۲﴾ لَيْسَ بِاَمَانِيِّكُمْ وَلَاۤ اَمَانِيِّ اَهْلِ الْكِتٰبِ ؕ مَنْ

| مِنَ اللّٰهِ | قِيْلًا | لَيْسَ | بِاَمَانِيِّكُمْ | وَ | لَاۤ | اَمَانِيِّ | اَهْلِ | الْكِتٰبِ | مَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ سے | بات میں | نہیں | تمہاری خواہشوں پر | اور | نہ | ہوس پر | اہل | کتاب کی | جو |

کس کی بات سچی۔ (اللہ کا وعدۂ مغفرت) نہ تمہاری خواہشات پر موقوف ہے اور نہ اہل کتاب کی

يَّعْمَلْ سُوْٓءًا يُّجْزَ بِهٖ ۙ وَلَا يَجِدْ لَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا

| يَّعْمَلْ | سُوْٓءًا | يُّجْزَ | بِهٖ | وَ | لَا | يَجِدْ لَهٗ | مِنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | وَلِيًّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عمل کرے گا | برے | بدلہ پائے گا | اس کا | اور | نہ | پائے گا اپنے لئے | سوا | اللہ کے | کوئی حمایتی |

خواہشات پر جو کوئی برا عمل کرے گا اسے اس کی سزا دی جائے گی اور نہ وہ اللہ کے سوا اپنا کوئی حمایتی پائے گا

وَّلَا نَصِيْرًا ﴿۱۲۳﴾ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ مِنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ

| وَّ | لَا | نَصِيْرًا | وَ | مَنْ | يَّعْمَلْ | مِنَ الصّٰلِحٰتِ | مِنْ ذَكَرٍ | اَوْ | اُنْثٰى | وَ | هُوَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نہ | مددگار | اور | جو | عمل کرے | بھلے سے | مرد ہو | یا | عورت | اور | وہ |

اور نہ مددگار۔ اور جو کوئی نیک اعمال کرے گا (خواہ) مرد ہو یا عورت ہو

مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُوْنَ نَقِيْرًا ﴿۱۲۴﴾ وَمَنْ

| مُؤْمِنٌ | فَاُولٰٓئِكَ | يَدْخُلُوْنَ | الْجَنَّةَ | وَ | لَا | يُظْلَمُوْنَ | نَقِيْرًا | وَ | مَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مسلمان ہو | تو یہ | داخل ہوں گے | جنت میں | اور | نہ | ظلم کئے جائیں گے | تل برابر | اور | کون |

وہ ایمان والا پس وہی لوگ جنت میں داخل ہوں گے اور ان کی تل برابر (بھی) حق تلفی نہیں کی جائے گی۔ اور اس

اَحْسَنُ دِيْنًا مِّمَّنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ وَّاتَّبَعَ مِلَّةَ

| اَحْسَنُ | دِيْنًا | مِّمَّنْ | اَسْلَمَ | وَجْهَهٗ | لِلّٰهِ | وَ | هُوَ | مُحْسِنٌ | وَّ | اتَّبَعَ | مِلَّةَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بہتر ہے | دین میں | اس سے | جو جھکائے | اپنا چہرہ | اللہ کے لئے | اور | وہ | نیک ہو | اور | پیروی کرے | مذہب |

سے اچھا کس کا دین ہے جس نے جھکا دیا اپنا چہرہ اللہ کیلئے اور وہ نیکی کرنے والا ہو اور اس نے پیروی کی

اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ؕ وَاتَّخَذَ اللّٰهُ اِبْرٰهِيْمَ خَلِيْلًا ﴿۱۲۵﴾ وَلِلّٰهِ مَا

| اِبْرٰهِيْمَ | حَنِيْفًا | وَاتَّخَذَ | اللّٰهُ | اِبْرٰهِيْمَ | خَلِيْلًا | وَ | لِلّٰهِ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ابراہیم کی | جو ہر باطل سے جدا ہے | اور بنایا | اللہ نے | ابراہیم کو | دوست | اور | اللہ ہی کا ہے | جو کچھ |

دینِ ابراہیم کی جو ہر باطل سے جدا ہو کر حق کی طرف مائل تھے اور اللہ نے ابراہیم کو اپنا مخلص دوست بنالیا۔ اور اللہ ہی کا

فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيْطًا ﴿۱۲۶﴾ ع

| فِي السَّمٰوٰتِ | وَمَا | فِي الْاَرْضِ | وَ | كَانَ | اللّٰهُ | بِكُلِّ | شَيْءٍ | مُّحِيْطًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آسمانوں میں | اور جو | زمین میں | اور | ہے | اللہ | ہر ایک | چیز کو | گھیرے والا |

ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور اللہ ہر چیز کا احاطہ کیے ہوئے ہے۔

ع ۱۸ ۱۱ ۱۵

وَيَسْتَفْتُوْنَكَ فِي النِّسَآءِ ؕ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِيْهِنَّ ۙ وَمَا يُتْلٰى

| وَيَسْتَفْتُوْنَكَ | فِي النِّسَآءِ | قُلِ | اللّٰهُ | يُفْتِيْكُمْ | فِيْهِنَّ | وَمَا | يُتْلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور سوال کرتے ہیں آپ سے | عورتوں کے بارے میں | فرمادو | اللہ | فتوے دیتا ہے تم کو | ان کے متعلق | اور جو | پڑھا جاتا ہے |

اور آپ سے عورتوں کے بارے میں فتویٰ پوچھتے ہیں آپ فرما دیجئے کہ اللہ تمہیں ان کا فتویٰ دیتا ہے

عَلَيْكُمْ فِي الْكِتٰبِ فِيْ يَتٰمَى النِّسَآءِ الّٰتِيْ لَا تُؤْتُوْنَهُنَّ مَا كُتِبَ لَهُنَّ

| عَلَيْكُمْ | فِي | الْكِتٰبِ | فِيْ يَتٰمَى النِّسَآءِ | الّٰتِيْ | لَا | تُؤْتُوْنَهُنَّ | مَا | كُتِبَ | لَهُنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم پر | میں | کتاب | یتیم لڑکیوں کے متعلق | وہ کہ | نہیں | دیتے ہو ان کو | جو | مقرر | ان کیلئے |

اور وہ جو تم پر قرآن میں پڑھا جاتا ہے ان یتیم لڑکیوں کے بارے میں کہ تم انہیں نہیں دیتے

وَتَرْغَبُوْنَ اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الْوِلْدَانِ ۙ وَاَنْ

| وَ | تَرْغَبُوْنَ | اَنْ | تَنْكِحُوْهُنَّ | وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ | مِنَ الْوِلْدَانِ | وَ | اَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | پسند نہیں کرتے ہو تم | یہ کہ | نکاح کرو ان سے | اور کمزور | بچوں کے متعلق | اور | یہ کہ |

جو ان کا مقرر ہے اور انہیں نکاح میں لانے سے منہ پھیرتے ہو اور کمزور بچوں کے بارے میں اور یہ کہ

تَقُوْمُوْا لِلْيَتٰمٰى بِالْقِسْطِ ؕ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِهٖ

| تَقُوْمُوْا | لِلْيَتٰمٰى | بِالْقِسْطِ | وَ | مَا | تَفْعَلُوْا | مِنْ خَيْرٍ | فَاِنَّ | اللّٰهَ | كَانَ | بِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قائم ہو تم | یتیموں کیلئے | انصاف سے | اور | جو کچھ | کرتے ہو | بھلائی سے | تو بیشک | اللہ | ہے | اس کو |

یتیموں کے حق میں انصاف پر قائم رہو اور تم جو بھلائی کرو تو اللہ کو اس کی

عَلِيْمًا ﴿۱۲۷﴾ وَاِنِ امْرَاَةٌ خَافَتْ مِنْۢ بَعْلِهَا نُشُوْزًا اَوْ اِعْرَاضًا فَلَا

| عَلِيْمًا | وَ | اِنِ | امْرَاَةٌ | خَافَتْ | مِنْۢ بَعْلِهَا | نُشُوْزًا | اَوْ | اِعْرَاضًا | فَلَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جاننے والا | اور | اگر | کوئی عورت | ڈرے | اپنے شوہر کی | بے رغبتی سے | یا | نفرت سے | تو نہیں |

خبر ہے۔ اور اگر عورت اپنے شوہر کی زیادتی یا بے رغبتی کا خوف کرے

جُنَاحَ عَلَيْهِمَآ اَنْ يُّصْلِحَا بَيْنَهُمَا صُلْحًا ۭ وَالصُّلْحُ خَيْرٌ ۭ

| جُنَاحَ | عَلَيْهِمَآ | اَنْ | يُّصْلِحَا | بَيْنَهُمَا | صُلْحًا | وَالصُّلْحُ | خَيْرٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گناہ | ان پر | یہ کہ | صلح کرلیں | آپس میں | صلح کرنا | اور صلح ہی | بہتر ہے |

تو ان پر گناہ نہیں کہ آپس میں صلح کر لیں اور صلح خوب ہے کیونکہ بخل

وَاُحْضِرَتِ الْاَنْفُسُ الشُّحَّ ۭ وَاِنْ تُحْسِنُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ

| وَ | اُحْضِرَتِ | الْاَنْفُسُ | الشُّحَّ | وَ | اِنْ | تُحْسِنُوْا | وَ | تَتَّقُوْا | فَاِنَّ | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جھکتے ہیں | دل | بخل کے ساتھ | اور | اگر | نیکی کرو | اور | پرہیزگاری | تو بیشک | اللہ |

تو نفسوں میں موجود رہتا ہے اور اگر تم نیکی اور پرہیزگاری کرو تو اللہ کو

كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿۱۲۸﴾ وَلَنْ تَسْتَطِيْعُوْٓا اَنْ تَعْدِلُوْا بَيْنَ

| كَانَ | بِمَا | تَعْمَلُوْنَ | خَبِيْرًا | وَلَنْ | تَسْتَطِيْعُوْٓا | اَنْ | تَعْدِلُوْا | بَيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہے | اس سے جو | کرتے ہو تم | خبردار | اور ہرگز نہیں | طاقت رکھتے تم | یہ کہ | انصاف کرو | درمیان |

تمہارے کاموں کی خبر ہے۔ اور تم ہرگز اس بات کی طاقت نہیں رکھتے کہ (ایک سے زائد) بیویوں کے درمیان (پورا

النِّسَآءِ وَلَوْ حَرَصْتُمْ فَلَا تَمِيْلُوْا كُلَّ الْمَيْلِ فَتَذَرُوْهَا كَالْمُعَلَّقَةِ ۭ

| النِّسَآءِ | وَ | لَوْ | حَرَصْتُمْ | فَلَا | تَمِيْلُوْا | كُلَّ | الْمَيْلِ | فَتَذَرُوْهَا | كَالْمُعَلَّقَةِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عورتوں کے | اور | اگرچہ | حرص کرو تم | تو نہ | جھکو تم | پورا | جھک جانا | کہ چھوڑو اس دوسری کو | لٹکی ہوئی |

پورا) عدل کرسکو اگرچہ تم کتنا بھی چاہو پس (ایک کی طرف) اس طرح مائل نہ ہو جاؤ کہ دوسری کو (درمیان میں) لٹکتی ہوئی چیز کی طرح

وَاِنْ تُصْلِحُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۲۹﴾ وَاِنْ

| وَ | اِنْ | تُصْلِحُوْا | وَ | تَتَّقُوْا | فَاِنَّ | اللّٰهَ | كَانَ | غَفُوْرًا | رَّحِيْمًا | وَاِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | اگر | مصالحت کرو | اور | پرہیزگاری | تو بیشک | اللہ | ہے | بخشنے والا | مہربان | اور اگر |

چھوڑ دو اور اگر تم اصلاح کر لو اور (حق تلفی و زیادتی سے) بچتے رہو تو اللہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔ اور اگر

يَّتَفَرَّقَا يُغْنِ اللّٰهُ كُلًّا مِّنْ سَعَتِهٖ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ وَاسِعًا حَكِيْمًا ﴿۱۳۰﴾

| حَكِيْمًا | وَاسِعًا | اللّٰهُ | وَكَانَ | مِّنْ سَعَتِهٖ | كُلًّا | اللّٰهُ | يُغْنِ | يَّتَفَرَّقَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حکمت والا | کشائش والا | اللہ | اور ہے | اپنی کشادگی سے | ہر ایک کو | اللہ | تو بے نیاز کرے گا | دونوں جدا ہوں |

دونوں (میاں بیوی) جدا ہو جائیں تو اللہ ہر ایک کو اپنی کشائش سے (ایک دوسرے سے) بے نیاز کردے گا اور اللہ بڑی وسعت والا بڑی حکمت والا ہے

وَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَ لَقَدْ وَصَّيْنَا

| وَصَّيْنَا | لَقَدْ | وَ | فِي الْاَرْضِ | مَا | وَ | فِي السَّمٰوٰتِ | مَا | لِلّٰهِ | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تاکید فرمائی ہے | بیشک | اور | زمین میں ہے | جو کچھ | اور | آسمانوں میں ہے | جو کچھ | اللہ ہی کا ہے | اور |

اور اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں اور جو کچھ زمین میں ہے اور بیشک ہم نے حکم دیا

الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَ اِيَّاكُمْ اَنِ اتَّقُوا

| اتَّقُوا | اَنِ | اِيَّاكُمْ | وَ | مِنْ قَبْلِكُمْ | الْكِتٰبَ | اُوْتُوا | الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ڈرو | یہ کہ | خاص تم کو بھی | اور | تم سے پہلے | کتاب | دیئے گئے | ان کو جو |

ان لوگوں کو جنہیں تم سے پہلے کتاب دی گئی اور تم کو (بھی) کہ اللہ سے ڈرتے رہو

اللّٰهَ ؕ وَ اِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَا

|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کافر | اور | لکھا ہم نے | ان پر | اس میں | بیشک | جان کے | بدلے جان | اور | آنکھ کے |

لوگ کافر ہیں۔ اور ہم نے اس (تورات) میں ان پر فرض کر دیا تھا کہ جان کے بدلے جان اور آنکھ

بِالْعَيْنِ وَالْاَنْفَ بِالْاَنْفِ وَالْاُذُنَ بِالْاُذُنِ وَالسِّنَّ بِالسِّنِّ ۙ

| بِالْعَيْنِ | وَ | الْاَنْفَ | بِالْاَنْفِ | وَ | الْاُذُنَ | بِالْاُذُنِ | وَالسِّنَّ | بِالسِّنِّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بدلے آنکھ | اور | ناک کے | بدلے ناک | اور | کان کے | بدلے کان | اور دانت کے | بدلے دانت کے |

کے عوض آنکھ اور ناک کے بدلے ناک اور کان کے عوض کان اور دانت کے بدلے دانت

وَالْجُرُوْحَ قِصَاصٌ ۭ فَمَنْ تَصَدَّقَ بِهٖ فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَّهٗ ۭ وَمَنْ لَّمْ

| وَالْجُرُوْحَ | قِصَاصٌ | فَمَنْ | تَصَدَّقَ | بِهٖ | فَهُوَ | كَفَّارَةٌ | لَّهٗ | وَ | مَنْ | لَّمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور زخموں کا | بدلہ ہے | تو جو | صدقہ کرے | اس کا | تو وہ | کفارہ ہے | اس کے لئے | اور | جو | نہ |

اور زخموں میں (بھی) بدلہ ہے تو جو شخص اس (قصاص) کو صدقہ (یعنی معاف) کر دے تو یہ اس (کے گناہوں) کیلئے کفارہ

يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَقَفَّيْنَا عَلٰٓي

| يَحْكُمْ | بِمَآ | اَنْزَلَ | اللّٰهُ | فَاُولٰۗىِٕكَ | هُمُ | الظّٰلِمُوْنَ | وَقَفَّيْنَا | عَلٰٓي |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حکم کرے | اس پر جو | اتارا | اللہ نے | تو یہ لوگ | وہی ہیں | ظالم | اور پیچھے بھیجا ہم نے | اوپر |

ہوگا اور جو شخص اللہ کے نازل کردہ حکم کے مطابق فیصلہ نہ کرے سو وہی لوگ ظالم ہیں۔ اور ہم نے ان (پیغمبروں)

اٰثَارِهِمْ بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ ۠

| اٰثَارِهِمْ | بِعِيْسَى | ابْنِ | مَرْيَمَ | مُصَدِّقًا | لِّمَا | بَيْنَ يَدَيْهِ | مِنَ التَّوْرٰىةِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کے قدموں کے | عیسیٰ | بیٹے | مریم کو | تصدیق کرتے | اس کی | جو ان سے آگے ہے | توریت کی |

کے پیچھے ان (ہی) کے نقشِ قدم پر عیسیٰ علیہ السلام بن مریم کو بھیجا جو اپنے سے پہلے کی (کتاب) تورات کی تصدیق

وَاٰتَیْنٰهُ الْاِنْجِیْلَ فِیْهِ هُدًى وَّنُوْرٌ ۙ وَّمُصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیْهِ

| وَ | اٰتَیْنٰهُ | الْاِنْجِیْلَ | فِیْهِ | هُدًى | وَّنُوْرٌ | وَّ | مُصَدِّقًا | لِّمَا | بَیْنَ یَدَیْهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | دی ہم نے اس کو | انجیل | اس میں | ہدایت | اور نور ہے | اور | تصدیق کرتی ہے | اسکی جو | ان کے آگے ہے |

کرنے والے تھے اور ہم نے ان کو انجیل عطا کی جس میں ہدایت اور نور ہے اور (یہ انجیل بھی) اپنے سے پہلے کی (کتاب)

مِنَ التَّوْرٰىةِ وَهُدًى وَّمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِیْنَ ؕ﴿۴۶﴾ وَلْیَحْكُمْ اَهْلُ الْاِنْجِیْلِ

| مِنَ التَّوْرٰىةِ | وَ | هُدًى | وَّمَوْعِظَةً | لِّلْمُتَّقِیْنَ | وَلْیَحْكُمْ | اَهْلُ الْاِنْجِیْلِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| توریت سے | اور | ہدایت | نصیحت تھی | پرہیزگاروں کیلئے | اور چاہئے کہ حکم کریں | انجیل والے |

تورات کی تصدیق کرنے والی اور ہدایت اور پرہیزگاروں کیلئے نصیحت تھی۔ اور انجیل والے اس کے مطابق

بِمَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ فِیْهِ ؕ وَمَنْ لَّمْ یَحْكُمْ بِمَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ

| بِمَاۤ | اَنْزَلَ | اللّٰهُ | فِیْهِ | وَ | مَنْ | لَّمْ | یَحْكُمْ | بِمَاۤ | اَنْزَلَ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس پر جو | اتارا | اللہ نے | اس میں | اور | جو | نہ | حکم کرے | اس پر جو | اتارا | اللہ نے |

فیصلہ کریں جو اللہ نے اس میں نازل کیا اور جو فیصلہ نہ کرے اس کے مطابق جو اللہ نے

فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَاَنْزَلْنَاۤ اِلَیْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا

| فَاُولٰٓئِكَ | هُمُ | الْفٰسِقُوْنَ | وَ | اَنْزَلْنَاۤ | اِلَیْكَ | الْكِتٰبَ | بِالْحَقِّ | مُصَدِّقًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو وہ | وہی ہیں | فاسق | اور | اتاری ہم نے | آپ کی طرف | کتاب | حق کے ساتھ | تصدیق فرمائی |

کیا تو وہی لوگ نافرمان ہیں۔ اور (اے حبیب ﷺ!) ہم نے یہ کتاب آپ پر حق کے ساتھ نازل کی تصدیق کرتی ہوئی

لِّمَا بَیْنَ یَدَیْهِ مِنَ الْكِتٰبِ وَمُهَیْمِنًا عَلَیْهِ فَاحْكُمْ بَیْنَهُمْ بِمَاۤ

| لِّمَا | بَیْنَ | یَدَیْهِ | مِنَ الْكِتٰبِ | وَ | مُهَیْمِنًا | عَلَیْهِ | فَاحْكُمْ | بَیْنَهُمْ | بِمَاۤ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اسکی جو | آگے | اس کے ہے | کتاب سے | اور | محافظ ہے | اس پر | تو فیصلہ کریں | ان میں | اس پر جو |

اس کی جو اس کے سامنے ہے (آسمانی) کتاب سے اور اس پر نگہبان پس فیصلہ کیجئے ان کے درمیان اس سے جو اللہ نے نازل کیا

أَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَآءَهُمْ عَمَّا جَآءَكَ مِنَ الْحَقِّ ط لِكُلٍّ

| أَنْزَلَ | اللّٰهُ | وَ | لَا | تَتَّبِعْ | أَهْوَآءَهُمْ | عَمَّا | جَآءَكَ | مِنَ الْحَقِّ | لِكُلٍّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اتارا | اللہ نے | اور | نہ | پیروی کریں | اپنے خواہشات کی | اس سے جو | آیا تمہارے پاس | سے حق | ہرایک کے لئے |

اور آپ ان کی خواہشات کے پیچھے نہ لگیں اس حق سے دور ہوکر جو آپ کے پاس آیا ہم نے تم میں سے ہرایک کیلئے الگ شریعت

جَعَلْنَا مِنْكُمْ شِرْعَةً وَّمِنْهَاجًا ط وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ أُمَّةً

| جَعَلْنَا | مِنْكُمْ | شِرْعَةً | وَّ | مِنْهَاجًا | وَ | لَوْ | شَآءَ | اللّٰهُ | لَجَعَلَكُمْ | أُمَّةً |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بنائی ہم نے | تم سب کیلئے | شریعت | اور | رستہ | اور | اگر | چاہتا | اللہ | تو بنادیتا تم کو | امت |

اور واضح راہ عمل بنائی ہے اور اگر اللہ چاہتا تو تم سب کو ایک ہی امت کردیتا لیکن اس نے (تمہارے حسب حال) جو (الگ الگ)

وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَآ اٰتٰكُمْ فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ط إِلَى

| وَّاحِدَةً | وَّ | لٰكِنْ | لِّيَبْلُوَكُمْ | فِيْ مَآ | اٰتٰكُمْ | فَاسْتَبِقُوا | الْخَيْرٰتِ | إِلَى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایک | اور | لیکن | تاکہ آزمائے تم کو | اس میں جو | دیا تم کو | تو سبقت چاہو | بھلائیوں کی طرف | طرف |

احکام تمہیں دیئے وہ ان میں تمہیں آزمانا چاہتا ہے تو بھلائیوں میں ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کی کوشش کرو،

اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿٤٨﴾ وَأَنِ

| اللّٰهِ | مَرْجِعُكُمْ | جَمِيْعًا | فَيُنَبِّئُكُمْ | بِمَا | كُنْتُمْ | فِيْهِ | تَخْتَلِفُوْنَ | وَ | أَنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ ہی کی ہے | تمہارا لوٹنا | سب کا | پھر بتادے گا تم کو | اس کی | کہ تھے تم | اس میں | جھگڑتے | اور | یہ کہ |

تم سب کو لوٹنا اللہ ہی کی طرف ہے تو وہ تمہیں خبر دے گا اس کی جس میں تم اختلاف کرتے تھے۔ اور یہ کہ

احْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ أَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَآءَهُمْ وَاحْذَرْهُمْ أَنْ

| احْكُمْ | بَيْنَهُمْ | بِمَآ | أَنْزَلَ | اللّٰهُ | وَ | لَا | تَتَّبِعْ | أَهْوَآءَهُمْ | وَ | احْذَرْهُمْ | أَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حکم کریں | ان میں | اس پر جو | اتارا | اللہ نے | اور | نہ | پیروی کریں | ان کی خواہشات کی | اور | بچتے رہو ان سے | یہ کہ |

اے مسلمان اللہ کے نازل کیے ہوئے پر فیصلہ کر اور ان کی خواہشوں پر نہ چل اور ان سے بچتا رہ

يَّفْتِنُوْكَ عَنْۢ بَعْضِ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكَ ؕ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمْ اَنَّمَا

| يَّفْتِنُوْكَ | عَنْۢ بَعْضِ | مَآ | اَنْزَلَ | اللّٰهُ | اِلَيْكَ | فَاِنْ | تَوَلَّوْا | فَاعْلَمْ | اَنَّمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لغزش نہ دے دیں آپ کو | بعض اس سے | جو | اتارا | اللہ نے | آپ کی | پھر اگر | منہ پھیریں | تو جان لے | اسکے سوا نہیں۔ |

کہ کہیں تجھے لغزش نہ دے دیں کسی حکم میں جو تیری طرف اترا پھر اگر وہ منہ پھیریں تو جان لو

يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّصِيْبَهُمْ بِبَعْضِ ذُنُوْبِهِمْ ؕ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ

| يُرِيْدُ | اللّٰهُ | اَنْ | يُّصِيْبَهُمْ | بِبَعْضِ | ذُنُوْبِهِمْ | وَ | اِنَّ | كَثِيْرًا | مِّنَ النَّاسِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چاہتا ہے | اللہ | یہ کہ | پہنچے ان کو | ان کے بعض | گناہوں کا بدلہ | اور | بیشک | بہت سے | لوگ |

کہ اللہ ان کے بعض گناہوں کی سزا کو پہنچاتے اور بے شک لوگوں کی اکثریت

لَفٰسِقُوْنَ ﴿۴۹﴾ اَفَحُكْمَ الْجَاهِلِيَّةِ يَبْغُوْنَ ؕ وَمَنْ اَحْسَنُ

| لَفٰسِقُوْنَ | اَفَحُكْمَ | الْجَاهِلِيَّةِ | يَبْغُوْنَ | وَ | مَنْ | اَحْسَنُ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فاسق ہیں | کیا حکم | جاہلیت کا | چاہتے ہیں | اور | کون | اچھا ہے |

نافرمانوں کی ہے۔ تو کیا وہ جاہلیت کا فیصلہ چاہتے ہیں اور اللہ سے بہتر

مِنَ اللّٰهِ حُكْمًا لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿۵۰﴾ ع يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

| مِنَ اللّٰهِ | حُكْمًا | لِّقَوْمٍ | يُّوْقِنُوْنَ | يٰۤاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ سے | حکم میں | اس قوم کے لئے | جو یقین والے ہیں | اے | وہ جو | ایمان لائے ہو |

کس کا فیصلہ ہے یقین والوں کیلئے۔ اے ایمان والو! یہود

لَا تَتَّخِذُوا الْيَهُوْدَ وَالنَّصٰرٰۤى اَوْلِيَآءَ ؕ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ؕ

| لَا | تَتَّخِذُوا | الْيَهُوْدَ | وَالنَّصٰرٰۤى | اَوْلِيَآءَ | بَعْضُهُمْ | اَوْلِيَآءُ | بَعْضٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہ | بناؤ | یہود | اور نصاریٰ کو | دوست | بعض ان کا | دوست ہے | بعض کا |

اور نصاریٰ کو دوست مت بناؤ یہ آپس میں ایک دوسرے کے دوست ہیں اور تم میں سے جو شخص

وقف لازم
وقف غفران

وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاِنَّهٗ مِنْهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ

| وَ | مَنْ | يَّتَوَلَّهُمْ | مِّنْكُمْ | فَاِنَّهٗ | مِنْهُمْ | اِنَّ | اللّٰهَ | لَا | يَهْدِى | الْقَوْمَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جو | دوستی رکھے ان سے | تم میں سے | تو وہ | انہی میں سے ہے | بیشک | اللہ | نہیں | ہدایت دیتا | قوم |

ان کو دوست بنائے گا بے شک وہ (بھی) ان میں سے ہو (جائے) گا یقیناً اللہ ظالم قوم کو

الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۱﴾ فَتَرَى الَّذِيْنَ فِىْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ يُّسَارِعُوْنَ

| الظّٰلِمِيْنَ | فَتَرَى | الَّذِيْنَ | فِىْ قُلُوْبِهِمْ | مَّرَضٌ | يُّسَارِعُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|
| ظالموں کو | تم دیکھو گے | ان کو کہ | ان کے دلوں میں | بیماری ہے | دوڑتے ہیں |

ہدایت نہیں فرماتا۔ سو آپ ایسے لوگوں کو دیکھیں گے جن کے دلوں میں (نفاق) کی بیماری ہے

فِيْهِمْ يَقُوْلُوْنَ نَخْشٰٓى اَنْ تُصِيْبَنَا دَآئِرَةٌ ؕ فَعَسَى اللّٰهُ اَنْ

| فِيْهِمْ | يَقُوْلُوْنَ | نَخْشٰى | اَنْ | تُصِيْبَنَا | دَآئِرَةٌ | فَعَسَى | اللّٰهُ | اَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان میں | کہتے ہیں | ہم ڈرتے ہیں | یہ کہ | پہنچے ہمیں | کوئی گردش | تو قریب ہے | اللہ | یہ کہ |

کہ وہ ان (یہود و نصاریٰ) میں دوڑتے ہیں کہتے ہیں ہمیں خوف ہے کہ ہم پر کوئی مصیبت (نہ) آ جائے تو بعید نہیں کہ اللہ (واقعتاً)

يَّاْتِىَ بِالْفَتْحِ اَوْ اَمْرٍ مِّنْ عِنْدِهٖ فَيُصْبِحُوْا عَلٰى مَآ اَسَرُّوْا

| يَّاْتِىَ | بِالْفَتْحِ | اَوْ | اَمْرٍ | مِّنْ عِنْدِهٖ | فَيُصْبِحُوْا | عَلٰى | مَآ | اَسَرُّوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لائے | فتح | یا | کوئی حکم | اپنی طرف سے | پھر ہو جائیں | اوپر | اسکے | جو چھپایا انہوں نے |

مسلمانوں کی) فتح کیلئے یا اپنی طرف سے کوئی خاص بات ظاہر کر دے تو یہ لوگ اس پر جسے یہ اپنے دلوں میں چھپائے ہوئے ہیں

فِىْٓ اَنْفُسِهِمْ نٰدِمِيْنَ ﴿۵۲﴾ ؕ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَهٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ

| فِىْٓ اَنْفُسِهِمْ | نٰدِمِيْنَ | وَيَقُوْلُ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | اَهٰٓؤُلَآءِ | الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنی جانوں میں | پشیمان | اور کہتے ہیں | وہ جو | مومن ہیں | کیا یہ | وہ ہیں کہ |

شرمندہ ہو کر رہ جائیں گے۔ اور (اس وقت) ایمان والے کہیں گے کیا یہی ہیں وہ لوگ جنہوں نے تاکید کے ساتھ

أَقْسَمُوا بِاللّٰهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ ۙ إِنَّهُمْ لَمَعَكُمْ ۚ حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ

| اَقْسَمُوْا | بِاللّٰهِ | جَهْدَ | اَيْمَانِهِمْ | اِنَّهُمْ | لَمَعَكُمْ | حَبِطَتْ | اَعْمَالُهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قسمیں کھائیں انہوں نے | اللہ کی | مضبوط | قسمیں | کہ بیشک وہ | تمہارے ساتھ ہیں | اکارت ہوئے | ان کے عمل |

اللہ کی پکی قسمیں کھا کر کہا تھا کہ بے شک ضرور ہم تمہارے ساتھ ہیں مٹ گئے ان کے سب عمل تو ہو گئے

فَأَصْبَحُوا خٰسِرِينَ ﴿٥٣﴾ يٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوا مَنْ يَّرْتَدَّ مِنْكُمْ

| فَاَصْبَحُوْا | خٰسِرِيْنَ | يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | مَنْ | يَّرْتَدَّ | مِنْكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو ہوگئے | نقصان اٹھانے والے | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | جو | پھر جائے گا | تم میں سے |

نقصان اٹھانے والے۔ اے ایمان والو! تم میں سے جو مرتد ہو جائے اپنے دین سے تو عنقریب لائے گا

عَنْ دِينِهٖ فَسَوْفَ يَأْتِي اللّٰهُ بِقَوْمٍ يُّحِبُّهُمْ وَيُحِبُّونَهٗٓ ۙ أَذِلَّةٍ عَلَى

| عَنْ دِيْنِهٖ | فَسَوْفَ | يَاْتِي | اللّٰهُ | بِقَوْمٍ | يُّحِبُّهُمْ | وَيُحِبُّوْنَهٗ | اَذِلَّةٍ | عَلَى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنے دین سے | تو جلدی | لائے گا | اللہ | ایسی قوم کو | کہ اللہ انکو دوست رکھیگا | اور وہ اللہ کو دوست رکھتے ہیں | نرم | اوپر |

اللہ ایسی قوم کو کہ اللہ ان سے محبت کرے گا اور وہ اللہ سے محبت کریں گے مومنوں پر نرم ہوں گے

الْمُؤْمِنِينَ أَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِينَ ۫ يُجٰهِدُونَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

| الْمُؤْمِنِيْنَ | اَعِزَّةٍ | عَلَى | الْكٰفِرِيْنَ | يُجَاهِدُوْنَ | فِيْ | سَبِيْلِ | اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مسلمانوں کے | سخت | اوپر | کافروں کے | جہاد کریں گے | میں | راہ | اللہ کے |

(اور) کافروں پر سخت ہوں گے جہاد کریں گے اللہ کی راہ میں اور کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے

وَلَا يَخَافُونَ لَوْمَةَ لَآئِمٍ ۚ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَّشَآءُ ۚ

| وَ | لَا | يَخَافُوْنَ | لَوْمَةَ | لَآئِمٍ | ذٰلِكَ | فَضْلُ | اللّٰهِ | يُؤْتِيْهِ | مَنْ | يَّشَآءُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نہ | ڈریں گے | ملامت سے | ملامت کرنیوالوں کی | یہ | فضل ہے | اللہ کا | دیتا ہے یہ | جسے | چاہے |

نہ ڈریں گے یہ اللہ کا فضل ہے جسے چاہتا ہے دیتا ہے اور اللہ بڑی

وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿٥٤﴾ اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوا

| وَ | اللّٰهُ | وَاسِعٌ | عَلِيْمٌ | اِنَّمَا | وَلِيُّكُمُ | اللّٰهُ | وَ | رَسُوْلُهٗ | وَ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | اللہ | وسعت والا | جاننے والا ہے | اسکے سوا نہیں کہ | تمہارا دوست | اللہ ہے | اور | اس کا رسول | اور | وہ جو | مومن ہیں |

وسعت والا بہت علم والا ہے۔ تمہارے دوست تو صرف اللہ اور اس کا رسول ﷺ اور ایمان والے ہیں

الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ رٰكِعُوْنَ ﴿٥٥﴾

| الَّذِيْنَ | يُقِيْمُوْنَ | الصَّلٰوةَ | وَ | يُؤْتُوْنَ | الزَّكٰوةَ | وَ | هُمْ | رٰكِعُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ جو | قائم کرتے ہیں | نماز | اور | دیتے ہیں | زکوۃ | اور | وہ | رکوع میں جھکے ہوئے ہیں |

جو نماز قائم کرتے ہیں اور زکوۃ دیتے ہیں اور اللہ کے حضور جھکنے والے ہیں۔

وَمَنْ يَّتَوَلَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَاِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ

| وَ | مَنْ | يَّتَوَلَّ | اللّٰهَ | وَ | رَسُوْلَهٗ | وَ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | فَاِنَّ | حِزْبَ | اللّٰهِ | هُمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جو | دوستی رکھے | اللہ سے | اور | اسکے رسول سے | اور | ان سے جو | مومن ہیں | تو بیشک | گروہ | اللہ کا | وہی ہے |

اور جو اللہ اور اس کے رسول اور مسلمانوں کو اپنا دوست بنائے تو بے شک اللہ ہی کا

الْغٰلِبُوْنَ ﴿٥٦﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا

| الْغٰلِبُوْنَ | يٰۤاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | لَا | تَتَّخِذُوا | الَّذِيْنَ | اتَّخَذُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غالب | اے | لوگو | جو ایمان لائے ہو | نہ | پکڑو | ان کو جنہوں نے | پکڑا |

گروہ غالب ہے۔ اے ایمان والو! ایسے لوگوں میں سے جنہیں تم سے پہلے کتاب دی گئی تھی

دِيْنَكُمْ هُزُوًا وَّلَعِبًا مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَالْكُفَّارَ

| دِيْنَكُمْ | هُزُوًا | وَّ | لَعِبًا | مِّنَ الَّذِيْنَ | اُوْتُوا | الْكِتٰبَ | مِنْ قَبْلِكُمْ | وَ | الْكُفَّارَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تمہارے دین کو | ہنسی | اور | کھیل | ان سے | جو دیئے گئے | کتاب | تم سے پہلے | اور | کافروں کو |

ان کو جو تمہارے دین کو مذاق اور کھیل بنائے ہوئے ہیں اور کافروں کو دوست مت بناؤ

أَوْلِيَآءَ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ إِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿٥٧﴾ وَإِذَا نَادَيْتُمْ إِلَى

| أَوْلِيَآءَ | وَاتَّقُوا | اللّٰهَ | إِنْ | كُنْتُمْ | مُّؤْمِنِيْنَ | وَ | إِذَا | نَادَيْتُمْ | إِلَى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دوست | اور ڈرو | اللہ سے | اگر | ہوتم | مومن | اور | جب | بلاتے ہوتم | طرف |

اور اللہ سے ڈرتے رہو بشرطیکہ تم (واقعی) صاحب ایمان ہو۔ اور جب تم نماز کیلئے (لوگوں کو بصورتِ اذان)

الصَّلٰوةِ اتَّخَذُوْهَا هُزُوًا وَّلَعِبًا ۭ ذٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْقِلُوْنَ ﴿٥٨﴾

| الصَّلٰوةِ | اتَّخَذُوْهَا | هُزُوًا | وَّ | لَعِبًا | ذٰلِكَ | بِأَنَّهُمْ | قَوْمٌ | لَّا | يَعْقِلُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نماز کی | بنالیتے ہیں اس کو | ہنسی | اور | کھیل | یہ | اس لئے ہے کہ وہ | قوم ہیں | نہ | عقل والے |

پکارتے ہو تو یہ (لوگ) اسے ہنسی اور کھیل بنا لیتے ہیں یہ اس لئے کہ وہ ایسے لوگ ہیں جو (بالکل) عقل ہی نہیں رکھتے۔

قُلْ يٰۤأَهْلَ الْكِتٰبِ هَلْ تَنْقِمُوْنَ مِنَّآ إِلَّآ أَنْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ أُنْزِلَ

| قُلْ | يٰۤأَهْلَ الْكِتٰبِ | هَلْ | تَنْقِمُوْنَ | مِنَّآ | إِلَّآ | أَنْ | اٰمَنَّا | بِاللّٰهِ | وَ | مَآ | أُنْزِلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فرماؤ | اے کتاب والو | نہیں | برا لگا تم کو | ہم سے | مگر | یہ کہ | ہم ایمان لائے | اللہ پر | اور | جو | اتارا گیا |

آپ ﷺ فرما دیجئے اے کتاب والو! ہماری کیا بات تمہیں بری لگی بجز اس کے کہ ہم اللہ پر ایمان لائے اور اس

إِلَيْنَا وَمَآ أُنْزِلَ مِنْ قَبْلُ ۙ وَأَنَّ أَكْثَرَكُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿٥٩﴾ قُلْ هَلْ

| إِلَيْنَا | وَ | مَآ | أُنْزِلَ | مِنْ قَبْلُ | وَ | أَنَّ | أَكْثَرَكُمْ | فٰسِقُوْنَ | قُلْ | هَلْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہماری طرف | اور | جو | اتارا گیا | پہلے | اور | بیشک | اکثر تمہارے | فاسق ہیں | فرماؤ | کیا |

پر جو ہماری طرف نازل ہوا اور اس پر جو پہلے نازل ہوا اور بیشک تمہارے اکثر لوگ نافرمان ہیں۔ آپ ﷺ انہیں

أُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكَ مَثُوْبَةً عِنْدَ اللّٰهِ ۭ مَنْ لَّعَنَهُ اللّٰهُ

| أُنَبِّئُكُمْ | بِشَرٍّ | مِّنْ ذٰلِكَ | مَثُوْبَةً | عِنْدَ | اللّٰهِ | مَنْ | لَّعَنَهُ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بتاؤں میں تم کو | برا | اس سے | ثواب میں | نزدیک | اللہ کے | وہ | جس کو لعنت کی | اللہ نے |

فرما دیجئے، کیا میں تمہیں بتا دوں کہ (درحقیقت) اللہ کے نزدیک سزا میں اس سے برا کون ہے؟ (برے) وہ لوگ ہیں جن پر اللہ

وَغَضِبَ عَلَيْهِ وَجَعَلَ مِنْهُمُ الْقِرَدَةَ وَالْخَنَازِيرَ وَعَبَدَ

| وَ | غَضِبَ | عَلَيْهِ | وَ | جَعَلَ | مِنْهُمُ | الْقِرَدَةَ | وَ | الْخَنَازِيرَ | وَ | عَبَدَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | غضب فرمایا | اس پر | اور | بنائے | ان سے | بندر | اور | سور | اور | پجاری |

نے لعنت کی اور ان پر غضب کیا اور بعض کو ان میں سے بندر اور (بعض کو) سور بنا دیا اور جنہوں نے شیطان

الطَّاغُوتَ ۚ أُولَٰئِكَ شَرٌّ مَكَانًا وَأَضَلُّ عَنْ سَوَاءِ السَّبِيلِ ﴿٦٠﴾

| الطَّاغُوتَ | أُولَٰئِكَ | شَرٌّ | مَكَانًا | وَ | أَضَلُّ | عَنْ سَوَاءِ السَّبِيلِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| شیطان کے | یہ لوگ | برے ہیں | جگہ میں | اور | گمراہ ہیں | سیدھی راہ سے |

کی عبادت کی وہی لوگ ہیں جن کا ٹھکانا بدترین ہے اور وہ سیدھی راہ سے بہت زیادہ بھٹکے ہوئے ہیں۔

وَإِذَا جَاءُوكُمْ قَالُوا آمَنَّا وَقَدْ دَخَلُوا بِالْكُفْرِ وَهُمْ قَدْ خَرَجُوا

| وَ | إِذَا | جَاءُوكُمْ | قَالُوا | آمَنَّا | وَقَدْ | دَخَلُوا | بِالْكُفْرِ | وَهُمْ | قَدْ | خَرَجُوا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جب | آتے ہیں آپ کے پاس | کہتے ہیں | ہم ایمان لائے | اور بیشک | داخل ہوئے | ساتھ کفر کے | اور وہ | بیشک | نکلے |

اور جب وہ تمہارے پاس آئیں تو کہتے ہیں ہم مسلمان ہیں اور وہ آتے وقت بھی کافر تھے

بِهِ ۚ وَاللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا كَانُوا يَكْتُمُونَ ﴿٦١﴾ وَتَرَىٰ كَثِيرًا مِنْهُمْ

| بِهِ | وَ | اللَّهُ | أَعْلَمُ | بِمَا | كَانُوا | يَكْتُمُونَ | وَ | تَرَىٰ | كَثِيرًا | مِنْهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ساتھ اس کے | اور | اللہ | خوب جانتا ہے | جو | وہ | چھپاتے ہیں | اور | دیکھو گے تم | بہت کو | ان میں سے |

اور جاتے وقت بھی کافر اور اللہ خوب جانتا ہے جو چھپا رہے ہیں۔ اور ان میں سے آپ اکثر کو دیکھو گے کہ

يُسَارِعُونَ فِي الْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَأَكْلِهِمُ السُّحْتَ ۚ لَبِئْسَ مَا

| يُسَارِعُونَ | فِي الْإِثْمِ | وَ | الْعُدْوَانِ | وَأَكْلِهِمُ | السُّحْتَ | لَبِئْسَ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دوڑتے ہیں | گناہ میں | اور | زیادتی میں | اور کھانا ان کا | حرام ہے | برا ہے | جو |

گناہ اور زیادتی اور حرام کھانے پر لپکتے ہیں بے شک بہت ہی

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٦٢﴾ لَوْلَا يَنْهٰهُمُ الرَّبّٰنِيُّوْنَ وَالْاَحْبَارُ عَنْ قَوْلِهِمُ

| كَانُوْا | يَعْمَلُوْنَ | لَوْ | لَا | يَنْهٰهُمُ | الرَّبّٰنِيُّوْنَ | وَ | الْاَحْبَارُ | عَنْ | قَوْلِهِمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ | کرتے ہیں | اگر | نہ | منع کرتے ہیں | درویش | اور | پادری | سے | کہنے انکے |

برے کام کرتے ہیں۔ کیوں نہیں ان کے فقہا اور علماء گناہ کی بات کہنے سے اور حرام

الْاِثْمَ وَاَكْلِهِمُ السُّحْتَ ؕ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿٦٣﴾ وَقَالَتِ

| الْاِثْمَ | وَاَكْلِهِمُ | السُّحْتَ | لَبِئْسَ | مَا | كَانُوْا | يَصْنَعُوْنَ | وَقَالَتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گناہ کے | اور کھانا ان کا | حرام کو | برا ہے | جو | وہ | کرتے ہیں | اور کہا |

کھانے سے روکتے؟ کتنے برے کام ہیں جو وہ کر رہے ہیں۔ اور یہود کہتے ہیں

الْيَهُوْدُ يَدُ اللّٰهِ مَغْلُوْلَةٌ ؕ غُلَّتْ اَيْدِيْهِمْ وَلُعِنُوْا بِمَا قَالُوْا ۘ بَلْ

| الْيَهُوْدُ | يَدُ | اللّٰهِ | مَغْلُوْلَةٌ | غُلَّتْ | اَيْدِيْهِمْ | وَلُعِنُوْا | بِمَا | قَالُوْا | بَلْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہودیوں نے | ہاتھ | اللہ کا | بندھا ہوا ہے | باندھے جائیں | انکے ہاتھ | اور لعنت کیے گئے | بدلے | کہنے کے | بلکہ |

کہ اللہ کا ہاتھ بندھا ہوا ہے ہاتھ تو ان کے باندھے جائیں گے اور جو کچھ انہوں نے کہا اس کے باعث

يَدٰهُ مَبْسُوْطَتٰنِ ۙ يُنْفِقُ كَيْفَ يَشَآءُ ؕ وَلَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّآ

| يَدٰهُ | مَبْسُوْطَتٰنِ | يُنْفِقُ | كَيْفَ | يَشَآءُ | وَ | لَيَزِيْدَنَّ | كَثِيْرًا | مِّنْهُمْ | مَّآ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس کے ہاتھ | کشادہ ہیں | عطا فرماتا ہے | جیسے | چاہے | اور | زیادہ کرتا ہے | بہت کو | ان میں سے | جو |

ان پر لعنت کی گئی بلکہ اس کے دونوں ہاتھ کشادہ ہیں وہ جس طرح چاہتا ہے خرچ فرماتا ہے اور (اے حبیب ﷺ!) جو آپ کی

اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ؕ وَاَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ

| اُنْزِلَ | اِلَيْكَ | مِنْ رَّبِّكَ | طُغْيَانًا | وَّ | كُفْرًا | وَ | اَلْقَيْنَا | بَيْنَهُمُ | الْعَدَاوَةَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اتارا گیا | تمہاری طرف | آپ کے رب سے | سرکشی | اور | کفر | اور | ڈالی ہم نے | ان کے درمیان | دشمنی |

طرف آپ کے رب کی جانب سے نازل کی گئی ہے یقیناً ان میں سے اکثر لوگوں کو سرکشی اور کفر میں

وقف لازم

وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ؕ كُلَّمَآ اَوْقَدُوْا نَارًا لِّلْحَرْبِ

| وَالْبَغْضَآءَ | اِلٰى يَوْمِ | الْقِيٰمَةِ | كُلَّمَآ | اَوْقَدُوْا | نَارًا | لِّلْحَرْبِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اور ناراضگی | دن تک | قیامت کے | جب بھی | جلائی انہوں نے | آگ | جنگ کی |

اور ہم نے ان کے درمیان روزِ قیامت تک عداوت اور بغض ڈال دیا ہے جب بھی یہ لوگ لڑائی

اَطْفَاَهَا اللّٰهُ ۙ وَيَسْعَوْنَ فِى الْاَرْضِ فَسَادًا ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ

| اَطْفَاَهَا | اللّٰهُ | وَ | يَسْعَوْنَ | فِى | الْاَرْضِ | فَسَادًا | وَ | اللّٰهُ | لَا | يُحِبُّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بجھایا اس کو | اللہ نے | اور | کوشش کرتے ہیں | میں | زمین | فساد کی | اور | اللہ | نہیں | پسند کرتا |

کی آگ بھڑکاتے ہیں اللہ اسے بجھا دیتا ہے اور یہ زمین میں فساد انگیزی کرتے رہتے ہیں اور اللہ فساد کرنے والوں کو

الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۶۴﴾ وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْكِتٰبِ اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَكَفَّرْنَا

| الْمُفْسِدِيْنَ | وَ | لَوْ | اَنَّ | اَهْلَ الْكِتٰبِ | اٰمَنُوْا | وَاتَّقَوْا | لَكَفَّرْنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فسادیوں کو | اور | اگر | بیشک | کتاب والے | ایمان لاتے | اور پرہیزگار ہوجاتے | تو دور کرتے ہم |

پسند نہیں کرتا۔ اور اگر اہلِ کتاب ایمان لاتے اور متقی بنتے تو ہم ضرور ان کے گناہ

عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَاَدْخَلْنٰهُمْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿۶۵﴾ وَلَوْ اَنَّهُمْ اَقَامُوا

| عَنْهُمْ | سَيِّاٰتِهِمْ | وَ | لَاَدْخَلْنٰهُمْ | جَنّٰتِ | النَّعِيْمِ | وَ | لَوْ | اَنَّهُمْ | اَقَامُوا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان سے | ان کے گناہ | اور | داخل کرتے ان کو | جنت | نعمتوں والی میں | اور | اگر | وہ | قائم کرتے |

ان سے دور کر دیتے اور ضرور انہیں داخل کرتے نعمتوں بھرے باغات میں۔ اور اگر وہ قائم رکھتے

التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِمْ مِّنْ رَّبِّهِمْ لَاَكَلُوْا مِنْ فَوْقِهِمْ

| التَّوْرٰىةَ | وَ | الْاِنْجِيْلَ | وَ | مَآ | اُنْزِلَ | اِلَيْهِمْ | مِّنْ رَّبِّهِمْ | لَاَكَلُوْا | مِنْ فَوْقِهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| توریت | اور | انجیل | اور | جو | اتارا گیا | ان کی طرف | ان کے رب سے | تو کھاتے | اپنے اوپر سے |

تورات اور انجیل کو اور اسے جو ان کیلئے ان کے رب کی طرف سے نازل ہوا تو وہ ضرور رزق پاتے اپنے اوپر سے

وَمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ ؕ مِنْهُمْ اُمَّةٌ مُّقْتَصِدَةٌ ؕ وَكَثِيْرٌ

| وَ | مِنْ تَحْتِ | اَرْجُلِهِمْ | مِنْهُمْ | اُمَّةٌ | مُّقْتَصِدَةٌ | وَ | كَثِيْرٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نیچے سے | اپنے پاؤں کے | ان میں سے | ایک گروہ | اعتدال پر ہے | اور | بہت سے |

اور اپنے قدموں کے نیچے سے ان میں سے کچھ لوگ اعتدال پر ہیں اور بکثرت لوگ ان میں سے

مِّنْهُمْ سَآءَ مَا يَعْمَلُوْنَ ﴿٦٦﴾ يٰۤاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ

| مِّنْهُمْ | سَآءَ | مَا | يَعْمَلُوْنَ | يٰۤاَيُّهَا | الرَّسُوْلُ | بَلِّغْ | مَآ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان میں سے | برا ہے | جو | وہ کرتے ہیں | اے | رسول | پہنچا دو | جو |

بہت ہی برے کام کر رہے ہیں۔ اے رسول مکرم پہنچا دیجئے جو کچھ

اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ؕ وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ

| اُنْزِلَ | اِلَيْكَ | مِنْ رَّبِّكَ | وَ | اِنْ | لَّمْ | تَفْعَلْ | فَمَا | بَلَّغْتَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اتارا گیا | آپ کی طرف | آپ کے رب کی طرف سے | اور | اگر | نہ | کیا آپ نے | تو نہ | پہنچایا آپ نے |

آپ پر نازل کیا گیا تمہارے رب کی طرف سے اور ایسا نہ ہو کہ آپ اللہ کا

رِسَالَتَهٗ ؕ وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

| رِسَالَتَهٗ | وَ | اللّٰهُ | يَعْصِمُكَ | مِنَ النَّاسِ | اِنَّ | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اس کا پیغام | اور | اللہ | بچائے گا آپ کو | لوگوں سے | بیشک | اللہ |

پیغام نہ پہنچا پائیں اور اللہ تمہاری حفاظت فرمائے گا لوگوں سے بیشک اللہ

لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٦٧﴾ قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لَسْتُمْ

| لَا | يَهْدِي | الْقَوْمَ | الْكٰفِرِيْنَ | قُلْ | يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ | لَسْتُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | ہدایت دیتا | قوم | کفار کو | فرما دو | اے کتابیو | نہیں ہو تم |

کافروں کو راہ نہیں دیتا۔ تو آپ فرما دیجئے اے اہل کتاب

عَلٰى شَیْءٍ حَتّٰى تُقِیْمُوا التَّوْرٰىةَ وَ الْاِنْجِیْلَ وَ مَآ

| عَلٰى | شَیْءٍ | حَتّٰى | تُقِیْمُوا | التَّوْرٰىةَ | وَ | الْاِنْجِیْلَ | وَ | مَآ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر | کسی چیز کے | جب تک نہ | قائم کرو | توریت | اور | انجیل | اور | جو |

تم کچھ بھی نہیں ہو جب تک نہ قائم کرو توریت اور انجیل اور جو کچھ تمہاری طرف تمہارے رب کے پاس سے نازل ہوا

اُنْزِلَ اِلَیْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ وَلَیَزِیْدَنَّ كَثِیْرًا مِّنْهُمْ مَّآ

| اُنْزِلَ | اِلَیْكُمْ | مِّنْ رَّبِّكُمْ | وَ | لَیَزِیْدَنَّ | كَثِیْرًا | مِّنْهُمْ | مَّآ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اتارا گیا | تمہاری طرف | تمہارے رب سے | اور | زیادہ ہوں گے | بہت سے | ان میں سے | اس سے جو |

اور بے شک اے محبوب ﷺ وہ جو تمہاری طرف تمہارے رب کے پاس سے نازل کیا گیا ہے

اُنْزِلَ اِلَیْكَ مِنْ رَّبِّكَ طُغْیَانًا وَّ كُفْرًا ۚ فَلَا تَاْسَ عَلَى

| اُنْزِلَ | اِلَیْكَ | مِنْ رَّبِّكَ | طُغْیَانًا | وَّ | كُفْرًا | فَلَا | تَاْسَ | عَلَى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اتارا گیا | آپ کی طرف | آپ کے رب سے | سرکشی | اور | کفر میں | تو نہ | غم کھائیں | اوپر |

اور وہ یقیناً اکثر لوگوں کی سرکشی اور کفر میں اضافہ ہی کرے گا آپ

الْقَوْمِ الْكٰفِرِیْنَ ۝۶۸ اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ الَّذِیْنَ هَادُوْا

| الْقَوْمِ | الْكٰفِرِیْنَ | اِنَّ | الَّذِیْنَ | اٰمَنُوْا | وَ | الَّذِیْنَ | هَادُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قوم | کافروں کے | بیشک | وہ جو | ایمان لائے | اور | وہ جو | یہودی ہوئے |

کافروں کا کچھ غم نہ کھاؤ۔ بے شک (خود کو) مسلمان (کہنے والے) اور یہودی

وَالصّٰبِـُٔوْنَ وَ النَّصٰرٰى مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَ الْیَوْمِ الْاٰخِرِ

| وَالصّٰبِـُٔوْنَ | وَ | النَّصٰرٰى | مَنْ | اٰمَنَ | بِاللّٰهِ | وَ | الْیَوْمِ | الْاٰخِرِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور ستارہ پرست | اور | نصرانی | جو | ایمان لائے | اللہ پر | اور | دن | قیامت پر |

اور صابی اور نصرانی جو بھی اللہ پر اور یوم آخرت پر ایمان لا ئے

وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿٦٩﴾

| وَعَمِلَ | صَالِحًا | فَلَا | خَوْفٌ | عَلَيْهِمْ | وَ | لَا | هُمْ | يَحْزَنُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور کام کرے | اچھے | تو نہ | اندیشہ ہوگا | ان پر | اور | نہ | وہ | غمگین ہوں گے |

اور نیک عمل کرتے رہے تو ان پر نہ کوئی خوف ہو گا اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔

لَقَدْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ وَاَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمْ

| لَقَدْ | اَخَذْنَا | مِيْثَاقَ | بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ | وَ | اَرْسَلْنَآ | اِلَيْهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک | لیا ہم نے | عہد | بنی اسرائیل سے | اور | بھیجے ہم نے | ان کی طرف |

بے شک ہم نے بنی اسرائیل سے عہد (بھی) لیا اور ہم نے ان کی طرف (بہت سے) پیغمبر (بھی)

رُسُلًا ؕ كُلَّمَا جَآءَهُمْ رَسُوْلٌۢ بِمَا لَا تَهْوٰٓى اَنْفُسُهُمْ ۙ

| رُسُلًا | كُلَّمَا | جَآءَهُمْ | رَسُوْلٌ | بِمَا | لَا | تَهْوٰٓى | اَنْفُسُهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کئی رسول | جب بھی | آتا ان کے پاس | کوئی رسول | جسے | نہ | چاہتے تھے | ان کے نفس |

بھیجے (مگر) جب بھی ان کے پاس کوئی پیغمبر ایسا حکم لایا جسے ان کے دل نہیں چاہتے تھے تو

فَرِيْقًا كَذَّبُوْا وَفَرِيْقًا يَّقْتُلُوْنَ ﴿٧٠﴾ وَحَسِبُوْٓا اَلَّا تَكُوْنَ

| فَرِيْقًا | كَذَّبُوْا | وَ | فَرِيْقًا | يَقْتُلُوْنَ | وَحَسِبُوْٓا | اَلَّا | تَكُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایک گروہ کو | جھٹلایا انہوں نے | اور | ایک گروہ کو | شہید کرتے ہیں | اور انہوں نے خیال کیا | کہ نہ | ہوگا |

انہوں نے ایک جماعت کو جھٹلایا اور ایک کو قتل کرتے رہے۔ اور وہ یہ گمان کر بیٹھے کہ (انہیں)

فِتْنَةٌ فَعَمُوْا وَصَمُّوْا ثُمَّ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ثُمَّ عَمُوْا

| فِتْنَةٌ | فَعَمُوْا | وَصَمُّوْا | ثُمَّ | تَابَ | اللّٰهُ | عَلَيْهِمْ | ثُمَّ | عَمُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فتنہ | پھر اندھے ہوئے | اور بہرے | پھر | توبہ قبول کی | اللہ نے | ان کی | پھر | اندھے ہوئے |

کوئی عذاب نہ ہوگا تو وہ اندھے اور بہرے ہو گئے پھر اللہ نے ان کی توبہ قبول فرمائی اس کے بعد بھی ان میں سے

وَصَمُّوْا كَثِيْرٌ مِّنْهُمْ ۭ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ۝۷۱ لَقَدْ

| لَقَدْ | يَعْمَلُوْنَ | بِمَا | بَصِيْرٌۢ | اللّٰهُ | وَ | مِّنْهُمْ | كَثِيْرٌ | صَمُّوْا | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک | وہ کرتے ہیں | جو | دیکھنے والا ہے | اللہ | اور | ان میں سے | بہت سے | بہرے | اور |

بہت لوگ اندھے اور بہرے ہو گئے اور اللہ وہ سب کچھ دیکھنے والا ہے جو وہ کرتے ہیں۔ بے شک

كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ۭ

| مَرْيَمَ | ابْنُ | الْمَسِيْحُ | هُوَ | اللّٰهَ | اِنَّ | قَالُوْٓا | الَّذِيْنَ | كَفَرَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مریم کا | بیٹا | مسیح | وہ ہے | اللہ | بیشک | کہا | وہ جنہوں نے | کافر ہوئے |

کافر ہو گئے وہ لوگ جنہوں نے کہا یقیناً مسیح ابن مریم ہی اللہ ہے حالانکہ مسیح

وَقَالَ الْمَسِيْحُ يٰبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّيْ

| رَبِّيْ | اللّٰهَ | اعْبُدُوا | اِسْرَاۗءِيْلَ | يٰبَنِيْٓ | الْمَسِيْحُ | قَالَ | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جو میرا رب ہے | اللہ کی | عبادت کرو | یعقوب | اے اولاد | مسیح نے | کہا | اور |

نے کہا تھا کہ اے بنی اسرائیل عبادت کرو اللہ کی جو میرا اور تمہارا رب ہے

وَرَبَّكُمْ ۭ اِنَّهٗ مَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ

| عَلَيْهِ | اللّٰهُ | حَرَّمَ | فَقَدْ | بِاللّٰهِ | يُّشْرِكْ | مَنْ | اِنَّهٗ | رَبَّكُمْ | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس پر | اللہ نے | حرام کی | تو بیشک | اللہ کے ساتھ | شرک کرے | جو | بیشک | تمہارا رب ہے | اور |

بے شک جو بھی اللہ کے ساتھ شرک کرے گا تو یقیناً اللہ نے اس پر جنت حرام کر دی

الْجَنَّةَ وَمَاْوٰىهُ النَّارُ ۭ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ۝۷۲

| اَنْصَارٍ | مِنْ | لِلظّٰلِمِيْنَ | مَا | وَ | النَّارُ | مَاْوٰىهُ | وَ | الْجَنَّةَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مددگار | کوئی | ظالموں کے لئے | نہیں | اور | آگ ہے | ٹھکانہ اس کا | اور | جنت |

اور اس کا ٹھکانا (دوزخ کی) آگ ہے اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں۔

لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ ثَالِثُ ثَلٰثَةٍ ۘ وَ مَا

| مَا | وَ | ثَلٰثَةٍ | ثَالِثُ | اللّٰهَ | اِنَّ | قَالُوْٓا | الَّذِيْنَ | كَفَرَ | لَقَدْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | اور | تین میں سے | تیسرا ہے | اللہ | بیشک | کہا | وہ جنہوں نے | کافر ہوگئے | بیشک |

بے شک وہ لوگ (بھی) کافر ہو گئے جنہوں نے کہا "یقیناً اللہ تین (خداؤں) میں سے تیسرا ہے"

مِنْ اِلٰهٍ اِلَّآ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۭ وَ اِنْ لَّمْ يَنْتَهُوْا عَمَّا

| عَمَّا | يَنْتَهُوْا | لَمْ | اِنْ | وَ | وَّاحِدٌ | اِلٰهٌ | اِلَّآ | اِلٰهٍ | مِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس سے جو | باز آئے | نہ | اگر | اور | ایک | معبود | مگر | معبود | کوئی |

حالانکہ معبود تو ایک (اللہ) ہی ہے اور اگر وہ اس (کفر یہ بات) سے جو وہ کہہ رہے ہیں

يَقُوْلُوْنَ لَيَمَسَّنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۷۳﴾

| اَلِيْمٌ | عَذَابٌ | مِنْهُمْ | كَفَرُوْا | الَّذِيْنَ | لَيَمَسَّنَّ | يَقُوْلُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| دردناک | عذاب | ان میں سے | کافر ہوئے | ان کو جو | ضرور پہنچے گا | کہتے ہیں |

باز نہ آئے تو ان میں سے جو کفر پر قائم رہے انہیں ضرور درد ناک عذاب پہنچے گا۔

اَفَلَا يَتُوْبُوْنَ اِلَى اللّٰهِ وَيَسْتَغْفِرُوْنَهٗ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ

| غَفُوْرٌ | وَاللّٰهُ | وَيَسْتَغْفِرُوْنَهٗ | اللّٰهِ | اِلَى | يَتُوْبُوْنَ | اَفَلَا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بخشنے والا | اور اللہ | اور بخشش مانگتے اس سے | اللہ کی | طرف | توبہ کرتے | کیا نہیں |

تو کیوں نہیں رجوع کرتے اللہ کی طرف اور اس سے بخشش مانگتے اور اللہ بخشنے والا

رَّحِيْمٌ ﴿۷۴﴾ مَا الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ

| قَدْ | رَسُوْلٌ | اِلَّا | مَرْيَمَ | ابْنُ | الْمَسِيْحُ | مَا | رَّحِيْمٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک | رسول ہے | مگر | مریم کا ہے | بیٹا | مسیح | اس کے سوا نہیں کہ | مہربان ہے |

مہربان ہے۔ مسیح ابن مریم رسول کے سوا (کچھ) نہیں ہیں یقیناً ان سے پہلے (بھی) بہت رسول گزر چکے ہیں

خَلَتۡ مِنۡ قَبۡلِهِ الرُّسُلُ ؕ وَ اُمُّهٗ صِدِّيۡقَةٌ ؕ كَانَا

| خَلَتۡ | مِنۡ قَبۡلِهِ | الرُّسُلُ | وَ | اُمُّهٗ | صِدِّيۡقَةٌ | كَانَا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| گزر چکے | اس سے پہلے | رسول | اور | اس کی ماں | صدیقہ ہے | وہ تھے |

اور ان کی والدہ بڑی صاحب صدق تھیں وہ دونوں کھانا بھی کھایا کرتے تھے (اے حبیب ﷺ) دیکھیے ہم ان کیلئے

يَاۡكُلٰنِ الطَّعَامَ ؕ اُنۡظُرۡ كَيۡفَ نُبَيِّنُ لَهُمُ الۡاٰيٰتِ ثُمَّ انۡظُرۡ

| يَاۡكُلٰنِ | الطَّعَامَ | اُنۡظُرۡ | كَيۡفَ | نُبَيِّنُ | لَهُمُ | الۡاٰيٰتِ | ثُمَّ | انۡظُرۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کھاتے | کھانا | دیکھو | کس طرح | بیان کرتے ہیں ہم | ان کیلئے | آیتیں | پھر | دیکھو |

کس طرح آیتوں کو وضاحت سے بیان کرتے ہیں پھر ملاحظہ فرمایئے کہ وہ کس طرح (حق سے)

اَنّٰى يُؤۡفَكُوۡنَ ﴿۷۵﴾ قُلۡ اَتَعۡبُدُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ مَا لَا

| اَنّٰى | يُؤۡفَكُوۡنَ | قُلۡ | اَتَعۡبُدُوۡنَ | مِنۡ دُوۡنِ | اللّٰهِ | مَا | لَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہاں | پھیرے جاتے ہیں | فرمادو | کیا عبادت کرتے ہو | سوا | اللہ کے | ان کی جو | نہیں |

پھیرے جا رہے ہیں۔ فرما دیجئے کیا تم اللہ کے سوا اس کی عبادت کرتے ہو جو نہ

يَمۡلِكُ لَكُمۡ ضَرًّا وَّلَا نَفۡعًا ؕ وَاللّٰهُ هُوَ السَّمِيۡعُ الۡعَلِيۡمُ ﴿۷۶﴾

| يَمۡلِكُ | لَكُمۡ | ضَرًّا | وَّ | لَا | نَفۡعًا | وَاللّٰهُ | هُوَ | السَّمِيۡعُ | الۡعَلِيۡمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اختیار رکھتے | تمہارے لئے | نقصان کا | اور | نہ | نفع کا | اور اللہ | وہی ہے | سننے والا | جاننے والا |

تمہارے لئے کسی نقصان کا مالک ہے نہ نفع کا اور اللہ ہی تو خوب سننے والا خوب جاننے والا ہے۔

قُلۡ يٰۤاَهۡلَ الۡكِتٰبِ لَا تَغۡلُوۡا فِىۡ دِيۡنِكُمۡ غَيۡرَ الۡحَـقِّ وَلَا تَتَّبِعُوۡۤا

| قُلۡ | يٰۤاَهۡلَ الۡكِتٰبِ | لَا | تَغۡلُوۡا | فِىۡ دِيۡنِكُمۡ | غَيۡرَ | الۡحَـقِّ | وَ | لَا | تَتَّبِعُوۡۤا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فرمادو | اے کتابیو | نہ | زیادتی کرو | اپنے دین میں | سوا | حق کے | اور | نہ | پیروی کرو |

فرما دیجئے اے اہلِ کتاب! اپنے دین میں ناحق زیادتی نہ کرو اور اس قوم کی نفسانی خواہشات

أَهْوَآءَ قَوْمٍ قَدْ ضَلُّوا مِنْ قَبْلُ وَأَضَلُّوا كَثِيرًا وَّ

| اَهْوَآءَ | قَوْمٍ | قَدْ | ضَلُّوا | مِنْ قَبْلُ | وَاَضَلُّوا | كَثِيرًا | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خواہشات کی | اس قوم کی | جو | گمراہ ہوئے | پہلے سے | اور گمراہ کیا | بہتوں کو | اور |

کی پیروی نہ کرو جو پہلے سے گمراہ ہو چکی ہے اور بہت سے لوگوں کو انہوں نے گمراہ کیا

ضَلُّوا عَنْ سَوَآءِ السَّبِيلِ ﴿٧٧﴾ لُعِنَ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ بَنِيٓ

ع

| ضَلُّوا | عَنْ | سَوَآءِ | السَّبِيلِ | لُعِنَ | الَّذِينَ | كَفَرُوا | مِنْ بَنِيٓ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گمراہ ہوئے | وہ | سیدھی | راہ سے | لعنت کیے گئے | جو | کافر ہوئے | بنی |

اور وہ راہِ راست سے بھٹک گئے ہیں۔ بنی اسرائیل میں سے جنہوں نے کفر کیا ان پر

إِسْرَآءِيلَ عَلَىٰ لِسَانِ دَاوُدَ وَعِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ

| اِسْرَآءِيلَ | عَلٰى | لِسَانِ | دَاوُدَ | وَعِيسَى | ابْنِ | مَرْيَمَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اسرائیل سے | اوپر | زبان | داؤد | اور عیسیٰ | بیٹے | مریم کے |

داؤد علیہ السلام اور عیسیٰ علیہ السلام ابن مریم کی زبان سے لعنت کی گئی یہ اس وجہ سے

ذَٰلِكَ بِمَا عَصَوا وَّكَانُوا يَعْتَدُونَ ﴿٧٨﴾ كَانُوا لَا يَتَنَاهَوْنَ

| ذٰلِكَ | بِمَا | عَصَوا | وَّكَانُوا | يَعْتَدُونَ | كَانُوا | لَا | يَتَنَاهَوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ | بسبب اس کے کہ | نافرمانی کی انہوں نے | اور تھے | وہ حد سے بڑھے ہوئے | تھے | نہ | روکتے |

کہ انہوں نے نافرمانی کی اور وہ حد سے تجاوز کرتے تھے۔ بری بات سے آپس میں

عَنْ مُّنْكَرٍ فَعَلُوهُ ۚ لَبِئْسَ مَا كَانُوا يَفْعَلُونَ ﴿٧٩﴾ تَرَىٰ

| عَنْ مُّنْكَرٍ | فَعَلُوهُ | لَبِئْسَ | مَا | كَانُوا | يَفْعَلُونَ | تَرٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بری باتوں سے | جو کرتے تھے | بہت برا ہے | جو | وہ تھے | کیا کرتے | آپ دیکھیں گے |

ایک دوسرے کو نہیں روکتے تھے ضرور یہ بہت ہی برا کام کرتے تھے۔ ان میں

كَثِيْرًا مِّنْهُمْ يَتَوَلَّوْنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ لَبِئْسَ مَا

| كَثِيْرًا | مِّنْهُمْ | يَتَوَلَّوْنَ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | لَبِئْسَ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بہتوں کو | ان میں سے | محبت کرتے ہیں | ان سے جو | کافر ہیں | بہت برا ہے | جو |

آپ اکثر کو دیکھو گے کہ کافروں سے دوستی کرتے ہیں کیا ہی بری چیز انہوں نے

قَدَّمَتْ لَهُمْ اَنْفُسُهُمْ اَنْ سَخِطَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَ فِي

| قَدَّمَتْ | لَهُمْ | اَنْفُسُهُمْ | اَنْ | سَخِطَ | اللّٰهُ | عَلَيْهِمْ | وَ | فِي |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آگے بھیجا | ان کے لئے | ان کی جانوں نے | یہ کہ | ناراض ہوا | اللہ | ان پر | اور | میں |

اپنے لئے خود آگے بھیجی ہے یہ کہ اللہ کا ان پر غضب ہوا اور وہ

الْعَذَابِ هُمْ خٰلِدُوْنَ ﴿٨٠﴾ وَ لَوْ كَانُوْا

| الْعَذَابِ | هُمْ | خٰلِدُوْنَ | وَ | لَوْ | كَانُوْا |
|---|---|---|---|---|---|
| عذاب | وہ | ہمیشہ رہنے والے ہیں | اور | اگر | وہ |

عذاب میں ہمیشہ رہیں گے۔ اور اگر وہ اللہ پر

يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَ النَّبِيِّ وَ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مَا

| يُؤْمِنُوْنَ | بِاللّٰهِ | وَ | النَّبِيِّ | وَ | مَآ | اُنْزِلَ | اِلَيْهِ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایمان لاتے | اللہ | اور | نبی پر | اور | اس پر جو | اتارا گیا | اس کی طرف | تو نہ |

اور نبی (آخر الزمان) پر اور اس (کتاب) پر جو ان کی طرف نازل کی گئی ہے

اتَّخَذُوْهُمْ اَوْلِيَآءَ وَ لٰكِنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ

| اتَّخَذُوْهُمْ | اَوْلِيَآءَ | وَ | لٰكِنَّ | كَثِيْرًا | مِّنْهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|
| پکڑتے ان کو | دوست | اور | لیکن | بہت سے | ان میں سے |

ایمان لے آتے تو ان (دشمنانِ اسلام) کو دوست نہ بناتے لیکن ان میں سے اکثر

فٰسِقُوْنَ ﴿٨١﴾ لَتَجِدَنَّ اَشَدَّ النَّاسِ عَدَاوَةً لِّلَّذِيْنَ

| لِّلَّذِيْنَ | عَدَاوَةً | النَّاسِ | اَشَدَّ | لَتَجِدَنَّ | فٰسِقُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|
| ان کے لئے جو | دشمنی میں | لوگوں کے | بہت سخت | ضرور تم پاؤ گے | فاسق ہیں |

لوگ نافرمان ہیں۔ آپ ایمان والوں کی دشمنی میں سب لوگوں سے

اٰمَنُوا الْيَهُوْدَ وَالَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا ۚ وَلَتَجِدَنَّ

| لَتَجِدَنَّ | وَ | اَشْرَكُوْا | وَالَّذِيْنَ | الْيَهُوْدَ | اٰمَنُوا |
|---|---|---|---|---|---|
| ضرور پاؤ گے تم | اور | مشرک ہیں | اور ان کو جو | یہود کو | مسلمان ہیں |

زیادہ سخت یہود اور مشرکین کو پاؤ گے۔ اور ایمان والوں کے ساتھ دوستی میں

اَقْرَبَهُمْ مَّوَدَّةً لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّا

| اِنَّا | قَالُوْٓا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوا | لِّلَّذِيْنَ | مَّوَدَّةً | اَقْرَبَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک ہم | کہا | ان کو جنہوں نے | جو مسلمان ہیں | ان لوگوں کیلئے | محبت میں | زیادہ قریب ان کے |

زیادہ قریب ان کو پاؤ گے جنہوں نے کہا کہ یقیناً

نَصٰرٰى ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّ مِنْهُمْ قِسِّيْسِيْنَ وَرُهْبَانًا

| وَرُهْبَانًا | قِسِّيْسِيْنَ | مِنْهُمْ | بِاَنَّ | ذٰلِكَ | نَصٰرٰى |
|---|---|---|---|---|---|
| اور درویش | علماء ہیں | ان میں سے | اس لئے کہ | یہ | نصاریٰ ہیں |

ہم نصاریٰ ہیں۔ یہ اس لیے کہ ان میں عالم اور راہب ہیں

وَّاَنَّهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿٨٢﴾

| يَسْتَكْبِرُوْنَ | لَا | وَّاَنَّهُمْ |
|---|---|---|
| تکبر کرتے | نہیں | اور وہ |

اور یقیناً وہ تکبر نہیں کرتے۔

وَاِذَا سَمِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَى الرَّسُوْلِ تَرٰٓى اَعْيُنَهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ

| مِنَ الدَّمْعِ | تَفِيْضُ | اَعْيُنَهُمْ | تَرٰٓى | الرَّسُوْلِ | اِلَى | اُنْزِلَ | مَآ | سَمِعُوْا | اِذَا | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آنسوؤں سے | بہتی ہیں | انکی آنکھیں | دیکھوتو | رسول کی | طرف | اتارا گیا | جو | سنا انہوں نے | جب | اور |

اور جب سنتے ہیں (قرآن) جو نازل کیا گیا اس رسول ﷺ کی طرف تو آپ ان کی آنکھیں دیکھتے ہیں کہ آنسوؤں سے

مِمَّا عَرَفُوْا مِنَ الْحَقِّ ۚ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ

| مَعَ | فَاكْتُبْنَا | اٰمَنَّا | رَبَّنَآ | يَقُوْلُوْنَ | مِنَ الْحَقِّ | عَرَفُوْا | مِمَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ساتھ | تو لکھ ہم کو | ہم ایمان لائے | اے ہمارے رب | کہتے ہیں | حق کو | پہچانا | کہ انہوں نے |

تر ہوتی ہیں اس لئے کہ انہوں نے حق کو پہچان لیا وہ کہتے ہیں اے ہمارے رب ہم ایمان لائے تو لکھ دے ہمیں (حق کی) گواہی

الشّٰهِدِيْنَ ﴿٨٣﴾ وَمَا لَنَا لَا نُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَمَا جَآءَنَا مِنَ الْحَقِّ ۙ

| مِنَ الْحَقِّ | جَآءَنَا | وَمَا | بِاللّٰهِ | نُؤْمِنُ | لَا | مَا لَنَا | وَ | الشّٰهِدِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حق | آیا ہمارے پاس | اور جو | اللہ پر | ایمان لائیں ہم | کہ نہ | کیا ہے ہم کو | اور | گواہوں کے |

دینے والوں میں۔ اور ہمیں کیا ہے کہ ہم ایمان نہ لائیں اللہ پر اور اس پر جو حق ہمارے پاس آیا

وَنَطْمَعُ اَنْ يُّدْخِلَنَا رَبُّنَا مَعَ الْقَوْمِ الصّٰلِحِيْنَ ﴿٨٤﴾ فَاَثَابَهُمُ اللّٰهُ

| اللّٰهُ | فَاَثَابَهُمُ | الصّٰلِحِيْنَ | الْقَوْمِ | مَعَ | رَبُّنَا | يُّدْخِلَنَا | اَنْ | نَطْمَعُ | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ نے | تو بدلہ دیا ان کو | نیکوں کے | قوم | ساتھ | ہمارا رب | داخل کرے ہم کو | یہ کہ | ہم امید رکھتے ہیں | اور |

اور کیوں نہ امید کریں ہم اس بات کی کہ ہمارا رب ہمیں شامل کر دے نیک لوگوں کے ساتھ۔ تو اللہ نے ان کے

بِمَا قَالُوْا جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَ

| وَ | فِيْهَا | خٰلِدِيْنَ | الْاَنْهٰرُ | مِنْ تَحْتِهَا | تَجْرِيْ | جَنّٰتٍ | قَالُوْا | بِمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | اس میں | ہمیشہ رہیں گے | نہریں | ان کے نیچے | رواں ہیں | باغوں کا کہ | کہا انہوں نے | بسبب اسکے جو |

اس کہنے کے بدلے انہیں ایسے باغ دے گا جن کے نیچے نہریں رواں ہوں گی اور ہمیشہ ان میں رہیں گے

ذٰلِكَ جَزَآءُ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٨٥﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ

| ذٰلِكَ | جَزَآءُ | الْمُحْسِنِيْنَ | وَ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | وَ | كَذَّبُوْا | بِاٰيٰتِنَآ | اُولٰٓئِكَ | اَصْحٰبُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ | بدلہ ہے | نیکوں کا | اور | وہ جنہوں نے | کفر کیا | اور | جھٹلایا | ہماری آیتوں کو | یہ ہیں | لوگ |

یہ جزا ہے نیک عمل کرنے والوں کی۔ اور وہ جنہوں نے کفر کیا اور ہماری آیتیں جھٹلائیں وہی

الْجَحِيْمِ ﴿٨٦﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحَرِّمُوْا طَيِّبٰتِ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ

| الْجَحِيْمِ | يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | لَا | تُحَرِّمُوْا | طَيِّبٰتِ | مَآ | اَحَلَّ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جہنمی | اے | وہ جو | ایمان لائے ہو | نہ | حرام کرو | ستھری چیزیں | جو | حلال کیں | اللہ نے |

دوزخ والے ہیں۔ اے ایمان والو! جو پاکیزہ چیزیں اللہ نے تمہارے لئے حلال کی ہیں انہیں (اپنے اوپر) حرام مت ٹھہراؤ

لَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿٨٧﴾ وَكُلُوْا مِمَّا

| لَكُمْ | وَ | لَا | تَعْتَدُوْا | اِنَّ | اللّٰهَ | لَا | يُحِبُّ | الْمُعْتَدِيْنَ | وَ | كُلُوْا | مِمَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تمہارے لئے | اور | نہ | حد سے بڑھو | بیشک | اللہ | نہیں | پسند کرتا | حد سے بڑھنے والوں کو | اور | کھاؤ | اس سے جو |

اور نہ (ہی) حد سے بڑھو بے شک اللہ حد سے تجاوز کرنے والوں کو پسند نہیں فرماتا۔ اور جو حلال پاکیزہ

رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا ۪ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ اَنْتُمْ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ﴿٨٨﴾

| رَزَقَكُمُ | اللّٰهُ | حَلٰلًا | طَيِّبًا | وَ | اتَّقُوا | اللّٰهَ | الَّذِيْٓ | اَنْتُمْ | بِهٖ | مُؤْمِنُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دیا تم کو | اللہ نے | حلال | پاک | اور | ڈرو | اللہ سے | کہ جس پر | تم | سب | ایمان لائے ہو |

رزق اللہ نے تمہیں عطا فرمایا ہے اس میں سے کھایا کرو اور اللہ سے ڈرتے رہو جس پر ایمان تم رکھتے ہو۔

لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا عَقَّدْتُّمُ

| لَا | يُؤَاخِذُكُمُ | اللّٰهُ | بِاللَّغْوِ | فِيْٓ | اَيْمَانِكُمْ | وَ | لٰكِنْ | يُّؤَاخِذُكُمْ | بِمَا | عَقَّدْتُّمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | پکڑتا تم کو | اللہ | غلط فہمی کی | میں | تمہاری قسموں | اور | لیکن | گرفت فرماتا ہے تمہاری | جنہیں | تم نے مضبوط کیا |

اللہ تمہاری بے مقصد قسموں پر تمہاری گرفت نہیں فرمائے گا لیکن تمہارا مواخذہ کرے گا تمہاری پکی قسموں

الْاَیْمَانَ ۚ فَكَفَّارَتُهٗۤ اِطْعَامُ عَشَرَةِ مَسٰكِيْنَ مِنْ اَوْسَطِ مَا

| الْاَیْمَانَ | فَكَفَّارَتُهٗۤ | اِطْعَامُ | عَشَرَةِ | مَسٰكِيْنَ | مِنْ اَوْسَطِ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| قسموں کو | تو ان کا کفارہ | کھلانا ہے | دس | مسکینوں کو | اوسط | اس کا جو |

پر تو ایسی قسموں کے توڑنے کا کفارہ دس مسکینوں کو کھانا دینا ہے درمیانی قسم کا کھانا جو تم اپنے

تُطْعِمُوْنَ اَهْلِيْكُمْ اَوْ كِسْوَتُهُمْ اَوْ تَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ ؕ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ

| تُطْعِمُوْنَ | اَهْلِيْكُمْ | اَوْ | كِسْوَتُهُمْ | اَوْ | تَحْرِيْرُ | رَقَبَةٍ | فَمَنْ | لَّمْ | يَجِدْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کھلاتے ہو تم | اپنے گھر والوں کو | یا | ان کو کپڑے دینا | یا | آزاد کرنا | ایک غلام کا | تو جو | نہ | پائے |

گھر والوں کو کھلاتے ہو یا ان مسکینوں کو کپڑے دینا یا ایک غلام آزاد کرنا تو جو (ان میں سے کچھ) نہ پائے

فَصِيَامُ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ ؕ ذٰلِكَ كَفَّارَةُ اَيْمَانِكُمْ اِذَا حَلَفْتُمْ ؕ وَاحْفَظُوْۤا

| فَصِيَامُ | ثَلٰثَةِ | اَيَّامٍ | ذٰلِكَ | كَفَّارَةُ | اَيْمَانِكُمْ | اِذَا | حَلَفْتُمْ | وَاحْفَظُوْۤا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو روزے رکھے | تین | دن کے | یہ | بدلہ ہے | تمہاری قسموں کا | جب | تم قسم کھاؤ | اور حفاظت کرو |

تو تین دن کے روزے (رکھے) یہ تمہاری قسموں کا کفارہ ہے جب تم قسم کھاؤ (اور اسے توڑ بیٹھو) اور اپنی

اَيْمَانَكُمْ ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۸۹﴾ يٰۤاَيُّهَا

| اَيْمَانَكُمْ | كَذٰلِكَ | يُبَيِّنُ | اللّٰهُ | لَكُمْ | اٰيٰتِهٖ | لَعَلَّكُمْ | تَشْكُرُوْنَ | يٰۤاَيُّهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنی قسموں کی | اسی طرح | بیان فرماتا ہے | اللہ | تمہارے لئے | اپنی آیتیں | تاکہ تم | شکر کرو | اے |

قسموں کی حفاظت کرو اسی طرح اللہ تمہارے لئے اپنی آیتیں بیان فرماتا ہے تاکہ تم شکر ادا کرو۔ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ

| الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْۤا | اِنَّمَا | الْخَمْرُ | وَالْمَيْسِرُ | وَ | الْاَنْصَابُ | وَ | الْاَزْلَامُ | رِجْسٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ جو | ایمان لائے ہو | اسکے سوا نہیں کہ | شراب | اور جوا | اور | بت | اور | پانسے | ناپاک |

ایمان والو اس کے سوا کچھ نہیں کہ شراب اور جوا اور بت اور جوئے کے تیر (سب) ناپاک ہیں

مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝۹۰ اِنَّمَا يُرِيْدُ

| مِّنْ عَمَلِ | الشَّيْطٰنِ | فَاجْتَنِبُوْهُ | لَعَلَّكُمْ | تُفْلِحُوْنَ | اِنَّمَا | يُرِيْدُ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| کام ہیں | شیطانی | بچو ان سے | تاکہ تم | فلاح پاؤ | اس کے سوا نہیں کہ | چاہتا ہے |

شیطانی کاموں سے (ہیں) تو تم ان سے اجتناب کرو تاکہ تم کامیاب ہو جاؤ۔ یقیناً شیطان

الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّوْقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ فِي الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ

| الشَّيْطٰنُ | اَنْ | يُّوْقِعَ | بَيْنَكُمُ | الْعَدَاوَةَ | وَالْبَغْضَآءَ | فِي الْخَمْرِ | وَ | الْمَيْسِرِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شیطان | یہ کہ | ڈالے | تم میں | عداوت | اور دشمنی | شراب میں | اور | جوئے میں |

یہ چاہتا ہے کہ شراب اور جوئے کے ذریعے تمہارے درمیان دشمنی اور بغض ڈال دے

وَيَصُدَّكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَعَنِ الصَّلٰوةِ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ ۝۹۱

| وَ | يَصُدَّكُمْ | عَنْ ذِكْرِ | اللّٰهِ | وَ | عَنِ الصَّلٰوةِ | فَهَلْ | اَنْتُمْ | مُّنْتَهُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | روک دے تم کو | یاد سے | اللہ کی | اور | نماز سے | تو کیا | تم | باز آئے |

اور تمہیں اللہ تعالیٰ کی یاد اور نماز سے روک دے پس کیا تم باز نہیں آؤ گے۔

وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاحْذَرُوْا ۚ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوْٓا

| وَاَطِيْعُوا | اللّٰهَ | وَاَطِيْعُوا | الرَّسُوْلَ | وَ | احْذَرُوْا | فَاِنْ | تَوَلَّيْتُمْ | فَاعْلَمُوْٓا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور حکم مانو | اللہ کا | اور حکم مانو | رسول کا | اور | ہوشیار رہو | پھر | اگر تم منہ پھیرو | تو جان لو |

اور اللہ ہی کی اطاعت کرو اور اسکے رسول کی اطاعت کرو اور ان کی نافرمانی سے بچو۔ پھر اگر تم پھر جاؤ تو جان لو

اَنَّمَا عَلٰى رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ۝۹۲ لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

| اَنَّمَا | عَلٰى | رَسُوْلِنَا | الْبَلٰغُ | الْمُبِيْنُ | لَيْسَ | عَلَى | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَعَمِلُوا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سوا اس کے نہیں کہ | اوپر | ہمارے رسول کے | پہنچانا ہے | ظاہر | نہیں | اوپر | ان کے جو | ایمان لائے | اور عمل کئے |

ہمارے رسول کے ذمہ صرف کھول کر پہنچا دینا ہے۔ ان لوگوں پر جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے

الصّٰلِحٰتِ جُنَاحٌ فِيْمَا طَعِمُوْٓا اِذَا مَا اتَّقَوْا وَّ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا

| الصّٰلِحٰتِ | جُنَاحٌ | فِيْمَا | طَعِمُوْٓا | اِذَا مَا | اتَّقَوْا | وَّ | اٰمَنُوْا | وَ | عَمِلُوا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اچھے | کوئی گناہ | اس میں جو | کھا چکے | جبکہ | ڈریں | اور | ایمان لائے | اور | عمل کئے |

اس میں کوئی گناہ نہیں جو وہ کھا پی چکے ہیں جبکہ وہ بچتے رہے اور ایمان لائے اور اعمالِ صالحہ کرتے رہے

الصّٰلِحٰتِ ثُمَّ اتَّقَوْا وَّاٰمَنُوْا ثُمَّ اتَّقَوْا وَّ اَحْسَنُوْا ؕ وَاللّٰهُ يُحِبُّ

| الصّٰلِحٰتِ | ثُمَّ | اتَّقَوْا | وَ | اٰمَنُوْا | ثُمَّ | اتَّقَوْا | وَّاَحْسَنُوْا | وَ | اللّٰهُ | يُحِبُّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اچھے | پھر | ڈریں | اور | ایمان لائے | پھر | ڈریں | اور نیک رہیں | اور | اللہ | پسند کرتا ہے |

پھر پرہیز کرتے رہے اور ایمان لائے پھر صاحبانِ تقویٰ ہوئے اور صاحبانِ احسان بن گئے اور اللہ نیک رویہ رکھنے والوں سے

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۹۳﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَيَبْلُوَنَّكُمُ اللّٰهُ بِشَيْءٍ مِّنَ الصَّيْدِ

ع ۱۲ / ۲

| الْمُحْسِنِيْنَ | يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | لَيَبْلُوَنَّكُمُ | اللّٰهُ | بِشَيْءٍ | مِّنَ الصَّيْدِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نیکوں کو | اے | وہ جو | ایمان لائے ہو | تمہیں ضرور آزمائے گا | اللہ | کچھ ایسے | بعض شکار سے |

محبت فرماتا ہے۔ اے ایمان والو! اللہ کسی قدر (ایسے) شکار سے تمہیں ضرور آزمائے گا جس تک تمہارے

تَنَالُهٗٓ اَيْدِيْكُمْ وَرِمَاحُكُمْ لِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ يَّخَافُهٗ بِالْغَيْبِ ۚ

| تَنَالُهٗٓ | اَيْدِيْكُمْ | وَ | رِمَاحُكُمْ | لِيَعْلَمَ | اللّٰهُ | مَنْ | يَّخَافُهٗ | بِالْغَيْبِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جسے پہنچے | تمہارے ہاتھ | اور | تمہارے نیزے | تاکہ ظاہر کرے | اللہ | اس کو جو | اس سے ڈرتا ہے | بن دیکھے |

|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیا نہیں | یہ | حق | کہیں گے | بیشک | قسم ہے ہمارے رب کی | فرمائے گا | تو چکھو | عذاب | اس کا | جو تم تھے |

رب کے حضور اللہ فرمائے گا کیا یہ حق نہیں؟ وہ کہیں گے کیوں نہیں قسم ہمارے رب کی اللہ فرمائے گا تو اب چکھو عذاب اس کفر کی

تَكْفُرُوْنَ ﴿٣٠﴾ ع قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَآءِ اللّٰهِ ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَتْهُمُ

| تَكْفُرُوْنَ | قَدْ | خَسِرَ | الَّذِيْنَ | كَذَّبُوْا | بِلِقَآءِ | اللّٰهِ | حَتّٰٓى | اِذَا | جَآءَتْهُمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کفر کرتے | بیشک | خسارہ میں پڑے | وہ جو | جھٹلاتے ہیں | ملنا | اللہ سے | یہاں تک کہ | جب | آ گئی ان پر |

وجہ سے جو تم کرتے تھے۔ بے شک نقصان میں رہے وہ جنہوں نے اپنے رب سے ملنے کا انکار کیا یہاں

السَّاعَةُ بَغْتَةً قَالُوْا يٰحَسْرَتَنَا عَلٰى مَا فَرَّطْنَا فِيْهَا ۙ وَهُمْ يَحْمِلُوْنَ

| السَّاعَةُ | بَغْتَةً | قَالُوْا | يٰحَسْرَتَنَا | عَلٰى | مَا | فَرَّطْنَا | فِيْهَا | وَهُمْ | يَحْمِلُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قیامت | اچانک | کہیں گے | ہائے افسوس ہمیں | اوپر | اسکے جو | تقصیر کی ہم نے | اس میں | اور وہ | اٹھائے ہوئے ہوں گے |

تک کہ جب ان پر قیامت اچانک آ گئی بولے ہائے افسوس ہمارا اس پر کہ اس کے ماننے میں ہم نے کوتاہی کی اور وہ اپنے

اَوْزَارَهُمْ عَلٰى ظُهُوْرِهِمْ ؕ اَلَا سَآءَ مَا يَزِرُوْنَ ﴿٣١﴾ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ

| اَوْزَارَهُمْ | عَلٰى | ظُهُوْرِهِمْ | اَلَا | سَآءَ | مَا | يَزِرُوْنَ | وَ | مَا | الْحَيٰوةُ | الدُّنْيَآ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنے بوجھ | اوپر | اپنی پیٹھوں کے | خبردار | برا ہے | جو | بوجھ اٹھائیں گے | اور | نہیں | زندگی | دنیا کی |

بوجھ اپنی پیٹھ پر اٹھائے ہوئے ہیں ارے کتنا برا بوجھ اٹھائے ہوئے ہیں۔ اور دنیا کی زندگی

إِلَّا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ۖ وَلَلدَّارُ الْآخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِينَ يَتَّقُونَ ۗ أَفَلَا

| إِلَّا | لَعِبٌ | وَّلَهْوٌ | وَ | لَلدَّارُ | الْآخِرَةُ | خَيْرٌ | لِّلَّذِينَ | يَتَّقُونَ | أَفَلَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مگر | کھیل | اور تماشہ | اور | یقیناً گھر | آخرت کا | بہتر ہے | ان کے لئے جو | ڈرتے ہیں | کیا نہیں |

کھیل کے تماشے کے سوا کچھ نہیں اور آخرت کا گھر ان لوگوں کے لیے بہتر ہے جو اللہ تعالیٰ سے ڈرتے ہیں ۔ کیا پھر بھی

تَعْقِلُونَ ﴿٣٢﴾ قَدْ نَعْلَمُ إِنَّهُ لَيَحْزُنُكَ الَّذِي يَقُولُونَ فَإِنَّهُمْ

| تَعْقِلُونَ | قَدْ | نَعْلَمُ | إِنَّهُ | لَيَحْزُنُكَ | الَّذِي | يَقُولُونَ | فَإِنَّهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں سمجھ | بیشک | ہم جانتے ہیں | کہ بیشک | رنج دیتی ہے آپ کو | وہ بات جو | کہتے ہیں | تو بیشک وہ |

تم سمجھتے نہیں؟۔ (اے حبیب ﷺ) بے شک ہم جانتے ہیں کہ وہ (بات) یقیناً آپ کو رنجیدہ کر رہی ہے جو یہ لوگ کہتے

لَا يُكَذِّبُونَكَ وَلَٰكِنَّ الظَّالِمِينَ بِآيَاتِ اللَّهِ يَجْحَدُونَ ﴿٣٣﴾ وَلَقَدْ كُذِّبَتْ

| لَا | يُكَذِّبُونَكَ | وَ | لَٰكِنَّ | الظَّالِمِينَ | بِآيَاتِ | اللَّهِ | يَجْحَدُونَ | وَ | لَقَدْ | كُذِّبَتْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | جھٹلاتے آپ کو | اور | لیکن | ظالم | آیات | الٰہی کا | انکار کرتے ہیں | اور | بیشک | جھٹلائے گئے |

ہیں پس یہ آپ کو نہیں جھٹلا رہے لیکن یہ ظالم لوگ اللہ کی آیتوں کا انکار کر رہے ہیں۔ اور بے شک آپ

رُسُلٌ مِّن قَبْلِكَ فَصَبَرُوا عَلَىٰ مَا كُذِّبُوا وَأُوذُوا حَتَّىٰ أَتَاهُمْ

| رُسُلٌ | مِّن قَبْلِكَ | فَصَبَرُوا | عَلَىٰ | مَا | كُذِّبُوا | وَ | أُوذُوا | حَتَّىٰ | أَتَاهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کئی رسول | آپ سے پہلے | تو صبر کیا انہوں نے | اوپر | جو | جھٹلائے گئے | اور | تکلیف دیئے گئے | یہاں تک کہ | آئی انکے پاس |

سے قبل (بھی) رسول جھٹلائے گئے مگر انہوں نے جھٹلائے جانے اور اذیت پہنچائے جانے پر صبر کیا حتیٰ کہ انہیں

نَصْرُنَا ۚ وَلَا مُبَدِّلَ لِكَلِمَاتِ اللَّهِ ۚ وَلَقَدْ جَاءَكَ مِن نَّبَإِي

| نَصْرُنَا | وَ | لَا | مُبَدِّلَ | لِكَلِمَاتِ | اللَّهِ | وَ | لَقَدْ | جَاءَكَ | مِن | نَّبَإِي |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مدد ہماری | اور | نہیں | کوئی بدلنے والا | باتیں | اللہ کی | اور | بیشک | آئی آپ کے پاس | کچھ | خبریں |

ہماری مدد آ پہنچی اور اللہ کی باتوں کوئی بدلنے والا نہیں اور بے شک آپ کے پاس

الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٣٤﴾ وَاِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكَ اِعْرَاضُهُمْ فَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ

| اَنْ | اسْتَطَعْتَ | فَاِنِ | اِعْرَاضُهُمْ | عَلَيْكَ | كَانَ كَبُرَ | اِنْ | وَ | الْمُرْسَلِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ کہ | تم طاقت رکھتے | تو اگر | ان کا منہ پھیرنا | آپ پر | شاق گزرا ہے | اگر | اور | رسولوں کی |

رسولوں کی خبریں آ چکی ہیں۔ اور اگر ان کی بے رخی آپ پر شاق گزری ہو تو اگر آپ سے ہو سکے کہ

تَبْتَغِيَ نَفَقًا فِي الْاَرْضِ اَوْ سُلَّمًا فِي السَّمَآءِ فَتَاْتِيَهُمْ بِاٰيَةٍ ؕ وَلَوْ شَآءَ

| شَآءَ | لَوْ | وَ | بِاٰيَةٍ | فَتَاْتِيَهُمْ | السَّمَآءِ | فِي | سُلَّمًا | اَوْ | الْاَرْضِ | فِي | نَفَقًا | تَبْتَغِيَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چاہتا | اگر | اور | کوئی نشانی | تو لے آؤ انکے پاس | آسمان | میں | زینہ | یا | زمین | میں | کوئی سرنگ | ڈھونڈ لو |

تلاش کر لیں زمین میں کوئی سرنگ یا سیڑھی آسمان میں پھر آپ ان کے پاس کوئی معجزہ لے آئیں (تب بھی وہ ایمان نہیں لائیں

اللّٰهُ لَجَمَعَهُمْ عَلَى الْهُدٰى فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿٣٥﴾ اِنَّمَا

| اِنَّمَا | مِنَ الْجٰهِلِيْنَ | تَكُوْنَنَّ | فَلَا | الْهُدٰى | عَلَى | لَجَمَعَهُمْ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اسکے سوا نہیں کہ | جاہلوں کے ساتھ | ہو تم | تو نہ | ہدایت کے | اوپر | تو اکٹھا کرتا ان کو | اللہ |

گے) اور اگر اللہ چاہتا تو انہیں ہدایت پر جمع کر دیتا تو (اے مخاطب! تو) ہرگز نہ ہو جانا نادانوں میں سے۔ صرف وہی لوگ

يَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ يَسْمَعُوْنَ ؕ وَالْمَوْتٰى يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ ثُمَّ اِلَيْهِ

| اِلَيْهِ | ثُمَّ | اللّٰهُ | يَبْعَثُهُمُ | الْمَوْتٰى | وَ | يَسْمَعُوْنَ | الَّذِيْنَ | يَسْتَجِيْبُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس کی طرف | پھر | اللہ | اٹھائے گا ان کو | مردے | اور | سنتے ہیں | وہ جو | قبول کرتے ہیں |

قبول کرتے ہیں جو سنتے ہیں اور مردوں کو اللہ زندہ کرے گا پھر وہ اسی کی طرف

يُرْجَعُوْنَ ﴿٣٦﴾ وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ قَادِرٌ

| قَادِرٌ | اللّٰهَ | اِنَّ | قُلْ | مِّنْ رَّبِّهٖ | اٰيَةٌ | عَلَيْهِ | نُزِّلَ | لَا | لَوْ | قَالُوْا | وَ | يُرْجَعُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قادر ہے | اللہ | بیشک | فرما دو | انکے رب سے | کوئی نشانی | اس پر | اتاری گئی | نہیں | کیوں | بولے | اور | ہانکے جائینگے |

لوٹائے جائیں گے۔ اور بولے ان پر کوئی نشانی کیوں نہ اتری ان کے رب کی طرف سے آپ فرما دیجئے

النصف

وقف غفران

وقف منزل

عَلٰٓى اَنْ يُّنَزِّلَ اٰيَةً وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي

| عَلٰى | اَنْ | يُّنَزِّلَ | اٰيَةً | وَ | لٰكِنَّ | اَكْثَرَهُمْ | لَا | يَعْلَمُوْنَ | وَ | مَا | مِنْ | دَآبَّةٍ | فِي |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر | اسکے کہ | اتارے | نشانی | اور | لیکن | اکثر ان کے | نہیں | جانتے | اور | نہیں | کوئی | جانور | میں |

کہ اللہ قادر ہے کہ کوئی نشانی اتارے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔ اور نہیں کوئی زمین میں چلنے والا

الْاَرْضِ وَلَا طٰٓئِرٍ يَّطِيْرُ بِجَنَاحَيْهِ اِلَّآ اُمَمٌ اَمْثَالُكُمْ مَا فَرَّطْنَا

| الْاَرْضِ | وَ | لَا | طٰٓئِرٍ | يَّطِيْرُ | بِجَنَاحَيْهِ | اِلَّآ | اُمَمٌ | اَمْثَالُكُمْ | مَا | فَرَّطْنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زمین | اور | نہ | کوئی پرندہ | اڑتا ہے | اپنے پروں سے | مگر | امتیں ہیں | مثل تمہاری | نہیں | چھوڑی کمی |

اور نہ کوئی پرندہ کہ اپنے پروں پر اڑتا ہے مگر یہ سب تم جیسی امتیں ہیں اور ہم نے

فِي الْكِتٰبِ مِنْ شَيْءٍ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ يُحْشَرُوْنَ ﴿۳۸﴾ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا

| فِي | الْكِتٰبِ | مِنْ | شَيْءٍ | ثُمَّ | اِلٰى | رَبِّهِمْ | يُحْشَرُوْنَ | وَالَّذِيْنَ | كَذَّبُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میں | کتاب | کوئی | چیز | پھر | طرف | اپنے رب کی | اکٹھے کیے جائینگے | اور وہ جنہوں نے | جھٹلایا |

اس کتاب میں کوئی کمی نہیں چھوڑی پھر وہ اپنے رب کی طرف اٹھائے جائیں گے۔ اور جن لوگوں نے

بِاٰيٰتِنَا صُمٌّ وَّبُكْمٌ فِي الظُّلُمٰتِ مَنْ يَّشَاِ اللّٰهُ يُضْلِلْهُ وَمَنْ يَّشَاْ

| بِاٰيٰتِنَا | صُمٌّ | وَ | بُكْمٌ | فِي | الظُّلُمٰتِ | مَنْ | يَّشَاِ | اللّٰهُ | يُضْلِلْهُ | وَ | مَنْ | يَّشَاْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہماری آیتوں کو | بہرے | اور | گونگے ہیں | میں | اندھیروں | جسے | چاہے | اللہ | گمراہ کرے اس کو | اور | جسے | چاہے |

ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہ بہرے اور گونگے ہیں تاریکیوں میں (بھٹک رہے) ہیں اللہ جسے چاہتا ہے اسے گمراہ کر دیتا ہے

يَجْعَلْهُ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۳۹﴾ قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ

| يَجْعَلْهُ | عَلٰى | صِرَاطٍ | مُّسْتَقِيْمٍ | قُلْ | اَرَءَيْتَكُمْ | اِنْ | اَتٰىكُمْ | عَذَابُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کرے اسے | اوپر | رستے | سیدھے کے | فرمادو | بھلا بتلاؤ تو | اگر | آئے تمہارے پاس | عذاب |

اور جسے چاہتا ہے اسے سیدھی راہ پر لگا دیتا ہے۔ آپ ﷺ فرمائیے ذرا یہ تو بتاؤ اگر تم پر اللہ کا عذاب آ جائے

اللّٰهِ اَوْ اَتَتْكُمُ السَّاعَةُ اَغَيْرَ اللّٰهِ تَدْعُوْنَ ۚ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٤٠﴾ بَلْ

| اللّٰهِ | اَوْ | اَتَتْكُمُ | السَّاعَةُ | اَغَيْرَ | اللّٰهِ | تَدْعُوْنَ | اِنْ | كُنْتُمْ | صٰدِقِيْنَ | بَلْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ کا | یا | آئے تمہارے پاس | قیامت | کیا سوائے | اللہ کے | پکارو گے تم | اگر | ہو تم | سچے | بلکہ |

یا تم پر قیامت آ پہنچے تو کیا اللہ کے سوا کسی اور کو پکارو گے (بتاؤ) اگر تم سچے ہو۔ بلکہ

اِيَّاهُ تَدْعُوْنَ فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُوْنَ اِلَيْهِ اِنْ شَآءَ وَتَنْسَوْنَ مَا

| اِيَّاهُ | تَدْعُوْنَ | فَيَكْشِفُ | مَا | تَدْعُوْنَ | اِلَيْهِ | اِنْ | شَآءَ | وَ | تَنْسَوْنَ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خاص اسی کو | پکارو گے تم | دور کردے گا | جو کہ | پکارو گے | طرف اسکی | اگر | چاہے | اور | بھول جاؤ گے | جو |

اسی کو پکارو گے تو وہ اگر چاہے تو دور کردے گا اس مصیبت کو جس کیلئے تم اسے پکارو گے؟ اور تم بھول جاؤ گے اس کو جسے (اللہ کا)

تُشْرِكُوْنَ ﴿٤١﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰٓى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَاَخَذْنٰهُمْ بِالْبَاْسَآءِ

| تُشْرِكُوْنَ | وَ | لَقَدْ | اَرْسَلْنَآ | اِلٰٓى | اُمَمٍ | مِّنْ قَبْلِكَ | فَاَخَذْنٰهُمْ | بِالْبَاْسَآءِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شریک ٹھہراتے ہو تم | اور | بیشک | بھیجے ہم نے | طرف | امتوں کی | آپ سے پہلے | تو ہم نے پکڑا ان کو | سختی سے |

شریک بناتے ہو۔ اور بے شک ہم نے آپ سے پہلے کئی اُمتوں کی طرف رسول بھیجے تو ہم نے ان (اُمتوں) کو پکڑ لیا سختی

وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ يَتَضَرَّعُوْنَ ﴿٤٢﴾ فَلَوْلَآ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَا تَضَرَّعُوْا

| وَ | الضَّرَّآءِ | لَعَلَّهُمْ | يَتَضَرَّعُوْنَ | فَلَوْلَآ | اِذْ | جَآءَهُمْ | بَاْسُنَا | تَضَرَّعُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | تکلیفوں سے | تاکہ وہ | گڑگڑائیں | پھر کیوں نہ ہوا | جب | آیا ان کے پاس | ہمارا عذاب | گڑگڑاتے ہوئے |

اور تکلیف سے تاکہ وہ عاجزی سے گڑگڑائیں۔ تو کیوں نہ ہو کہ جب ان پر ہمارا عذاب آیا تو گڑگڑائے ہوتے

وَلٰكِنْ قَسَتْ قُلُوْبُهُمْ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٤٣﴾ فَلَمَّا

| وَ | لٰكِنْ | قَسَتْ | قُلُوْبُهُمْ | وَ | زَيَّنَ | لَهُمُ | الشَّيْطٰنُ | مَا | كَانُوْا | يَعْمَلُوْنَ | فَلَمَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | لیکن | سخت ہوگئے | ان کے دل | اور | خوشنما بنائے | ان کے لئے | شیطان نے | جو | تھے | عمل کرتے | پھر جب |

لیکن ان کے دل تو سخت ہو گئے اور شیطان نے ان کے کام ان کی نگاہ میں بھلے کر دکھائے۔ پھر جو

نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ اَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ ؕ حَتّٰۤى اِذَا

| نَسُوْا | مَا | ذُكِّرُوْا | بِهٖ | فَتَحْنَا | عَلَيْهِمْ | اَبْوَابَ | كُلِّ | شَيْءٍ | حَتّٰى | اِذَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بھول گئے | جو | نصیحت کیے گئے | ساتھ اس کے | کھول دیئے ہم نے | ان پر | دروازے | ہر | چیز کے | یہاں تک کہ | جب |

نصیحتیں ہم نے ان کو کی تھیں وہ انہوں نے بھلا دیں تو ہم نے ان پر ہر چیز کے دروازے کھول دیئے یہاں تک کہ جب

فَرِحُوْا بِمَاۤ اُوْتُوْۤا اَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً فَاِذَا هُمْ مُّبْلِسُوْنَ ﴿۴۴﴾ فَقُطِعَ دَابِرُ

| فَرِحُوْا | بِمَاۤ | اُوْتُوْۤا | اَخَذْنٰهُمْ | بَغْتَةً | فَاِذَا | هُمْ | مُّبْلِسُوْنَ | فَقُطِعَ | دَابِرُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خوش ہوئے | اس پر جو | دیئے گئے | پکڑا ہم نے ان کو | اچانک | تو | وہ | ناامید ہو گئے | پھر کاٹی گئی | جڑ |

خوش ہوئے اس پر جو انہیں ملا تو ہم نے اچانک انہیں پکڑ لیا اب وہ مایوس ہو کر رہ گئے۔ پس ظلم کرنے والی

الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ؕ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۵﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ

| الْقَوْمِ | الَّذِيْنَ | ظَلَمُوْا | وَ | الْحَمْدُ | لِلّٰهِ | رَبِّ | الْعٰلَمِيْنَ | قُلْ | اَرَءَيْتُمْ | اِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قوم کی | جنہوں نے | ظلم کیا | اور | سب تعریف | اللہ کے لیے جو | رب ہے | سب جہانوں کا | فرما دیجئے | کیا دیکھا تم نے | اگر |

قوم کی جڑ کاٹ دی گئی اور تمام تعریفیں اللہ ہی کیلئے ہیں جو سارے جہانوں کا پروردگار ہے۔ (ان سے) فرما دیجئے کہ تم یہ تو بتاؤ اگر

اَخَذَ اللّٰهُ سَمْعَكُمْ وَاَبْصَارَكُمْ وَخَتَمَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ مَّنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ

| اَخَذَ | اللّٰهُ | سَمْعَكُمْ | وَ | اَبْصَارَكُمْ | وَخَتَمَ | عَلٰى | قُلُوْبِكُمْ | مَّنْ | اِلٰهٌ | غَيْرُ | اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لے لے | اللہ | تمہارے کان | اور | آنکھیں تمہاری | اور مہر کر دے | اوپر | تمہارے دلوں کے | کون | خدا ہے | سوا | اللہ کے |

اللہ تمہاری سماعت اور تمہاری آنکھیں لے لے اور تمہارے دلوں پر مہر لگا دے (تو) اللہ کے سوا کون معبود ایسا ہے جو یہ (نعمتیں دوبارہ)

يَاْتِيْكُمْ بِهٖ ؕ اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ هُمْ يَصْدِفُوْنَ ﴿۴۶﴾ قُلْ

| يَاْتِيْكُمْ | بِهٖ | اُنْظُرْ | كَيْفَ | نُصَرِّفُ | الْاٰيٰتِ | ثُمَّ | هُمْ | يَصْدِفُوْنَ | قُلْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دے دے تم کو | یہ چیزیں | دیکھو | کس طرح | بیان کرتے ہیں ہم | آیتیں | پھر | وہ | پھر لیتے ہیں | فرما دو |

تمہارے پاس لے آئے دیکھئے ہم کس طرح بار بار آیتیں پیش کرتے ہیں پھر بھی وہ منہ موڑتے ہیں۔ فرما دیجئے

أَرَءَيْتَكُمْ إِنْ أَتَٰكُمْ عَذَابُ اللَّهِ بَغْتَةً أَوْ جَهْرَةً هَلْ يُهْلَكُ إِلَّا الْقَوْمُ

| أَرَءَيْتَكُمْ | إِنْ | أَتَٰكُمْ | عَذَابُ | اللَّهِ | بَغْتَةً | أَوْ | جَهْرَةً | هَلْ | يُهْلَكُ | إِلَّا | الْقَوْمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیا دیکھا تم نے | اگر | آئے تمہارے پاس | عذاب | اللہ کا | اچانک | یا | ظاہر | نہیں | ہلاک کی جائے گی | مگر | قوم |

ذرا بتاؤ اگر تم پر اللہ کا عذاب اچانک یا اعلانیہ ہو کر آ جائے تو ظالموں کے سوا کوئی

الظَّٰلِمُونَ ﴿٤٧﴾ وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِينَ إِلَّا مُبَشِّرِينَ وَمُنذِرِينَ ج

| الظَّٰلِمُونَ | وَمَا | نُرْسِلُ | الْمُرْسَلِينَ | إِلَّا | مُبَشِّرِينَ | وَ | مُنذِرِينَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ظالموں کی | اور نہیں | بھیجتے ہم | رسولوں کو | مگر | خوشخبری دینے والے | اور | ڈرانے والے |

اور ہلاک ہو گا؟۔ اور ہم رسول نہیں بھیجتے مگر خوشخبری اور ڈر سنانے کے لیے پھر جولوگ ایمان لائیں

فَمَنْ ءَامَنَ وَأَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ﴿٤٨﴾ وَالَّذِينَ

| فَمَنْ | ءَامَنَ | وَ | أَصْلَحَ | فَلَا | خَوْفٌ | عَلَيْهِمْ | وَ | لَا | هُمْ | يَحْزَنُونَ | وَ | الَّذِينَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پھر جو | ایمان لائے | اور | درست ہو جائے | تو نہیں | اندیشہ | ان پر | اور | نہ | وہ | غمگین ہوں | اور | وہ جنہوں نے |

اور اپنی اصلاح کریں تو ان کو نہ خوف ہو گا اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ اور جنہوں نے

كَذَّبُوا بِـَٔايَٰتِنَا يَمَسُّهُمُ الْعَذَابُ بِمَا كَانُوا يَفْسُقُونَ ﴿٤٩﴾ قُل لَّآ أَقُولُ

| كَذَّبُوا | بِـَٔايَٰتِنَا | يَمَسُّهُمُ | الْعَذَابُ | بِمَا | كَانُوا | يَفْسُقُونَ | قُلْ | لَآ | أَقُولُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جھٹلایا | ہماری آیتوں کو | پہنچے گا ان کو | عذاب | بدلے اس کے جو | تھے وہ | گناہ کرتے | فرمادو | نہیں | کہتا میں |

ہماری آیتیں جھٹلائیں انہیں عذاب پہنچے گا یہ بدلا ہے ان کی نافرمانی کا۔ آپ فرما دیجئے میں تم

لَكُمْ عِندِى خَزَآئِنُ اللَّهِ وَلَآ أَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَآ أَقُولُ لَكُمْ إِنِّى

| لَكُمْ | عِندِى | خَزَآئِنُ | اللَّهِ | وَلَآ | أَعْلَمُ | الْغَيْبَ | وَ | لَآ | أَقُولُ | لَكُمْ | إِنِّى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم کو | کہ میرے پاس | خزانے ہیں | اللہ کے | اور نہ | میں جانتا ہوں | غیب | اور | نہ | میں کہتا ہوں | تم کو | کہ میں |

سے نہیں کہتا کہ میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں اور نہ یہ کہتا ہوں کہ میں اپنے آپ غیب جان لیتا ہوں اور نہ تم

مَلَكٌ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ ؕ قُلْ هَلْ يَسْتَوِى الْاَعْمٰى

| الْاَعْمٰى | يَسْتَوِى | هَلْ | قُلْ | اِلَيَّ | يُوْحٰٓى | مَا | اِلَّا | اَتَّبِعُ | اِنْ | مَلَكٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اندھے | برابر ہوتے ہیں | کیا | فرمادو | میری طرف | وحی کی جاتی ہے | جو | مگر | پیروی کرتا میں | نہیں | فرشتہ ہوں |

سے یہ کہتا ہوں کہ میں فرشتہ ہوں میں تو اسی کا تابع ہوں جو مجھے وحی آتی ہے آپ فرمادیجئے کیا برابر ہو جائیں گے اندھے

وَالْبَصِيْرُ ؕ اَفَلَا تَتَفَكَّرُوْنَ ۝ؑ۵۰ وَاَنْذِرْ بِهِ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْ

| اَنْ | يَخَافُوْنَ | الَّذِيْنَ | بِهِ | اَنْذِرْ | وَ | تَتَفَكَّرُوْنَ | اَفَلَا | وَالْبَصِيْرُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ کہ | ڈرتے ہیں | ان کو جو | اس کے ساتھ | ڈراؤ | اور | غور کرتے تم | کیا نہیں | اور دیکھنے والے |

اور آنکھوں والے تو کیا تم غور نہیں کرتے۔ اور آپ اس (قرآن) کے ذریعے ان لوگوں کو ڈرایئے جو اپنے رب کے

يُّحْشَرُوْٓا اِلٰى رَبِّهِمْ لَيْسَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ لَّعَلَّهُمْ

| لَعَلَّهُمْ | شَفِيْعٌ | لَا | وَ | وَلِيٌّ | مِّنْ دُوْنِهٖ | لَهُمْ | لَيْسَ | رَبِّهِمْ | اِلٰى | يُحْشَرُوْٓا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تاکہ | سفارشی | نہ | اور | کوئی حمایتی | اس کے سوا | ان کیلئے | نہیں | اپنے رب کی | طرف | اکٹھے کیے جائینگے |

پاس اس حال میں جمع کیے جانے سے خوفزدہ ہیں کہ ان کیلئے اس کے سوا نہ کوئی مددگار ہو اور نہ (کوئی) سفارشی تاکہ

يَتَّقُوْنَ ۝۵۱ وَلَا تَطْرُدِ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ

| الْعَشِيِّ | وَ | بِالْغَدٰوةِ | رَبَّهُمْ | يَدْعُوْنَ | الَّذِيْنَ | تَطْرُدِ | لَا | وَ | يَتَّقُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شام | اور | صبح | اپنے رب کو | جو پکارتے ہیں | ان کو | دور کرو | نہ | اور | وہ ڈریں |

وہ پرہیزگار بن جائیں۔ اور آپ ان لوگوں کو دور نہ کیجئے جو صبح و شام اپنے رب کی خوشنودی کی خاطر

يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ ؕ مَا عَلَيْكَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ وَّمَا

| مَا | وَ | مِّنْ شَيْءٍ | مِنْ حِسَابِهِمْ | عَلَيْكَ | مَا | وَجْهَهٗ | يُرِيْدُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہ | اور | کوئی چیز | ان کے حساب سے | آپ پر | نہیں | اس کی رضامندی | چاہتے ہیں |

اس کو یاد کر کے پکارتے ہیں ان کے حساب میں سے آپ پر کوئی چیز (واجب) نہیں اور نہ آپ کے حساب میں سے کوئی چیز ان پر

مِنْ حِسَابِكَ عَلَيْهِمْ مِّنْ شَيْءٍ فَتَطْرُدَهُمْ فَتَكُوْنَ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۲﴾

| مِنَ الظّٰلِمِيْنَ | فَتَكُوْنَ | فَتَطْرُدَهُمْ | مِّنْ شَيْءٍ | عَلَيْهِمْ | مِنْ حِسَابِكَ |
|---|---|---|---|---|---|
| بے انصافی کرنیوالے | تو ہو جائینگے آپ | تم انہیں دور کرو | کوئی چیز | ان پر | آپ کے حساب سے |

(واجب) ہے (اگر) پھر بھی آپ انہیں (اپنے لطف وکرم سے) دور کر دیں تو آپ حق تلفی کرنے والوں میں سے ہو جائیں گے۔

وَكَذٰلِكَ فَتَنَّا بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لِّيَقُوْلُوْٓا اَهٰٓؤُلَآءِ مَنَّ اللّٰهُ

| اللّٰهُ | مَنَّ | اَهٰٓؤُلَآءِ | لِّيَقُوْلُوْٓا | بِبَعْضٍ | بَعْضَهُمْ | فَتَنَّا | كَذٰلِكَ | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ نے | احسان کیا | کیا یہ ہیں کہ | تا کہ کہیں | بعض سے | ان کے بعض کو | فتنہ بنایا ہم نے | اسی طرح | اور |

اور اسی طرح ہم نے ان کے بعض کو بعض کے ساتھ آزمایا کہ بالآخر وہ کہیں کیا ہم میں سے یہ وہی لوگ ہیں

عَلَيْهِمْ مِّنْ بَيْنِنَا ؕ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِالشّٰكِرِيْنَ ﴿۵۳﴾ وَاِذَا جَآءَكَ

| جَآءَكَ | اِذَا | وَ | بِالشّٰكِرِيْنَ | بِاَعْلَمَ | اللّٰهُ | اَلَيْسَ | مِّنْ بَيْنِنَا | عَلَيْهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آئیں آپ کے پاس | جب | اور | شکر گزاروں کو | جاننے والا | اللہ | کیا نہیں | ہم میں سے | ان پر |

جن پر اللہ نے احسان کیا؟ کیا اللہ شکرگزاروں کو خوب جاننے والا نہیں؟۔ اور جب آپ کے

الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِنَا فَقُلْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰى نَفْسِهِ

| نَفْسِهِ | عَلٰى | رَبُّكُمْ | كَتَبَ | عَلَيْكُمْ | سَلٰمٌ | فَقُلْ | بِاٰيٰتِنَا | يُؤْمِنُوْنَ | الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنی ذات کے | اوپر | تمہارے رب نے | لکھدی | تم پر | سلام ہو | تو فرماؤ | ہماری آیتوں پر | ایمان لاتے ہیں | وہ جو |

پاس آئیں وہ لوگ جو ہماری آیتوں پر ایمان لاتے ہیں تو آپ فرمائیں تم پر سلام ہو تمہارے رب نے (محض اپنے کرم سے)

الرَّحْمَةَ ۙ اَنَّهٗ مَنْ عَمِلَ مِنْكُمْ سُوْٓءًۢا بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابَ مِنْۢ بَعْدِهٖ

| مِنْۢ بَعْدِهٖ | تَابَ | ثُمَّ | بِجَهَالَةٍ | سُوْٓءًا | مِنْكُمْ | عَمِلَ | مَنْ | اَنَّهٗ | الرَّحْمَةَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس کے بعد | توبہ کرے | پھر | نادانی سے | برائی | تم میں سے | کرے | جو آدمی | بیشک | رحمت |

اپنے اوپر رحمت کو لازم کرلیا ہے کہ جو تم میں سے کوئی برائی کرے نادانی کی وجہ سے پھر اس کے بعد وہ توبہ کرے اور اپنی اصلاح

وَاَصْلَحَ فَاَنَّهٗ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۵۴﴾ وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ

| وَاَصْلَحَ | فَاَنَّهٗ | غَفُوْرٌ | رَّحِيْمٌ | وَ | كَذٰلِكَ | نُفَصِّلُ | الْاٰيٰتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور سنوار لے | تو بیشک وہ | بخشنے والا | رحم کرنے والا ہے | اور | اسی طرح | کھول کر بیان کرتے ہیں ہم | آیتیں |

کرلے تو (بے شک) اللہ بہت بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہے۔ اور اسی طرح ہم آیتوں کو مفصل بیان فرماتے ہیں

وَلِتَسْتَبِيْنَ سَبِيْلُ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۵۵﴾ قُلْ اِنِّیْ نُهِيْتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِيْنَ

| وَ | لِتَسْتَبِيْنَ | سَبِيْلُ | الْمُجْرِمِيْنَ | قُلْ | اِنِّیْ | نُهِيْتُ | اَنْ | اَعْبُدَ | الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | تاکہ ظاہر ہوجائے | راستہ | مجرموں کا | فرمادیجئے | بیشک میں | روکا گیا ہوں | یہ کہ | پوجوں میں | ان کو |

اور اس لئے کہ مجرموں کا طریقہ واضح ہو جائے۔ آپ فرما دیجئے مجھے منع کیا گیا ہے کہ انہیں پکاروں

تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قُلْ لَّاۤ اَتَّبِعُ اَهْوَآءَكُمْ ۙ قَدْ ضَلَلْتُ اِذًا

| تَدْعُوْنَ | مِنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | قُلْ | لَاۤ | اَتَّبِعُ | اَهْوَآءَكُمْ | قَدْ | ضَلَلْتُ | اِذًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جن کو تم پکارتے ہو | سوا | اللہ کے | فرمادو | نہیں | پیروی کرتا میں | تمہاری خواہش کی | بیشک | میں گمراہ ہوں گا | اس وقت |

جن کی تم اللہ کے سوا عبادت کرتے ہو آپ فرما دیجئے میں تمہاری خواہش پر نہیں چلتا یوں

وَّمَاۤ اَنَا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ﴿۵۶﴾ قُلْ اِنِّیْ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّیْ وَكَذَّبْتُمْ

| وَّمَاۤ | اَنَا | مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ | قُلْ | اِنِّیْ | عَلٰى | بَيِّنَةٍ | مِّنْ رَّبِّیْ | وَكَذَّبْتُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور نہ ہوا | میں | ہدایت پانے والوں سے | فرمادیں | بیشک میں | اوپر | دلیل کے ہوں | اپنے رب سے | اور جھٹلایا تم نے |

ہوتو میں بھٹک جاؤں اور راہ ہدایت پر نہ رہوں۔ فرمادیجئے (کافرو!) بے شک میں اپنے رب کی طرف سے روشن دلیل پر

بِهٖ ؕ مَا عِنْدِیْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ ؕ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ يَقُصُّ الْحَقَّ

| بِهٖ | مَا | عِنْدِیْ | مَا | تَسْتَعْجِلُوْنَ | بِهٖ | اِنِ | الْحُكْمُ | اِلَّا | لِلّٰهِ | يَقُصُّ | الْحَقَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس کو | نہیں | میرے پاس | جس کی | تم جلدی کرتے ہو | اس کی | نہیں ہے | حکم | مگر | اللہ کا | بیان فرماتا ہے | حق |

(قائم) ہوں اور تم اسے جھٹلاتے ہو میرے پاس وہ (عذاب) نہیں ہے جس کی تم جلدی مچا رہے ہو حکم صرف اللہ ہی کا ہے وہ حق

ع ۵

وَهُوَ خَيْرُ الْفٰصِلِيْنَ ﴿۵۷﴾ قُلْ لَّوْ اَنَّ عِنْدِيْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ

| وَ | هُوَ | خَيْرُ | الْفٰصِلِيْنَ | قُلْ | لَّوْ | اَنَّ | عِنْدِيْ | مَا | تَسْتَعْجِلُوْنَ | بِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | وہ ہے | بہتر ہے | فیصلہ کرنے والوں کا | فرمادیں | اگر | بیشک | میرے پاس ہوتا | وہ کہ | جلدی کرتے ہو تم | اس کی |

بیان فرماتا ہے اور وہی بہتر فیصلہ فرمانے والا ہے۔ (ان سے) فرمادیں اگر وہ (عذاب) میرے پاس ہوتا جسے تم جلدی

لَقُضِيَ الْاَمْرُ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۸﴾ وَعِنْدَهٗ

| لَقُضِيَ | الْاَمْرُ | بَيْنِيْ | وَبَيْنَكُمْ | وَ | اللّٰهُ | اَعْلَمُ | بِالظّٰلِمِيْنَ | وَ | عِنْدَهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو فیصلہ ہو جاتا | کام کا | میرے | اور تمہارے درمیان | اور | اللہ | خوب جانتا ہے | ظالموں کو | اور | پاس اسی کے ہیں |

چاہتے ہو تو یقیناً میرے اور تمہارے درمیان فیصلہ ہو چکا ہوتا اور اللہ ظالموں کو خوب جاننے والا ہے۔ اور اسی کے

مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ۭ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۭ وَمَا

| مَفَاتِحُ | الْغَيْبِ | لَا | يَعْلَمُهَآ | اِلَّا | هُوَ | وَ | يَعْلَمُ | مَا | فِي | الْبَرِّ | وَالْبَحْرِ | وَ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کنجیاں | غیب کی | نہیں | جانتا ان کو | مگر | وہی | اور | جانتا ہے | جو | میں | خشکی | اور تری میں ہے | اور | نہیں |

پاس ہیں غیب کی کنجیاں اس کے سوا (بذاتِ خود) انہیں کوئی نہیں جانتا اور وہ جانتا ہے ہر اس چیز کو جو خشکی

تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِيْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ

| تَسْقُطُ | مِنْ | وَّرَقَةٍ | اِلَّا | يَعْلَمُهَا | وَ | لَا | حَبَّةٍ | فِيْ | ظُلُمٰتِ | الْاَرْضِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گرتا | کوئی | پتہ | مگر | جانتا ہے اس کو | اور | نہ | کوئی دانہ | میں | اندھیریوں | زمین کے |

اور سمندر میں ہے اور کوئی پتہ نہیں گرتا لیکن وہ اسے جانتا ہے اور نہ ہی کوئی دانہ گرتا ہے زمین کی تاریکیوں میں

وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿۵۹﴾ وَهُوَ الَّذِيْ يَتَوَفّٰىكُمْ بِالَّيْلِ

| وَ | لَا | رَطْبٍ | وَّ | لَا | يَابِسٍ | اِلَّا | فِيْ | كِتٰبٍ | مُّبِيْنٍ | وَ | هُوَ | الَّذِيْ | يَتَوَفّٰىكُمْ | بِالَّيْلِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نہ | کوئی تر | اور | نہ | خشک | مگر | میں | کتاب | روشن ہے | اور | وہ اللہ | وہ ہے جو | روحیں قبض کرتا ہے | رات میں |

اور نہ کوئی تر اور نہ کوئی خشک لیکن (سب کچھ لکھا ہوا) ہے روشن کتاب میں۔ اور وہی ہے جو تمہاری روحیں قبض کر لیتا ہے

وَيَعْلَمُ مَا جَرَحْتُمْ بِالنَّهَارِ ثُمَّ يَبْعَثُكُمْ فِيهِ لِيُقْضَىٰ أَجَلٌ مُسَمًّى ج

| وَ | يَعْلَمُ | مَا | جَرَحْتُمْ | بِالنَّهَارِ | ثُمَّ | يَبْعَثُكُمْ | فِيهِ | لِيُقْضَىٰ | أَجَلٌ | مُسَمًّى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جانتا ہے | جو | کماتے ہو تم | دن میں | پھر | اٹھاتا ہے تم کو | اس میں | تاکہ پوری کی جائے | معیار | مقرر |

رات میں اور جانتا ہے جو کچھ تم نے دن میں کیا پھر تمہیں اٹھا دیتا ہے دن میں تاکہ مقرر میعاد پوری ہو جائے

ثُمَّ إِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ ثُمَّ يُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٦٠﴾ ع وَهُوَ الْقَاهِرُ

| ثُمَّ | إِلَيْهِ | مَرْجِعُكُمْ | ثُمَّ | يُنَبِّئُكُمْ | بِمَا | كُنْتُمْ | تَعْمَلُونَ | وَ | هُوَ | الْقَاهِرُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پھر | اسی طرف ہے | تمہارا پھرنا | پھر | بتادے گا تم کو | جو | تھے تم | عمل کرتے | اور | وہ | غالب ہے |

پھر تمہارا لوٹنا اسی کی طرف ہے پھر تمہیں خبر دے گا اس چیز کی جو تم کرتے تھے۔ اور وہی غالب ہے

فَوْقَ عِبَادِهِ وَيُرْسِلُ عَلَيْكُمْ حَفَظَةً ط حَتَّىٰ إِذَا جَاءَ أَحَدَكُمُ

| فَوْقَ | عِبَادِهِ | وَ | يُرْسِلُ | عَلَيْكُمْ | حَفَظَةً | حَتَّىٰ | إِذَا | جَاءَ | أَحَدَكُمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر | بندوں اپنے کے | اور | بھیجتا ہے | تم پر | نگہبان | یہاں تک کہ | جب | آتی ہے | تم میں سے ایک کو |

اپنے بندوں پر اور تم پر نگہبان بھیجتا ہے یہاں تک کہ جب تم میں کسی کی موت آتی ہے ہمارے فرشتے

الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا وَهُمْ لَا يُفَرِّطُونَ ﴿٦١﴾ ثُمَّ رُدُّوا إِلَى اللَّهِ مَوْلَاهُمُ

| الْمَوْتُ | تَوَفَّتْهُ | رُسُلُنَا | وَ | هُمْ | لَا | يُفَرِّطُونَ | ثُمَّ | رُدُّوا | إِلَى | اللَّهِ | مَوْلَاهُمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| موت | روح قبض کرتے ہیں اسکی | ہمارے بھیجے ہوئے | اور | وہ | نہیں | کوتاہی کرتے | پھر | لوٹائے جائینگے | طرف | اللہ کی | جو ان کا مولا ہے |

اس کی روح قبض کرتے ہیں اور وہ روگردانی نہیں کرتے۔ پھر وہ اللہ تعالیٰ اپنے حقیقی مالک کی طرف واپس لائے

الْحَقِّ ط أَلَا لَهُ الْحُكْمُ قف وَهُوَ أَسْرَعُ الْحَاسِبِينَ ﴿٦٢﴾ قُلْ مَنْ يُنَجِّيكُمْ

| الْحَقِّ | أَلَا | لَهُ | الْحُكْمُ | وَ | هُوَ | أَسْرَعُ | الْحَاسِبِينَ | قُلْ | مَنْ | يُنَجِّيكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سچا | خبردار | اسی کا ہے | حکم | اور | وہ | جلدی | حساب کرنیوالا ہے | فرمادیں | کون | نجات دیتا ہے تم کو |

جائیں گے۔ سن لو حکم اسی کا چلتا ہے اور وہ سب سے جلد حساب کرنے والا ہے۔ آپ فرمائیں کہ بیابان میں اور دریا کی

مِّنْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَدْعُوْنَهٗ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ۚ لَئِنْ اَنْجٰنَا

| مِنْ ظُلُمٰتِ | الْبَرِّ | وَالْبَحْرِ | تَدْعُوْنَهٗ | تَضَرُّعًا | وَ | خُفْيَةً | لَئِنْ | اَنْجٰنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اندھیریوں سے | خشکی | اور سمندر کی سے | پکارتے ہو تم اس کو | گڑگڑا کر | اور | پوشیدہ | اگر | نجات دی تو نے ہم کو |

تاریکیوں میں تمہیں کون نجات دیتا ہے اس وقت تو) تم گڑگڑا کر (بھی) اور چپکے چپکے (بھی) اسی کو پکارتے ہو کہ اگر وہ ہمیں اس

مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۶۳﴾ قُلِ اللّٰهُ يُنَجِّيْكُمْ مِّنْهَا وَمِنْ كُلِّ

| مِنْ هٰذِهٖ | لَنَكُوْنَنَّ | مِنَ الشّٰكِرِيْنَ | قُلِ | اللّٰهُ | يُنَجِّيْكُمْ | مِّنْهَا | وَ | مِنْ كُلِّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس سے | تو ہوں گے ہم | شکر کرنے والوں سے | فرمائیے | اللہ | نجات دیتا ہے تم کو | اس سے | اور | ہر |

(مصیبت) سے نجات دے دے تو ہم ضرور شکر گزاروں میں سے ہو جائیں گے۔ فرما دیجئے کہ اللہ ہی تمہیں اس (مصیبت)

كَرْبٍ ثُمَّ اَنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ﴿۶۴﴾ قُلْ هُوَ الْقَادِرُ عَلٰٓى اَنْ يَّبْعَثَ عَلَيْكُمْ

| كَرْبٍ | ثُمَّ | اَنْتُمْ | تُشْرِكُوْنَ | قُلْ | هُوَ | الْقَادِرُ | عَلٰٓى | اَنْ | يَّبْعَثَ | عَلَيْكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مصیبت سے | پھر | تم | شرک کرتے ہو | فرمائیے | وہ | قادر ہے | اوپر اس کے | یہ کہ | بھیجے | تم پر |

سے اور ہر تکلیف سے نجات دیتا ہے تم پھر (بھی) شرک کرتے ہو۔ آپ فرما دیں کہ وہ اس پر قدرت رکھنے والا ہے کہ تم پر

عَذَابًا مِّنْ فَوْقِكُمْ اَوْ مِنْ تَحْتِ اَرْجُلِكُمْ اَوْ يَلْبِسَكُمْ شِيَعًا وَّيُذِيْقَ

| عَذَابًا | مِّنْ فَوْقِكُمْ | اَوْ | مِنْ تَحْتِ | اَرْجُلِكُمْ | اَوْ | يَلْبِسَكُمْ | شِيَعًا | وَ | يُذِيْقَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عذاب | تمہارے اوپر سے | یا | نیچے سے | تمہارے پاؤں کے | یا | بنا دے تم کو | گروہ گروہ | اور | چکھائے |

تمہارے اوپر سے یا تمہارے پاؤں کے نیچے سے کوئی عذاب بھیج دے یا تمہیں گروہوں میں تقسیم کر کے تمہیں

بَعْضَكُمْ بَاْسَ بَعْضٍ ۗ اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّهُمْ

| بَعْضَكُمْ | بَاْسَ | بَعْضٍ | اُنْظُرْ | كَيْفَ | نُصَرِّفُ | الْاٰيٰتِ | لَعَلَّهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بعض تمہارے کو | سختی | بعض کی | دیکھ | کس طرح | بیان کرتے ہیں ہم | آیتیں | تاکہ وہ |

ایک دوسرے کی طاقت کا مزہ چکھا دے۔ دیکھو ہم کس طرح آیات مختلف پہلوؤں سے بیان کرتے ہیں

يَفْقَهُوْنَ ﴿٦٥﴾ وَكَذَّبَ بِهٖ قَوْمُكَ وَهُوَ الْحَقُّ ؕ قُلْ لَّسْتُ عَلَيْكُمْ

| يَفْقَهُوْنَ | وَ | كَذَّبَ | بِهٖ | قَوْمُكَ | وَ | هُوَ | الْحَقُّ | قُلْ | لَسْتُ | عَلَيْكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سمجھیں | اور | جھٹلایا | اس کو | آپکی قوم نے | اور | وہ | حق ہے | فرماؤ | نہیں ہوں میں | تم پر |

تاکہ وہ سمجھیں۔ اور اسے آپ کی قوم نے جھٹلایا حالانکہ یہی حق ہے فرمایئے میں تم پر

بِوَكِيْلٍ ﴿٦٦﴾ لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ ؗ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿٦٧﴾ وَاِذَا رَاَيْتَ

| بِوَكِيْلٍ | لِكُلِّ | نَبَاٍ | مُّسْتَقَرٌّ | وَّسَوْفَ | تَعْلَمُوْنَ | وَ | اِذَا | رَاَيْتَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نگہبان | ہر | خبر کے لئے | وقت ہے | اور عنقریب | جان لوگے | اور | جب | دیکھے تو |

نگہبان نہیں۔ ہر چیز کا ایک وقت مقرر ہے اور عنقریب تم جان جاؤ گے۔ اور اے سننے والے

الَّذِيْنَ يَخُوْضُوْنَ فِيْۤ اٰيٰتِنَا فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ حَتّٰى يَخُوْضُوْا فِيْ

| الَّذِيْنَ | يَخُوْضُوْنَ | فِيْ | اٰيٰتِنَا | فَاَعْرِضْ | عَنْهُمْ | حَتّٰى | يَخُوْضُوْا | فِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان لوگوں کو جو | بحث کرتے ہیں | میں | ہماری آیتوں | تو منہ پھیرلو | ان سے | یہاں تک کہ | بحث کریں | میں |

جب تم انہیں دیکھو جو ہماری آیتوں میں بے جا بحث کرتے ہیں تو ان سے منہ پھیر لو جب تک کہ

حَدِيْثٍ غَيْرِهٖ ؕ وَاِمَّا يُنْسِيَنَّكَ الشَّيْطٰنُ فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرٰى

| حَدِيْثٍ | غَيْرِهٖ | وَ | اِمَّا | يُنْسِيَنَّكَ | الشَّيْطٰنُ | فَلَا | تَقْعُدْ | بَعْدَ | الذِّكْرٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بات | سوا اسکے | اور | اگر | بھلادے تجھ کو | شیطان | تو نہ | بیٹھ | بعد | یاد آنے کے |

اور بحث میں نہ پڑیں اور جو کہیں تجھے شیطان بھلا دے تو یاد آنے پر

مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٦٨﴾ وَمَا عَلَى الَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ مِنْ حِسَابِهِمْ

| مَعَ | الْقَوْمِ | الظّٰلِمِيْنَ | وَ | مَا | عَلَى | الَّذِيْنَ | يَتَّقُوْنَ | مِنْ حِسَابِهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ساتھ | قوم | ظالم کے | اور | نہیں | اوپر | ان کے | جو ڈرتے ہیں | ان کے حساب سے |

ظالموں کے پاس نہ بیٹھو۔ اور لوگوں پر جو پرہیزگاری اختیار کئے ہوئے ہیں ان (کافروں) کے حساب سے

مِنْ شَيْءٍ وَّلٰكِنْ ذِكْرٰى لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۶۹﴾ وَذَرِ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَهُمْ

| مِنْ شَيْءٍ | وَّ | لٰكِنْ | ذِكْرٰى | لَعَلَّهُمْ | يَتَّقُوْنَ | وَذَرِ | الَّذِيْنَ | اتَّخَذُوْا | دِيْنَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کوئی چیز | اور | لیکن | نصیحت ہے | تاکہ | پرہیزگار ہوں | اور چھوڑ دو | ان کو جنہوں نے | بنالیا | اپنے دین کو |

کچھ بھی (لازم) نہیں ہے مگر (انہیں) نصیحت (کرنا چاہیے) تاکہ وہ بچ جائیں۔ اور آپ ان لوگوں کو چھوڑ دیجئے جنہوں نے

لَعِبًا وَّلَهْوًا وَّغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَذَكِّرْ بِهٖٓ اَنْ تُبْسَلَ نَفْسٌۢ

| لَعِبًا | وَّ | لَهْوًا | وَّغَرَّتْهُمُ | الْحَيٰوةُ | الدُّنْيَا | وَ | ذَكِّرْ | بِهٖٓ | اَنْ | تُبْسَلَ | نَفْسٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کھیل | اور | تماشہ | اور دھوکہ دیا ان کو | زندگی | دنیا کی نے | اور | نصیحت کر | اسکے ساتھ | یہ کہ | پکڑا جائے | کوئی جان |

اپنے دین کو کھیل اور تماشا بنالیا ہے اور جنہیں دنیا کی زندگی نے فریب دے رکھا ہے اور اس قرآن کے ذریعے نصیحت فرماتے رہیے

بِمَا كَسَبَتْ ۖ لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ ۚ وَاِنْ تَعْدِلْ كُلَّ

| بِمَا كَسَبَتْ | لَيْسَ | لَهَا | مِنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | وَلِيٌّ | وَّ | لَا | شَفِيْعٌ | وَ | اِنْ | تَعْدِلْ | كُلَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بدلے اسکے جو کمایا | نہیں | اسکے لئے | سوا | اللہ کے | کوئی حمایتی | اور | نہ | سفارشی | اور | اگر | عوض دے | پورا |

تاکہ کوئی شخص اپنے اعمال کے وبال میں گرفتار نہ ہو جائے جو اس نے کیے (پھر) اس کیلئے اللہ کے سوا نہ کوئی مددگار ہوگا اور نہ کوئی

عَدْلٍ لَّا يُؤْخَذْ مِنْهَا ۗ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اُبْسِلُوْا بِمَا كَسَبُوْا ۚ لَهُمْ

| عَدْلٍ | لَا | يُؤْخَذْ | مِنْهَا | اُولٰٓئِكَ | الَّذِيْنَ | اُبْسِلُوْا | بِمَا | كَسَبُوْا | لَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بدلہ تو | نہ | لیا جائے | اس سے | یہ لوگ | جو | پکڑے گئے | بدلہ | کمائی کے | ان کیلئے |

سفارشی اور اگر وہ پورا پورا بدلہ بھی دے تو (بھی) اس سے قبول نہیں کیا جائے گا یہی وہ لوگ ہیں جو اپنے کیے کے بدلے ہلاکت میں

شَرَابٌ مِّنْ حَمِيْمٍ وَّعَذَابٌ اَلِيْمٌۢ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ﴿۷۰﴾ قُلْ اَنَدْعُوْا

| شَرَابٌ | مِّنْ حَمِيْمٍ | وَّعَذَابٌ | اَلِيْمٌ | بِمَا | كَانُوْا | يَكْفُرُوْنَ | قُلْ | اَنَدْعُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پینا ہے | کھولتا پانی | اور عذاب | دردناک | بدلے اسکے | جو تھے وہ | کفر کرتے | فرمادو | کیا پوجیں ہم |

ڈال دیئے گئے ان کیلئے کھولتے ہوئے پانی کا پینا ہے اور دردناک عذاب ہے اس وجہ سے کہ وہ کفر کیا کرتے تھے۔ فرمایئے کیا

ع ۱۴

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُنَا وَلَا يَضُرُّنَا وَنُرَدُّ عَلٰٓى اَعْقَابِنَا بَعْدَ اِذْ

| مِنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | مَا | لَا | يَنْفَعُنَا | وَ | لَا | يَضُرُّنَا | وَ | نُرَدُّ | عَلٰى | اَعْقَابِنَا | بَعْدَ | اِذْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سوا | اللہ کے | اس کو جو | نہ | نفع دے ہم کو | اور | نہ | تکلیف دے ہم کو | اور | ہم پھیرے جائیں | اوپر | اپنی ایڑیوں کے | بعد | اسکے کہ |

ہم اللہ کے سوا اس کو پوجیں جو نہ ہمیں کچھ نفع پہنچا سکتا ہے اور نہ کوئی نقصان اور ہم اپنے الٹے پاؤں لوٹا دیے جائیں؟ اس کے بعد

هَدٰىنَا اللّٰهُ كَالَّذِى اسْتَهْوَتْهُ الشَّيٰطِيْنُ فِى الْاَرْضِ حَيْرَانَ لَهٗٓ

| هَدٰىنَا | اللّٰهُ | كَالَّذِى | اسْتَهْوَتْهُ | الشَّيٰطِيْنُ | فِى الْاَرْضِ | حَيْرَانَ | لَهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہدایت دی ہم کو | اللہ نے | جیسے وہ آدمی | بھٹکا دیا ہو اس کو | شیطان نے | زمین میں | حیران کر کے | اسکے |

کہ اللہ نے ہمیں ہدایت دے دی اس شخص کی طرح جسے زمین میں شیطانوں نے بھٹکا دیا ہو اس حال میں کہ وہ حیران ہو اس کے

اَصْحٰبٌ يَّدْعُوْنَهٗٓ اِلَى الْهُدَى ائْتِنَا ؕ قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ

| اَصْحٰبٌ | يَّدْعُوْنَهٗ | اِلَى | الْهُدَى | ائْتِنَا | قُلْ | اِنَّ | هُدَى | اللّٰهِ | هُوَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رفیق ہیں جو | جو بلاتے ہیں اس کو | طرف | ہدایت کی | آجا ہمارے پاس | فرما دو | بیشک | ہدایت | اللہ کی | وہی ہے |

ساتھی اسے ہدایت کی طرف بلا رہے ہوں کہ ہمارے پاس آجا فرما دیجئے بے شک اللہ کی ہدایت ہی (اصل)

الْهُدٰى ؕ وَاُمِرْنَا لِنُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۱﴾ وَاَنْ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ

| الْهُدٰى | وَاُمِرْنَا | لِنُسْلِمَ | لِرَبِّ | الْعٰلَمِيْنَ | وَ | اَنْ | اَقِيْمُوا | الصَّلٰوةَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہدایت | اور حکم دیا گیا ہم کو | کہ فرمانبردار ہوں | واسطے رب | جہانوں کے | اور | یہ کہ | قائم کرو | نماز |

ہدایت ہے اور ہمیں حکم دیا گیا کہ ہم سارے جہانوں کے رب کے آگے جھک جائیں۔ اور یہ کہ تم نماز قائم رکھو اور اللہ سے

وَاتَّقُوْهُ ؕ وَهُوَ الَّذِىٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۷۲﴾ وَهُوَ الَّذِىْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

| وَ | اتَّقُوْهُ | وَ | هُوَ | الَّذِىٓ | اِلَيْهِ | تُحْشَرُوْنَ | وَ | هُوَ | الَّذِىْ | خَلَقَ | السَّمٰوٰتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | ڈرو اس سے | اور | وہ | وہ اللہ ہے کہ | اسکی طرف | اکٹھے کیے جاؤ گے تم | اور | وہ | اللہ وہ ہے کہ جس نے | پیدا کیے | آسمان |

ڈرتے رہو اور وہی ہے جس کی طرف تم [illegible] جاؤ گے۔ اور وہی ہے جس نے آسمان و زمین

وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ وَيَوْمَ يَقُوْلُ كُنْ فَيَكُوْنُ ۬ؕ قَوْلُهُ الْحَقُّ ؕ وَلَهُ

| وَلَهُ | الْحَقُّ | قَوْلُهُ | فَيَكُوْنُ | كُنْ | يَقُوْلُ | يَوْمَ | وَ | بِالْحَقِّ | وَالْاَرْضَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور اسی کی | سچی ہے | بات اس کی | تو ہو جائے گا | ہو جا | کہے گا | جس دن | اور | حق کے ساتھ | اور زمین |

ٹھیک بنائے اور جس دن ہر فانی چیز کو فرمائے گا ہو جا وہ فوراً ہو جائے گی اس کی بات سچی ہے اور اسی کی

الْمُلْكُ يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ ؕ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ؕ وَهُوَ الْحَكِيْمُ

| الْحَكِيْمُ | هُوَ | وَ | الشَّهَادَةِ | وَ | الْغَيْبِ | عٰلِمُ | فِي الصُّوْرِ | يُنْفَخُ | يَوْمَ | الْمُلْكُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حکمت والا | وہ | اور | ظاہر کا | اور | چھپے | جاننے والا ہے | صور میں | پھونکا جائے گا | جس دن | سلطنت ہے |

سلطنت ہے جس دن صور پھونکا جائے گا وہ ہر چھپے اور ظاہر کا جاننے والا ہے اور وہی حکمت والا

الْخَبِيْرُ ﴿۷۳﴾ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ لِاَبِيْهِ اٰزَرَ اَتَتَّخِذُ اَصْنَامًا اٰلِهَةً ۚ اِنِّيْۤ

| اِنِّيْۤ | اٰلِهَةً | اَصْنَامًا | اَتَتَّخِذُ | اٰزَرَ | لِاَبِيْهِ | اِبْرٰهِيْمُ | قَالَ | وَاِذْ | الْخَبِيْرُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک میں | معبود | بتوں کو | کیا بناتا ہے تو | آزر سے | اپنے باپ | ابراہیم نے | کہا | اور جب | خبردار ہے |

خبردار ہے۔ اور یاد کرو جب ابراہیم علیہ السلام نے اپنے باپ آزر سے فرمایا کیا تم بتوں کو خدا بناتے ہو

اَرٰىكَ وَقَوْمَكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۷۴﴾ وَكَذٰلِكَ نُرِيْۤ اِبْرٰهِيْمَ مَلَكُوْتَ

| مَلَكُوْتَ | اِبْرٰهِيْمَ | نُرِيْۤ | وَكَذٰلِكَ | مُّبِيْنٍ | فِيْ ضَلٰلٍ | وَقَوْمَكَ | اَرٰىكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بادشاہی | ابراہیم کو | دکھاتے تھے ہم | اور اسی طرح | ظاہر کے | گمراہی میں | اور تیری قوم کو | دیکھتا ہوں تجھ کو |

بے شک میں تمہیں اور تمہاری قوم کو کھلی گمراہی میں پاتا ہوں۔ اور اسی طرح ہم نے ابراہیم علیہ السلام کو آسمانوں اور زمین کی تمام

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلِيَكُوْنَ مِنَ الْمُوْقِنِيْنَ ﴿۷۵﴾ فَلَمَّا جَنَّ عَلَيْهِ

| عَلَيْهِ | جَنَّ | فَلَمَّا | مِنَ الْمُوْقِنِيْنَ | وَلِيَكُوْنَ | الْاَرْضِ | وَ | السَّمٰوٰتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس کو | ڈھانپ لیا | پھر جب | یقین کرنے والوں سے | اور تاکہ ہو جائے | زمین کی | اور | آسمانوں کی |

بادشاہتیں دکھاتے ہیں اور اس لئے کہ وہ عین الیقین والوں میں ہو جائیں۔ پھر جب ان پر رات نے اندھیرا کر دیا تو انہوں نے

الَّيْلُ رَاٰ كَوْكَبًا ۚ قَالَ هٰذَا رَبِّيْ ۚ فَلَمَّآ اَفَلَ قَالَ لَآ اُحِبُّ الْاٰفِلِيْنَ ﴿۷۶﴾

| الَّيْلُ | رَاٰ | كَوْكَبًا | قَالَ | هٰذَا | رَبِّيْ | فَلَمَّآ | اَفَلَ | قَالَ | لَآ | اُحِبُّ | الْاٰفِلِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رات نے | اس نے دیکھا | ایک ستارہ | کہنے لگا | یہ ہے | میرا رب | پھر جب | غروب ہو گیا | تو کہا | نہیں | پسند کرتا میں | غروب ہونے والوں کو |

(ایک) ستارہ دیکھا کہا (کیا تمہارے خیال میں) یہ میرا رب ہے؟ پھر جب وہ ڈوب گیا تو (اپنی قوم کو سنا کر) کہنے لگے میں ڈوب جانے والوں کو پسند نہیں کرتا۔

فَلَمَّا رَاَ الْقَمَرَ بَازِغًا قَالَ هٰذَا رَبِّيْ ۚ فَلَمَّآ اَفَلَ قَالَ لَئِنْ لَّمْ يَهْدِنِيْ

| فَلَمَّا | رَاَ | الْقَمَرَ | بَازِغًا | قَالَ | هٰذَا | رَبِّيْ | فَلَمَّآ | اَفَلَ | قَالَ | لَئِنْ | لَّمْ | يَهْدِنِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پھر جب | دیکھا | چاند کو | چمکتا ہوا | فرمایا | یہ ہے | میرا رب | پھر جب | غروب ہو گیا | کہا | اگر | نہ | ہدایت دی مجھ کو |

پھر جب چاند کو چمکتا ہوا دیکھا کہ یہ میرا رب ہے، پھر جب وہ غائب ہو گیا تو فرمایا اگر میرا رب مجھے ہدایت نہ دیتا

رَبِّيْ لَاَكُوْنَنَّ مِنَ الْقَوْمِ الضَّآلِّيْنَ ﴿۷۷﴾ فَلَمَّا رَاَ الشَّمْسَ بَازِغَةً قَالَ هٰذَا

| رَبِّيْ | لَاَكُوْنَنَّ | مِنَ الْقَوْمِ | الضَّآلِّيْنَ | فَلَمَّا | رَاَ | الشَّمْسَ | بَازِغَةً | قَالَ | هٰذَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میرے رب نے | تو ہو جاؤں گا میں | قوم سے | گمراہوں سے | پھر جب | دیکھا | سورج کو | چمکتا ہوا | فرمایا | یہ |

تو ضرور میں بھی گمراہ ہونے والی قوم میں سے ہو جاتا۔ پھر جب سورج کو جگمگاتا دیکھا کہنے لگے کیا یہ میرا رب ہے؟ یہ (ان سب

رَبِّيْ هٰذَآ اَكْبَرُ ۚ فَلَمَّآ اَفَلَتْ قَالَ يٰقَوْمِ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ﴿۷۸﴾

| رَبِّيْ | هٰذَآ | اَكْبَرُ | فَلَمَّآ | اَفَلَتْ | قَالَ | يٰقَوْمِ | اِنِّيْ | بَرِيْٓءٌ | مِّمَّا | تُشْرِكُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میرا رب ہے | یہ | بہت بڑا ہے | پھر جب | غروب ہو گیا | تو کہا | اے میری قوم | بیشک میں | بیزار ہوں | اس سے | جو شریک بناتے ہو تم |

میں) بڑا ہے پھر جب وہ (بھی) چھپ گیا تو کہا اے میرے مخاطبین! میں بیزار ہوں ان چیزوں سے جنہیں تم (اللہ کا) شریک ٹھہراتے ہو۔

اِنِّيْ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِيْفًا وَّمَآ

| اِنِّيْ | وَجَّهْتُ | وَجْهِيَ | لِلَّذِيْ | فَطَرَ | السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضَ | حَنِيْفًا | وَّ | مَآ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک میں نے | رخ کیا | اپنے چہرے کا | اس اللہ کی طرف کہ جس نے | پیدا کیے | آسمان | اور | زمین | ایک رخ ہو کر | اور | نہیں |

میں نے اپنا چہرہ اس کی طرف کیا جس نے آسمان و زمین بنائے ایک اسی کا ہو کر اور میں

أَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۷۹﴾ وَحَاجَّهٗ قَوْمُهٗ ۚ قَالَ اَتُحَآجُّوْٓنِّيْ فِي اللّٰهِ

| فِي اللّٰهِ | اَتُحَآجُّوْٓنِّيْ | قَالَ | قَوْمُهٗ | حَآجَّهٗ | وَ | مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ | اَنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ کے بارے میں | کیا جھگڑتے ہو تم مجھ سے | کہا | اس کی قوم نے | جھگڑا کیا اس سے | اور | مشرکوں سے | ہوں میں |

مشرکوں سے میں نہیں ہوں۔ اور ان کی قوم ان سے جھگڑنے لگی کہا کیا اللہ کے بارے میں مجھ سے جھگڑتے ہو

وَقَدْ هَدٰىنِ ۚ وَلَآ اَخَافُ مَا تُشْرِكُوْنَ بِهٖٓ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ رَبِّيْ شَيْـًٔا ۚ

| شَيْـًٔا | رَبِّيْ | يَّشَآءَ | اَنْ | اِلَّآ | بِهٖٓ | تُشْرِكُوْنَ | مَا | اَخَافُ | وَلَآ | هَدٰىنِ | قَدْ | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کچھ | میرا رب | چاہے | یہ کہ | مگر | اس کے | شریک ٹھہراتے ہو تم | جو | ڈرتا میں | اور نہیں | ہدایت دی اس نے مجھے | بیشک | اور |

وہ تو مجھے راہ بتا چکا اور مجھے ان کا ڈر نہیں جنہیں تم اللہ کا شریک بناتے ہو مگر یہ کہ میرا رب جو چاہے۔

وَسِعَ رَبِّيْ كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ۚ اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۸۰﴾ وَكَيْفَ اَخَافُ مَآ

| مَآ | اَخَافُ | كَيْفَ | وَ | تَتَذَكَّرُوْنَ | اَفَلَا | عِلْمًا | شَيْءٍ | كُلَّ | رَبِّيْ | وَسِعَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس سے | ڈروں میں | کیسے | اور | نصیحت حاصل کرتے تم | کیا پھر نہیں | علم میں | چیز کو | ہر | میرے رب نے | گھیر لیا ہے |

میرے رب کا علم ہر چیز کو محیط ہے تو کیا تم نصیحت نہیں مانتے۔ اور میں ان (معبودانِ باطلہ) سے کیونکر خوفزدہ ہو سکتا ہوں

اَشْرَكْتُمْ وَلَا تَخَافُوْنَ اَنَّكُمْ اَشْرَكْتُمْ بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ

| بِهٖ | يُنَزِّلْ | لَمْ | مَا | بِاللّٰهِ | اَشْرَكْتُمْ | اَنَّكُمْ | تَخَافُوْنَ | لَا | وَ | اَشْرَكْتُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس کی ساتھ | اتاری | نہیں | جو | اللہ کے ساتھ | شرک کیا | کہ تم نے | ڈرتے تم | نہیں | اور | جو شریک بنائے تم نے |

جنہیں تم (اللہ کا) شریک ٹھہراتے ہو حالانکہ تم اس بات سے نہیں ڈرتے کہ تم نے اللہ کے ساتھ (بتوں کو) شریک بنا رکھا ہے (جبکہ)

عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا ۚ فَاَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ اَحَقُّ بِالْاَمْنِ ۚ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۱﴾

وقف لازم

| تَعْلَمُوْنَ | كُنْتُمْ | اِنْ | بِالْاَمْنِ | اَحَقُّ | الْفَرِيْقَيْنِ | فَاَيُّ | سُلْطٰنًا | عَلَيْكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جانتے | ہو تم | اگر | امن کا | زیادہ حقدار ہے | دونوں گروہوں سے | تو کون سا | کوئی سند | تم پر |

اس نے تم پر اس (شرک) کی کوئی دلیل نہیں اُتاری ہر دو فریق میں سے بے خوف رہنے کا زیادہ حقدار کون ہے؟ بتاؤ اگر تم جانتے ہو۔

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ يَلْبِسُوْٓا اِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ اُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْاَمْنُ وَهُمْ

| اَلَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَ | لَمْ | يَلْبِسُوْٓا | اِيْمَانَهُمْ | بِظُلْمٍ | اُولٰٓئِكَ | لَهُمُ | الْاَمْنُ | وَ | هُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ جو | ایمان لائے | اور | نہ | ملایا انہوں نے | اپنے ایمان کو | شرک سے | یہی ہیں | کہ ان کیلئے | امن ہے | اور | وہ |

جو لوگ ایمان لائے اور اپنے ایمان کو (شرک) ظلم کے ساتھ نہیں ملایا انہی لوگوں کیلئے امن ہے اور وہی

مُّهْتَدُوْنَ ﴿۸۲﴾ وَتِلْكَ حُجَّتُنَآ اٰتَيْنٰهَآ اِبْرٰهِيْمَ عَلٰى قَوْمِهٖ ؕ نَرْفَعُ

| مُّهْتَدُوْنَ | وَ | تِلْكَ | حُجَّتُنَآ | اٰتَيْنٰهَآ | اِبْرٰهِيْمَ | عَلٰى | قَوْمِهٖ | نَرْفَعُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہدایت والے ہیں | اور | یہ | ہماری دلیل ہے | دی ہم نے | ابراہیم کو | اوپر | اس کی قوم کے | بلند کرتے ہیں ہم |

ہدایت یافتہ ہیں۔ اور یہ ہماری قوی دلیل ہے جو ہم نے ابراہیم ؑ کو ان کے (مخالف) لوگوں پر دی ہم جس کے چاہتے

دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿۸۳﴾ وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ

| دَرَجٰتٍ | مَّنْ | نَّشَآءُ | اِنَّ | رَبَّكَ | حَكِيْمٌ | عَلِيْمٌ | وَ | وَهَبْنَا | لَهٗ | اِسْحٰقَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| درجے | جس کے | چاہیں | بیشک | آپ کا رب | حکمت والا | جاننے والا ہے | اور | عطا کیا ہم نے | اس کو | اسحاق |

درجے بلند کرتے ہیں بے شک آپ کا رب نہایت حکمت والا بہت علم والا ہے۔ اور عطا کئے ہم نے ابراہیم ؑ

وَيَعْقُوْبَ ؕ كُلًّا هَدَيْنَا ۚ وَنُوْحًا هَدَيْنَا مِنْ قَبْلُ وَمِنْ ذُرِّيَّتِهٖ دَاوٗدَ

| وَ | يَعْقُوْبَ | كُلًّا | هَدَيْنَا | وَنُوْحًا | هَدَيْنَا | مِنْ قَبْلُ | وَ | مِنْ ذُرِّيَّتِهٖ | دَاوٗدَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | یعقوب | سب کو | ہدایت دی ہم نے | اور نوح کو | ہدایت دی ہم نے | پہلے سے | اور | اولاد دی | داؤد |

کو اسحاق ؑ اور یعقوب ؑ سب کو ہم نے ہدایت دی اور اس سے پہلے نوح ؑ کو ہدایت دی اور ان کی اولاد سے داؤد ؑ

وَسُلَيْمٰنَ وَاَيُّوْبَ وَيُوْسُفَ وَمُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِى

| وَ | سُلَيْمٰنَ | وَ | اَيُّوْبَ | وَ | يُوْسُفَ | وَ | مُوْسٰى | وَ | هٰرُوْنَ | وَ | كَذٰلِكَ | نَجْزِى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | سلیمان | اور | ایوب | اور | یوسف | اور | موسیٰ | اور | ہارون کو | اور | اسی طرح | بدلہ دیتے ہیں ہم |

اور سلیمان ؑ اور ایوب ؑ اور یوسف ؑ اور موسیٰ ؑ اور ہارون ؑ کو (ہدایت دی) اور ہم اسی طرح بدلہ دیتے ہیں

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۸۴﴾ وَ زَكَرِيَّا وَ يَحْيٰى وَ عِيْسٰى وَ اِلْيَاسَ ؕ كُلٌّ مِّنَ

| الْمُحْسِنِيْنَ | وَ | زَكَرِيَّا | وَ | يَحْيٰى | وَ | عِيْسٰى | وَ اِلْيَاسَ | كُلٌّ | مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| نیکوں کو | اور | زکریا | اور | یحییٰ | اور | عیسیٰ | اور الیاس | سب ہی | نیکوں میں سے ہیں |

نیکی کرنے والوں کو۔ اور زکریا علیہ السلام اور یحییٰ علیہ السلام اور عیسیٰ علیہ السلام اور الیاس علیہ السلام کو یہ سب ہمارے

الصّٰلِحِيْنَ ﴿۸۵﴾ وَ اِسْمٰعِيْلَ وَ الْيَسَعَ وَ يُوْنُسَ وَ لُوْطًا ؕ وَ كُلًّا فَضَّلْنَا

| وَ | اِسْمٰعِيْلَ | وَ | الْيَسَعَ | وَ | يُوْنُسَ | وَ | لُوْطًا | وَ | كُلًّا | فَضَّلْنَا |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| اور | اسماعیل | اور | الیسع | اور | یونس | اور | لوط کو | اور | ہر ایک کو | فضیلت دی گئی |

قرب کے لائق ہیں۔ اور اسماعیل علیہ السلام اور یسع علیہ السلام اور یونس علیہ السلام اور لوط علیہ السلام کو اور ہم نے ہر ایک کو ان کے وقت میں

عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۸۶﴾ وَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَ ذُرِّيّٰتِهِمْ وَ اِخْوَانِهِمْ ۚ وَ اجْتَبَيْنٰهُمْ

| عَلَى | الْعٰلَمِيْنَ | وَ | مِنْ اٰبَآئِهِمْ | وَ | ذُرِّيّٰتِهِمْ | وَ | اِخْوَانِهِمْ | وَ | اجْتَبَيْنٰهُمْ |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| اوپر | جہان والوں کے | اور | ان کے باپ دادا | اور | ان کی اولاد | اور | بھائیوں میں سے | اور | چن لیا ہم نے انہیں |

سب پر فضیلت دی۔ اور ان کے آباؤ اجداد اور ان کی اولاد اور ان کے بھائیوں میں سے بھی اور ہم نے

وَ هَدَيْنٰهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۸۷﴾ ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ

| وَهَدَيْنٰهُمْ | اِلٰى | صِرَاطٍ | مُّسْتَقِيْمٍ | ذٰلِكَ | هُدَى | اللّٰهِ | يَهْدِيْ | بِهٖ |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| اور ہدایت دی ہم نے ان کو | طرف | راہ | سیدھی کی | یہ | ہدایت ہے | اللہ کی | ہدایت کرے | اس سے |

انہیں چن لیا تھا اور انہیں سیدھی راہ کی طرف ہدایت فرما دی تھی۔ یہ اللہ کی ہدایت ہے وہ اپنے بندوں میں سے جسے چاہتا

مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَ لَوْ اَشْرَكُوْا لَحَبِطَ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا

| مَنْ | يَّشَآءُ | مِنْ عِبَادِهٖ | وَ | لَوْ | اَشْرَكُوْا | لَحَبِطَ | عَنْهُمْ | مَّا | كَانُوْا |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| جسے | چاہے | اپنے بندوں سے | اور | اگر | وہ شرک کریں | تو اکارت ہوں | ان سے | جو کچھ | تھے |

ہے اس کے ذریعے رہنمائی فرماتا ہے اور اگر یہ لوگ شرک کرتے تو ان سے وہ سب اکارت ہو جاتے جو کام وہ

يَعْمَلُوْنَ ﴿٨٨﴾ أُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ۚ فَاِنْ

| يَعْمَلُوْنَ | أُولٰٓئِكَ | الَّذِيْنَ | اٰتَيْنٰهُمُ | الْكِتٰبَ | وَ | الْحُكْمَ | وَ | النُّبُوَّةَ | فَاِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ کرتے | یہ | وہ ہیں | جنہیں دی ہم نے | کتاب | اور | حکم | اور | نبوت | تو اگر |

انجام دیتے تھے۔ وہی لوگ ہیں جنہیں ہم نے کتاب وحکمت اور نبوت عطا کی پس اگر ان چیزوں سے ساتھ یہ لوگ

يَّكْفُرْ بِهَا هٰٓؤُلَآءِ فَقَدْ وَكَّلْنَا بِهَا قَوْمًا لَّيْسُوْا بِهَا بِكٰفِرِيْنَ ﴿٨٩﴾ أُولٰٓئِكَ

| يَّكْفُرْ بِهَا | هٰٓؤُلَآءِ | فَقَدْ | وَكَّلْنَا | بِهَا | قَوْمًا | لَّيْسُوْا | بِهَا | بِكٰفِرِيْنَ | أُولٰٓئِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کفر کریں اس سے | یہ لوگ | تو بیشک | مقرر کی ہم نے | اس کیلئے | ایک قوم | کہ نہیں وہ | اس سے | انکار کرنے والے | یہ ہیں |

کفر کریں تو بے شک ہم نے ان چیزوں پر ایسی قوم کو مقرر کر دیا ہے جو ان سے انکار کرنے والے نہیں۔ (یہ) وہی

الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدٰىهُمُ اقْتَدِهْ ؕ قُلْ لَّآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا ؕ

| الَّذِيْنَ | هَدَى | اللّٰهُ | فَبِهُدٰىهُمُ | اقْتَدِهْ | قُلْ | لَّآ | اَسْئَلُكُمْ | عَلَيْهِ | اَجْرًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُّوْسٰى | بِاٰيٰتِنَآ | اِلٰى | فِرْعَوْنَ | وَ | مَلَا۟ئِهٖ | فَظَلَمُوْا | بِهَا | فَانْظُرْ | كَيْفَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| موسیٰ کو | اپنی نشانیاں دے کر | طرف | فرعون کی | اور | اسکے درباریوں کے | تو ظلم کیا انہوں نے | انکا | تو دیکھ | کیسا |

موسیٰ علیہ السلام کو اپنی نشانیوں کے ساتھ فرعون اور اس کے حمایتوں کی طرف بھیجا تو انہوں نے ان نشانیوں کا انکار کر دیا و دیکھو فساد

كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۱۰۳﴾ وَقَالَ مُوْسٰى يٰفِرْعَوْنُ اِنِّيْ رَسُوْلٌ

| كَانَ | عَاقِبَةُ | الْمُفْسِدِيْنَ | وَ | قَالَ | مُوْسٰى | يٰفِرْعَوْنُ | اِنِّيْ | رَسُوْلٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہوا | انجام | مفسدوں کا | اور | کہا | موسیٰ نے | اے فرعون | بیشک میں | رسول ہوں |

پھیلانے والوں کا کیسا انجام ہوا۔ اور موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا اے فرعون میں تمام جہانوں

مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۴﴾ حَقِيْقٌ عَلٰٓى اَنْ لَّآ اَقُوْلَ عَلَى اللّٰهِ

| مِّنْ رَّبِّ | الْعٰلَمِيْنَ | حَقِيْقٌ | عَلٰٓى | اَنْ | لَّآ | اَقُوْلَ | عَلَى | اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پروردگار | جہان کی طرف سے | حقدار ہوں | اوپر | اس کے کہ | نہ | کہوں | اوپر | اللہ کے |

کے پالنے والے کی طرف سے رسول بن کر آیا ہوں۔ مجھے یہی زیب دیتا ہے کہ اللہ کے بارے میں حق بات کے سوا (کچھ)

اِلَّا الْحَقَّ ۭ قَدْ جِئْتُكُمْ بِبَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَرْسِلْ مَعِيَ

| اِلَّا | الْحَقَّ | قَدْ | جِئْتُكُمْ | بِبَيِّنَةٍ | مِّنْ رَّبِّكُمْ | فَاَرْسِلْ | مَعِيَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مگر | حق | بیشک | میں لایا تمہارے پاس | روشن دلیل | تمہارے رب کی طرف سے | تو بھیج دے | میرے ساتھ |

نہ کہوں بے شک میں تمہارے رب (کی جانب) سے تمہارے پاس واضح نشانی لایا ہوں سو تو

بَنِيٓ اِسۡرَآءِيۡلَ ﴿١٠٥﴾ قَالَ اِنۡ كُنۡتَ جِئۡتَ بِاٰيَةٍ فَاۡتِ بِهَآ اِنۡ كُنۡتَ

| كُنۡتَ | اِنۡ | بِهَآ | فَاۡتِ | بِاٰيَةٍ | جِئۡتَ | كُنۡتَ | اِنۡ | قَالَ | بَنِيٓ اِسۡرَآءِيۡلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہے تو | اگر | اس کو | تو لے آؤ | کوئی نشانی | لایا | ہے تو | اگر | بولا | بنی اسرائیل کو |

بنی اسرائیل کو میرے ساتھ بھیج دے۔ اس (فرعون) نے کہا اگر تم کوئی نشانی لائے ہو تو اسے (سامنے) لاؤ

مِنَ الصّٰدِقِيۡنَ ﴿١٠٦﴾ فَاَلۡقٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِىَ ثُعۡبَانٌ مُّبِيۡنٌ ﴿١٠٧﴾

| مُّبِيۡنٌ | ثُعۡبَانٌ | هِىَ | فَاِذَا | عَصَاهُ | فَاَلۡقٰى | مِنَ الصّٰدِقِيۡنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ظاہر | اژدھا تھا | وہ | تو اچانک | عصا اپنا | تو ڈالا اس نے | سچوں میں سے |

اگر تم سچے ہو۔ تو موسیٰ علیہ السلام نے اپنا عصا ڈال دیا تو اسی وقت وہ صاف واضح اژدہا ہو گیا۔

وَّنَزَعَ يَدَهٗ فَاِذَا هِىَ بَيۡضَآءُ لِلنّٰظِرِيۡنَ ﴿١٠٨﴾ قَالَ الۡمَلَاُ مِنۡ قَوۡمِ

| مِنۡ قَوۡمِ | الۡمَلَاُ | قَالَ | لِلنّٰظِرِيۡنَ | بَيۡضَآءُ | هِىَ | فَاِذَا | يَدَهٗ | نَزَعَ | وَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قوم | سرداروں نے | کہا | واسطے دیکھنے والوں کے | سفید تھا | وہ | تو اچانک | ہاتھ اپنا | کھینچ لیا | اور |

اور اپنا ہاتھ نکالا تو یکایک وہ دیکھنے والوں کیلئے چمکنے لگا۔ قوم فرعون کے سردار

فِرۡعَوۡنَ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيۡمٌ ﴿١٠٩﴾ يُّرِيۡدُ اَنۡ يُّخۡرِجَكُمۡ مِّنۡ اَرۡضِكُمۡ

| مِّنۡ اَرۡضِكُمۡ | يُّخۡرِجَكُمۡ | اَنۡ | يُّرِيۡدُ | عَلِيۡمٌ | لَسٰحِرٌ | هٰذَا | اِنَّ | فِرۡعَوۡنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تمہارے ملک سے | نکالے تم کو | یہ کہ | چاہتا ہے | علم والا | جادوگر ہے | یہ | بیشک | فرعون سے |

بولے یہ تو ایک ماہر جادوگر ہے۔ لوگو! یہ تمہیں تمہارے ملک سے نکالنا چاہتا ہے

فَمَاذَا تَاۡمُرُوۡنَ ﴿١١٠﴾ قَالُوۡۤا اَرۡجِهۡ وَاَخَاهُ وَاَرۡسِلۡ فِى

| فِى | اَرۡسِلۡ | وَ | اَخَاهُ | وَ | اَرۡجِهۡ | قَالُوۡۤا | تَاۡمُرُوۡنَ | فَمَاذَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میں | بھیج دے | اور | اس کے بھائی کو | اور | مہلت دے اس کو | بولے | حکم کرتے ہو | تو کیا |

اب تم کیا حکم دیتے ہو۔ انہوں نے کہا: (ابھی) اس کے اور اس کے بھائی (کے معاملہ) کو مؤخر کر دو اور (مختلف)

الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ ﴿۱۱۱﴾ يَاْتُوْكَ بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِيْمٍ ﴿۱۱۲﴾ وَجَآءَ

| الْمَدَآئِنِ | حٰشِرِيْنَ | يَاْتُوْكَ | بِكُلِّ | سٰحِرٍ | عَلِيْمٍ | وَ | جَآءَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شہروں | اکٹھے کرنے والے | لے آئیں تیرے پاس | ہر ایک | جادوگر | علم والے کو | اور | آئے |

شہروں میں (جادوگروں کو) جمع کرنے والے افراد بھیج دو۔ لے آئیں وہ تمہارے پاس ہر ماہر جادوگر کو۔ اور جادوگر

السَّحَرَةُ فِرْعَوْنَ قَالُوْٓا اِنَّ لَنَا لَاَجْرًا اِنْ كُنَّا نَحْنُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿۱۱۳﴾

| السَّحَرَةُ | فِرْعَوْنَ | قَالُوْٓا | اِنَّ | لَنَا | لَاَجْرًا | اِنْ | كُنَّا | نَحْنُ | الْغٰلِبِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جادوگر | فرعون کے پاس | کہا | بیشک | ہمارے لیے | البتہ انعام ہوگا | اگر | ہوں ہم | ہم | غالب |

فرعون کے پاس آئے تو انہوں نے کہا یقیناً ہمارے لئے کچھ اُجرت ہونی چاہئے اگر ہم غالب آ جائیں۔

قَالَ نَعَمْ وَاِنَّكُمْ لَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿۱۱۴﴾ قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِمَّآ اَنْ تُلْقِيَ

| قَالَ | نَعَمْ | وَ | اِنَّكُمْ | لَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ | قَالُوْا | يٰمُوْسٰى | اِمَّآ | اَنْ تُلْقِيَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہا | ہاں | اور | تم | مقربوں میں سے ہوگے | بولے | اے موسیٰ | یا | یہ ہے کہ تو ڈالے |

فرعون بولا ہاں اور بے شک تم (اس وقت) ضرور مقربین سے ہو جاؤ گے۔ جادوگر بولے کہ اے موسیٰ علیہ السلام! تم اپنا عصا پہلے

وَاِمَّآ اَنْ نَّكُوْنَ نَحْنُ الْمُلْقِيْنَ ﴿۱۱۵﴾ قَالَ اَلْقُوْا ۚ فَلَمَّآ اَلْقَوْا سَحَرُوْٓا

| وَ | اِمَّآ | اَنْ نَّكُوْنَ | نَحْنُ | الْمُلْقِيْنَ | قَالَ اَلْقُوْا | فَلَمَّآ | اَلْقَوْا | سَحَرُوْٓا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | یا | یہ کہ ہوں | ہم | ڈالنے والے | کہا تم ہی ڈالو | پھر جب | انہوں نے ڈالا | تو جادو کیا |

ڈالتے ہو یا ہم ہی ڈالنے والے ہو جائیں۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا تم ڈالو جب انہوں نے

اَعْيُنَ النَّاسِ وَاسْتَرْهَبُوْهُمْ وَجَآءُوْ بِسِحْرٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۱۶﴾

| اَعْيُنَ | النَّاسِ | وَ | اسْتَرْهَبُوْهُمْ | وَجَآءُوْ | بِسِحْرٍ | عَظِيْمٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| آنکھوں پر | لوگوں کی | اور | ڈرایا ان کو | اور لائے | جادو | بہت بڑا |

ڈالا لوگوں کی نگاہوں پر جادو کر دیا اور انہیں ڈرایا اور بڑا جادو لائے۔

وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَلْقِ عَصَاكَ ۚ فَاِذَا هِىَ تَلْقَفُ مَا

| مَا | تَلْقَفُ | هِىَ | فَاِذَا | عَصَاكَ | اَلْقِ | اَنْ | مُوْسٰى | اِلٰى | وَاَوْحَيْنَآ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جو کچھ | نگلنے لگا | وہ | تو اچانک | لاٹھی اپنی | ڈال دے | یہ کہ | موسیٰ کے | طرف | اور وحی کی ہم نے |

اور ہم نے موسیٰ علیہ السلام کی طرف وحی فرمائی کہ (اب) آپ اپنا عصا (زمین پر) ڈال دیں تو وہ فوراً ان چیزوں کو نگلنے لگا جو انہوں نے

يَاْفِكُوْنَ ﴿١١٧﴾ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿١١٨﴾ ۚ فَغُلِبُوْا

| فَغُلِبُوْا | يَعْمَلُوْنَ | كَانُوْا | مَا | بَطَلَ | وَ | الْحَقُّ | فَوَقَعَ | يَاْفِكُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو مغلوب ہوئے | بناتے | وہ تھے | جو | باطل ہو گیا | اور | حق | تو واقع ہو گیا | بناوٹیں تھیں |

فریب کاری سے وضع کر رکھی تھیں۔ پس حق ثابت ہو گیا اور جو کچھ وہ کر رہے تھے (سب) باطل ہو گیا۔ تو فرعون اور اس

هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ﴿١١٩﴾ ۚ وَاُلْقِىَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ﴿١٢٠﴾ ۚ

| سٰجِدِيْنَ | السَّحَرَةُ | اُلْقِىَ | وَ | صٰغِرِيْنَ | وَانْقَلَبُوْا | هُنَالِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| سجدے میں | جادوگر | گرا دیے گئے | اور | ذلیل ہو کر | اور پلٹے | اس جگہ |

کے ساتھی یہاں مغلوب ہو گئے اور ذلیل و خوار ہو کر واپس لوٹے۔ اور جادوگر فوراً سجدے میں گر پڑے۔

قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٢١﴾ ۙ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿١٢٢﴾ قَالَ

| قَالَ | هٰرُوْنَ | وَ | مُوْسٰى | رَبِّ | الْعٰلَمِيْنَ | بِرَبِّ | اٰمَنَّا | قَالُوْٓا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہا | ہارون کا | اور | موسیٰ | جو رب ہے | جہانوں پر | رب | ہم ایمان لائے | بولے |

پھر پکار اُٹھے کہ ہم تمام جہانوں کے رب پر ایمان لے آئے۔ جو رب ہے موسیٰ علیہ السلام اور ہارون علیہ السلام کا۔ فرعون کہنے لگا

فِرْعَوْنُ اٰمَنْتُمْ بِهٖ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۚ اِنَّ هٰذَا لَمَكْرٌ مَّكَرْتُمُوْهُ فِى

| فِى | مَكَرْتُمُوْهُ | لَمَكْرٌ | هٰذَا | لَكُمْ اِنَّ | اٰذَنَ | اَنْ | قَبْلَ | بِهٖ | اٰمَنْتُمْ | فِرْعَوْنُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میں | جو تم نے مکر کیا | فریب تھا | یہ ایک | تم کو بیشک | میں اجازت دوں | اس سے کہ | پہلے | اس پر | تم ایمان لائے | فرعون نے |

(کیا) تم اس پر ایمان لے آئے ہو قبل اس کے کہ میں تمہیں اجازت دیتا بیشک یہ ایک فریب ہے جو تم (سب) نے مل کر (مجھ

الْمَدِيْنَةِ لِتُخْرِجُوْا مِنْهَآ اَهْلَهَا ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۲۳﴾ لَاُقَطِّعَنَّ

| الْمَدِيْنَةِ | لِتُخْرِجُوْا | مِنْهَآ | اَهْلَهَا | فَسَوْفَ | تَعْلَمُوْنَ | لَاُقَطِّعَنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| شہر | تاکہ نکالو | اس سے | اسکے رہنے والوں کو | تو جلدی | جانو گے تم | ضرور کاٹوں گا میں |

سے اس شہر میں کیا ہے تاکہ تم اس (ملک) سے اس کے باشندوں کو نکال دو سو تم عنقریب (اس کا انجام) جان لو گے۔ میں یقیناً تمہارے

اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ ثُمَّ لَاُصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۲۴﴾

| اَيْدِيَكُمْ | وَاَرْجُلَكُمْ | مِّنْ خِلَافٍ | ثُمَّ | لَاُصَلِّبَنَّكُمْ | اَجْمَعِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|
| تمہارے ہاتھ | اور تمہارے پاؤں | برخلاف | پھر | تم کو سولی دونگا | سب کو |

ہاتھوں کو اور تمہارے پاؤں کو ایک دوسرے کی الٹی سمت سے کاٹ ڈالوں گا پھر ضرور بالضرور تم سب کو صلیب پر چڑھا دوں گا۔

قَالُوْٓا اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ ﴿۱۲۵﴾ ۚ وَمَا تَنْقِمُ مِنَّآ اِلَّآ اَنْ اٰمَنَّا

| قَالُوْٓا | اِنَّآ | اِلٰى | رَبِّنَا | مُنْقَلِبُوْنَ | وَ | مَا | تَنْقِمُ | مِنَّآ | اِلَّآ | اَنْ | اٰمَنَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بولے | بیشک ہم | طرف | اپنے رب کی | پھرنے والے ہیں | اور | نہیں | برا لگا تجھ کو | ہم سے | مگر | یہ کہ | ہم ایمان لائے |

انہوں نے کہا (کچھ پرواہ نہیں) بے شک ہم اپنے رب کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔ اور (اے فرعون) تو ہم سے کس چیز

بِاٰيٰتِ رَبِّنَا لَمَّا جَآءَتْنَا ۭ رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّتَوَفَّنَا

| بِاٰيٰتِ | رَبِّنَا | لَمَّا | جَآءَتْنَا | رَبَّنَآ | اَفْرِغْ | عَلَيْنَا | صَبْرًا | وَّتَوَفَّنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نشانیوں پر | اپنے رب کی | جبکہ | آئیں ہمارے پاس | اے ہمارے رب | انڈیل دے | ہم پر | صبر | اور موت دے ہم کو |

کا انتقام لیتا ہے سوائے اس کے کہ ہم اپنے رب کی نشانیوں پر ایمان لے آئے جب وہ ہمارے پاس آئیں اے ہمارے رب! ہم پر صبر

مُسْلِمِيْنَ ﴿۱۲۶﴾ ع وَقَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ اَتَذَرُ مُوْسٰى

| مُسْلِمِيْنَ | وَ | قَالَ | الْمَلَاُ | مِنْ قَوْمِ | فِرْعَوْنَ | اَتَذَرُ | مُوْسٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مسلمان کی | اور | بولے | سردار | سے قوم | فرعون سے | کیا چھوڑتا ہے تو | موسیٰ کو |

کے دروازے کھول دے اور ہمیں (دنیا سے) ایمان پر اٹھا۔ اور قوم فرعون کے سردار بولے کیا تو موسیٰ علیہ السلام اور اس کی قوم کو چھوڑ

وَقَوْمَهٗ لِيُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ وَيَذَرَكَ وَاٰلِهَتَكَ ۭ قَالَ سَنُقَتِّلُ

| وَ | قَوْمَهٗ | لِيُفْسِدُوْا | فِي الْاَرْضِ | وَ | يَذَرَكَ | وَاٰلِهَتَكَ | قَالَ | سَنُقَتِّلُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | اس کی قوم کو | تاکہ فساد کریں | زمین میں | اور | چھوڑ دے تجھ کو | اور تیرے معبودوں کو | بولا | ہم جلدی قتل کریں گے |

دیتا ہے تاکہ وہ زمین میں فساد پھیلائیں اور موسیٰ علیہ السلام تجھے اور تیرے ٹھہرائے ہوئے معبودوں کو چھوڑ دے بولا اب ہم ان کے

اَبْنَآءَهُمْ وَنَسْتَحْيٖ نِسَآءَهُمْ ۚ وَاِنَّا فَوْقَهُمْ قٰهِرُوْنَ ﴿۱۲۷﴾ قَالَ

| اَبْنَآءَهُمْ | وَ | نَسْتَحْيٖ | نِسَآءَهُمْ | وَ | اِنَّا | فَوْقَهُمْ | قٰهِرُوْنَ | قَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیٹے ان کے | اور | زندہ رکھیں گے | عورتیں ان کی | اور | بیشک ہم | ان پر | غالب ہیں | فرمایا |

بیٹوں کو قتل کریں گے اور ان کی بیٹیاں زندہ رکھیں گے اور ہم بے شک ان پر غالب ہیں۔ موسیٰ علیہ السلام نے

مُوْسٰى لِقَوْمِهِ اسْتَعِيْنُوْا بِاللّٰهِ وَاصْبِرُوْا ۚ اِنَّ الْاَرْضَ لِلّٰهِ ۣ قف

| مُوْسٰى | لِقَوْمِهِ | اسْتَعِيْنُوْا | بِاللّٰهِ | وَ | اصْبِرُوْا | اِنَّ | الْاَرْضَ | لِلّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| موسیٰ نے | اپنی قوم سے | مدد مانگو | اللہ سے | اور | صبر کرو | بیشک | زمین | اللہ کی ہے |

اپنی قوم سے فرمایا اللہ کی مدد چاہو اور صبر کرو بے شک زمین کا مالک اللہ ہے اپنے بندوں میں جسے چاہے

يُوْرِثُهَا مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ۭ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۲۸﴾ قَالُوْٓا

| يُوْرِثُهَا | مَنْ | يَّشَآءُ | مِنْ عِبَادِهٖ | وَ | الْعَاقِبَةُ | لِلْمُتَّقِيْنَ | قَالُوْٓا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وارث بناتا ہے اس کا | جسے | چاہے | اپنے بندوں سے | اور | انجام | پرہیزگاروں کیلئے ہے | بولے |

وارث بنائے اور آخری کامیابی اللہ تعالیٰ سے ڈر جانے والوں کے لیے ہے۔ لوگ کہنے لگے

اُوْذِيْنَا مِنْ قَبْلِ اَنْ تَاْتِيَنَا وَمِنْ بَعْدِ مَا جِئْتَنَا ۭ قَالَ عَسٰى

| اُوْذِيْنَا | مِنْ قَبْلِ | اَنْ | تَاْتِيَنَا | وَ | مِنْ بَعْدِ | مَا | جِئْتَنَا | قَالَ | عَسٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہم ستائے گئے | پہلے | اس سے کہ | آئے آپ ہمارے پاس | اور | بعد اسکے | کہ | آئے آپ ہمارے پاس | کہا | قریب ہے کہ |

(اے موسیٰ علیہ السلام!) ہمیں تو آپ کے ہمارے پاس آنے سے پہلے بھی اذیتیں پہنچائی گئیں اور آپ کے ہمارے پاس آنے کے بعد

رَبُّكُمْ اَنْ يُّهْلِكَ عَدُوَّكُمْ وَ يَسْتَخْلِفَكُمْ فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرَ

| رَبُّكُمْ | اَنْ | يُّهْلِكَ | عَدُوَّكُمْ | وَ | يَسْتَخْلِفَكُمْ | فِي | الْاَرْضِ | فَيَنْظُرَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رب تمہارا | یہ کہ | ہلاک کرے | دشمن تمہارے | اور | مالک بنائے تم کو | میں | زمین | پھر دیکھے |

بھی موسیٰ علیہ السلام نے (اپنی قوم سے) فرمایا قریب ہے کہ تمہارا رب تمہارے دشمن کو ہلاک کردے اور زمین میں تمہیں جانشین بنادے

كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۹﴾ وَلَقَدْ اَخَذْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ بِالسِّنِيْنَ وَنَقْصٍ

| كَيْفَ | تَعْمَلُوْنَ | وَ | لَقَدْ | اَخَذْنَآ | اٰلَ | فِرْعَوْنَ | بِالسِّنِيْنَ | وَ | نَقْصٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیسے | کام کرتے ہو | اور | بیشک | پکڑا ہم نے | قوم | فرعون کو | قحط سالی | اور | کمی |

پھر وہ دیکھے کہ تم کیسے عمل کرتے ہو۔ پھر ہم نے اہل فرعون کو (قحط کے) چند سالوں اور پھلوں کے نقصان سے (عذاب کی)

مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿۱۳۰﴾ فَاِذَا جَآءَتْهُمُ الْحَسَنَةُ قَالُوْا لَنَا

| مِّنَ الثَّمَرٰتِ | لَعَلَّهُمْ | يَذَّكَّرُوْنَ | فَاِذَا | جَآءَتْهُمُ | الْحَسَنَةُ | قَالُوْا | لَنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پھلوں سے | تاکہ وہ | نصیحت پکڑیں | تو جب | آتی ان کے پاس | بھلائی | کہتے | ہمارے لئے ہے |

گرفت میں لے لیا تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں۔ تو جب انہیں خوشحالی پہنچتی تو کہتے یہ ہماری وجہ سے ہے

هٰذِهٖ ۚ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ يَّطَّيَّرُوْا بِمُوْسٰى وَمَنْ مَّعَهٗ ؕ اَلَآ

| هٰذِهٖ | وَاِنْ | تُصِبْهُمْ | سَيِّئَةٌ | يَّطَّيَّرُوْا | بِمُوْسٰى | وَ | مَنْ | مَّعَهٗ | اَلَآ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ | اور اگر | پہنچتی ان کو | برائی | بدشگونی لیتے | موسیٰ سے | اور | جو | انکے ساتھی تھے | خبردار |

اور اگر انہیں کوئی بدحالی پہنچتی تو (اسے) موسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھیوں کی نحوست قرار دیتے سن لو!

اِنَّمَا طٰٓئِرُهُمْ عِنْدَ اللّٰهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳۱﴾ وَقَالُوْا

| اِنَّمَا | طٰٓئِرُهُمْ | عِنْدَ | اللّٰهِ | وَ | لٰكِنَّ | اَكْثَرَهُمْ | لَا | يَعْلَمُوْنَ | وَ | قَالُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یقیناً | بدنصیبی ان کی | پاس | اللہ کے ہے | اور | لیکن | اکثر ان کے | نہیں | جانتے | اور | بولے |

اس کے سوا کچھ نہیں کہ ان (کافروں) کی نحوست اللہ کے پاس ہے لیکن ان کے اکثر لوگ نہیں جانتے۔ اور بولے کہ

مَهۡمَا تَاۡتِنَا بِهٖ مِنۡ اٰيَةٍ لِّتَسۡحَرَنَا بِهَا ۙ فَمَا نَحۡنُ لَكَ

| لَكَ | نَحۡنُ | فَمَا | بِهَا | لِّتَسۡحَرَنَا | اٰيَةٍ | مِنۡ | بِهٖ | تَاۡتِنَا | مَهۡمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تجھ پر | ہم | تو نہیں | اس سے | کہ جادو کرے تو ہم پر | نشانی | کوئی | ہمارے پاس | لائے تو | جب بھی |

(اے موسیٰ علیہ السلام) تم کیسی ہی نشانی ہمارے پاس لے آؤ جس کے ذریعے ہم پر جادو کرو پھر بھی ہم تم پر

بِمُؤۡمِنِيۡنَ ﴿۱۳۲﴾ فَاَرۡسَلۡنَا عَلَيۡهِمُ الطُّوۡفَانَ وَالۡجَرَادَ وَالۡقُمَّلَ

| الۡقُمَّلَ | وَ | وَالۡجَرَادَ | الطُّوۡفَانَ | عَلَيۡهِمُ | فَاَرۡسَلۡنَا | بِمُؤۡمِنِيۡنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| گھن | اور | اور ٹڈی | طوفان | ان پر | تو بھیجا ہم نے | ایمان لانے والے |

ایمان لانے والے نہیں۔ تو بھیجا ہم نے ان پر طوفان اور ٹڈی اور جوئیں اور مینڈک

وَالضَّفَادِعَ وَالدَّمَ اٰيٰتٍ مُّفَصَّلٰتٍ ۟ فَاسۡتَكۡبَرُوۡا وَكَانُوۡا قَوۡمًا

| قَوۡمًا | كَانُوۡا | وَ | فَاسۡتَكۡبَرُوۡا | مُّفَصَّلٰتٍ | اٰيٰتٍ | الدَّمَ | وَ | الضَّفَادِعَ | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لوگ | تھے وہ | اور | تو تکبر کیا | جدا جدا | نشانیاں | خون | اور | مینڈک | اور |

اور خون جدا جدا نشانیاں تو انہوں نے تکبر کیا اور وہ نہایت

مُّجۡرِمِيۡنَ ﴿۱۳۳﴾ وَلَمَّا وَقَعَ عَلَيۡهِمُ الرِّجۡزُ قَالُوۡا يٰمُوۡسَى ادۡعُ لَنَا

| لَنَا | ادۡعُ | يٰمُوۡسَى | قَالُوۡا | الرِّجۡزُ | عَلَيۡهِمُ | وَقَعَ | لَمَّا | وَ | مُّجۡرِمِيۡنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہمارے لئے | دعا کر | اے موسیٰ | کہتے | عذاب | ان پر | آتا | جب | اور | مجرم |

مجرم قوم تھی۔ اور جب ان پر عذاب پڑتا کہتے اے موسیٰ علیہ السلام ہمارے لئے اپنے رب سے دُعا کرو

رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِنۡدَكَ ۚ لَئِنۡ كَشَفۡتَ عَنَّا الرِّجۡزَ لَنُؤۡمِنَنَّ لَكَ

| لَكَ | لَنُؤۡمِنَنَّ | الرِّجۡزَ | عَنَّا | كَشَفۡتَ | لَئِنۡ | عِنۡدَكَ | عَهِدَ | بِمَا | رَبَّكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم پر | تو ضرور ایمان لائیں گے ہم | عذاب | ہم سے | کھول دے تو | اگر | نزدیک تیرے | عہد کیا | ساتھ اس کے جو | اپنے رب سے |

اس عہد کے سبب جو اس کا تمہارے پاس ہے بے شک اگر تم ہم پر سے عذاب اٹھا دو گے تو ہم ضرور تم پر

وَلَنُرْسِلَنَّ مَعَكَ بَنِيٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۱۳۴﴾ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الرِّجْزَ

| وَلَنُرْسِلَنَّ | مَعَكَ | بَنِيٓ | اِسْرَآءِيْلَ | فَلَمَّا | كَشَفْنَا | عَنْهُمُ | الرِّجْزَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور ضرور بھیجیں گے ہم | تیرے ساتھ | بنی | اسرائیل کو | تو جب | ہم اٹھا لیتے | ان سے | عذاب |

ایمان لے آئیں گے اور بنی اسرائیل کو تمہارے ساتھ کر دیں گے۔ پھر جب ہم ان سے اس مدت تک کیلئے جس کو وہ پہنچنے

اِلٰٓى اَجَلٍ هُمْ بٰلِغُوْهُ اِذَا هُمْ يَنْكُثُوْنَ ﴿۱۳۵﴾ فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ

| اِلٰٓى اَجَلٍ | هُمْ | بٰلِغُوْهُ | اِذَا هُمْ | يَنْكُثُوْنَ | فَانْتَقَمْنَا | مِنْهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ایک مدت تک | وہ | پہنچنے والے تھے اس کو | تو اچانک وہ | عہد توڑ دیتے | تو ہم نے بدلہ لیا | ان سے |

والے ہوتے وہ عذاب ٹال دیتے تو وہ فوراً ہی عہد توڑ دیتے۔ پھر ہم نے ان سے (بالآخر تمام نافرمانیوں اور بدعہدیوں کا) بدلہ

فَاَغْرَقْنٰهُمْ فِي الْيَمِّ بِاَنَّهُمْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا عَنْهَا غٰفِلِيْنَ ﴿۱۳۶﴾

| فَاَغْرَقْنٰهُمْ | فِي | الْيَمِّ | بِاَنَّهُمْ | كَذَّبُوْا | بِاٰيٰتِنَا | وَ | كَانُوْا | عَنْهَا | غٰفِلِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو ہم نے ڈبو دیا ان کو | میں | دریا | بسبب اس کے کہ انہوں نے | جھٹلایا | ہماری آیتوں کو | اور | تھے | ان سے | بے خبر |

لے لیا اور ہم نے انہیں دریا میں غرق کر دیا اسلئے کہ انہوں نے ہماری آیتوں کی (پے در پے) تکذیب کی تھی اور وہ ان سے (بالکل) غافل تھے

وَاَوْرَثْنَا الْقَوْمَ الَّذِيْنَ كَانُوْا يُسْتَضْعَفُوْنَ مَشَارِقَ الْاَرْضِ

| وَ | اَوْرَثْنَا | الْقَوْمَ | الَّذِيْنَ | كَانُوْا | يُسْتَضْعَفُوْنَ | مَشَارِقَ | الْاَرْضِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | وارث بنایا ہم نے | اس قوم کو | جو | تھے | کمزور سمجھے جاتے | مشرق کا | زمین کی |

اور ہم نے وارث بنا دیا ان لوگوں کو جو کمزور سمجھے جاتے تھے اس زمین کی مشرق و مغرب کا

وَمَغَارِبَهَا الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا ۭ وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ الْحُسْنٰى عَلٰى

| وَ | مَغَارِبَهَا | الَّتِيْ | بٰرَكْنَا | فِيْهَا | وَ | تَمَّتْ | كَلِمَتُ | رَبِّكَ | الْحُسْنٰى | عَلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | اس کے مغرب کا | وہ جو | برکت رکھی ہم نے | اس میں | اور | پورے ہو گئے | کلمے | آپ کے رب کے | اچھے | اوپر |

جس میں ہم نے برکت فرمائی اور آپ کے رب کا اچھا وعدہ بنی اسرائیل پر پورا ہو گیا اس وجہ سے کہ انہوں

بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ ۙ بِمَا صَبَرُوْا ؕ وَدَمَّرْنَا مَا كَانَ یَصْنَعُ فِرْعَوْنُ

| فِرْعَوْنُ | یَصْنَعُ | كَانَ | مَا | دَمَّرْنَا | وَ | صَبَرُوْا | بِمَا | اِسْرَآءِیْلَ | بَنِیْٓ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فرعون | بناتا | تھا | جو | برباد کر دیا ہم نے | اور | جو انہوں نے صبر کیا | بدلے اس کے | اسرائیل کے | بنی |

نے صبر کیا اور ہم نے فرعون اور اس کی قوم کی مصنوعات اور ان کی اونچی عمارتوں کو برباد کر دیا۔

وَقَوْمُهٗ وَمَا كَانُوْا یَعْرِشُوْنَ ﴿۱۳۷﴾ وَجٰوَزْنَا بِبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ الْبَحْرَ

| الْبَحْرَ | بِبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ | جٰوَزْنَا | وَ | یَعْرِشُوْنَ | كَانُوْا | مَا | وَ | قَوْمُهٗ | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دریا سے | بنی اسرائیل کو | گزار دیا ہم نے | اور | وہ مکان بناتے | تھے | جو | اور | اس کی قوم | اور |

اور ہم نے بنی اسرائیل کو سمندر سے گزار دیا۔ تو وہ ایسی قوم پر گزرے جو اپنے

فَاَتَوْا عَلٰى قَوْمٍ یَّعْكُفُوْنَ عَلٰٓى اَصْنَامٍ لَّهُمْ ۚ قَالُوْا یٰمُوْسَى اجْعَلْ

| اجْعَلْ | یٰمُوْسَى | قَالُوْا | لَّهُمْ | اَصْنَامٍ | عَلٰٓى | یَّعْكُفُوْنَ | قَوْمٍ | عَلٰى | فَاَتَوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بناؤ | اے موسیٰ | کہنے لگے | اپنے | بتوں کے | اوپر | جو دھرنا مارے بیٹھی تھی | ایک قوم کے | اوپر | تو آئے وہ |

بتوں کی عبادت میں مشغول تھے بولے اے موسیٰ علیہ السلام ہمارے لئے بھی کوئی ایسا ہی معبود بنا دیجئے جیسے ان کے

لَّنَآ اِلٰهًا كَمَا لَهُمْ اٰلِهَةٌ ؕ قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ ﴿۱۳۸﴾ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ

| هٰٓؤُلَآءِ | اِنَّ | تَجْهَلُوْنَ | قَوْمٌ | اِنَّكُمْ | قَالَ | اٰلِهَةٌ | لَهُمْ | كَمَا | اِلٰهًا | لَّنَآ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ | بیشک | جاہل | لوگ ہو | بیشک تم | کہا | خدا ہیں | ان کے | جیسے کہ | ایک خدا | ہمارے لئے |

معبود ہیں موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا بے شک تم لوگ بڑی جہالت کی باتیں کرتے ہو۔ یہ حال تو بربادی

مُتَبَّرٌ مَّا هُمْ فِیْهِ وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ﴿۱۳۹﴾ قَالَ اَغَیْرَ اللّٰهِ

| اللّٰهِ | اَغَیْرَ | قَالَ | یَعْمَلُوْنَ | كَانُوْا | مَا | بٰطِلٌ | وَ | مَّا هُمْ فِیْهِ | مُتَبَّرٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ کے | کیا سوا | فرمایا | عمل کرتے | تھے وہ | جو | باطل ہے | اور | جو وہ اس میں ہیں | برباد کرنیوالا ہے |

کا ہے جس میں یہ لوگ ہیں اور جو کچھ کر رہے ہیں بالکل باطل ہے۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کیا اللہ کے

أَبْغِيكُمْ إِلَٰهًا وَهُوَ فَضَّلَكُمْ عَلَى الْعَٰلَمِينَ ﴿١٤٠﴾ وَإِذْ أَنجَيْنَٰكُم

| اَبْغِیْکُمْ | اِلٰهًا | وَّ | هُوَ | فَضَّلَکُمْ | عَلَی الْعٰلَمِیْنَ | وَ | اِذْ | اَنْجَیْنٰکُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تلاش کروں تمہارے لئے | خدا | حالانکہ | اس نے | فضیلت دی تم کو | اوپر جہان والوں کے | اور | یاد کرو جب | نجات دی ہم نے تم کو |

سوا تمہارا اور خدا تلاش کروں حالانکہ اس نے تمہیں زمانے بھر پر فضیلت دی ہے۔ اور (وہ وقت) یاد کرو

مِّنْ آلِ فِرْعَوْنَ يَسُومُونَكُمْ سُوٓءَ الْعَذَابِ ۚ يُقَتِّلُونَ أَبْنَآءَكُمْ

| مِنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ | یَسُوْمُوْنَکُمْ | سُوْٓءَ | الْعَذَابِ | یُقَتِّلُوْنَ | اَبْنَآءَکُمْ |
|---|---|---|---|---|---|
| قوم فرعون سے | پہنچاتے تھے تم کو | برا | عذاب | وہ قتل کرتے تھے | تمہارے بیٹے |

جب ہم نے تم کو اہل فرعون سے نجات بخشی جو تمہیں بہت ہی سخت عذاب دیتے تھے وہ تمہارے لڑکوں کو قتل کر دیتے

ع

وَيَسْتَحْيُونَ نِسَآءَكُمْ ۚ وَفِي ذَٰلِكُم بَلَآءٌ مِّن رَّبِّكُمْ عَظِيمٌ ﴿١٤١﴾

| وَ | یَسْتَحْیُوْنَ | نِسَآءَکُمْ | وَفِیْ | ذٰلِکُمْ | بَلَآءٌ | مِنْ رَّبِّکُمْ | عَظِیْمٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | زندہ رکھتے تھے | تمہاری عورتیں | اور میں | اس | امتحان تھا | تمہارے رب کی طرف سے | بہت بڑا |

اور تمہاری لڑکیوں کو زندہ چھوڑ دیتے تھے اور اس میں تمہارے رب کی طرف سے زبردست آزمائش تھی۔

وَوَٰعَدْنَا مُوسَىٰ ثَلَٰثِينَ لَيْلَةً وَأَتْمَمْنَٰهَا بِعَشْرٍ فَتَمَّ مِيقَٰتُ رَبِّهِۦٓ

| وَ | وٰعَدْنَا | مُوْسٰی | ثَلٰثِیْنَ | لَیْلَةً | وَّ | اَتْمَمْنٰهَا | بِعَشْرٍ | فَتَمَّ | مِیْقَاتُ | رَبِّهٖٓ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | وعدہ کیا ہم نے | موسیٰ سے | تیس | راتوں کا | اور | پورا کیا ہم نے اس کو | ساتھ دس کے | تو پورا ہوئی | میعاد | اسکے رب کی |

اور ہم نے موسیٰ علیہ السلام سے تیس راتوں کا وعدہ فرمایا اور ہم نے اسے (مزید) دس (راتیں) ملا کر پورا کیا سو ان کے رب کی میعاد

أَرْبَعِينَ لَيْلَةً ۚ وَقَالَ مُوسَىٰ لِأَخِيهِ هَٰرُونَ اخْلُفْنِي فِي قَوْمِي

| اَرْبَعِیْنَ | لَیْلَةً | وَ | قَالَ | مُوْسٰی | لِاَخِیْهِ | هٰرُوْنَ | اخْلُفْنِیْ | فِیْ | قَوْمِیْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چالیس | راتیں | اور | کہا | موسیٰ نے | اپنے بھائی | ہارون کو | نائب رہنا میرا | میں | میری قوم |

چالیس راتوں میں پوری ہوئی اور موسیٰ علیہ السلام نے اپنے بھائی ہارون سے فرمایا تم میری قوم میں میرے جانشین رہنا

وَ اَصۡلِحۡ وَ لَا تَتَّبِعۡ سَبِیۡلَ الۡمُفۡسِدِیۡنَ ﴿۱۴۲﴾ وَ لَمَّا جَآءَ مُوۡسٰی

| مُوۡسٰی | جَآءَ | وَلَمَّا | الۡمُفۡسِدِیۡنَ | سَبِیۡلَ | تَتَّبِعۡ | لَا | وَ | اَصۡلِحۡ | وَ |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| موسیٰ | آیا | اور جب | فسادیوں کی | راہ | پیروی کرنا | نہ | اور | اصلاح کرنا | اور |

اور (ان کی) اصلاح کرتے رہنا اور فساد کرنے والوں کی راہ پر نہ چلنا۔ اور جب موسیٰ علیہ السلام ہمارے مقرر کئے

لِمِیۡقَاتِنَا وَ کَلَّمَهٗ رَبُّهٗ ۙ قَالَ رَبِّ اَرِنِیۡۤ اَنۡظُرۡ اِلَیۡكَ ؕ قَالَ لَنۡ تَرٰىنِیۡ

| لَنۡ تَرٰىنِیۡ | قَالَ | اِلَیۡكَ | اَنۡظُرۡ | اَرِنِیۡۤ | رَبِّ | قَالَ | رَبُّهٗ | کَلَّمَهٗ | وَ | لِمِیۡقَاتِنَا |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| ہرگز نہیں دیکھ سکے گا تو مجھ کو | فرمایا | تیری طرف | میں دیکھوں | دکھا مجھ کو | اے میرے رب | کہا | اسکے رب نے | کلام کیا اس سے | اور | ہمارے وعدے پر |

ہوئے وقت پر آئے اور انکے رب نے ان سے کلام فرمایا عرض کی اے میرے رب! مجھے اپنا دیدار عطا کر، تاکہ میں تجھے دیکھ لوں

وَ لٰكِنِ انۡظُرۡ اِلَی الۡجَبَلِ فَاِنِ اسۡتَقَرَّ مَكَانَهٗ فَسَوۡفَ تَرٰىنِیۡ ۚ فَلَمَّا

| فَلَمَّا | تَرٰىنِیۡ | فَسَوۡفَ | مَكَانَهٗ | اسۡتَقَرَّ | فَاِنِ | الۡجَبَلِ | اِلَی | انۡظُرۡ | لٰكِنِ | وَ |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| پھر جب | دیکھے گا تو مجھ کو | تو عنقریب | اپنی جگہ پر | ٹھہرا رہا | پھر اگر | پہاڑ کی | طرف | دیکھ | لیکن | اور |

فرمایا تم مجھے ہرگز نہ دیکھ سکو گے ہاں اس پہاڑ کی طرف دیکھو اگر یہ اپنی جگہ ٹھہرا رہا تو تم مجھے دیکھ لو گے پھر جب

تَجَلّٰی رَبُّهٗ لِلۡجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّ خَرَّ مُوۡسٰی صَعِقًا ۚ فَلَمَّاۤ

| فَلَمَّاۤ | صَعِقًا | مُوۡسٰی | خَرَّ | وَّ | دَكًّا | جَعَلَهٗ | لِلۡجَبَلِ | رَبُّهٗ | تَجَلّٰی |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| پھر جب | بے ہوش ہو کر | موسیٰ | گر پڑے | اور | پاش پاش | تو کر دیا اس کو | پہاڑ پر | اسکے رب نے | نور چمکایا |

انکے رب نے پہاڑ پر تجلی فرمائی تو اسے ریزہ ریزہ کر دیا اور موسیٰ علیہ السلام بے خود ہو کر زمین پر تشریف لے آئے پھر جب

اَفَاقَ قَالَ سُبۡحٰنَكَ تُبۡتُ اِلَیۡكَ وَ اَنَا اَوَّلُ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ ﴿۱۴۳﴾ قَالَ

| قَالَ | الۡمُؤۡمِنِیۡنَ | اَوَّلُ | اَنَا | وَ | اِلَیۡكَ | تُبۡتُ | سُبۡحٰنَكَ | قَالَ | اَفَاقَ |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| فرمایا | مسلمان ہوں | پہلا | میں | اور | تیری طرف | میں توبہ کرتا ہوں | تو پاک ہے | کہا | افاقہ ہوا |

افاقہ ہوا تو عرض کی تو پاک ہے میری توبہ ہے تیری بارگاہ میں اور میں سب سے پہلا ایمان لانے والا ہوں۔ فرمایا

يٰمُوْسٰىٓ اِنِّى اصْطَفَيْتُكَ عَلَى النَّاسِ بِرِسٰلٰتِىْ وَبِكَلَامِىْ

| يٰمُوْسٰىٓ | اِنِّى | اصْطَفَيْتُكَ | عَلَى | النَّاسِ | بِرِسٰلٰتِىْ | وَبِكَلَامِىْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اے موسیٰ | بیشک میں نے | چن لیا تجھ کو | اوپر | لوگوں کے | اپنی رسالتوں | اور اپنے کلام سے |

اے موسیٰ علیہ السلام! بے شک میں نے تمہیں لوگوں پر برگزیدہ کیا اپنے پیغام اور اپنے کلام سے پس لے لو

فَخُذْ مَآ اٰتَيْتُكَ وَكُنْ مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۴۴﴾ وَكَتَبْنَا لَهٗ فِى الْاَلْوَاحِ

| فَخُذْ | مَآ | اٰتَيْتُكَ | وَكُنْ | مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ | وَ | كَتَبْنَا | لَهٗ | فِى | الْاَلْوَاحِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو پکڑ لو | جو | میں نے تجھ کو دیا | اور ہو | شکر گزاروں میں سے | اور | لکھ دیا ہم نے | اس کیلئے | میں | تختیوں |

جو کچھ میں نے تمہیں دیا اور ہو جاؤ شکر گزاروں میں سے۔ اور ہم نے ان کیلئے تختیوں

مِنْ كُلِّ شَىْءٍ مَّوْعِظَةً وَّتَفْصِيْلًا لِّكُلِّ شَىْءٍ ۚ فَخُذْهَا بِقُوَّةٍ

| مِنْ كُلِّ | شَىْءٍ | مَّوْعِظَةً | وَّ | تَفْصِيْلًا | لِّكُلِّ | شَىْءٍ | فَخُذْهَا | بِقُوَّةٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سے ہر | چیز کی | نصیحت | اور | تفصیل | ہر | چیز کی | تو پکڑ اس کو | مضبوطی سے |

میں لکھ دی ہر چیز کی نصیحت اور ہر چیز کی تفصیل اور فرمایا اے موسیٰ علیہ السلام اسے مضبوطی سے تھام لو

وَّاْمُرْ قَوْمَكَ يَاْخُذُوْا بِاَحْسَنِهَا ۭ سَاُورِيْكُمْ دَارَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۱۴۵﴾

| وَّاْمُرْ | قَوْمَكَ | يَاْخُذُوْا | بِاَحْسَنِهَا | سَاُورِيْكُمْ | دَارَ | الْفٰسِقِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اور حکم دے | اپنی قوم کو | اختیار کریں | اس کی اچھی باتیں | عنقریب دکھاؤں گا میں تم کو | گھر | بے حکموں کا |

اور اپنی قوم کو حکم دو کہ یہ اچھی باتیں اختیار کریں عنقریب میں تمہیں دکھاؤں گا نافرمانوں کا گھر۔

سَاَصْرِفُ عَنْ اٰيٰتِىَ الَّذِيْنَ يَتَكَبَّرُوْنَ فِى الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ۭ

| سَاَصْرِفُ | عَنْ اٰيٰتِىَ | الَّذِيْنَ | يَتَكَبَّرُوْنَ | فِى | الْاَرْضِ | بِغَيْرِ | الْحَقِّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جلدی پھیروں گا | اپنی آیتوں سے | ان کو جو | تکبر کرتے ہیں | میں | زمین | بغیر | حق کے |

اور میں اپنی آیتوں سے انہیں پھیر دوں گا جو زمین میں ناحق اپنی بڑائی چاہتے ہیں

وَاِنْ يَّرَوْا كُلَّ اٰيَةٍ لَّا يُؤْمِنُوْا بِهَا ۚ وَاِنْ يَّرَوْا سَبِيْلَ الرُّشْدِ

| وَ | اِنْ | يَّرَوْا | كُلَّ | اٰيَةٍ | لَا | يُؤْمِنُوْا | بِهَا | وَ | اِنْ | يَّرَوْا | سَبِيْلَ | الرُّشْدِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | اگر | دیکھیں | سب | نشانیاں | نہیں | ایمان لائینگے | اس پر | اور | اگر | دیکھیں | راہ | بھلائی کی |

اور اگر سب نشانیاں دیکھیں ان پر ایمان نہ لائیں اور اگر ہدایت کی راہ دیکھیں اس میں چلنا پسند نہ کریں

لَا يَتَّخِذُوْهُ سَبِيْلًا ۚ وَاِنْ يَّرَوْا سَبِيْلَ الْغَيِّ يَتَّخِذُوْهُ سَبِيْلًا ۗ

| لَا | يَتَّخِذُوْهُ | سَبِيْلًا | وَ | اِنْ | يَّرَوْا | سَبِيْلَ | الْغَيِّ | يَتَّخِذُوْهُ | سَبِيْلًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہ | پکڑیں اس کو | رستہ | اور | اگر | دیکھیں | راہ | گمراہی کی | پکڑیں اس کو | راستہ |

اور گمراہی کا راستہ نظر پڑے تو اس میں چلنے کو موجود ہو جائیں یہ اس لئے کہ انہوں نے

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا عَنْهَا غٰفِلِيْنَ ﴿۱۴۶﴾ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا

| ذٰلِكَ | بِاَنَّهُمْ | كَذَّبُوْا | بِاٰيٰتِنَا | وَ | كَانُوْا | عَنْهَا | غٰفِلِيْنَ | وَ | الَّذِيْنَ | كَذَّبُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ | اس لئے ہے کہ انہوں | جھٹلایا | ہماری آیتوں کو | اور | تھے | اس سے | بے خبر | اور | وہ جنہوں نے | جھٹلایا |

ہماری آیتیں جھٹلائیں اور ان سے بے خبر بنے رہے۔ اور جن لوگوں نے

بِاٰيٰتِنَا وَلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ ۗ هَلْ يُجْزَوْنَ اِلَّا مَا

| بِاٰيٰتِنَا | وَ | لِقَآءِ | الْاٰخِرَةِ | حَبِطَتْ | اَعْمَالُهُمْ | هَلْ | يُجْزَوْنَ | اِلَّا | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہماری آیتوں کو | اور | ملاقات کو | آخرت کی | اکارت گئے | ان کے عمل | نہیں | بدلہ دیئے جائیں گے | مگر | جو |

ہماری آیتوں کو اور آخرت کی ملاقات کو جھٹلایا ان کے اعمال برباد ہو گئے انہیں کیا بدلہ ملے گا مگر وہی

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۷﴾ ع وَاتَّخَذَ قَوْمُ مُوْسٰى مِنْۢ بَعْدِهٖ مِنْ حُلِيِّهِمْ

| كَانُوْا | يَعْمَلُوْنَ | وَ | اتَّخَذَ | قَوْمُ | مُوْسٰى | مِنْۢ بَعْدِهٖ | مِنْ حُلِيِّهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تھے وہ | عمل کرتے | اور | بنایا | قوم | موسیٰ نے | اس کے بعد | اپنے زیورات سے |

جو کچھ وہ کیا کرتے تھے۔ اور موسیٰ علیہ السلام کی قوم نے ان کے (کوہ طور پر جانے کے) بعد اپنے زیوروں سے

ع ۱۷

عِجْلًا جَسَدًا لَّهٗ خُوَارٌ ؕ اَلَمْ يَرَوْا اَنَّهٗ لَا يُكَلِّمُهُمْ

| عِجْلًا | جَسَدًا | لَهٗ | خُوَارٌ | اَلَمْ | يَرَوْا | اَنَّهٗ | لَا | يُكَلِّمُهُمْ |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| ایک بچھڑا | بے جان دھڑ | اس کی | گائے کی سی آواز تھی | کیا نہ | دیکھا انہوں نے | کہ وہ | نہ | بولتا ہے ان سے |

ایک بچھڑا بنالیا (جو) ایک جسم تھا اس کی آواز گائے کی سی تھی کیا انہوں نے یہ نہیں دیکھا کہ وہ نہ ان سے بات کرسکتا ہے اور نہ ہی

وَلَا يَهْدِيْهِمْ سَبِيْلًا ۘ اِتَّخَذُوْهُ وَكَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ﴿۱۴۸﴾ وَلَمَّا

| وَ | لَا | يَهْدِيْهِمْ | سَبِيْلًا | اِتَّخَذُوْهُ | وَ | كَانُوْا | ظٰلِمِيْنَ | وَ | لَمَّا |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| اور | نہ | دکھاتا ہے انہیں | رستہ | پکڑا اس کو | اور | وہ تھے | ظالم | اور | جب |

انہیں راہ ہدایت دکھا سکتا ہے انہوں نے اسی کو (معبود) بنا لیا اور وہ ظالم تھے۔ اور جب

سُقِطَ فِيْٓ اَيْدِيْهِمْ وَرَاَوْا اَنَّهُمْ قَدْ ضَلُّوْا ۙ قَالُوْا لَئِنْ لَّمْ يَرْحَمْنَا

| سُقِطَ فِيْٓ اَيْدِيْهِمْ | وَ | رَاَوْا | اَنَّهُمْ | قَدْ | ضَلُّوْا | قَالُوْا | لَئِنْ | لَّمْ | يَرْحَمْنَا |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| گرے اپنے ہاتھوں میں | اور | دیکھا | کہ وہ | بیشک | گمراہ ہوئے | بولے | اگر | نہ | رحم کیا ہم پر |

وہ سخت نادم ہوئے اور سمجھے کہ ہم گمراہ ہوگئے (تو) بولے کہ اگر ہمارا رب ہم پر رحم نہ کرے

رَبُّنَا وَيَغْفِرْ لَنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۱۴۹﴾ وَلَمَّا رَجَعَ مُوْسٰٓى اِلٰى

| رَبُّنَا | وَ | يَغْفِرْ لَنَا | لَنَكُوْنَنَّ | مِنَ الْخٰسِرِيْنَ | وَ | لَمَّا | رَجَعَ | مُوْسٰى | اِلٰى |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| ہمارے رب نے | اور | نہ بخشے ہمیں | تو ضرور ہوں گے ہم | تباہ ہونیوالوں میں سے | اور | جب | پلٹے | موسیٰ | طرف |

اور ہمیں نہ بخشے تو بے شک ہم ضرور تباہ ہونے والوں میں سے ہو جائیں گے۔ اور جب لوٹے موسیٰ علیہ السلام اپنی

قَوْمِهٖ غَضْبَانَ اَسِفًا ۙ قَالَ بِئْسَمَا خَلَفْتُمُوْنِيْ مِنْۢ بَعْدِيْ ۚ

| قَوْمِهٖ | غَضْبَانَ | اَسِفًا | قَالَ | بِئْسَمَا | خَلَفْتُمُوْنِيْ | مِنْۢ بَعْدِيْ |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| اپنی قوم کی | غصے میں | افسوس کرتے | کہا | بری | جانشینی کی تم نے میری | میرے بعد |

امت کی طرف غضب ناک غمگین ہو کر فرمایا تم نے میرے جانے کے بعد میرے

اَعَجِلْتُمْ اَمْرَ رَبِّكُمْ ۚ وَاَلْقَى الْاَلْوَاحَ وَاَخَذَ بِرَاْسِ اَخِيْهِ

| اَخِيْهِ | بِرَاْسِ | اَخَذَ | وَ | الْاَلْوَاحَ | اَلْقَى | وَ | رَبِّكُمْ | اَمْرَ | اَعَجِلْتُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنے بھائی کا | سر | پکڑا | اور | تختیاں | ڈالیں | اور | اپنے رب سے | حکم | کیا جلدی کی تم نے |

پیچھے کیا ہی برے کام کیے کیا تم نے اپنے رب کا حکم آنے سے پہلے ہی جلد بازی کی؟ اور (موسیٰ علیہ السلام نے تورات کی) تختیاں

يَجُرُّهٗۤ اِلَيْهِ ؕ قَالَ ابْنَ اُمَّ اِنَّ الْقَوْمَ اسْتَضْعَفُوْنِىْ وَكَادُوْا

| كَادُوْا | وَ | اسْتَضْعَفُوْنِىْ | الْقَوْمَ | اِنَّ | اُمَّ | ابْنَ | قَالَ | اِلَيْهِ | يَجُرُّهٗۤ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قریب تھا کہ | اور | کمزور جانا مجھ کو | قوم نے | بیشک | میری ماں کے | اے بیٹے | کہا | اپنی طرف | کھینچتا تھا اس کو |

ڈال دیں اور اپنے بھائی (ہارون علیہ السلام) کے سر (کے بالوں) کو پکڑ کر اپنی طرف کھینچنے لگے (ہارون علیہ السلام نے) کہا اے میری ماں

يَقْتُلُوْنَنِىْ ۖ فَلَا تُشْمِتْ بِىَ الْاَعْدَآءَ وَلَا تَجْعَلْنِىْ مَعَ الْقَوْمِ

| الْقَوْمِ | مَعَ | تَجْعَلْنِىْ | لَا | وَ | الْاَعْدَآءَ | بِىَ | تُشْمِتْ | فَلَا | يَقْتُلُوْنَنِىْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قوم | ساتھ | کر مجھے (شامل) | نہ | اور | دشمنوں کو | مجھ پر | خوش کر | تو نہ | قتل کریں مجھ کو |

کے بیٹے! بے شک (ان) لوگوں نے مجھے بے بس کر دیا اور وہ قریب تھے کہ مجھے قتل کر دیں تم مجھ پر دشمنوں کو خوش ہونے نہ دو

الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۵۰﴾ قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِىْ وَلِاَخِىْ وَاَدْخِلْنَا فِىْ رَحْمَتِكَ ۖ

| رَحْمَتِكَ | فِىْ | اَدْخِلْنَا | وَ | وَلِاَخِىْ | اغْفِرْ لِىْ | رَبِّ | قَالَ | الظّٰلِمِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنی رحمت | میں | داخل کر ہم کو | اور | اور میرے بھائی کو | بخش دے مجھ کو | اے میرے رب | عرض کی | ظالم کے |

اور مجھے (ان) ظالم لوگوں کے ساتھ (شامل) نہ کیجیے۔ موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی اے رب مجھے اور میرے بھائی کو بخش دے اور ہمیں

وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۵۱﴾ ع اِنَّ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ

| الْعِجْلَ | اتَّخَذُوا | الَّذِيْنَ | اِنَّ | الرّٰحِمِيْنَ | اَرْحَمُ | اَنْتَ | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بچھڑے کو | لے بیٹھے | وہ لوگ جو | بیشک | رحم کرنے والا ہے | بڑا ہی | تو | اور |

اپنی رحمت میں ڈھانپ لے اور تو سب رحم کرنے والوں سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے۔ بے شک وہ جو بچھڑا لے بیٹھے عنقریب

سَيَنَالُهُمْ غَضَبٌ مِّن رَّبِّهِمْ وَذِلَّةٌ فِي الْحَيَوٰةِ الدُّنْيَا ۚ وَكَذَٰلِكَ

| كَذَٰلِكَ | وَ | الدُّنْيَا | الْحَيَوٰةِ | فِي | ذِلَّةٌ | وَ | مِّن رَّبِّهِمْ | غَضَبٌ | سَيَنَالُهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اسی طرح | اور | دنیا کی | زندگی | میں | ذلت | اور | انکے رب کی طرف سے | غضب | جلدی پہنچے گا ان کو |

انہیں ان کے رب کا غضب اور ذلت پہنچے گا جو دنیا کی زندگی میں اور ہم ایسا ہی بدلا دیتے ہیں

نَجْزِي الْمُفْتَرِينَ ﴿۱۵۲﴾ وَالَّذِينَ عَمِلُوا السَّيِّئَاتِ ثُمَّ تَابُوا

| تَابُوا | ثُمَّ | السَّيِّئَاتِ | عَمِلُوا | الَّذِينَ | وَ | الْمُفْتَرِينَ | نَجْزِي |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| توبہ کی | پھر | برے | عمل کیے | وہ جنہوں نے | اور | جھوٹوں کو | بدلہ دیتے ہم |

جھوٹ گھڑنے والوں کو۔ اور جن لوگوں نے برے کام کیے پھر اس کے بعد توبہ کر لی

مِن بَعْدِهَا وَآمَنُوا إِنَّ رَبَّكَ مِن بَعْدِهَا لَغَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿۱۵۳﴾ وَلَمَّا

| لَمَّا | وَ | رَّحِيمٌ | لَغَفُورٌ | مِن بَعْدِهَا | رَبَّكَ | إِنَّ | آمَنُوا | وَ | مِن بَعْدِهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جب | اور | مہربان ہے | بخشنے والا | بعد اس کے | آپکا رب | بیشک | ایمان لائے | اور | اس کے بعد |

اور ایمان لے آئے (تو) بے شک آپ کا رب اس کے بعد بڑا ہی بخشنے والا مہربان ہے۔ اور موسیٰ علیہ السلام کا

سَكَتَ عَن مُّوسَى الْغَضَبُ أَخَذَ الْأَلْوَاحَ ۖ وَفِي نُسْخَتِهَا

| نُسْخَتِهَا | فِي | وَ | الْأَلْوَاحَ | أَخَذَ | الْغَضَبُ | عَن مُّوسَى | سَكَتَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کی تحریر میں | میں | اور | تختیاں | اٹھالیں | غصہ | موسیٰ کا | تھم گیا |

غصہ تھم گیا تو انہوں نے تختیاں اٹھا لیں اور ان کی تحریر میں

هُدًى وَرَحْمَةٌ لِّلَّذِينَ هُمْ لِرَبِّهِمْ يَرْهَبُونَ ﴿۱۵۴﴾ وَاخْتَارَ مُوسَىٰ

| مُوسَىٰ | اخْتَارَ | وَ | يَرْهَبُونَ | لِرَبِّهِمْ | هُمْ | لِّلَّذِينَ | رَحْمَةٌ | وَ | هُدًى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| موسیٰ نے | چن لئے | اور | ڈرتے ہیں | اپنے رب سے | جو | ان لوگوں کیلئے | رحمت تھی | اور | ہدایت |

ہدایت اور ایسے لوگوں کیلئے رحمت تھی جو اپنے رب سے بہت ڈرتے تھے۔ اور چن لئے موسیٰ علیہ السلام نے اپنی

قَوْمَهٗ سَبْعِیْنَ رَجُلًا لِّمِیْقَاتِنَا ۚ فَلَمَّآ اَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ قَالَ

| قَوْمَهٗ | سَبْعِیْنَ | رَجُلًا | لِّمِیْقَاتِنَا | فَلَمَّآ | اَخَذَتْهُمُ | الرَّجْفَةُ | قَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنی قوم سے | ستر | مرد | ہمارے وعدے کیلئے | تو جب | پکڑا ان کو | زلزلہ نے | عرض کی |

امت سے ستر آدمی ہمارے مقرر کئے ہوئے وقت (پر حاضر ہونے) کیلئے پھر جب انہیں زلزلہ نے پکڑ لیا تو موسیٰ علیہ السلام نے

رَبِّ لَوْ شِئْتَ اَهْلَكْتَهُمْ مِّنْ قَبْلُ وَاِیَّایَ ؕ اَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ

| رَبِّ | لَوْ | شِئْتَ | اَهْلَكْتَهُمْ | مِّنْ قَبْلُ | وَ | اِیَّایَ | اَتُهْلِكُنَا | بِمَا | فَعَلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے میرے رب | اگر | تو چاہتا | تو ہلاک کرتا ان کو | پہلے اس سے | اور | مجھ کو بھی | کیا ہلاک کرتا ہے تو ہم کو | اس لیے جو | کیا |

عرض کی اے میرے رب! اگر تو چاہتا تو انہیں اور مجھے پہلے ہی ہلاک کر دیتا کیا تو ہمیں ہلاک کرے گا ان کاموں کی وجہ

السُّفَهَآءُ مِنَّا ۚ اِنْ هِیَ اِلَّا فِتْنَتُكَ ؕ تُضِلُّ بِهَا مَنْ تَشَآءُ

| السُّفَهَآءُ | مِنَّا | اِنْ | هِیَ | اِلَّا | فِتْنَتُكَ | تُضِلُّ | بِهَا | مَنْ | تَشَآءُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بے عقلوں نے | ہم میں سے | نہیں | یہ | مگر | تیری آزمائش | بہکاتا ہے تو | اس سے | جسے | چاہے |

سے جو ہم میں سے بیوقوفوں نے کئے ہیں یہ نہیں ہے مگر تیری آزمائش جس کے ساتھ تو جسے چاہے گمراہ کرے اور جسے چاہے

وَتَهْدِیْ مَنْ تَشَآءُ ؕ اَنْتَ وَلِیُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ

| وَتَهْدِیْ | مَنْ تَشَآءُ | اَنْتَ | وَلِیُّنَا | فَاغْفِرْ لَنَا | وَ | ارْحَمْنَا | وَاَنْتَ | خَیْرُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور ہدایت دیتا ہے | جسے چاہے | تو | ہمارا مولا ہے | تو بخش ہم کو | اور | رحم کر ہم پر | اور تو | بہتر ہے |

اسے ہدایت فرمائے، تو ہی ہمارا مددگار ہے تو ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم فرما اور تو سب سے بہتر بخشنے والا ہے۔

الْغٰفِرِیْنَ ﴿۱۵۵﴾ وَاكْتُبْ لَنَا فِیْ هٰذِهِ الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ اِنَّا

| الْغٰفِرِیْنَ | وَ | اكْتُبْ | لَنَا | فِیْ | هٰذِهِ | الدُّنْیَا | حَسَنَةً | وَّ | فِی | الْاٰخِرَةِ | اِنَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بخشنے والا | اور | لکھ دے | ہمارے لئے | میں | اس | دنیا کی | بھلائی | اور | میں | آخرت | بیشک ہم نے |

اور ہمارے لئے اس دنیا میں بھلائی لکھ اور آخرت میں بیشک ہم تیری طرف تائب ہوئے

هُدْنَآ اِلَيْكَ قَالَ عَذَابِيْٓ اُصِيْبُ بِهٖ مَنْ اَشَآءُ ۚ وَرَحْمَتِيْ

| هُدْنَآ | اِلَيْكَ | قَالَ | عَذَابِيْ | اُصِيْبُ | بِهٖ | مَنْ | اَشَآءُ | وَ | رَحْمَتِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| راہ پائی | تیری طرف | فرمایا | میرا عذاب | پہنچاتا ہوں میں | وہ | جس کو | میں چاہوں | اور | میری رحمت نے |

رب نے فرمایا میں عذاب میں جسے چاہوں گا اسے پہنچاؤں گا اور میری رحمت نے

وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ ۚ فَسَاَكْتُبُهَا لِلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ وَيُؤْتُوْنَ

| وَسِعَتْ | كُلَّ | شَيْءٍ | فَسَاَكْتُبُهَا | لِلَّذِيْنَ | يَتَّقُوْنَ | وَ | يُؤْتُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سالیا | ہر | چیز کو | تو جلدی لکھوں گا میں اس کو | ان کیلئے جو | ڈرتے ہیں | اور | دیتے ہیں |

ہر چیز کو گھیر لیا ہے تو اسے میں ان لوگوں کے حق میں لکھوں گا جو پرہیز گار ہیں اور

الزَّكٰوةَ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِنَا يُؤْمِنُوْنَ ۚ (۱۵۶) اَلَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ

| الزَّكٰوةَ | وَ | الَّذِيْنَ | هُمْ | بِاٰيٰتِنَا | يُؤْمِنُوْنَ | اَلَّذِيْنَ | يَتَّبِعُوْنَ | الرَّسُوْلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زکوٰۃ | اور | وہ | جو | ہماری آیتوں پر | ایمان رکھتے ہیں | وہ جو | پیروی کریں گے | رسول کی |

زکوٰۃ دیتے ہیں اور وہ لوگ جو ہماری آیتوں پر ایمان لاتے ہیں۔ یہ وہ ہیں جو پیروی کرتے ہیں اس

النَّبِيَّ الْاُمِّيَّ الَّذِيْ يَجِدُوْنَهٗ مَكْتُوْبًا عِنْدَهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ

| النَّبِيَّ | الْاُمِّيَّ | الَّذِيْ | يَجِدُوْنَهٗ | مَكْتُوْبًا | عِنْدَهُمْ | فِي | التَّوْرٰىةِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غیب کی خبر دینے والے | اُمّی کی | وہ جو کہ | پاتے ہیں اس کو | لکھا ہوا | پاس اپنے | میں | توریت |

اُمّی رسول ﷺ کی جس کے بارے میں لکھا ہوا اپنے پاس توریت

وَالْاِنْجِيْلِ يَاْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهٰىهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُحِلُّ

| وَالْاِنْجِيْلِ | يَاْمُرُهُمْ | بِالْمَعْرُوْفِ | وَ | يَنْهٰىهُمْ | عَنِ الْمُنْكَرِ | وَ | يُحِلُّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور انجیل کے | حکم دے گا ان کو | بھلی باتوں کا | اور | روکے گا | بری باتوں سے | اور | حلال کرے گا |

اور انجیل میں پاتے ہیں وہ انہیں بھلائی کا حکم دیتے ہیں اور برائی سے منع فرماتے ہیں اور پاکیزہ چیزیں ان کیلئے حلال

لَهُمُ الطَّيِّبٰتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبٰٓئِثَ وَيَضَعُ عَنْهُمْ اِصْرَهُمْ

| لَهُمُ | الطَّيِّبٰتِ | وَ | يُحَرِّمُ | عَلَيْهِمُ | الْخَبٰٓئِثَ | وَيَضَعُ | عَنْهُمْ | اِصْرَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کیلئے | پاک چیزیں | اور | حرام کرے گا | ان پر | گندگی چیزیں | اور اتارے گا | ان سے | بوجھ ان کے |

فرماتے ہیں اور گندی چیزیں ان پر حرام کرتے ہیں اور ان پر سے وہ بوجھ اور گلے کے

وَالْاَغْلٰلَ الَّتِیْ كَانَتْ عَلَيْهِمْ ؕ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِهٖ وَعَزَّرُوْهُ وَنَصَرُوْهُ

| وَ | الْاَغْلٰلَ | الَّتِیْ | كَانَتْ | عَلَيْهِمْ | فَالَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا بِهٖ | وَ | عَزَّرُوْهُ | وَ | نَصَرُوْهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | طوق | جو | تھے | ان پر | پھر جو | ایمان لائیں گے اس پر | اور | حمایت کریں گے | اور | مدد کریں گے |

پھندے اتارتے ہیں جو ان پر پڑے ہوتے تھے تو وہ جو اس پر ایمان لائے اور اس کی تعظیم کریں اور اسے دین میں مدد دیں

وَاتَّبَعُوا النُّوْرَ الَّذِیْۤ اُنْزِلَ مَعَهٗۤ ۙ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ؑ ﴿۱۵۷﴾ قُلْ

| وَ | اتَّبَعُوا | النُّوْرَ | الَّذِیْۤ | اُنْزِلَ | مَعَهٗۤ | اُولٰٓئِكَ | هُمُ | الْمُفْلِحُوْنَ | قُلْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | پیروی کریں گے | اس نور کی | جو | اتارا گیا | اس کے ساتھ | تو یہ لوگ | وہی ہیں | کامیاب ہونے والے | فرمادو |

اور اس (قرآن) نور کی پیروی کریں جو اس کے ساتھ نازل کی گئی ہے وہی کامیاب ہونے والے ہیں۔ اے محبوب ﷺ فرما

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعَا ِۨ الَّذِیْ لَهٗ مُلْكُ

| يٰۤاَيُّهَا | النَّاسُ | اِنِّیْ | رَسُوْلُ | اللّٰهِ | اِلَيْكُمْ | جَمِيْعًا | الَّذِیْ | لَهٗ | مُلْكُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے | لوگو | بیشک میں | رسول ہوں | اللہ کا | تمہاری طرف | سب کی | وہ | کہ جس کی | بادشاہی ہے |

دیں اے لوگو! میں تم سب کی طرف اس اللہ کا رسول ہوں کہ آسمان اور زمین کی بادشاہی

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْیٖ وَيُمِيْتُ ۪ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ

| السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضِ | لَاۤ | اِلٰهَ | اِلَّا | هُوَ | يُحْیٖ | وَيُمِيْتُ | فَاٰمِنُوْا | بِاللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آسمانوں | اور | زمین میں | نہیں | کوئی معبود | مگر | وہی | زندہ کرتا ہے | اور مارتا ہے | تو ایمان لاؤ | اللہ پر |

اسی کو ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں وہی زندہ کرتا ہے اور وہی موت دیتا ہے تو ایمان لاؤ اللہ اور اس کے رسول ﷺ غیب کی خبریں

وَرَسُوْلِهِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الَّذِيْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَكَلِمٰتِهٖ وَاتَّبِعُوْهُ لَعَلَّكُمْ

| لَعَلَّكُمْ | اتَّبِعُوْهُ | وَ | كَلِمٰتِهٖ | وَ | بِاللّٰهِ | يُؤْمِنُ | الَّذِيْ | الْاُمِّيِّ | النَّبِيِّ | رَسُوْلِهٖ | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تاکہ | پیروی کرو اسکی | اور | اسکی باتوں پر | اور | اللہ پر | ایمان لائے ہیں | جو | اُمی پر | غیب بتانےوالے | اسکے رسول | اور |

بتانے والے نبی اُمی پر جو اللہ اور اس کی باتوں پر ایمان لاتے ہیں اور ان کی پیروی کرو کہ تم

تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۵۸﴾ وَمِنْ قَوْمِ مُوْسٰٓى اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ بِالْحَقِّ وَبِهٖ

| بِهٖ | وَ | بِالْحَقِّ | يَهْدُوْنَ | اُمَّةٌ | مُوْسٰى | مِنْ قَوْمِ | وَ | تَهْتَدُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اسکے ساتھ | اور | حق کی | جو ہدایت کرتی تھی | ایک جماعت تھی | موسیٰ سے | قوم | اور | ہدایت پاؤ |

راہ ہدایت پاؤ۔ اور موسیٰ علیہ السلام کی قوم میں سے ایک جماعت (ایسے لوگوں کی بھی) ہے جو حق کی راہ بتاتے ہیں اور اسی کے

يَعْدِلُوْنَ ﴿۱۵۹﴾ وَقَطَّعْنٰهُمُ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ اَسْبَاطًا اُمَمًا ۭ وَاَوْحَيْنَآ

| اَوْحَيْنَآ | وَ | اُمَمًا | اَسْبَاطًا | اثْنَتَيْ عَشْرَةَ | قَطَّعْنٰهُمُ | وَ | يَعْدِلُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وحی بھیجی ہم نے | اور | گروہ گروہ | قبیلوں میں | بارہ | ہم نے بانٹ دیا ان کو | اور | انصاف کرتے |

مطابق عدل (پر مبنی فیصلے) کرتے ہیں۔ اور ہم نے انہیں گروہ در گروہ بارہ قبیلوں میں تقسیم کر دیا اور ہم نے

اِلٰى مُوْسٰٓى اِذِ اسْتَسْقٰىهُ قَوْمُهٗٓ اَنِ اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ۚ

| الْحَجَرَ | بِعَصَاكَ | اضْرِبْ | اَنِ | قَوْمُهٗ | اسْتَسْقٰىهُ | اِذِ | مُوْسٰى | اِلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پتھر پر | عصا اپنا | مارو | یہ کہ | اس کی قوم نے | پانی مانگا اس سے | جب | موسیٰ کی | طرف |

موسیٰ (علیہ السلام) کے پاس (یہ) وحی بھیجی جب ان سے ان کی قوم نے پانی مانگا کہ اپنا عصا پتھر پر مارو

فَانْۢبَجَسَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ۭ قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ

| اُنَاسٍ | كُلُّ | عَلِمَ | قَدْ | عَيْنًا | اثْنَتَا عَشْرَةَ | مِنْهُ | فَانْبَجَسَتْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گروہ نے | ہر | جان لیا | بیشک | چشمے | بارہ | اس سے | تو پھوٹے |

سو اس میں سے بارہ چشمے پھوٹ نکلے پس ہر قبیلہ نے اپنے پینے کی جگہ کو معلوم کر لیا اور ہم نے ان پر ابر کو

مَشْرَبَهُمْ ۭ وَظَلَّلْنَا عَلَيْهِمُ الْغَمَامَ وَاَنْزَلْنَا عَلَيْهِمُ الْمَنَّ

| مَشْرَبَهُمْ | وَ | ظَلَّلْنَا | عَلَيْهِمُ | الْغَمَامَ | وَ | اَنْزَلْنَا | عَلَيْهِمُ | الْمَنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنا گھاٹ | اور | سایہ کیا ہم نے | ان پر | بادلوں کا | اور | اتارا ہم نے | ان پر | من |

سایہ فگن کیا اور ہم نے ان پر من و سلویٰ اتارا (اور ان سے فرمایا:) ، جن

وَالسَّلْوٰى ۭ كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ۭ وَمَا ظَلَمُوْنَا وَلٰكِنْ

| وَ | السَّلْوٰى | كُلُوْا | مِنْ طَيِّبٰتِ | مَا | رَزَقْنٰكُمْ | وَ | مَا | ظَلَمُوْنَا | وَ | لٰكِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | سلویٰ | کھاؤ | پاکیزہ چیزیں | جو | رزق دیا ہم نے تم کو | اور | نہ | ظلم کیا انہوں نے ہم پر | اور | لیکن |

پاکیزہ چیزوں کا رزق ہم نے تمہیں عطا کیا ہے اس میں سے کھاؤ (مگر نافرمانی اور کفرانِ نعمت کرکے) انہوں نے ہم پر ظلم نہیں کیا

كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۶۰﴾ وَاِذْ قِيْلَ لَهُمُ اسْكُنُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ

| كَانُوْٓا | اَنْفُسَهُمْ | يَظْلِمُوْنَ | وَ | اِذْ | قِيْلَ | لَهُمُ | اسْكُنُوْا | هٰذِهِ | الْقَرْيَةَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ تھے | اپنی جانوں پر خود | ظلم کرتے تھے | اور | جب | فرمایا گیا | ان کو | رہو تم | اس | بستی میں |

بلکہ وہ اپنی ہی جانوں پر ظلم کر رہے تھے۔ اور جب ان سے کہا گیا کہ اس شہر میں سکونت اختیار کرو اور اس سے جہاں چاہو

وَكُلُوْا مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ وَقُوْلُوْا حِطَّةٌ وَّادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا

| وَ | كُلُوْا | مِنْهَا | حَيْثُ | شِئْتُمْ | وَقُوْلُوْا | حِطَّةٌ | وَ | ادْخُلُوا | الْبَابَ | سُجَّدًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | کھاؤ | اس سے | جہاں | چاہو تم | اور کہو | گناہ اترے | اور | داخل ہو | دروازے سے | سجدہ کرتے ہوئے |

کھاؤ اور کہو حِطَّةٌ (یعنی) اے اللہ! ہمارے گناہ معاف کردے اور دروازے میں داخل ہو جاؤ سجدہ کرتے ہوئے

نَّغْفِرْ لَكُمْ خَطِيْٓـٰٔتِكُمْ ۭ سَنَزِيْدُ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۶۱﴾ فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ

| نَغْفِرْ لَكُمْ | خَطِيْٓـٰٔتِكُمْ | سَنَزِيْدُ | الْمُحْسِنِيْنَ | فَبَدَّلَ | الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|
| ہم بخش دیں گے تم کو | تمہارے گناہ | عنقریب زیادہ دیں گے ہم | نیکوں کو | تو بدل دیا | جنہوں نے |

ہم تمہاری خطائیں بخش دیں گے عنقریب نیکی کرنے والوں کو (مغفرت کے علاوہ) ہم زیادہ (ثواب) دیں گے۔ تو ان میں سے

ظَلَمُوْا مِنْهُمْ قَوْلًا غَيْرَ الَّذِيْ قِيْلَ لَهُمْ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِجْزًا

| ظَلَمُوْا | مِنْهُمْ | قَوْلًا | غَيْرَ | الَّذِيْ | قِيْلَ | لَهُمْ | فَاَرْسَلْنَا | عَلَيْهِمْ | رِجْزًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ظلم کیا | ان میں سے | بات کو | سوا | اس کے جو | کہی گئی تھی | ان کو | تو بھیجا ہم نے | ان پر | عذاب |

ظلم کرنے والوں نے بات بدل ڈالی اس کے خلاف جس کا انہیں حکم دیا گیا تھا تو ہم نے ان پر

مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوْا يَظْلِمُوْنَ ﴿١٦٢﴾ ع وَسْئَلْهُمْ عَنِ الْقَرْيَةِ الَّتِيْ

| مِّنَ السَّمَآءِ | بِمَا | كَانُوْا | يَظْلِمُوْنَ | وَسْئَلْهُمْ | عَنِ الْقَرْيَةِ | الَّتِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| آسمان سے | بدلہ | اس کا جو تھے | ظلم کرتے ۔ | اور پوچھو ان سے | حال اس بستی کا | جو |

اے ایمان والو اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو اور اس سے منہ

عَنْهُ وَاَنْتُمْ تَسْمَعُوْنَ ﴿۲۰﴾ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ قَالُوْا

| عَنْهُ | وَاَنْتُمْ | تَسْمَعُوْنَ | وَ | لَا | تَكُوْنُوْا | كَالَّذِيْنَ | قَالُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس سے | اور تم | سنتے ہو | اور | نہ | ہو جاؤ | ان کی طرح | کہ کہا انہوں نے |

نہ پھیرو حالانکہ تم سنتے ہو۔ اور ان لوگوں کی طرح مت ہو جانا جنہوں نے کہا

سَمِعْنَا وَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿۲۱﴾ اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ عِنْدَ اللّٰهِ

| سَمِعْنَا | وَ | هُمْ | لَا | يَسْمَعُوْنَ | اِنَّ | شَرَّ | الدَّوَآبِّ | عِنْدَ | اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہم نے سنا | اور | وہ | نہیں | سنتے | بیشک | بدترین | جانور | نزدیک | اللہ کے |

ہم نے سن لیا حالانکہ وہ نہیں سنتے۔ بے شک اللہ کے نزدیک جانداروں میں سب سے بدتر وہی بہرے

الصُّمُّ الْبُكْمُ الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَلَوْ عَلِمَ اللّٰهُ فِيْهِمْ

| الصُّمُّ | الْبُكْمُ | الَّذِيْنَ | لَا | يَعْقِلُوْنَ | وَ | لَوْ | عَلِمَ | اللّٰهُ | فِيْهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بہرے | گونگے ہیں | جو | نہیں | عقل رکھتے | اور | اگر | جانے | اللہ | ان میں |

گونگے لوگ ہیں جو عقل سے کام نہیں لیتے ہیں۔ اور اگر اللہ ان میں کوئی بھلائی جانتا تو

خَيْرًا لَّاَسْمَعَهُمْ ؕ وَلَوْ اَسْمَعَهُمْ لَتَوَلَّوْا وَّهُمْ

| خَيْرًا | لَّاَسْمَعَهُمْ | وَلَوْ | اَسْمَعَهُمْ | لَتَوَلَّوْا | وَّهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|
| بھلائی | تو سنا دیتا ان کو | اور اگر | سنا دیتا ان کو | پھر بھی پلٹ جاتے | اور وہ ہوں |

انہیں ضرور سنا دیتا اور اگر اللہ انہیں سنا دیتا تو وہ روگردانی کرتے ہوئے ضرور

مُّعْرِضُوْنَ ﴿۲۳﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَجِيْبُوْا لِلّٰهِ

| مُّعْرِضُوْنَ | يٰۤاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوا | اسْتَجِيْبُوْا | لِلّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|
| منہ پھیر کر | اے | وہ جو | ایمان لائے ہو | حاضر ہو | اللہ کے |

پیٹھ پھیر دیتے۔ اے ایمان والو! اللہ اور رسول ﷺ کے بلانے پر (فوراً) حاضر ہو جاؤ جب تمہیں

وَلِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاكُمْ لِمَا يُحْيِيْكُمْ ۚ وَاعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ

| وَلِلرَّسُوْلِ | اِذَا | دَعَاكُمْ | لِمَا | يُحْيِيْكُمْ | وَ | اعْلَمُوْۤا | اَنَّ | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور رسول کے | جب | بلائے تم کو | اس لئے تاکہ | زندگی بخشے تم کو | اور | جان لو | بیشک | اللہ |

رسول ﷺ اس چیز کی طرف بلائیں جو تمہیں زندہ کر دے گی اور جان لو کہ اللہ حائل ہے آدمی

يَحُوْلُ بَيْنَ الْمَرْءِ وَ قَلْبِهٖ وَاَنَّهٗۤ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۲۴﴾

| يَحُوْلُ | بَيْنَ | الْمَرْءِ | وَ | قَلْبِهٖ | وَاَنَّهٗۤ | اِلَيْهِ | تُحْشَرُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حائل ہوتا ہے | درمیان | آدمی کے | اور | اس کے دل | اور بیشک وہ | اس کی طرف | تم اکٹھے کیے جاؤ گے |

اور اس کے دل کے ارادوں کے درمیان اور یہ کہ تم (سب) اسی کی طرف جمع کیے جاؤ گے۔

وَاتَّقُوْا فِتْنَةً لَّا تُصِيْبَنَّ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْكُمْ خَآصَّةً ۚ

| وَاتَّقُوْا | فِتْنَةً | لَا | تُصِيْبَنَّ | الَّذِيْنَ | ظَلَمُوْا | مِنْكُمْ | خَآصَّةً |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور ڈرتے رہو | اس فتنہ سے کہ | نہ | پہنچےگا | ان کو | جو ظالم ہیں | تم میں سے | خاص کر کے |

اور اس فتنے سے ڈرو جو خاص انہی لوگوں پر نہیں آئے گا جنہوں نے تم میں سے ظلم کیا ہو

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۲۵﴾ وَاذْكُرُوْٓا اِذْ اَنْتُمْ

| وَ | اعْلَمُوْٓا | اَنَّ | اللّٰهَ | شَدِيْدُ | الْعِقَابِ | وَاذْكُرُوْٓا | اِذْ | اَنْتُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جان لو | بیشک | اللہ | سخت | عذاب دینے والا ہے | اور یاد کرو | جب | تم |

اور جان لو کہ یقیناً اللہ تعالیٰ سخت سزا دینے والا ہے۔ اور یاد کرو جب تم تھوڑے تھے۔

قَلِيْلٌ مُّسْتَضْعَفُوْنَ فِي الْاَرْضِ تَخَافُوْنَ اَنْ

| قَلِيْلٌ | مُّسْتَضْعَفُوْنَ | فِي | الْاَرْضِ | تَخَافُوْنَ | اَنْ |
|---|---|---|---|---|---|
| تھوڑے تھے | دبے ہوتے | میں | ملک | تم ڈرتے تھے | یہ کہ |

زمین میں تمہیں کمزور سمجھا جاتا تھا۔ تم ڈرتے تھے کہ لوگ اچانک تمہیں اچک نہ لیں۔

يَّتَخَطَّفَكُمُ النَّاسُ فَاٰوٰىكُمْ وَاَيَّدَكُمْ بِنَصْرِهٖ وَرَزَقَكُمْ

| يَّتَخَطَّفَكُمُ | النَّاسُ | فَاٰوٰىكُمْ | وَاَيَّدَكُمْ | بِنَصْرِهٖ | وَ | رَزَقَكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اچک لیں گے تم کو | لوگ | تو جگہ دی تم کو | اور قوت دی تم کو | اپنی مدد سے | اور | رزق دیا تم کو |

پھر اللہ تعالیٰ نے تمہیں رہنے کو جگہ دی اور اپنی مدد سے تمہاری تائید کی۔ اور تمہیں

مِّنَ الطَّيِّبٰتِ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۲۶﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

| مِّنَ الطَّيِّبٰتِ | لَعَلَّكُمْ | تَشْكُرُوْنَ | يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا |
|---|---|---|---|---|---|
| پاکیزہ چیزوں سے | تاکہ تم | شکر کرو | اے | وہ جو | ایمان لائے ہو |

پاک چیزوں میں سے رزق دیا تاکہ تم شکر گزار بنو۔ اے ایمان والو! اللہ

لَا تَخُوْنُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ وَتَخُوْنُوْٓا اَمٰنٰتِكُمْ وَاَنْتُمْ

| لَا | تَخُوْنُوا | اللّٰهَ | وَالرَّسُوْلَ | وَتَخُوْنُوْٓا | اَمٰنٰتِكُمْ | وَ | اَنْتُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہ | خیانت کرو | اللہ سے | اور رسول سے | اور نہ خیانت کرو | اپنی امانتوں میں | اور | تم |

اور رسول سے خیانت نہ کرو اور جان بوجھ کر اپنی ذمہ داریوں میں بھی

تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۷﴾ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ

| تَعْلَمُوْنَ | وَاعْلَمُوْٓا | اَنَّمَآ | اَمْوَالُكُمْ | وَ | اَوْلَادُكُمْ | فِتْنَةٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| جانتے ہو | اور جان لو | اس کے سوا نہیں کہ | تمہارے مال | اور | تمہاری اولاد | فتنہ ہیں |

خیانت نہ کرو۔ اور جان لو کہ تمہارے مال اور تمہاری اولاد محض آزمائش ہیں

وَّ اَنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۲۸﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا

| وَّ | اَنَّ | اللّٰهَ | عِنْدَهٗٓ | اَجْرٌ | عَظِيْمٌ | يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْٓا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | بیشک | اللہ | پاس اس کے | اجر ہے | بہت بڑا | اے | وہ جو | ایمان لائے ہو |

اور یہ کہ اللہ ہی کے پاس بڑا اجر ہے۔ اے ایمان والو! اگر تم اللہ

اِنْ تَتَّقُوا اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّكُمْ فُرْقَانًا وَّ يُكَفِّرْ عَنْكُمْ

| اِنْ | تَتَّقُوا | اللّٰهَ | يَجْعَلْ | لَّكُمْ | فُرْقَانًا | وَّ | يُكَفِّرْ | عَنْكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اگر | ڈرو گے تم | اللہ سے | کرے گا | تمہارے لئے | فرقان | اور | دور کرے گا | تم سے |

سے ڈرو گے تو وہ تمہیں حق کو باطل سے جدا کرنے والی چیز دے گا

سَيِّاٰتِكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۲۹﴾ وَاِذْ

| سَيِّاٰتِكُمْ | وَيَغْفِرْلَكُمْ | وَ | اللّٰهُ | ذُوالْفَضْلِ | الْعَظِيْمِ | وَاِذْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تمہاری برائیاں | اور بخشے گا تم کو | اور | اللہ | صاحب فضل | بڑے کا ہے | اور جب |

اور تمہارے گناہ تم سے دور کر دے گا اور تمہیں بخش دے گا اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔ اور (یاد کیجئے

# يَمْكُرُ بِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِيُثْبِتُوْكَ اَوْ يَقْتُلُوْكَ اَوْ

| اَوْ | يَقْتُلُوْكَ | اَوْ | لِيُثْبِتُوْكَ | كَفَرُوْا | الَّذِيْنَ | يَمْكُرُ بِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| یا | شہید کریں آپ کو | یا | کہ قید کریں آپ کو | کافر ہیں | وہ جو | مکر کرتے تھے آپ کے متعلق |

اے محبوب (ﷺ!) جب کافر آپ کے خلاف خفیہ تدبیریں کر رہے تھے کہ آپ کو قید کر دیں یا شہید کر دیں

# يُخْرِجُوْكَ ۚ وَ يَمْكُرُوْنَ وَ يَمْكُرُ اللّٰهُ ۚ وَ اللّٰهُ خَيْرُ

| خَيْرُ | اللّٰهُ | وَ | اللّٰهُ | يَمْكُرُ | وَ | يَمْكُرُوْنَ | وَ | يُخْرِجُوْكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بہترین | اللہ | اور | اللہ | تدبیر فرماتا تھا | اور | مکر کرتے تھے | اور | نکال دیں آپ کو |

یا جلا وطن کر دیں اور وہ اپنے مکر میں لگے ہوئے تھے اور اللہ اپنی تدبیر فرما رہا تھا اور اللہ بہترین

# الْمٰكِرِيْنَ ۞۳۰ وَ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا قَالُوْا قَدْ سَمِعْنَا

| سَمِعْنَا | قَدْ | قَالُوْا | اٰيٰتُنَا | عَلَيْهِمْ | تُتْلٰى | اِذَا | وَ | الْمٰكِرِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سنا ہم نے | بیشک | کہتے ہیں | ہماری آیتیں | ان پر | پڑھی جاتی ہے | جب | اور | تدبیر فرمانے والا ہے |

تدبیر فرمانے والا ہے۔ اور جب ان پر ہماری آیتیں پڑھی جائیں تو کہتے ہیں

# لَوْ نَشَآءُ لَقُلْنَا مِثْلَ هٰذَآ ۙ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ

| اَسَاطِيْرُ | اِلَّآ | هٰذَآ | اِنْ | هٰذَآ | مِثْلَ | لَقُلْنَا | نَشَآءُ | لَوْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہانیاں | مگر | یہ | نہیں | اس کی | مثل | تو کہیں ہم | ہم چاہیں | اگر |

ہاں ہم نے سنا ہم چاہتے تو ایسی ہم بھی کہہ دیتے یہ تو نہیں مگر پہلے لوگوں

# الْاَوَّلِيْنَ ۞۳۱ وَ اِذْ قَالُوا اللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ هٰذَا هُوَ الْحَقَّ مِنْ عِنْدِكَ

| مِنْ عِنْدِكَ | هُوَ الْحَقَّ | هٰذَا | كَانَ | اِنْ | اللّٰهُمَّ | قَالُوا | اِذْ | وَ | الْاَوَّلِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نزدیک تیرے سے | وہ حق | یہ | ہے | اگر | اے اللہ | کہا انہوں نے | جب | اور | پہلوں کی |

کے قصے ہیں۔ اور جب بولے کہ اے اللہ اگر یہی (قرآن) تیری طرف سے حق ہے

فَاَمۡطِرۡ عَلَيۡنَا حِجَارَةً مِّنَ السَّمَآءِ اَوِ ائۡتِنَا

| فَاَمۡطِرۡ | عَلَيۡنَا | حِجَارَةً | مِّنَ السَّمَآءِ | اَوِ ائۡتِنَا |
|---|---|---|---|---|
| تو برسا | ہم پر | پتھر | آسمان سے | یا لے آ ہم پر |

تو ہم پر آسمان سے پتھر برسا یا ہم پر بھیج کوئی

بِعَذَابٍ اَلِيۡمٍ ﴿۳۲﴾ وَ مَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمۡ وَ اَنۡتَ

| بِعَذَابٍ | اَلِيۡمٍ | وَ | مَا | كَانَ | اللّٰهُ | لِيُعَذِّبَهُمۡ | وَ | اَنۡتَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عذاب | دردناک | اور | نہیں | ہے | اللہ | کہ عذاب کرے ان کو | اور | آپ |

دردناک عذاب۔ اللہ تعالیٰ ایسا نہیں کرے گا کہ ان لوگوں کو آپ ﷺ کی موجودگی

فِيۡهِمۡ ؕ وَ مَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمۡ وَهُمۡ يَسۡتَغۡفِرُوۡنَ ﴿۳۳﴾

| فِيۡهِمۡ | وَ | مَا | كَانَ | اللّٰهُ | مُعَذِّبَهُمۡ | وَهُمۡ | يَسۡتَغۡفِرُوۡنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان میں موجود ہوں | اور | نہیں | ہے | اللہ | عذاب کرنے والا ان کو | اور وہ | بخشش مانگتے ہوں |

میں عذاب دے اس حالت میں کہ وہ مغفرت بھی کرتے رہتے ہیں۔

وَمَا لَهُمۡ اَلَّا يُعَذِّبَهُمُ اللّٰهُ وَهُمۡ يَصُدُّوۡنَ عَنِ الۡمَسۡجِدِ

| وَ | مَا | لَهُمۡ | اَلَّا | يُعَذِّبَهُمُ | اللّٰهُ | وَهُمۡ | يَصُدُّوۡنَ | عَنِ الۡمَسۡجِدِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | کیا ہے | ان کو | کہ نہ | عذاب کرے ان کو | اللہ | اور وہ | روکتے ہیں | مسجد |

مگر (اب) ان میں کیا بات ہے کہ اللہ انہیں عذاب نہ دے جب وہ مسجد

الۡحَرَامِ وَمَا كَانُوۡۤا اَوۡلِيَآءَهٗ ؕ اِنۡ اَوۡلِيَآؤُهٗۤ اِلَّا الۡمُتَّقُوۡنَ

| الۡحَرَامِ | وَمَا | كَانُوۡۤا | اَوۡلِيَآءَهٗ | اِنۡ | اَوۡلِيَآؤُهٗۤ | اِلَّا | الۡمُتَّقُوۡنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حرام سے | اور نہیں | ہیں وہ | اہل اس کے | نہیں | اس کے والی | مگر | پرہیزگار |

حرام سے روکتے ہیں حالانکہ وہ اس کے متولی بھی نہیں اس کے متولی تو صرف

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۴﴾ وَ مَا كَانَ

| كَانَ | مَا | وَ | يَعْلَمُوْنَ | لَا | اَكْثَرَهُمْ | وَلٰكِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تھی | نہیں | اور | جانتے | نہیں | اکثران کے | اورلیکن |

متقی لوگ ہیں لیکن ان میں اکثرلوگ جانتے نہیں۔ اور کعبہ کے

صَلَاتُهُمْ عِنْدَ الْبَيْتِ اِلَّا مُكَآءً وَّتَصْدِيَةً ؕ

| وَّتَصْدِيَةً | مُكَآءً | اِلَّا | الْبَيْتِ | عِنْدَ | صَلَاتُهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|
| اورتالیاں | سیٹیاں | مگر | بیت اللہ کے | نزدیک | ان کی نماز |

نزدیک ان کی نماز نہیں مگر سیٹی اور

فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۳۵﴾ اِنَّ

| اِنَّ | تَكْفُرُوْنَ | كُنْتُمْ | بِمَا | الْعَذَابَ | فَذُوْقُوا |
|---|---|---|---|---|---|
| بیشک | کفرکیا کرتے تھے | تم | بدلےاسکےجو | عذاب | توچکھو |

تالی (بجانا) تو (اب) چکھو عذاب اپنے کفر کی وجہ سے۔ بے شک

اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ لِيَصُدُّوْا

| لِيَصُدُّوْا | اَمْوَالَهُمْ | يُنْفِقُوْنَ | كَفَرُوْا | اَلَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|
| تاکہ روکیں | اپنے مال | خرچ کرتے ہیں | کافرہیں | وہ جو |

جنہوں نے کفر کیا اوروہ اپنے مال اس لئے خرچ کرتے ہیں کہ (لوگوں کو) اللہ کی راہ سے روکیں

عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ فَسَيُنْفِقُوْنَهَا ثُمَّ تَكُوْنُ عَلَيْهِمْ

| عَلَيْهِمْ | تَكُوْنُ | ثُمَّ | فَسَيُنْفِقُوْنَهَا | اللّٰهِ | عَنْ سَبِيْلِ |
|---|---|---|---|---|---|
| ان پر | ہوگی | پھر | توخرچ کریں گےان کو | اللہ سے | راہ |

تو اب وہ انکیں خرچ کریں گے پھر وہ مال ان کے لیے حسرت بن جائیں گے پھر (یہ لوگ)

حَسْرَةً ثُمَّ يُغْلَبُوْنَ ۬ۗ وَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى جَهَنَّمَ

| جَهَنَّمَ | اِلٰى | كَفَرُوْٓا | الَّذِيْنَ | وَ | يُغْلَبُوْنَ | ثُمَّ | حَسْرَةً |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جہنم کی | طرف | کافر ہیں | وہ جو | اور | مغلوب ہوں گے | پھر | حسرت |

مغلوب کر دیے جائیں گے اور جنہوں نے کفر کیا وہ دوزخ کی طرف

يُحْشَرُوْنَ ۝٣٦ۙ لِيَمِيْزَ اللّٰهُ الْخَبِيْثَ مِنَ الطَّيِّبِ

| مِنَ الطَّيِّبِ | الْخَبِيْثَ | اللّٰهُ | لِيَمِيْزَ | يُحْشَرُوْنَ |
|---|---|---|---|---|
| پاک سے | گندے کو | اللہ | تاکہ جدا کرے | اکٹھے کیے جائیں گے |

اکٹھے کیے جائیں گے۔ اس لئے کہ اللہ ناپاک کو پاک سے

وَيَجْعَلَ الْخَبِيْثَ بَعْضَهٗ عَلٰى بَعْضٍ فَيَرْكُمَهٗ

| فَيَرْكُمَهٗ | بَعْضٍ | عَلٰى | بَعْضَهٗ | الْخَبِيْثَ | وَيَجْعَلَ |
|---|---|---|---|---|---|
| پھر ایک ڈھیر بنا کر | بعض کے | اوپر | بعض کو | نجاستوں کو | اور رکھے |

جدا فرما دے اور نجاستوں کو اوپر نیچے رکھ کر سب

جَمِيْعًا فَيَجْعَلَهٗ فِيْ جَهَنَّمَ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ

| هُمُ | اُولٰٓئِكَ | جَهَنَّمَ | فِيْ | فَيَجْعَلَهٗ | جَمِيْعًا |
|---|---|---|---|---|---|
| ہی | یہ لوگ | جہنم | میں | پھینکے اس کو | سب کو |

ایک ڈھیر بنا کر جہنم میں ڈال دے وہی

الْخٰسِرُوْنَ ۝٣٧ؑ قُلْ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ يَّنْتَهُوْا

| الْخٰسِرُوْنَ | قُلْ | لِّلَّذِيْنَ | كَفَرُوْٓا | اِنْ | يَّنْتَهُوْا |
|---|---|---|---|---|---|
| خسارہ اٹھانیوالے ہیں | فرمادیجئے | ان سے | جو کافر ہیں | اگر | باز آجائیں |

نقصان پانے والے ہیں۔ تم کافروں سے فرماؤ اگر وہ باز رہے تو جو

## يُغْفَرْ لَهُمْ مَّا قَدْ سَلَفَ ۚ وَاِنْ يَّعُوْدُوْا فَقَدْ

| يُغْفَرْ لَهُمْ | مَا | قَدْ سَلَفَ | وَاِنْ | يَّعُوْدُوْا | فَقَدْ |
|---|---|---|---|---|---|
| تو بخش دیا جائے گا ان کو | جو | پہلے گزر چکا | اور اگر | پھر کریں گے | تو بیشک |

ہو گزرا وہ انہیں معاف فرما دیا جائے گا اور اگر پھر وہی عادت دہرائیں تو پہلے لوگوں پر گزرنے والا

## مَضَتْ سُنَّتُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٣٨﴾ وَقَاتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا

| مَضَتْ | سُنَّتُ | الْاَوَّلِيْنَ | وَقَاتِلُوْهُمْ | حَتّٰى | لَا |
|---|---|---|---|---|---|
| گزر چکا | دستور | پہلوں کا | اور لڑو ان سے | یہاں تک کہ | نہ |

دستور تو موجود ہے ہی۔ اور ان سے جنگ کرو

## تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ كُلُّهٗ لِلّٰهِ ۚ فَاِنِ انْتَهَوْا

| تَكُوْنَ | فِتْنَةٌ | وَ | يَكُوْنَ | الدِّيْنُ | كُلُّهٗ | لِلّٰهِ | فَاِنِ | انْتَهَوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رہے | فساد | اور | ہو جائے | دین | سارا | اللہ کا | پھر اگر | باز آ جائیں |

یہاں تک کہ فتنہ باقی نہ رہے اور دین سارا اللہ ہی کا ہو جائے پھر اگر وہ باز آ گئے

## فَاِنَّ اللّٰهَ بِمَا يَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿٣٩﴾ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمُوْا

| فَاِنَّ | اللّٰهَ | بِمَا | يَعْمَلُوْنَ | بَصِيْرٌ | وَ | اِنْ | تَوَلَّوْا | فَاعْلَمُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو بیشک | اللہ | اسے جو | کرتے ہیں | دیکھتا ہے | اور | اگر | منہ پھیریں | تو جان لو |

تو اللہ ان کے کام دیکھ رہا ہے۔ اور اگر انہوں نے منہ موڑ لیا تو

## اَنَّ اللّٰهَ مَوْلٰىكُمْ ۭ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ﴿٤٠﴾

| اَنَّ | اللّٰهَ | مَوْلٰىكُمْ | نِعْمَ | الْمَوْلٰى | وَ | نِعْمَ | النَّصِيْرُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک | اللہ | تمہارا مولیٰ ہے | اچھا | مولیٰ ہے | اور | اچھا | مددگار ہے |

جان لو کہ اللہ تمہارا مولیٰ ہے وہ کیا ہی اچھا مولیٰ ہے اور وہ کیا ہی اچھا مدد کرنے والا ہے۔

الجزء

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَلِلرَّسُوْلِ

| وَلِلرَّسُوْلِ | خُمُسَهٗ | لِلّٰهِ | فَاَنَّ | شَيْءٍ | مِّنْ | غَنِمْتُمْ | اَنَّمَا | اعْلَمُوْٓا | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور رسول کے لئے | اس کا پانچواں حصہ | اللہ کے لیے | تو بیشک | چیز | کوئی بھی | غنیمت لو تم | بیشک جو | جان لو | اور |

اور (اے مسلمانو!) جان لو کہ تم جو کچھ مال غنیمت حاصل کرو تو اس کا پانچواں حصہ اللہ اور رسول کیلئے

وَلِذِی الْقُرْبٰی وَالْیَتٰمٰی وَالْمَسٰكِیْنِ وَابْنِ السَّبِیْلِ اِنْ كُنْتُمْ

| كُنْتُمْ | اِنْ | ابْنِ السَّبِیْلِ | وَ | الْمَسٰكِیْنِ | وَ | الْیَتٰمٰی | وَ | وَلِذِی الْقُرْبٰی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہو تم | اگر | مسافروں کے لئے | اور | محتاجوں | اور | یتیموں | اور | اور قرابت والوں کے لئے |

اور (رسول کے) قرابت داروں کیلئے ہے اور یتیموں اور مسکینوں اور مسافروں کیلئے ہے اگر تم

اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰی عَبْدِنَا یَوْمَ الْفُرْقَانِ یَوْمَ الْتَقَی

| الْتَقَی | یَوْمَ | الْفُرْقَانِ | یَوْمَ | عَبْدِنَا | عَلٰی | اَنْزَلْنَا | مَآ | وَ | بِاللّٰهِ | اٰمَنْتُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ٹکرائیں | جس دن | فیصلے کے | دن | بندے اپنے کے | اوپر | اتارا ہم نے | جو | اور | اللہ پر | ایمان لائے |

ایمان رکھتے ہو اللہ پر اور اس پر جو ہم نے اپنے (خاص) بندے پر فیصلے کے دن اتارا جس دن دونوں

الْجَمْعٰنِ وَاللّٰهُ عَلٰی كُلِّ شَيْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۴۱﴾ اِذْ اَنْتُمْ بِالْعُدْوَةِ

| بِالْعُدْوَةِ | اَنْتُمْ | اِذْ | قَدِیْرٌ | شَيْءٍ | كُلِّ | عَلٰی | اللّٰهُ | وَ | الْجَمْعٰنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کنارے | تم | جب | قادر ہے | شے کے | ہر | اوپر | اللہ | اور | دو فوجیں |

لشکر مقابل ہوئے اور اللہ جو چاہے اس پر قادر ہے۔ جب تم (میدانِ جہاد کے) قریب والے

الدُّنْیَا وَهُمْ بِالْعُدْوَةِ الْقُصْوٰی وَالرَّكْبُ اَسْفَلَ مِنْكُمْ وَلَوْ

| لَوْ | وَ | مِنْكُمْ | اَسْفَلَ | الرَّكْبُ | وَ | الْقُصْوٰی | بِالْعُدْوَةِ | هُمْ | وَ | الدُّنْیَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اگر | اور | تم سے | نیچے تھا | قافلہ | اور | دور میں تھے | کنارے | وہ | اور | قریب میں تھے |

کنارے پر تھے اور وہ دور والے کنارے پر اور (تجارتی) قافلہ تم سے نیچے اتر گیا تھا اور اگر تم آپس میں وعدہ کرتے

تَوَاعَدْتُّمْ لَاخْتَلَفْتُمْ فِي الْمِيْعٰدِ ۙ وَلٰكِنْ لِّيَقْضِيَ اللّٰهُ اَمْرًا

| اَمْرًا | اللّٰهُ | لِيَقْضِيَ | لٰكِنْ | وَ | الْمِيْعٰدِ | فِي | لَاخْتَلَفْتُمْ | تَوَاعَدْتُّمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کام کو | اللہ | تاکہ پورا کرے | لیکن | اور | وعدے | میں | تو اختلاف کرتے | وعدہ کرتے تم |

تو وقت مقرر (پر پہنچنے) میں ضرور مختلف ہو جاتے لیکن یہ اس لئے کہ اللہ پورا کر دے وہ کام جو ہونے والا تھا

كَانَ مَفْعُوْلًا ۙ لِّيَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ عَنْۢ بَيِّنَةٍ وَّيَحْيٰى مَنْ حَيَّ

| حَيَّ | مَنْ | يَحْيٰى | وَ | عَنْۢ بَيِّنَةٍ | هَلَكَ | مَنْ | لِيَهْلِكَ | مَفْعُوْلًا | كَانَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زندہ ہے | جو | زندہ رہے | اور | دلیل سے | ہلاک ہو | جو | تاکہ ہلاک ہو | ہونے والا | جو تھا |

تاکہ روشن دلیل سے ہلاک ہو جائے جسے ہلاک ہونا ہے اور روشن دلیل سے زندہ رہے جسے

عَنْۢ بَيِّنَةٍ ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَسَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۙ﴿۴۲﴾ اِذْ يُرِيْكَهُمُ اللّٰهُ فِيْ

| فِيْ | اللّٰهُ | يُرِيْكَهُمُ | اِذْ | عَلِيْمٌ | لَسَمِيْعٌ | اللّٰهَ | اِنَّ | وَ | عَنْۢ بَيِّنَةٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میں | اللہ نے | دکھایا آپ کو | جب | جانتا ہے | ضرور سنتا | اللہ | بیشک | اور | دلیل سے |

زندہ رہنا ہے اور بے شک اللہ ہے ضرور سننے والا سب کچھ جاننے والا۔ جب کہ اے محبوب ﷺ اللہ تمہیں کافروں کو

مَنَامِكَ قَلِيْلًا ۭ وَلَوْ اَرٰىكَهُمْ كَثِيْرًا لَّفَشِلْتُمْ وَلَتَنَازَعْتُمْ فِي

| فِي | لَتَنَازَعْتُمْ | وَ | لَفَشِلْتُمْ | كَثِيْرًا | اَرٰىكَهُمْ | لَوْ | وَ | قَلِيْلًا | مَنَامِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میں | تم جھگڑا کرتے | اور | تو تم بزدلی کرتے | زیادہ | دکھاتا آپ کو انہیں | اگر | اور | تھوڑے | آپ کے خواب |

تمہاری خواب میں تھوڑا دکھاتا تھا اور اے مسلمانو اگر وہ تمہیں بہت کر کے دکھاتا تو ضرور تم ہمت ہار جاتے

الْاَمْرِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ سَلَّمَ ۭ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۴۳﴾ وَاِذْ

| اِذْ | وَ | بِذَاتِ الصُّدُوْرِ | عَلِيْمٌ | اِنَّهٗ | سَلَّمَ | اللّٰهَ | وَلٰكِنَّ | الْاَمْرِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جب | اور | دل کی باتیں | جاننے والا ہے | بیشک وہ | بچالیا | اللہ نے | اور لیکن | کام |

اور معاملہ میں جھگڑا ڈالتے مگر اللہ نے بچا لیا بے شک وہ دلوں کی بات جانتا ہے۔ اور جب

يُرِيكُمُوهُمْ إِذِ الْتَقَيْتُمْ فِيٓ أَعْيُنِكُمْ قَلِيلًا وَّيُقَلِّلُكُمْ فِيٓ أَعْيُنِهِمْ

| أَعْيُنِهِمْ | فِيٓ | وَيُقَلِّلُكُمْ | قَلِيلًا | أَعْيُنِكُمْ | فِيٓ | الْتَقَيْتُمْ | إِذِ | يُرِيكُمُوهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| انکی آنکھوں | میں | اور تھوڑے کر دکھاتا تھا تمہیں | تھوڑے | تمہاری آنکھوں | میں | تم ملے | جب | دکھاتا تھا تمہیں انکو |

لڑتے وقت تمہیں کافر تھوڑے کر کے دکھائے اور تمہیں ان کی نگاہوں میں تھوڑا کیا

لِيَقْضِيَ اللّٰهُ أَمْرًا كَانَ مَفْعُولًا ۗ وَإِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْأُمُورُ ﴿۴۴﴾ ع

| الْأُمُورُ | تُرْجَعُ | اللّٰهِ | إِلَى | وَ | مَفْعُولًا | كَانَ | أَمْرًا | اللّٰهُ | لِيَقْضِيَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سب کام | لوٹائے جاتے ہیں | اللہ کی | طرف | اور | ہونے والا | جو تھا | وہ کام | اللہ | تاکہ پورا کرے |

کہ اللہ پورا کرے جو کام ہونا ہے اور سارے معاملات اللہ ہی کی طرف لوٹائے جاتے ہیں۔

يَٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوٓا إِذَا لَقِيتُمْ فِئَةً فَاثْبُتُوا وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيرًا

| كَثِيرًا | اللّٰهَ | وَاذْكُرُوا | فَاثْبُتُوا | فِئَةً | لَقِيتُمْ | إِذَا | آمَنُوٓا | الَّذِينَ | يَٰٓأَيُّهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بہت | اللہ کو | اور یاد کرو | تو ثابت قدم رہو | فوج سے | آمنا سامنا ہو تمہارا | جب | ایمان لائے ہو | وہ جو | اے |

اے ایمان والو! جب تمہارا کسی (جنگجو) دستے سے ٹکراؤ ہو تو ثابت قدم رہو اور اللہ کو بہت

لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ﴿۴۵﴾ ج وَأَطِيعُوا اللّٰهَ وَرَسُولَهُ وَلَا تَنَازَعُوا

| تَنَازَعُوا | وَلَا | وَرَسُولَهُ | اللّٰهَ | وَأَطِيعُوا | تُفْلِحُونَ | لَعَلَّكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| آپس میں جھگڑا کرو | اور نہ | اور اس کے رسول کا | اللہ کا | اور حکم مانو | مراد کو پہنچو | تاکہ تم |

یاد کرو تاکہ تم کامیاب ہو جاؤ۔ اور اللہ اور اسکے رسول کا کہنا مانو اور آپس میں جھگڑا نہ کرو ورنہ تم

فَتَفْشَلُوا وَتَذْهَبَ رِيحُكُمْ ۖ وَاصْبِرُوا ۚ إِنَّ اللّٰهَ مَعَ

| مَعَ | اللّٰهَ | إِنَّ | وَاصْبِرُوا | رِيحُكُمْ | وَتَذْهَبَ | فَتَفْشَلُوا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ساتھ | اللہ | بیشک | اور صبر کرو | تمہاری ہوا | اور اکھڑ جائے گی | بزدل ہو جاؤ گے |

ہمت ہار جاؤ گے اور تمہاری ہوا اکھڑ جائے گی اور صبر کرو اللہ صبر کرنے والوں

الصّٰبِرِيْنَ ﴿۴۶﴾ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ

| الصّٰبِرِيْنَ | وَلَا | تَكُوْنُوْا | كَالَّذِيْنَ | خَرَجُوْا | مِنْ دِيَارِهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|
| صبر کرنے والوں کیلئے | اور نہ | ہو جاؤ | ان کی طرح جو | نکلے | اپنے گھروں سے |

کے ساتھ ہوتا ہے۔ اور ان لوگوں کی طرح نہ ہو جاؤ جو اپنے گھروں سے اکڑتے ہوئے

بَطَرًا وَّرِئَآءَ النَّاسِ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا

| بَطَرًا | وَّ | رِئَآءَ | النَّاسِ | وَيَصُدُّوْنَ | عَنْ سَبِيْلِ | اللّٰهِ | وَاللّٰهُ | بِمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اتراتے | اور | دکھلاوے کیلئے | لوگوں کے | اور روکتے تھے | راہ سے | اللہ کی | اور اللہ | اسکے جو |

اور لوگوں کو دکھاتے ہوئے نکلے اور وہ اللہ کی راہ سے روکتے تھے اور اللہ ان کے سب

يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ﴿۴۷﴾ وَاِذْ زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ وَقَالَ

| يَعْمَلُوْنَ | مُحِيْطٌ | وَاِذْ | زَيَّنَ | لَهُمُ | الشَّيْطٰنُ | اَعْمَالَهُمْ | وَقَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عمل کرتے ہیں | گھیرنے والا ہے | اور جب | خوشنما بنائے | ان کے لئے | شیطان نے | ان کے عمل | اور بولا |

کاموں کا احاطہ کرنے والا ہے۔ اور (یاد کرو) جب شیطان نے ان کے کاموں کو ان کیلئے خوشنما بنا دیا اور کہا کہ آج لوگوں

لَا غَالِبَ لَكُمُ الْيَوْمَ مِنَ النَّاسِ وَاِنِّيْ جَارٌ لَّكُمْ ۚ فَلَمَّا تَرَآءَتِ

| لَا | غَالِبَ | لَكُمُ | الْيَوْمَ | مِنَ | النَّاسِ | وَاِنِّيْ | جَارٌ لَّكُمْ | فَلَمَّا | تَرَآءَتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | غالب آنے والا | تم پر | آج | سے بھی | لوگوں | اور میں | حمایتی ہوں تمہارا | پھر جب | دیکھ لیا |

میں سے کوئی (بھی) تم پر غلبہ پانے والا نہیں اور بے شک میں تمہیں پناہ دینے والا ہوں پھر جب دونوں لشکروں نے ایک

الْفِئَتٰنِ نَكَصَ عَلٰى عَقِبَيْهِ وَقَالَ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّنْكُمْ اِنِّيْٓ اَرٰى

| الْفِئَتٰنِ | نَكَصَ | عَلٰى | عَقِبَيْهِ | وَقَالَ | اِنِّيْ | بَرِيْٓءٌ | مِّنْكُمْ | اِنِّيْٓ | اَرٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دونوں جماعتوں نے ایک دوسرے کو | تو پھر گیا | اوپر | اپنی ایڑیوں کے | اور کہا | بیشک میں | بیزار ہوں | تم سے | بیشک میں | دیکھتا ہوں |

دوسرے کو دیکھا تو وہ (شیطان) اُلٹے پاؤں بھاگا اور کہا بے شک میں تم سے بیزار ہوں یقیناً میں وہ دیکھ رہا ہوں

مَا لَا تَرَوْنَ اِنِّیْٓ اَخَافُ اللّٰهَ ؕ وَاللّٰهُ شَدِیْدُ الْعِقَابِ ﴿۴۸﴾ اِذْ

| مَا | لَا | تَرَوْنَ | اِنِّیْٓ | اَخَافُ | اللّٰهَ | وَاللّٰهُ | شَدِیْدُ | الْعِقَابِ | اِذْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ جو | نہیں | تم دیکھتے | بیشک | ڈرتا ہوں | اللہ سے | اور اللہ | سخت | عذاب دینے والا | جب |

جو تم نہیں دیکھتے بے شک میں اللہ سے ڈرتا ہوں اور اللہ سخت عذاب دینے والا ہے جب

یَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِیْنَ فِیْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ غَرَّ هٰٓؤُلَآءِ

| یَقُوْلُ | الْمُنٰفِقُوْنَ | وَالَّذِیْنَ | فِیْ | قُلُوْبِهِمْ | مَّرَضٌ | غَرَّ | هٰٓؤُلَآءِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہتے تھے | منافق | اور وہ کہ | میں | ان کے دلوں | بیماری ہے | مغرور کیا | انہیں |

کہتے تھے منافق اور وہ جن کے دلوں میں مرض ہے کہ یہ مسلمان اپنے دین پر مغرور ہیں

دِیْنُهُمْ ؕ وَمَنْ یَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ ﴿۴۹﴾ وَلَوْ

| دِیْنُهُمْ | وَمَنْ | یَّتَوَكَّلْ | عَلٰى | اللّٰهِ | فَاِنَّ | اللّٰهَ | عَزِیْزٌ | حَكِیْمٌ | وَلَوْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کے دین نے | اور جو | بھروسہ کرے | اوپر | اللہ کے | تو بیشک | اللہ | غالب | حکمت والا ہے | اور اگر |

اور جو اللہ پر بھروسہ کرے تو بے شک اللہ غالب ہے حکمت والا ہے۔ اور کبھی

تَرٰٓى اِذْ یَتَوَفَّى الَّذِیْنَ كَفَرُوا ۙ الْمَلٰٓئِكَةُ یَضْرِبُوْنَ وُجُوْهَهُمْ

| تَرٰٓى | اِذْ | یَتَوَفَّى | الَّذِیْنَ | كَفَرُوْا | الْمَلٰٓئِكَةُ | یَضْرِبُوْنَ | وُجُوْهَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آپ دیکھیں | جب | جان نکالتے ہیں | ان کی | جو کافر ہیں | فرشتے | مارتے ہیں | ان کے مونہوں |

آپ دیکھیں جب فرشتے کافروں کی جان نکالتے ہوں ان کے منہ پر اور ان کی

وَاَدْبَارَهُمْ ۚ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِیْقِ ﴿۵۰﴾ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ

| وَ | اَدْبَارَهُمْ | وَ | ذُوْقُوْا | عَذَابَ | الْحَرِیْقِ | ذٰلِكَ | بِمَا | قَدَّمَتْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | ان کی پیٹھوں پر | اور | چکھو | عذاب | جلنے کا | یہ | بسبب اسکے ہے جو | آگے بھیجا |

پیٹھ پر ضربیں لگا رہے ہوں اور (کہتے ہیں کہ) آگ کا عذاب چکھو۔ یہ (عذاب) ان (اعمال بد) کے بدلہ

أَيْدِيكُمْ وَأَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيدِ ﴿٥١﴾ كَدَأْبِ اٰلِ

| اَيْدِيْكُمْ | وَ | اَنَّ | اللّٰهَ | لَيْسَ | بِظَلَّامٍ | لِّلْعَبِيْدِ | كَدَاْبِ | اٰلِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تمہارے ہاتھوں نے | اور | بیشک | اللہ | نہیں ہے | ظلم کرنے والا | بندوں پر | جیسے دستور | قوم |

میں ہے جو تمہارے ہاتھوں نے آگے بھیجا اور اللہ ہرگز بندوں پر ظلم فرمانے والا نہیں۔ (ان کافروں کا حال بھی) قوم

فِرْعَوْنَ وَالَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ كَفَرُوا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَاَخَذَهُمُ

| فِرْعَوْنَ | وَ | الَّذِيْنَ | مِنْ قَبْلِهِمْ | كَفَرُوْا | بِاٰيٰتِ | اللّٰهِ | فَاَخَذَهُمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فرعون کا | اور | جو | ان سے پہلے تھے | کفر کیا انہوں نے | آیتوں کا | اللہ کی | تو پکڑا ان کو |

فرعون اور ان سے پہلے کے لوگوں کے حال کی مانند ہے انہوں نے (بھی) اللہ کی آیات کا انکار کیا تھا سو اللہ نے انہیں ان کے

اللّٰهُ بِذُنُوبِهِمْ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ شَدِيدُ الْعِقَابِ ﴿٥٢﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ

| اللّٰهُ | بِذُنُوْبِهِمْ | اِنَّ | اللّٰهَ | قَوِيٌّ | شَدِيْدُ | الْعِقَابِ | ذٰلِكَ | بِاَنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ نے | ان کے گناہوں کے بدلے | بیشک | اللہ | قوت والا | سخت | عذاب والا ہے | یہ | اس لیے کہ |

گناہوں کے باعث (عذاب میں) پکڑ لیا بے شک اللہ قوت والا سخت عذاب دینے والا ہے۔ یہ اس لیے کہ

اللّٰهَ لَمْ يَكُ مُغَيِّرًا نِّعْمَةً اَنْعَمَهَا عَلٰى قَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوا مَا

| اللّٰهَ | لَمْ | يَكُ | مُغَيِّرًا | نِّعْمَةً | اَنْعَمَهَا | عَلٰى | قَوْمٍ | حَتّٰى | يُغَيِّرُوْا | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ | نہیں | ہے کہ | بدل دے | نعمت کو | جو انعام کی | اوپر | کسی قوم کے | یہاں تک کہ | بدل دیں وہ | جو |

اللہ بدلنے والا نہیں کسی نعمت کو جس کا اس نے کسی قوم پر انعام فرمایا جب تک وہ خود اپنی حالت کو نہ بدل دیں

بِاَنْفُسِهِمْ وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ﴿٥٣﴾ كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ

| بِاَنْفُسِهِمْ | وَ | اَنَّ | اللّٰهَ | سَمِيْعٌ | عَلِيْمٌ | كَدَاْبِ | اٰلِ | فِرْعَوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کے دلوں میں ہے | اور | بیشک | اللہ | سننے والا | جاننے والا | جیسے دستور | قوم | فرعون کا |

اور یہ کہ اللہ سب کچھ سننے والا بہت جاننے والا ہے۔ حال فرعون والوں اور ان لوگوں کی

وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ فَاَهْلَكْنٰهُمْ

| وَالَّذِيْنَ | مِنْ قَبْلِهِمْ | كَذَّبُوْا | بِاٰيٰتِ | رَبِّهِمْ | فَاَهْلَكْنٰهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|
| اور ان کا جو | ان سے پہلے تھے | انہوں نے جھٹلایا | آیتوں کو | اپنے رب کی | تو ہلاک کیا ہم نے ان کو |

طرح (ہے) جو ان سے پہلے تھے انہوں نے اپنے رب کی آیتوں کو جھٹلایا تو ہم نے ان کے گناہوں کی وجہ سے

بِذُنُوْبِهِمْ وَاَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ ۚ وَكُلٌّ كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ۝۵۴ اِنَّ شَرَّ

| بِذُنُوْبِهِمْ | وَ | اَغْرَقْنَآ | اٰلَ | فِرْعَوْنَ | وَ | كُلٌّ | كَانُوْا | ظٰلِمِيْنَ | اِنَّ | شَرَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کے گناہوں کے بدلے | اور | غرق کیا ہم نے | قوم | فرعون کو | اور | سب ہی | تھے | ظالم | بیشک | بدترین |

انہیں ہلاک کر دیا اور فرعون والوں کو ہم نے غرق کر دیا اور وہ سب ظالم تھے۔ بے شک سب

الدَّوَآبِّ عِنْدَ اللّٰهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝۵۵

| الدَّوَآبِّ | عِنْدَ | اللّٰهِ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | فَهُمْ | لَا | يُؤْمِنُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جانور | نزدیک | اللہ کے | وہ ہیں جنہوں نے | انکار کیا | تو وہ | نہیں | ایمان لاتے |

جانداروں میں بدتر اللہ کے نزدیک وہ ہیں جنہوں نے کفر کیا اور ایمان نہیں لائے۔

اَلَّذِيْنَ عٰهَدْتَّ مِنْهُمْ ثُمَّ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَهُمْ فِيْ كُلِّ مَرَّةٍ

| اَلَّذِيْنَ | عٰهَدْتَّ | مِنْهُمْ | ثُمَّ | يَنْقُضُوْنَ | عَهْدَهُمْ | فِيْ | كُلِّ | مَرَّةٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ لوگ کہ جن سے | معاہدہ کیا آپ نے | ان سے | پھر | توڑ دیتے ہیں | اپنا معاہدہ | میں | ہر | مرتبہ |

وہ جن سے تم نے معاہدہ کیا تھا ہر بار اپنا عہد توڑ دیتے ہیں

وَّهُمْ لَا يَتَّقُوْنَ ۝۵۶ فَاِمَّا تَثْقَفَنَّهُمْ فِي الْحَرْبِ فَشَرِّدْ بِهِمْ مَّنْ

| وَّ | هُمْ | لَا | يَتَّقُوْنَ | فَاِمَّا | تَثْقَفَنَّهُمْ | فِي | الْحَرْبِ | فَشَرِّدْ بِهِمْ | مَّنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | وہ | نہیں | ڈرتے | تو اگر | پاؤ تم ان کو | میں | لڑائی | بھگاؤ ان کو | جو |

اور ڈرتے نہیں۔ سو اگر آپ انہیں (میدان) جنگ میں پا لیں تو ان کے عبرتناک قتل کے ذریعے ان کے

خَلْفَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَ اِمَّا تَخَافَنَّ مِنْ قَوْمٍ خِيَانَةً

| خَلْفَهُمْ | لَعَلَّهُمْ | يَذَّكَّرُوْنَ | وَ | اِمَّا | تَخَافَنَّ | مِنْ | قَوْمٍ | خِيَانَةً |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کے پیچھے ہیں | تاکہ وہ | نصیحت حاصل کریں | اور | اگر | اندیشہ کرو | کسی | قوم سے | دغا کا |

جو پیچھے ہیں ان کو (بھی) بھگا دیں تاکہ انہیں نصیحت حاصل ہو۔ اور اگر آپ کو کسی قوم سے خیانت کا اندیشہ ہو تو

فَانْۢبِذْ اِلَيْهِمْ عَلٰى سَوَآءٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْخَآئِنِيْنَ ﴿۵۸﴾ ع

| فَانْۢبِذْ | اِلَيْهِمْ | عَلٰى | سَوَآءٍ | اِنَّ | اللّٰهَ | لَا | يُحِبُّ | الْخَآئِنِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو ڈال | ان کی طرف | اوپر | برابری کے | بیشک | اللہ | نہیں | پسند کرتا | دغا کرنے والوں کو |

ان کا عہد ان کی طرف برابری کی بنیاد پر لوٹا دیں بے شک اللہ بد عہدوں کو پسند نہیں کرتا۔

وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَبَقُوْا ؕ اِنَّهُمْ لَا يُعْجِزُوْنَ ﴿۵۹﴾

| وَ | لَا | يَحْسَبَنَّ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | سَبَقُوْا | اِنَّهُمْ | لَا | يُعْجِزُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نہ | گھمنڈ کریں | وہ جو | کافر ہیں | کہ آگے بڑھ جائینگے | بیشک وہ | نہ | عاجز کر سکیں گے |

اور کافر اس گھمنڈ میں ہرگز نہ رہیں کہ وہ جان بچا کر نکل گئے یقیناً وہ عاجز نہیں کر سکتے۔

وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ وَّمِنْ رِّبَاطِ الْخَيْلِ

| وَ | اَعِدُّوْا | لَهُمْ | مَّا | اسْتَطَعْتُمْ | مِّنْ | قُوَّةٍ | وَّ | مِنْ رِّبَاطِ | الْخَيْلِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | تیار کرو | ان کیلئے | جو | تم سے ہو سکے | ہر طرح کی | قوت | اور | باندھ سکو | گھوڑے |

اور (اے مسلمانو!) تیار رکھو ان کیلئے (ہتھیاروں کی) قوت سے جس قدر تم میں استطاعت ہو اور گھوڑوں کے باندھنے سے ان

تُرْهِبُوْنَ بِهٖ عَدُوَّ اللّٰهِ وَعَدُوَّكُمْ وَ اٰخَرِيْنَ مِنْ دُوْنِهِمْ ج

| تُرْهِبُوْنَ | بِهٖ | عَدُوَّ | اللّٰهِ | وَعَدُوَّكُمْ | وَ | اٰخَرِيْنَ | مِنْ دُوْنِهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دھاک بٹھاؤ | اس سے | دشمنان | خدا کو | اور اپنے دشمنوں کو | اور | اوروں کو بھی | جو ان کے سوا ہیں |

سے تم دھاک بٹھاؤ اللہ کے دشمن اور اپنے دشمن پر اور ان کے سوا دوسروں پر جنہیں تم نہیں جانتے

لَا تَعْلَمُوْنَهُمْ ۚ اَللّٰهُ يَعْلَمُهُمْ ۗ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ فِيْ سَبِيْلِ

| لا | تَعْلَمُوْنَهُمْ | اَللّٰهُ | يَعْلَمُهُمْ | وَ | مَا | تُنْفِقُوْا | مِنْ | شَيْءٍ | فِيْ | سَبِيْلِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | جانتے تم ان کو | اللہ | جانتا ہے ان کو | اور | جو | تم خرچ کروگے | جو | شے | میں | راہ |

انہیں اللہ جانتا ہے اور اللہ کی راہ میں تم جو کچھ خرچ کرو گے (اس کا اجر) تمہیں

اللّٰهِ يُوَفَّ اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ﴿۶۰﴾ وَاِنْ جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ

| اللّٰهِ | يُوَفَّ | اِلَيْكُمْ | وَ | اَنْتُمْ | لَا | تُظْلَمُوْنَ | وَ | اِنْ | جَنَحُوْا | لِلسَّلْمِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ کا | تو پورا پورا دیا جائے گا | تم کو | اور | تم | نہ | ظلم کیے جاؤ گے تم | اور | اگر | جھکیں | صلح کیلئے |

پورا پورا دیا جائے گا اور تم پر ہرگز ظلم نہیں ہوگا۔ اور اگر وہ صلح کی طرف جھکیں

فَاجْنَحْ لَهَا وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۗ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۶۱﴾

| فَاجْنَحْ | لَهَا | وَ | تَوَكَّلْ | عَلَى | اللّٰهِ | اِنَّهٗ | هُوَ | السَّمِيْعُ | الْعَلِيْمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو جھک جاؤ | اس کیلئے | اور | بھروسہ کرو | اوپر | اللہ کے | بیشک | وہ | سننے والا | جاننے والا ہے |

تو آپ بھی آمادہ ہو جائیں اور اللہ پر بھروسہ رکھو بیشک اللہ خوب سننے والا اور جاننے والا ہے۔

وَاِنْ يُّرِيْدُوْٓا اَنْ يَّخْدَعُوْكَ فَاِنَّ حَسْبَكَ اللّٰهُ ۗ هُوَ الَّذِيْٓ

| وَ | اِنْ | يُّرِيْدُوْٓا | اَنْ | يَّخْدَعُوْكَ | فَاِنَّ | حَسْبَكَ | اللّٰهُ | هُوَ | الَّذِيْٓ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | اگر | ارادہ کریں | یہ کہ | فریب دیں آپکو | تو بیشک | کافی ہے آپکو | اللہ | وہ | جس نے |

اور اگر وہ آپکو فریب دینا چاہیں گے تو بے شک اللہ تمہارے لئے کافی ہے وہی ہے جس نے

اَيَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۶۲﴾ وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ ۗ

| اَيَّدَكَ | بِنَصْرِهٖ | وَ | بِالْمُؤْمِنِيْنَ | وَاَلَّفَ | بَيْنَ | قُلُوْبِهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تمہیں زور دیا | اپنی مدد کا | اور | مسلمانوں کا | اور الفت ڈال دی | درمیان | انکے دلوں کے |

تمہیں زور دیا اپنی مدد کا اور ایمان والوں کا۔ اور (اسی نے) ان (مسلمانوں) کے دلوں میں باہمی الفت

لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ

| لَوْ | اَنْفَقْتَ | مَا | فِي | الْاَرْضِ | جَمِيْعًا | مَّآ | اَلَّفْتَ | بَيْنَ | قُلُوْبِهِمْ | وَ | لٰكِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اگر | آپ خرچ کرتے | جو | میں | زمین | سب کچھ | نہ | الفت ڈال سکتے | میں | ان کے دلوں | اور | لیکن |

پیدا فرمادی اگر آپ وہ سب کچھ جو زمین میں ہے خرچ کر ڈالتے تو بھی آپ انکے دلوں میں (یہ) الفت پیدا نہ کر سکتے لیکن اللہ

اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ ۭ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿٦٣﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ حَسْبُكَ

| اللّٰهَ | اَلَّفَ | بَيْنَهُمْ | اِنَّهٗ | عَزِيْزٌ | حَكِيْمٌ | يٰٓاَيُّهَا | النَّبِيُّ | حَسْبُكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ نے | الفت ڈال دی | انکے درمیان | بیشک وہ | غالب | حکمت والا ہے | اے | غیب کی خبریں دینے والے نبی | کافی ہے |

نے انکے درمیان محبت پیدا فرمادی، بیشک وہ بڑے غلبہ والا حکمت والا ہے۔ اے غیب کی خبریں بتانے والے محبوب ﷺ آپ

اللّٰهُ وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٦٤﴾ ع يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ حَرِّضِ

| اللّٰهُ | وَ | مَنِ | اتَّبَعَكَ | مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ | يٰٓاَيُّهَا | النَّبِيُّ | حَرِّضِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ | اور | وہ جو | تمہارے پیرو ہیں | مومنوں میں سے | اے | غیب کی خبریں دینے والے نبی | ترغیب دو |

کیلئے اللہ کافی ہے اور وہ ایمان والے جنہوں نے آپ کی اتباع اختیار کر لی ہے۔ اے غیب کی خبریں بتانے والے محبوب

الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَى الْقِتَالِ ۭ اِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ عِشْرُوْنَ صٰبِرُوْنَ

| الْمُؤْمِنِيْنَ | عَلَى | الْقِتَالِ | اِنْ | يَّكُنْ | مِّنْكُمْ | عِشْرُوْنَ | صٰبِرُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مسلمانوں کو | اوپر | جہاد کے | اگر | ہوں گے | تم میں سے | بیس | صبر والے |

ﷺ ایمان والوں کو جنگ کی ترغیب دو اگر تم میں سے بیس صبر کرنے والے ہوں

يَّغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ ۚ وَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ يَّغْلِبُوْٓا اَلْفًا مِّنَ الَّذِيْنَ

| يَغْلِبُوْا | مِائَتَيْنِ | وَ | اِنْ | يَّكُنْ | مِّنْكُمْ | مِّائَةٌ | يَّغْلِبُوْا | اَلْفًا | مِّنَ الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو غالب آئینگے | دو سو پر | اور | اگر | ہوں | تم میں سے | سو | تو غالب آئینگے | ہزار پر | ان لوگوں سے جو |

تو وہ دو سو پر غالب ہو جائیں گے اور اگر تم میں سے ایک سو ہوں تو ایک ہزار کافروں پر وہ غلبہ

ع

كَفَرُوْا بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ﴿٦٥﴾ اَلْـٰٔنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ وَعَلِمَ

| كَفَرُوْا | بِاَنَّهُمْ | قَوْمٌ | لَا | يَفْقَهُوْنَ | اَلْـٰٔنَ | خَفَّفَ | اللّٰهُ | عَنْكُمْ | وَ | عَلِمَ |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| کافر ہیں | کیونکہ وہ | قوم ہیں | بے | سمجھ | اب | ہلکا کردیا | اللہ نے | تم پر | اور | جانتا ہے |

پا جائیں گے اس وجہ سے کہ وہ ناسمجھ لوگ ہیں۔ اب اللہ نے تم سے تخفیف فرما دی اور اسے معلوم ہے

اَنَّ فِيْكُمْ ضَعْفًا ۭ فَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ صَابِرَةٌ يَّغْلِبُوْا

| اَنَّ | فِيْكُمْ | ضَعْفًا | فَاِنْ | يَّكُنْ | مِّنْكُمْ | مِّائَةٌ | صَابِرَةٌ | يَّغْلِبُوْا |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| یہ کہ بیشک | تم میں | اب کمزوری ہے | تو اگر | ہوں گے | تم میں سے | سو | صبر والے | غالب آئینگے |

کہ تم میں کمزوری ہے تو اگر تم میں سے سو آدمی صابر ہوئے تو وہ دو سو پر غالب آ جائیں گے اور اگر تم میں سے

مِائَتَيْنِ ۚ وَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ اَلْفٌ يَّغْلِبُوْٓا اَلْفَيْنِ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ

| مِائَتَيْنِ | وَ | اِنْ | يَّكُنْ | مِّنْكُمْ | اَلْفٌ | يَّغْلِبُوْٓا | اَلْفَيْنِ | بِاِذْنِ | اللّٰهِ | وَ | اللّٰهُ |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| دو سو پر | اور | اگر | ہوں گے | تم میں سے | ہزار | تو غالب آئینگے | دو ہزار پر | حکم | اللہ سے | اور | اللہ |

ایک ہزار ہوئے تو وہ اللہ کے حکم سے دو ہزار پر غالب آ جائیں گے اور اللہ صبر کرنے

مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿٦٦﴾ مَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗٓ اَسْرٰى حَتّٰى

| مَعَ | الصّٰبِرِيْنَ | مَا | كَانَ | لِنَبِيٍّ | اَنْ | يَّكُوْنَ | لَهٗٓ | اَسْرٰى | حَتّٰى |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| ساتھ | صبر کرنے والوں کے ہے | نہیں | ہے | نبی کے لئے | یہ کہ | ہوں | اس کے لیے | قیدی | یہاں تک کہ |

والوں کے ساتھ ہے۔ کسی نبی کو لائق نہیں کہ کافروں کو زندہ قید کرے جب تک

يُثْخِنَ فِي الْاَرْضِ ۭ تُرِيْدُوْنَ عَرَضَ الدُّنْيَا ڰ وَاللّٰهُ يُرِيْدُ

| يُثْخِنَ | فِي | الْاَرْضِ | تُرِيْدُوْنَ | عَرَضَ | الدُّنْيَا | وَ | اللّٰهُ | يُرِيْدُ |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| خونریزی کرے | میں | زمین | تم چاہتے ہو | سامان | دنیا کا | اور | اللہ | چاہتا ہے |

زمین میں ان کا خون نہ بہائے تم دنیا کا سامان چاہتے ہو اور اللہ

الْاٰخِرَةَ ؕ وَاللّٰهُ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ ﴿۶۷﴾ لَوْلَا كِتٰبٌ مِّنَ اللّٰهِ سَبَقَ

| سَبَقَ | مِّنَ اللّٰهِ | كِتٰبٌ | لَا | لَوْ | حَكِیْمٌ | عَزِیْزٌ | اللّٰهُ | وَ | الْاٰخِرَةَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جو پہلے ہو چکا | اللہ کی طرف سے | لکھا ہوتا | نہ | اگر | حکمت والا | غالب ہے | اللہ | اور | آخرت |

آخرت چاہتا ہے اور اللہ غالب حکمت والا ہے۔ اگر اللہ پہلے ایک بات نہ لکھ چکا ہوتا تو اے مسلمانو!

لَمَسَّكُمْ فِیْمَاۤ اَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِیْمٌ ﴿۶۸﴾ فَكُلُوْا مِمَّا غَنِمْتُمْ حَلٰلًا

| حَلٰلًا | غَنِمْتُمْ | مِمَّا | فَكُلُوْا | عَظِیْمٌ | عَذَابٌ | اَخَذْتُمْ | فِیْمَاۤ | لَمَسَّكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حلال | غنیمت لو تم | اس سے جو | تو کھاؤ | بڑا | عذاب | لیا تم نے | اس میں جو | تو پہنچتا تم کو |

تم نے جو کافروں سے فدیے کا مال لیا اس میں تم پر بڑا عذاب آتا۔ سو تم اس میں سے کھاؤ جو حلال پاکیزہ مال غنیمت

طَیِّبًا ۖ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۶۹﴾ ع یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ

| النَّبِیُّ | یٰۤاَیُّهَا | رَّحِیْمٌ | غَفُوْرٌ | اللّٰهَ | اِنَّ | اللّٰهَ | اتَّقُوا | وَ | طَیِّبًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غیب کی خبریں بتانے والے نبی | اے | مہربان ہے | بخشنے والا | اللہ | بیشک | اللہ سے | ڈرو | اور | پاکیزہ |

تم نے پایا ہے اور اللہ سے ڈرتے رہو بے شک اللہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔ اے غیب کی خبریں بتانے والے

قُلْ لِّمَنْ فِیْۤ اَیْدِیْكُمْ مِّنَ الْاَسْرٰۤی ۙ اِنْ یَّعْلَمِ اللّٰهُ فِیْ قُلُوْبِكُمْ خَیْرًا

| خَیْرًا | قُلُوْبِكُمْ | فِیْ | اللّٰهُ | یَّعْلَمِ | اِنْ | مِّنَ الْاَسْرٰۤی | اَیْدِیْكُمْ | فِیْۤ | لِّمَنْ | قُلْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بھلائی | تمہارے دلوں | میں | اللہ | جانے گا | اگر | قیدیوں میں سے | تمہارے ہاتھ ہیں | میں | ان سے جو | فرما دیجئے |

محبوب ﷺ آپ ان سے جو آپ کے ہاتھوں میں قیدی ہیں فرما دیجئے اگر اللہ نے تمہارے دلوں میں بھلائی جان لی تو تمہیں اس

یُّؤْتِكُمْ خَیْرًا مِّمَّاۤ اُخِذَ مِنْكُمْ وَیَغْفِرْ لَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ

| غَفُوْرٌ | اللّٰهُ | وَ | یَغْفِرْ لَكُمْ | وَ | مِنْكُمْ | اُخِذَ | مِّمَّاۤ | خَیْرًا | یُّؤْتِكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بخشنے والا | اللہ | اور | بخشے گا تم کو | اور | تم سے | لیا گیا | اس سے جو | بہتر | تو دے گا تم کو |

(مال) سے بہتر عطا فرمائے گا اور (فدیہ میں) تم سے لیا جا چکا ہے اور تمہیں بخش دے گا اور اللہ بڑا بخشنے

رَّحِيْمٌ ﴿۷۰﴾ وَاِنْ يُّرِيْدُوْا خِيَانَتَكَ فَقَدْ خَانُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ

| مِنْ قَبْلُ | اللّٰهَ | خَانُوا | فَقَدْ | خِيَانَتَكَ | يُّرِيْدُوْا | اِنْ | وَ | رَّحِيْمٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس سے پہلے | اللہ سے | خیانت کر چکے | تو بیشک | آپ سے دغا کرنے کا | ارادہ کریں | اگر | اور | مہربان ہے |

والا نہایت مہربان ہے۔ اے محبوب ﷺ اور اگر وہ آپ سے خیانت کا ارادہ کریں تو بے شک اس سے پہلے (بھی) وہ اللہ سے خیانت کر چکے

فَاَمْكَنَ مِنْهُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۷۱﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

| اٰمَنُوْا | الَّذِيْنَ | اِنَّ | حَكِيْمٌ | عَلِيْمٌ | اللّٰهُ | وَ | مِنْهُمْ | فَاَمْكَنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایمان لائے | وہ جو | بیشک | حکمت والا ہے | جاننے والا | اللہ | اور | ان پر | تو اس نے قابو دیا تم کو |

ہیں پس ان میں سے کچھ لوگوں کو اللہ نے تمہارے قابو دیدیا اور اللہ بہت علم والا بڑی حکمت والا ہے۔ بے شک وہ لوگ جو ایمان لائے

وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

| اللّٰهِ | سَبِيْلِ | فِيْ | وَاَنْفُسِهِمْ | بِاَمْوَالِهِمْ | جٰهَدُوْا | وَ | وَهَاجَرُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ کے | رستے | میں | اور اپنی جانوں سے | اپنے مالوں سے | جہاد کیا | اور | اور ہجرت کی |

اور انہوں نے ہجرت کی اور اللہ کی راہ میں اپنے مال و جان کے ساتھ (کفار سے) جہاد کیا اور جنہوں نے

وَالَّذِيْنَ اٰوَوْا وَّنَصَرُوْٓا اُولٰٓئِكَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ؕ وَالَّذِيْنَ

| الَّذِيْنَ | وَ | بَعْضٍ | اَوْلِيَآءُ | بَعْضُهُمْ | اُولٰٓئِكَ | نَصَرُوْٓا | وَّ | اٰوَوْا | الَّذِيْنَ | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ جو | اور | بعض کے | وارث ہیں | بعض ان کے | یہ لوگ | مدد کی | اور | جگہ دی | وہ جنہوں نے | اور |

(مہاجرین کو) ٹھکانا دیا اور مدد کی وہی لوگ آپس میں ایک دوسرے کے دوست ہیں اور جو لوگ ایمان لائے

اٰمَنُوْا وَلَمْ يُهَاجِرُوْا مَا لَكُمْ مِّنْ وَّلَايَتِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ

| شَيْءٍ | مِّنْ | مِّنْ وَّلَايَتِهِمْ | مَا لَكُمْ | يُهَاجِرُوْا | وَلَمْ | اٰمَنُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| چیز | کوئی | ان کی دوستی سے | نہیں تمہارے لئے | ہجرت کی | اور نہ | ایمان لائے |

اور انہوں نے ہجرت نہیں کی تمہارے لئے ان کی رفاقت سے کچھ نہیں یہاں تک کہ وہ ہجرت کریں

حَتّٰى يُهَاجِرُوْا ۚ وَاِنِ اسْتَنْصَرُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ فَعَلَيْكُمُ النَّصْرُ

| حَتّٰى | يُهَاجِرُوْا | وَاِنِ | اسْتَنْصَرُوْكُمْ | فِي | الدِّيْنِ | فَعَلَيْكُمُ | النَّصْرُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہاں تک کہ | ہجرت کریں | اور اگر | مدد مانگیں تم سے | میں | دین | تو تم پر لازم ہے | مدد کرنا |

اور اگر وہ دین میں تم سے مدد چاہیں تو (ان کی) مدد تم پر (واجب) ہے مگر ایسی قوم کے مقابلہ میں کہ

اِلَّا عَلٰى قَوْمٍۢ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۷۲﴾

| اِلَّا | عَلٰى | قَوْمٍ | بَيْنَكُمْ | وَ | بَيْنَهُمْ | مِّيْثَاقٌ | وَ | اللّٰهُ | بِمَا | تَعْمَلُوْنَ | بَصِيْرٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مگر | اوپر | اس قوم کے کہ | تمہارے | اور | ان کے درمیان | معاہدہ ہے | اور | اللہ | اس کو جو | تم کرتے ہو | دیکھنے والا ہے |

تمہارے اور ان کے درمیان معاہدہ ہو اور اللہ خوب دیکھ رہا ہے تمہارے سب کاموں کو۔

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بَعْضُهُمْ اَوْلِيَاۗءُ بَعْضٍ ۭ اِلَّا تَفْعَلُوْهُ تَكُنْ فِتْنَةٌ

| وَ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | بَعْضُهُمْ | اَوْلِيَاۗءُ | بَعْضٍ | اِلَّا | تَفْعَلُوْهُ | تَكُنْ | فِتْنَةٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | وہ لوگ جو | کافر ہیں | بعض ان کے | دوست ہیں | بعض کے | اگر نہ | کرو گے تم | تو ہوگا | فتنہ |

اور کافر آپس میں ایک دوسرے کے ساتھی ہیں اگر تم (آپس میں رفاقت) ایسا نہیں کرو گے

فِي الْاَرْضِ وَفَسَادٌ كَبِيْرٌ ﴿۷۳﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا

| فِي | الْاَرْضِ | وَ | فَسَادٌ | كَبِيْرٌ | وَ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَ | هَاجَرُوْا | وَ | جٰهَدُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میں | زمین | اور | فساد | بڑا | اور | وہ جو | ایمان لائے | اور | ہجرت کی | اور | جہاد کیا |

تو زمین میں فتنہ اور بڑا فساد ہو گا۔ اور جو ایمان لائے اور ہجرت کی اور اللہ کی راہ میں جہاد کیا

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰوَوْا وَّنَصَرُوْٓا اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ

| فِيْ | سَبِيْلِ | اللّٰهِ | وَالَّذِيْنَ | اٰوَوْا | وَّ | نَصَرُوْٓا | اُولٰۗىِٕكَ | هُمُ | الْمُؤْمِنُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میں | رستے | اللہ | اور وہ جو | جگہ دی | اور | مدد کی | یہ لوگ | وہی ہیں | مومن |

اور جنہوں نے پناہ دی اور مدد کی وہی سچے ایمان والے ہیں

حَقًّا ۭ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝٧٤ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْۢ بَعْدُ

| مِنْۢ بَعْدُ | اٰمَنُوْا | الَّذِيْنَ | وَ | كَرِيْمٌ | رِزْقٌ | وَّ | مَّغْفِرَةٌ | لَهُمْ | حَقًّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اسکے بعد | ایمان لائے | وہ جو | اور | عزت کی | روزی | اور | بخشش ہے | ان کیلئے | پکے |

ان کیلئے بخشش ہے اور بہترین رزق ہے۔ اور جو لوگ اس کے بعد ایمان لائے اور انہوں نے

وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا مَعَكُمْ فَاُولٰۗىِٕكَ مِنْكُمْ ۭ وَاُولُوا الْاَرْحَامِ

| الْاَرْحَامِ | وَاُولُوا | مِنْكُمْ | فَاُولٰۗىِٕكَ | مَعَكُمْ | جٰهَدُوْا | وَ | وَهَاجَرُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قرابت | اور صاحب | تم میں سے ہیں | تو وہی لوگ | تمہارے ساتھ | جہاد کیا | اور | اور ہجرت کی |

راہ حق میں گھربار چھوڑ دیئے اور تمہارے ساتھ مل کر جہاد کیا تو وہ لوگ (بھی) تم ہی میں سے ہیں اور رشتہ دار (آپس میں)

بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝٧٥ ع

| عَلِيْمٌ | شَيْءٍ | بِكُلِّ | اللّٰهَ | اِنَّ | اللّٰهِ | كِتٰبِ | فِيْ | بِبَعْضٍ | اَوْلٰى | بَعْضُهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جاننے والا ہے | چیز کو | ہر | اللہ | بیشک | اللہ | کتاب | میں | بعض کے | زیادہ قریب | بعض ان کے |

اللہ کی کتاب میں ایک دوسرے کے زیادہ حق دار ہیں، بیشک اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے۔

## اٰیاتها ١٢٩ ۔ ٩ سُوْرَةُ التَّوْبَةِ مَدَنِيَّةٌ ١١٣ ۔ رکوعاتها ١٦

اس میں ایک سو انتیس آیتیں ۔ سورۂ توبہ مدنی ہے ۔ اور سولہ رکوع ہیں

بَرَاۗءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖٓ اِلَى الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝١ۭ

| مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ | عٰهَدْتُّمْ | الَّذِيْنَ | اِلَى | رَسُوْلِهٖٓ | وَ | مِّنَ اللّٰهِ | بَرَاۗءَةٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مشرکوں سے | عہد کیا تم نے | ان کو کہ | طرف سے | اسکے رسول کی | اور | اللہ | بیزاری ہے |

اعلان برات ہے اللہ تعالیٰ اور اسکے رسول کی طرف سے ان مشرکین کو جن سے تم نے معاہدے کیے تھے۔

فَسِيحُوا فِي الْأَرْضِ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَاعْلَمُوا

| فَسِيحُوا | فِي | الْأَرْضِ | أَرْبَعَةَ | أَشْهُرٍ | وَاعْلَمُوا |
|---|---|---|---|---|---|
| تو چلو پھرو | میں | زمین | چار | مہینے | اور جان لو |

تو چار مہینے زمین میں چلو اور جان رکھو کہ تم اللہ کو عاجز

أَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِي اللَّهِ ۙ وَأَنَّ اللَّهَ مُخْزِي الْكَافِرِينَ ۝٢

| أَنَّكُمْ | غَيْرُ | مُعْجِزِي | اللَّهِ | وَ | أَنَّ | اللَّهَ | مُخْزِي | الْكَافِرِينَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہ تم | نہیں ہو | تھکا سکنے والے | اللہ کو | اور | بیشک | اللہ | رسوا کرنے والا ہے | کافروں و |

نہیں کر سکتے اور یہ کہ اللہ کافروں کو رسوا کرنے والا ہے۔

وَأَذَانٌ مِّنَ اللَّهِ وَرَسُولِهِ إِلَى النَّاسِ يَوْمَ الْحَجِّ الْأَكْبَرِ أَنَّ اللَّهَ

| وَ | أَذَانٌ | مِّنَ اللَّهِ | وَ | رَسُولِهِ | إِلَى | النَّاسِ | يَوْمَ | الْحَجِّ | الْأَكْبَرِ | أَنَّ | اللَّهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
